① ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اس حال میں مر گیا کہ کسی کو اللہ کا شریک سمجھتا رہا تو وہ آگ میں داخل ہوگا" اور میں (عبداللہ بن مسعود اس حدیث کی تشریح میں) کہتا ہوں: "جس شخص کو موت اس حال میں آئی کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کیا تو وہ جنت میں جائے گا۔" (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 22 حدیث: 4479)

170. When it is said to them: "Follow what Allāh has sent down." They say: "Nay! We shall follow what we found our fathers following." (Would they do that!) even though their fathers did not understand anything nor were they guided?

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (قرآن) کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل کیا ہے، تو کہتے ہیں: (نہیں) بلکہ ہم تو اسی چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ کیا (وہ پیروی کریں گے) اگرچہ ان کے باپ دادا کچھ نہ سمجھتے ہوں اور نہ انھوں نے راہ ہدایت ہی پائی ہو؟ ﴿١٧٠﴾

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۗ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ﴿١٧٠﴾

171. And the example of those who disbelieve is as that of him who shouts to those (flock of sheep) that hears nothing but calls and cries. (They are) deaf, dumb and blind. So they do not understand. (*Tafsīr Al-Qurtubi*)

اور جن لوگوں نے کفر کیا، ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جو اس (جانور) کو پکارتا ہے جو پکارنے اور چلانے کے سوا کچھ نہیں سنتا۔ وہ بہرے، گونگے اور اندھے ہیں، اس لیے وہ عقل نہیں رکھتے ﴿١٧١﴾

وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً ۚ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿١٧١﴾

172. O you who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism)! Eat of the lawful things that We have provided you[1] with, and be grateful to Allāh, if it is indeed He Whom you worship.

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم ان پاکیزہ چیزوں① میں سے کھاؤ جو ہم نے تمھیں رزق کے طور پر دی ہیں اور اللہ کا شکر کرو اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو ﴿١٧٢﴾

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا لِلَّهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ﴿١٧٢﴾

173. He has forbidden you only the *Maitah* (dead animals), and blood, and the flesh of swine, and that which is slaughtered as a sacrifice for others than Allāh (or has been slaughtered for idols, on which Allāh's Name has not been mentioned while slaughtering). But if one is forced by necessity without willful disobedience nor transgressing due limits, then there is no sin on him. Truly, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

اللہ نے تو تم پر صرف مردار، خون، خنزیر کا گوشت اور وہ چیز حرام کی ہے جس پر اللہ کے سوا کسی کا نام پکارا جائے، پھر جو شخص مجبور ہو جائے جبکہ وہ سرکشی کرنے والا اور حد سے گزرنے والا نہ ہو تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے ﴿١٧٣﴾

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ ۖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١٧٣﴾

---

[1] (V.2:172) Narrated An-Nu'mān bin Bashīr رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "Both legal and illegal things are evident but in between them there are doubtful (unclear) things, and most of the people have no knowledge about them. So whoever saves himself from these unclear things, he saves his religion and his honour. And whoever indulges in these unlcear things is like a shepherd who grazes (his animals) near the *Himā* (private pasture) of someone else, and at any moment he is liable to get in it. (O people!) Beware! Every king has a *Himā* and the *Himā* of Allāh عز وجل on the earth is His illegal (forbidden) things. Beware! There is a piece of flesh in the body if it becomes good (reformed), the whole body becomes good; but if it gets spoilt, the whole body gets spoilt and that is the heart." [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/52 (O.P.49)].

① مراد وہ حلال چیزیں ہیں جن کی حلت واضح ہے کیونکہ حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی اور ان کے درمیان بعض چیزیں مشتبہ ہیں جنھیں بہت سے لوگ نہیں جانتے جو ان چیزوں سے بچ گیا، اس نے اپنے دین اور عزت کو بچا لیا...... اور جو ان میں پڑ گیا وہ اس چرواہے کی طرح ہے، جس نے اپنے مویشیوں کو کسی کی چراگاہ کے پاس رکھا ہے اور قریب ہے کہ وہ اس کے اندر گھس جائیں۔ خبردار! ہر بادشاہ کا ایک رکھ (ممنوعہ علاقہ) ہے۔ سن لو کہ اللہ کا رکھ اس کی حرام کردہ چیزیں ہیں۔ (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 39، حدیث: 52.)

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٤﴾

بے شک جو لوگ اللہ کی نازل کی گئی کتاب میں سے کچھ (باتیں) چھپاتے ہیں اور اس کے بدلے تھوڑا سا مول لیتے ہیں، وہ اپنے پیٹوں میں آگ کے سوا کچھ نہیں بھرتے اور قیامت کے دن اللہ ان سے کلام نہیں کرے گا اور نہ انھیں پاک ہی کرے گا اور ان کے لیے بہت دردناک عذاب ہے ﴿١٧٤﴾

174. Verily, those who conceal what Allāh has sent down of the Book, and purchase a small gain therewith (of worldly things), they eat into their bellies nothing but fire. Allāh will not speak to them on the Day of Resurrection, nor purify them, and theirs will be a painful torment.

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿١٧٥﴾

وہی لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی اور بخشش کے بدلے عذاب خریدا، چنانچہ وہ آگ پر کس قدر صبر کرنے والے ہیں؟ ﴿١٧٥﴾

175. Those are they who have purchased error at the price of guidance, and torment at the price of forgiveness. So how bold they are (for evil deeds which will push them) to the Fire.

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ﴿١٧٦﴾ ع 21

یہ اس لیے کہ بے شک اللہ نے حق کے ساتھ کتاب نازل فرمائی اور بے شک جن لوگوں نے کتاب میں اختلاف کیا، وہ مخالفت میں بہت دور تک چلے گئے ہیں ﴿١٧٦﴾

176. That is because Allāh has sent down the Book (the Qur'ān) in truth. And verily, those who disputed as regards the Book are far away in opposition.

لَّيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ وَآتَى الْمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّائِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُوا ۖ وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ ﴿١٧٧﴾

نیکی یہ نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیر لو بلکہ نیکی تو اس شخص کی ہے جو اللہ پر، آخرت کے دن پر، فرشتوں پر، (آسمانی) کتابوں پر اور نبیوں پر ایمان لائے ① اور مال سے محبت کے باوجود اسے رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، سوال کرنے والوں اور گردنیں چھڑانے کے لیے خرچ کرے، اور نماز قائم کرے اور زکاۃ دے اور (نیکی ان کی بھی ہے جو) جب عہد کرلیں تو اپنا عہد پورا کریں اور تنگدستی اور تکلیف میں اور لڑائی کے وقت صبر کریں، وہی لوگ سچے اور وہی پرہیزگار ہیں ﴿١٧٧﴾

177. It is not *Al-Birr* (piety, righteousness, and every act of obedience to Allāh) that you turn your faces towards the east and (or) the west (in prayers); but *Al-Birr* is (the quality of) the one who believes in Allāh, the Last Day, the Angels, the Book, the Prophets;[1] and gives wealth in spite of love for it, to the kinsfolk, to the orphans, and to *Al-Masākīn* (the needy), and to the wayfarer, and to those who ask, and to set slaves free; performs *As-Salāt* (the prayers), and gives the *Zakāt* (obligatory charity); and who fulfil their covenant when they make it, and who are patient in extreme poverty and ailment (disease) and at the time of fighting (during the battles). Such are the people of the truth and they are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

[1] (V.2:177) See the footnote (b) of (V.3:85).

① ایمانیات کے لیے ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ آل عمران 3:85)

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا۟ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلَى ۖ الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنثَىٰ بِالْأُنثَىٰ ۚ فَمَنْ عُفِىَ لَهُۥ مِنْ أَخِيهِ شَىْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَآءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَٰنٍ ۗ ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَلَهُۥ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٨﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! قتل ہو جانے والوں (کے معاملے) میں تمھارے لیے برابر کا بدلہ لینا فرض کر دیا گیا ہے۔ آزاد، آزاد کے بدلے، غلام، غلام کے بدلے اور عورت، عورت کے بدلے، پھر جس (قاتل) کو اس کا بھائی (مقتول کا ولی) کچھ (قصاص) معاف کر دے تو معروف طریقے سے اتباع (دیت کا مطالبہ) ہو اور اچھے طریقے سے (دیت کی) ادائیگی ہو۔ یہ تمھارے رب کی طرف سے تخفیف اور رحمت ہے، پھر اس کے بعد جس شخص نے زیادتی کی اس کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿١٧٨﴾

178. O you who believe! *Al-Qisās* (the Law of Equality in punishment) is prescribed for you in case of murder: the free for the free, the slave for the slave, and the female for the female. But if the killer is forgiven by the brother (or the relatives) of the killed against blood money, then adhering to it with fairness and payment of the blood money to the heir should be made in fairness. This is an alleviation and a mercy from your Lord. So after this whoever transgresses the limits (i.e. kills the killer after taking the blood money), he shall have a painful torment.

وَلَكُمْ فِى الْقِصَاصِ حَيَوٰةٌ يَٰٓأُو۟لِى الْأَلْبَٰبِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٧٩﴾

اور اے عقل والو! تمھارے لیے برابر کا بدلہ لینے ہی میں زندگی ہے تاکہ تم (قتل وغارت سے) بچو ﴿١٧٩﴾

179. And there is (a saving of) life for you in *Al-Qisās* (the Law of Equality in punishment), O men of understanding, that you may become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَٰلِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ﴿١٨٠﴾

تم پر فرض کر دیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کو موت آنے لگے، اگر وہ مال چھوڑے جا رہا ہو تو والدین اور رشتہ داروں کے لیے معروف طریقے سے وصیت کرے، یہ متقیوں پر لازم ہے ﴿١٨٠﴾

180. It is prescribed for you, when death approaches any of you, if he leaves wealth, that he makes a bequest to parents and next of kin, according to reasonable manners. (This is) a duty upon *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

فَمَنۢ بَدَّلَهُۥ بَعْدَ مَا سَمِعَهُۥ فَإِنَّمَآ إِثْمُهُۥ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُۥٓ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٨١﴾

پھر جو شخص اس (وصیت) کو سن لینے کے بعد بدل دے تو اس کا گناہ انھی لوگوں پر ہوگا جو اسے بدلیں گے، بے شک اللہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿١٨١﴾

181. Then whoever changes the bequest after hearing it, the sin shall be on those who make the change. Truly, Allāh is All-Hearer, All-Knower.

فَمَنْ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٨٢﴾ ع 22 6

پھر اگر کسی کو وصیت کرنے والے کی طرف سے حق تلفی یا کسی گناہ کا ڈر ہو اور وہ ان میں صلح کروا دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے ﴿١٨٢﴾

182. But he who fears from a testator some unjust act or wrong-doing, and thereupon he makes peace between the parties concerned, there shall be no sin on him. Certainly, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا۟ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم پر روزہ[1] رکھنا اسی طرح

183. O you who believe! Observing *As-Saum* (the

① [صَوم] لغت میں "رکنے" کو، اور شرعی اصطلاح میں "صبح صادق سے غروب آفتاب تک کھانے پینے اور جماع سے رکے رہنا۔"

كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ
تَتَّقُونَ ﴿١٨٣﴾

فرض کیا گیا ہے جس طرح ان لوگوں پر فرض کیا گیا
تھا جو تم سے پہلے تھے تاکہ تم متقی بن جاؤ ﴿١٨٣﴾

fasting)[1] is prescribed for you as it was prescribed for those before you, that you may become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ ۚ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا
أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۚ
وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ
مِسْكِينٍ ۖ فَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ ۚ
وَأَن تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ
تَعْلَمُونَ ﴿١٨٤﴾

(روزے) گنتی کے چند دن ہیں، پھر تم میں سے کوئی
بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں سے گنتی پوری کر
لے اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھتے ہوں
(پھر نہ رکھیں) تو اس کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا①
ہے، پھر اگر کوئی اپنی خوشی سے (زیادہ) نیکی کرے تو
یہ اس کے لیے بہتر ہے اور تمھارا روزہ رکھنا تمھارے
لیے کہیں بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو ★ ﴿١٨٤﴾

184. [Observing *Saum* (fasts)] for a fixed number of days, but if any of you is ill or on a journey, the same number (should be made up) from other days. And as for those who can fast with difficulty, (e.g. an old man), they have (a choice either to fast or) to feed a *Miskīn* (needy person) (for every day). But whoever does good of his own accord, it is better for him. And that you fast is better for you if only you know.[2]

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ
هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَىٰ
وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ
فَلْيَصُمْهُ ۖ وَمَن كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ
فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۗ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ
الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا
الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ
وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٨٥﴾

رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا
جو انسانوں کے لیے ہدایت ہے اور اس میں ہدایت
کی واضح اور حق کو باطل سے جدا کرنے والی دلیلیں
ہیں، پھر تم میں سے جو شخص اس مہینے کو پائے تو اسے
چاہیے کہ اس کے روزے رکھے② اور جو شخص بیمار ہو یا
سفر پر ہو تو دوسرے دنوں میں گنتی پوری کرے۔ اللہ
تمھارے لیے آسانی چاہتا ہے اور وہ تمھارے لیے
تنگی نہیں چاہتا اور تاکہ تم گنتی پوری کرو اور اس پر اللہ
کی بڑائی بیان کرو کہ اس نے تمھیں ہدایت دی اور
تاکہ تم شکر کرو ★ ﴿١٨٥﴾

185. The month of Ramadan in which was revealed the Qur'ān, a guidance for mankind and clear proofs for the guidance and the Criterion (between right and wrong). So, whoever of you sights (the crescent on the first night of) the month (of Ramadan, i.e. is present at his home), he must observe *Saum* (fasts) that month, and whoever is ill or on a journey, the same number [of days which one did not observe *Saum* (fasts) must be made up] from other days. Allāh intends for you ease, and He does not want to make things difficult for you. (He wants that you) must complete the same number (of days), and that you must magnify Allāh [i.e. to say *Takbīr* (*Allāhu Akbar*: Allāh is the Most Great)] for having guided you so that you may be grateful to Him.[3]

---

[1] (V.2:183) *As-Saum* means fasting, i.e., not to eat or drink or have sexual relations from the *Adhān* of the *Fajr* (early morning) prayer till the sunset.

[2] (V.2:184) The provision of this Verse has been abrogated by the next Verse: 185, with few exceptions, i.e., very old person, or pregnancy.

[3] (V.2:185)

(A) Narrated Talhah bin 'Ubaidullāh: A bedouin with unkempt hair came to Allāh's Messenger ﷺ and said, "O Allāh's Messenger! Inform me what Allāh has made compulsory for me as regards the *Salāt* (prayers)." He replied: "You have to offer perfectly the five compulsory *Salāt* (prayers) in a day and night (24 hours), unless you want to pray *Nawāfil*."▸▸

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىْ عَنِّىْ فَاِنِّىْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِىْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِىْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

اور (اے نبی!) جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں تو بے شک میں قریب ہوں، میں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں، جب بھی وہ مجھ سے دعا کرے، پس چاہیے کہ وہ بھی میرے حکموں کو مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں① تاکہ وہ ہدایت پائیں★ ﴿۱۸۶﴾

186. And when My slaves ask you (O Muhammad ﷺ) concerning Me, then (answer them), I am indeed near (to them by My Knowledge). I respond to the invocations of the supplicant when he calls on Me (without any mediator or intercessor). So let them obey Me and believe in Me, so that they may be led aright[1].

»The bedouin further asked, "Inform me what Allāh has made compulsory for me as regards *Saum* (fasting)." He replied, "You have to fast during the whole month of Ramadān, unless you want to fast more as *Nawāfil.*" The bedouin further asked, "Tell me how much *Zakāt* (obligatory charity) Allāh has enjoined on me." The narrator added: Then, Allāh's Messenger ﷺ informed him all about the laws (i.e. fundamentals) of Islām. The bedouin then said, "By Him Who has honoured you, I will neither perform any *Nawāfil* nor will I decrease what Allāh has enjoined on me." Allāh's Messenger ﷺ said, "If he is saying the truth, he will succeed (or he will be granted Paradise)." [*Sahih Al-Bukhāri*, 3/1891 (O.P.115)]

(B) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ said, "*As-Siyām* (the fasting) is *Junnah* (protection or shield or a screen or a shelter from the Hell-fire*). So, the person observing *Saum* (fasting) should avoid sexual relation with his wife and should not behave foolishly and impudently, and if somebody fights with him or abuses him, he should say to him twice, 'I am fasting.'" The Prophet ﷺ added, "By Him in Whose Hand my soul is, the smell coming out from the mouth of a fasting person is better with Allāh تعالى than the smell of musk. (Allāh says about the fasting person), 'He has left his food, drink and desires for My sake. The *Saum* (fast) is for Me.** So I will reward (the fasting person) for it and the reward of good deeds is multiplied ten times.'" [*Sahih Al-Bukhāri*, 3/1894 (O.P.118)]

* See *Fath Al-Barī*, Vol. 5, Page 5.

** Although all practices of worshipping are for Allāh, here Allāh تعالى singles out *Saum* (fasting), because fasting cannot be practised for the sake of showing off, as nobody except Allāh can know whether one is fasting or not. Therefore, fasting is a pure performance that cannot be blemished with hypocrisy. (*Fath Al-Barī*)

(C) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه : The Prophet ﷺ said, "Whoever does not give up lying speech — false statements (i.e. telling lies) and acting on those (lies), and evil actions, then Allāh is not in need of his leaving his food and drink (i.e. Allāh will not accept his fasting*)". [*Sahih Al-Bukhāri*, 3/1903 (O.P.127)]

* See *Fath Al-Barī*.

★ حواشی: البقرة، آیات: 184,185.

① یہ حکم اگلی آیت: 185 سے منسوخ ہو گیا۔

② ایک اعرابی نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا: مجھ پر کتنی نمازیں فرض ہیں؟" آپ ﷺ نے فرمایا: "پانچ، البتہ تو نوافل پڑھنا چاہے تو تیری مرضی۔" پھر پوچھا: "کتنے روزے فرض ہیں؟" آپ نے فرمایا: "ماہ رمضان کے اِلّا یہ کہ تو نفلی روزے بھی رکھنا چاہے۔" پھر اس نے زکاۃ کی فرضیت کا بھی سوال کیا، پھر رسول اللہ ﷺ نے اسے اسلام کے اُصول بتا دیے تو اعرابی نے کہا: "اُس اللہ کی قسم! جس نے آپ کو عزت سے نوازا ہے میں نہ تو کوئی نفلی عبادت کروں گا اور نہ اس میں ذرہ بھر کمی کروں گا جو اللہ نے مجھ پر فرض کی ہے۔" اس پر رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: "اگر یہ اپنے قول میں سچا ہے تو جنت میں داخل ہو گیا۔" (صحيح البخاري، الصوم، باب: 1 حديث: 1891.)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "روزہ ڈھال ہے، لہٰذا (روزے دار کو) چاہیے کہ کوئی فحش کام کرے اور نہ ہی جہالت کی باتیں اور اگر کوئی اس سے جھگڑے یا گالی دے تو اس سے کہے: میں روزے سے ہوں۔ "قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! روزے دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بہتر ہے۔ (اللہ فرماتا ہے:) "وہ میرے لیے اپنا کھانا پینا چھوڑتا، اپنی خواہش کو مارتا ہے، پس روزہ خاص میرے لیے ہے اور میں خود ہی اس کا اَجر دوں گا۔" (صحيح البخاري، الصوم، باب: 2 حديث: 1894.) جو شخص جھوٹ بولنے اور اس پر عمل کرنے سے اجتناب نہیں کرتا تو اللہ کو اس کے کھانا پینا چھوڑنے کی کوئی حاجت نہیں۔" (صحيح البخاري، الصوم، باب: 8 حديث: 1903.)

---

[1] (V.2:186) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "Allāh said, 'I will declare war against him who shows hostility to a pious worshipper of Mine. And the most beloved things with which My slave comes nearer to Me, is what I have enjoined upon him; and My slave keeps on coming closer to Me through performing *Nawāfil* (praying or doing extra deeds besides what is obligatory) till I love him. Then I become his sense of hearing with which he hears, and his sense of sight with which he sees, and his hand with which he grips, and his leg with which he walks; and if he asks Me, I will give him, and if he asks My Protection (Refuge), I will protect him; (i.e. give him My Refuge), and I do not hesitate to do anything as I hesitate to take the soul of the believer, for he hates death, and I hate to disappoint him.'" [*Sahih Al-Bukhāri*, 8/6502 (O.P.509)].

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ
نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ
لَهُنَّ ۗ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُونَ
أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۖ فَالْآنَ
بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ ۚ
وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ
الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ
ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ ۚ وَلَا
تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي
الْمَسَاجِدِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ
كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَّقُونَ ﴿١٨٧﴾

تمھارے لیے روزے کی رات کو اپنی عورتوں کے
ساتھ صحبت کرنا حلال کر دیا گیا ہے، وہ تمھارے
لیے لباس ہیں اور تم ان کے لیے لباس ہو۔ اللہ نے
جان لیا کہ بے شک تم اپنے آپ سے خیانت کرتے
تھے، چنانچہ اس نے تم پر توجہ فرمائی اور تمھیں معاف
کر دیا، اس لیے اب تم ان سے ہم بستری کر سکتے ہو
اور اللہ نے تمھارے لیے جو لکھ رکھا ہے وہ تلاش کرو،
اور کھاؤ اور پیو، حتی کہ تمھارے لیے صبح کی سفید
دھاری کالی دھاری سے واضح (روشن) ہو جائے،
پھر تم روزے کو رات تک پورا کرو اور جب تم
مسجدوں میں اعتکاف بیٹھو تو اپنی عورتوں سے ہم
بستری نہ کرو یہ اللہ کی حدیں ہیں، لہٰذا تم ان کے
قریب مت جاؤ، اللہ لوگوں کے لیے اپنی آیتیں اسی
طرح بیان فرماتا ہے تاکہ وہ متقی بنیں﴿١٨٧﴾

187. It is made lawful for you to have sexual relations with your wives on the night of *As-Saum* (the fasts). They are *Libās* [i.e. body-cover, or screen, or *Sakan* (i.e. you enjoy the pleasure of living with them — as in Verse 7:189) *Tafsir At-Tabarī*] for you and you are the same for them. Allāh knows that you used to deceive yourselves, so He turned to you (accepted your repentance) and forgave you. So now have sexual relations with them and seek that which Allāh has ordained for you (offspring), and eat and drink until the white thread (light) of dawn appears to you distinct from the black thread (darkness of night), then complete your *Saum* (fast) till the nightfall. And do not have sexual relations with them (your wives) while you are in *I'tikāf* (i.e. confining oneself in a mosque for prayers and invocations leaving the worldly activities) in the mosques. These are the limits (set) by Allāh, so approach them not. Thus does Allāh make clear His *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, revelations, verses, laws, legal and illegal things, Allāh's set limits, orders, etc.) to mankind that they may become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ
وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا

اور تم اپنے مال آپس میں ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ
اور انھیں حاکموں کے پاس نہ لے جاؤ تاکہ تم لوگوں

188. And eat up not one another's property unjustly (in any illegal way, e.g. stealing,

---

★ حاشیہ: البقرة، آیت: 186.

② اس سے مراد وہ فرائض وواجبات ہیں جو اللہ نے انسانوں پر عائد کیے ہیں۔ حدیث قدسی میں ہے، اللہ اپنے دوست سے عداوت رکھنے والے کے خلاف اعلان جنگ کرتا ہے اور پھر فرمایا: ''میرا بندہ جن عبادات کے ذریعے سے میرا قرب حاصل کرتا ہے، ان میں سے کوئی عبادت مجھے اس سے زیادہ پسند نہیں ہے جو میں نے اس پر فرض کی ہے۔ (عبادات میں مجھے فرائض کی عمدہ اور مستقل ادائیگی سب سے زیادہ پسند ہے) اور میرا بندہ نفلی عبادات کر کے مجھ سے اس قدر نزدیک ہو جاتا ہے کہ میں اس سے محبت کرنے لگتا ہوں، چنانچہ میں اس کا کان، آنکھ، ہاتھ اور پاؤں ہو جاتا ہوں جن سے وہ سنتا، دیکھتا، پکڑتا اور چلتا ہے اور اگر وہ مجھ سے مانگے تو میں اسے دیتا ہوں اور اگر کسی سے میری پناہ چاہے تو میں اسے پناہ دیتا ہوں اور مجھے کسی کام میں جسے میں کرنا چاہتا ہوں، اتنا تردد نہیں ہوتا جتنا کہ مومن کی جان لینے میں ہوتا ہے۔ (کیونکہ) وہ موت کو (جسمانی اذیت کی وجہ سے) ناگوار رکھتا ہے اور خود مجھے بھی اسے تکلیف دینا برا لگتا ہے۔'' (صحیح البخاری، الرقاق، باب: 38 حدیث: 6502.)

مِنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝188 ع 23 6 7

کے مالوں میں سے کچھ مال گناہ کے ساتھ کھاؤ، حالانکہ تم جانتے ہو ۝188

robbing, deceiving), nor give bribery to the rulers (judges before presenting your cases) that you may knowingly eat up a part of the property of others sinfully.

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ ۖ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۗ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝189

(اے نبی!) آپ سے چاند (کے احوال) کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ کہہ دیجیے: وہ لوگوں کے لیے اور حج کے لیے اوقات مقررہ ہیں اور نیکی یہ نہیں کہ تم اپنے گھروں میں ان کے پچھواڑوں کی طرف سے آؤ بلکہ نیکی یہ ہے کہ آدمی پرہیزگاری اختیار کرے، اور تم اپنے گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ، اور تم اللہ سے ڈرو، تاکہ تم فلاح پاؤ ۝189

189. They ask you (O Muhammad ﷺ) about the new moons. Say: "They are signs to mark fixed periods of time for mankind and for the pilgrimage." It is not *Al-Birr* (piety, righteousness) that you enter the houses from the back, but *Al-Birr* (is the quality of the one) who fears Allāh. So, enter houses through their (proper) doors, and fear Allāh that you may be successful.

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝190

اور تم اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے لڑو (جہاد کرو)[1] جو تم سے لڑتے ہیں اور تم زیادتی نہ کرو، بے شک اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ۝190

190. And fight in the way of Allāh[1] those who fight you, but transgress not the limits. Truly, Allāh likes not the transgressors. [This Verse is the first one that was revealed in connection with *Jihād*, but it was supplemented by another (V.9:36)].

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ ۖ فَإِنْ قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ ۗ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ۝191

اور تم انھیں جہاں بھی پاؤ ان کو قتل کر دو اور تم انھیں نکال دو جہاں سے انھوں نے تمھیں نکالا اور فتنہ[2] قتل سے زیادہ سخت (گناہ) ہے اور تم ان سے مسجد حرام کے پاس نہ لڑو یہاں تک کہ وہ اس میں تم سے لڑیں، پھر اگر وہ تم سے لڑیں تو تم انھیں قتل کرو، ایسے کافروں کی یہی سزا ہے ۝191

191. And kill them wherever you find them, and turn them out from where they have turned you out. And *Al-Fitnah*[2] is worse than killing. And fight not with them at *Al-Masjid Al-Harām* (the sanctuary at Makkah),[3] unless they (first) fight you there. But if they attack you, then kill them. Such is the recompense of the disbelievers.

---

[1] (V.2:190) *Al-Jihād* (holy fighting) in Allāh's Cause (with full force of numbers and weaponry) is given the utmost importance in Islām and is one of its pillars (on which it stands). By *Jihād* Islām is established, Allāh's Word is made superior, (His Word being *Lā ilaha illallāh* which means none has the right to be worshipped but Allāh), and His religion (Islām) is propagated. By abandoning *Jihād* (may Allāh protect us from that) Islām is destroyed and the Muslims fall into an inferior position; their honour is lost, their lands are stolen, their rule and authority vanish. *Jihād* is an obligatory duty in Islām on every Muslim, and he who tries to escape from this duty, or does not in his innermost heart wish to fulfil this duty, dies with one of the qualities of a hypocrite.

Narrated 'Abdullāh bin Mas'ūd رضي الله عنه: I asked Allāh's Messenger ﷺ, "O Allāh's Messenger! What is the best deed?" He replied, "To offer the *Salāt* (prayers) at their early stated fixed times." I asked, "What is next in goodness?" He replied, "To be good and dutiful to your parents." I further asked, "What is next in goodness?" He replied, "To participate in *Jihād* in Allāh's Cause." I did not ask Allāh's Messenger ﷺ anymore and if I had asked him more, he would have told me more. [*Sahih Al-Bukhāri*, 4/2782 (O.P.41)]

[2] (V.2:191) *Al-Fitnah:* polytheism, to disbelieve after one has believed in Allāh, or a trial or a calamity or an affliction.

فَإِنِ انْتَهَوْا فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٩٢﴾

پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے ﴿١٩٢﴾

192. But if they cease, then Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَقٰتِلُوهُمْ حَتّٰى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَّيَكُونَ الدِّينُ لِلّٰهِ ۖ فَإِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظّٰلِمِينَ ﴿١٩٣﴾

اور ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ فتنہ② باقی نہ رہے اور دین صرف اللہ کے لیے ہو جائے پھر اگر وہ باز آ جائیں تو ظالموں کے سوا کسی پر زیادتی جائز نہیں★ ﴿١٩٣﴾

193. And fight them until there is no more *Fitnah* (disbelief and worshipping of others along with Allāh) and (all and every kind of) worship is for Allāh (Alone).[1] But if they cease, let there be no transgression except against *Az-Zālimūn* (the polytheists and wrong doers)

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿١٩٤﴾

(تم پر) ماہ حرام (کی پابندی اُن کی طرف سے) ماہ حرام (کی پابندی) کے بدلے میں ہے اور حرمتیں بدلے کی چیزیں ہیں، پس جو کوئی تم پر زیادتی کرے تو تم اس کے برابر اس پر زیادتی کرو جو زیادتی اس نے تم پر کی، اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ بے شک اللہ

194. The sacred month is for the sacred month, and for the prohibited things, there is the Law of Equality (*Qisās*). Then whoever transgresses the prohibition against you, you transgress likewise against him.

★ Footnote: Al-Baqrah, Ayat: 191.

[3] (V.2:191) Narrated Abu Bakrah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ delivered to us a *Khutbah* (religious talk) on the day of *Nahr* (10th of Dhul-Hijjah). He said, "Do you know what is the day today?" We said, "Allāh and His Messenger know better." He remained silent till we thought that he might give that day another name. He said, "Isn't it the day of *Nahr?*" We said, "It is." He further asked, "Which month is this?" We said, "Allāh and His Messenger know better." He remained silent till we thought that he might give it another name. He then said, "Isn't it the month of Dhul-Hijjah?" We replied: "Yes, it is." He further asked, "What town is this?" We replied, "Allāh and His Messenger know it better." He remained silent till we thought that he might give it another name. He then said, "Isn't it the forbidden (sacred) town (of Makkah)?" We said, "Yes, it is." He said, "No doubt, your blood and your properties are sacred to one another like the sanctity of this day of yours, in this month of yours, in this town of yours, till the day you meet your Lord. No doubt! Haven't I conveyed Allāh's Message to you?" We said, "Yes." He said, "O Allāh! Be witness. So it is incumbent upon those who are present to convey it (this information) to those who are absent because the informed one might comprehend it (what I have said) better than the present audience, who will convey it to him. Beware! Do not renegade (as) disbelievers after me by striking the necks (cutting the throats) of one another." [*Sahih Al-Bukhāri*, 2/1741 (O.P.797)].

★ حواشی: البقرة، آیات: 190،191.

① [جہاد] کے لفظی معنی "کوشش کرنے" کے ہیں اور شریعت کی اصطلاح میں اللہ کی راہ میں جنگ کرنے کو "جہاد" کہتے ہیں۔ حدیث میں ہے: "جو شخص اس حال میں مرا کہ اُس نے کبھی جہاد کیا اور نہ ہی اُس کے دل میں خیال آیا تو گویا وہ نفاق کی موت مرا۔" (مسلم، الإمارة، حدیث 1910) ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: "یا رسول اللہ! کون سا عمل سب سے افضل ہے؟" ارشاد فرمایا: "نماز کو اس کے مقررہ وقت پر ادا کرنا۔" دریافت کیا: "اس کے بعد؟" فرمایا: "والدین سے اچھا سلوک کرنا۔" پھر عرض کیا: "اور اس کے بعد؟" فرمایا: "اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔" (صحیح البخاری، الجهاد، باب: 1 حدیث: 2782.)

② [فتنہ] کے معنی "فساد اور شرانگیزی" کے ہیں۔ قرآن میں اس کی سخت مذمت آئی ہے اور اسے قتل سے زیادہ خطرناک قرار دیا گیا ہے۔ فتنے کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ اللہ پر ایمان لانے کے بعد اس کا انکار کر دیا جائے۔

[1] (V.2:193)
(A) Narrated Ibn 'Umar رضي الله عنهما: Allāh's Messenger ﷺ said, "I have been ordered (by Allāh) to fight against the people till they testify that *Lā ilāha illallāh wa Anna Muhammmad-ur-Rasūl Allāh* (none has the right to be worshipped but Allāh عز وجل and that Muhammad ﷺ is the Messenger of Allāh), and perform *As-Salāt* (the prayers) and give *Zakāt* (obligatory charity), so if they perform all that, then they save their lives and properties from me except for Islāmic laws, and their reckoning (accounts) will be with (done by) Allāh." [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/25 (O.P.24)]
(B) See (V.8:39) and its footnote.

پرہیزگاروں کے ساتھ ہے﴿۱۹۴﴾

And fear Allāh, and know that Allāh is with *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2) .

وَأَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَأَحْسِنُوا ۛ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٩٥﴾

اور تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھ ہلاکت (کے کام) میں نہ ڈالو اور تم نیکی کرو، یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے﴿۱۹۵﴾

195. And spend in the Cause of Allāh (i.e. *Jihād* of all kinds) and do not throw yourselves into destruction (by not spending your wealth in the [1] Cause of Allāh), and do good. Truly, Allāh loves *Al-Muhsinūn* (the good-doers).

وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ۚ فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ۚ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ ۗ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۗ ذَٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿١٩٦﴾ ع 24 8

اور تم حج اور عمرہ اللہ کے لیے پورا کرو① پھر اگر تمھیں (راستے میں) روک دیا جائے تو قربانی کے لیے جو میسر ہو (وہ قربان کر دو) اور اپنے سر نہ منڈاؤ حتی کہ قربانی اپنے حلال ہونے کی جگہ پہنچ جائے، پھر اگر کوئی شخص بیمار ہو یا اس کے سر میں کوئی تکلیف ہو (اور وہ سر منڈا لے) تو فدیے میں روزے رکھے یا صدقہ دے یا قربانی کرے، پھر جب تمھیں امن مل جائے (اور تم حج سے پہلے مکے پہنچ جاؤ) تو تم میں سے جس نے حج (کے احرام) تک عمرے کا فائدہ اٹھایا وہ (احرام کھول کر) جو میسر ہو قربانی کرے، پھر جو شخص (قربانی) نہ پائے تو وہ تین روزے حج کے دنوں میں رکھے اور سات اس وقت جب تم گھر لوٹ آؤ، یہ پورے دس (روزے) ہیں۔ یہ حکم اس شخص کے لیے ہے جس کے گھر والے مسجد حرام کے پاس نہ رہتے ہوں اور تم اللہ سے ڈرو اور جان لو بے شک اللہ سخت سزا دینے والا ہے★﴿۱۹۶﴾

196. And perform properly (i.e. all the ceremonies according to the ways of Prophet Muhammad ﷺ), the *Hajj* and *'Umrah* (i.e. the pilgrimage to Makkah) for Allāh. But if you are prevented (from completing them), sacrifice a *Hady* (animal, i.e. a sheep, a cow, or a camel) such as you can afford, and do not shave your heads until the *Hady* reaches the place of sacrifice. And whosoever of you is ill or has an ailment in his scalp (necessitating shaving), he must pay a *Fidyah* (ransom) of either observing *Saum* (fasts) (three days) or giving *Sadaqah* (charity — feeding six poor persons) or offering sacrifice (one sheep). Then if you are in safety and whosoever performs the *'Umrah* in the months of *Hajj,* before (performing) the *Hajj,* (i.e. *Hajj-at-Tamattu'* and *Al-Qirān*), he must slaughter a *Hady* such as he can afford, but if he cannot afford it, he should observe *Saum* (fasts) three days during the *Hajj* and seven days after his return (to his home), making ten days in all. This is for him whose family is not present at *Al-Masjid Al-Harām* (i.e. non-resident of

---

★ حاشیہ: البقرۃ، آیت: 193.

① رسول اللہ ﷺ کو لوگوں کے خلاف جہاد کرنے کا حکم ہے یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کریں اور زکاۃ دیں۔ ایسا کرنے لگیں تو انہوں نے اپنی جانوں اور مالوں کو بچا لیا، مگر اسلام کا حق نہیں ٹلے گا اور اُن کا حساب اللہ کے ذمے ہے۔" (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 17 حدیث: 25.)

---

[1] (V.2:195) See (V.2:112).

Makkah). And fear Allāh much and know that Allāh is Severe in punishment.[1]

الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَّعْلُومَٰتٌ ۚ فَمَن فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ۗ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ ۗ وَتَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ ۚ وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ﴿١٩٧﴾

حج①کے مہینے معلوم ومقرر ہیں، چنانچہ جس شخص نے ان (مہینوں) میں حج کو لازم کرلیا تو حج کے دوران میں وہ جنسی باتیں نہ کرے، اللہ کی نافرمانی نہ کرے اور کسی سے جھگڑا نہ کرے اور جو نیک کام تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے اور (حج کے لیے) زادِ راہ لے لو، بے شک بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے اور اے عقل مندو! تم مجھ سے ڈرو﴿١٩٧﴾

197. The *Hajj* (pilgrimage) is (in) the well-known (lunar year) months (i.e. the 10th month, the 11th month and the first ten days of the 12th month of the Islāmic calendar, i.e. two months and ten days). So whosoever intends to perform *Hajj*[2] therein (by assuming *Ihrām*), then he should not have sexual relations (with his wife), nor commit sin, nor dispute unjustly during the *Hajj*. And whatever good you do, (be sure) Allāh knows it. And take a provision (with you) for the journey, but the best provision is *At-Taqwa* (piety, righteousness). So fear Me, O men of understanding!

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ ۚ فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا

تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم (حج کے دوران) اپنے رب کا فضل تلاش کرو، پھر جب تم عرفات②سے لوٹو تو

198. There is no sin on you if you seek the bounty of your Lord (during pilgrimage by trading).

★ حاشیہ: البقرة، آیت: 196.

① حج اور عمرے کی بڑی فضیلت ہے: اسلام قبول کرنے، اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے اور حج کرنے سے سابقہ گناہ ختم ہو جاتے ہیں۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حج اور عمرہ ہر مسلمان پر واجب ہے۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک عمرہ دوسرے عمرے تک سب گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مقبول کا اجر تو بس جنت ہی ہے۔" (صحيح البخاري، العمرة، باب: 1، حديث: 1773.)

[1] (V.2:196) Islām demolishes all the previous evil deeds and so do migration (for Allāh's sake) and *Hajj* (pilgrimage to Makkah). [*Al-Lu'lu' wal-Marjān*, Vol. 1, Ch. 52]. The obligation of performing *'Umrah* and its superiority. Ibn 'Umar رضي الله عنهما said, "*Hajj* and *'Umrah* are obligatory for everybody." And Ibn 'Abbās رضي الله عنهما said, "*Umrah* is mentioned in conjunction with *Hajj* in the Book of Allāh عز وجل: 'And perform properly *Hajj* and *'Umrah* for Allāh.'" (2:196).

Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "(The performance of) *'Umrah* is an expiation for the sins committed (between it and the previous one). And the reward of *Hajj Mabrūr* (the one accepted by Allāh) is nothing except Paradise." [*Sahih Al-Bukhāri*, 3/1773 (O.P.1)].

[2] (V.2:197) What is said regarding *Hajj At-Tamattu'*, *Hajj Al-Qirān*, and *Hajj Al-Ifrād*. And whoever has not brought a *Hady* with him, he should finish the *Ihrām* of *Hajj*, and make it as *'Umrah* (and then assume another *Ihrām* for *Hajj* from Makkah). There are three ways of performing *Hajj* — as follows:

a) *Hajj At-Tamattu':* It means that you have no *Hady* with you and you assume *Ihrām* only for *'Umrah* first, and after *'Umrah* you finish your *Ihrām* and assume another *Ihrām* for performing *Hajj*, from Makkah, but you have to slaughter a *Hady*.

b) *Hajj Al-Qirān:* It means that one should have a *Hady* with him and should perform *'Umrah* and then *Hajj* with the same state of *Ihrām*.

c) *Hajj Al -Ifrād:* It means that one assumes *Ihrām* with the intention of performing *Hajj* only and does not perform *'Umrah*.

① حج کے تین طریقے ہیں: ① حَجِّ تَمَتُّع: اگر آپ نے قربانی کا جانور ساتھ نہیں لیا تو صرف عمرے کے لیے احرام باندھیں پھر عمرے سے فارغ ہو کر احرام کھول دیں اور پھر مکہ ہی سے حج کے لیے احرام باندھیں۔ اس صورت میں قربانی بھی کرنی ہوگی۔ ② حَجِّ قِرَان: اس میں قربانی کا جانور ساتھ ہوتا ہے، عمرہ اور حج ایک ہی احرام سے کیے جاتے ہیں۔ ③ حَجِّ اِفْرَاد: اس میں صرف حج کی نیت ہوتی ہے، عمرہ کی نہیں، اہل مکہ "حج افراد" ہی کرتے ہیں۔ اس میں قربانی بھی نہیں ہے۔

② [عَرَفَات] ایک مکہ سے کچھ فاصلے پر معروف مقام ہے جہاں حجاج 9 ذوالحجہ کو زوال شمس سے غروب آفتاب تک ٹھہرتے ہیں۔

اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾

مشعر الحرام① کے پاس اللہ کو یاد کرو اور تم اسے اس طرح یاد کرو جس طرح اس نے تمھیں ہدایت دی اور یقیناً اس سے پہلے تم گمراہوں میں سے تھے ﴿۱۹۸﴾

Then when you leave 'Arafāt,[1] remember Allāh (by glorifying His Praises, i.e. prayers and invocations) at the *Mash'ar-il-Harām*.[2] And remember Him (by invoking Allāh for all good) as He has guided you, and verily, you were, before, of those who were astray.

ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾

پھر جہاں سے سب لوگ لوٹیں وہیں سے تم بھی لوٹو اور اللہ سے بخشش مانگو، بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے ﴿۱۹۹﴾

199. Then depart from the place whence all the people depart and ask Allāh for His forgiveness. Truly, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۭ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾

پھر جب تم اپنے حج کے ارکان پورے کر چکو تو اللہ کو اس طرح یاد کرو جس طرح تم اپنے باپ دادا کو یاد کیا کرتے تھے، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر (اللہ کو یاد کرو)، چنانچہ کچھ لوگ وہ ہیں جو کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا ہی میں (سب کچھ) دے دے، ایسے شخص کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ﴿۲۰۰﴾

200. So when you have accomplished your *Manāsik*,[3] remember Allāh as you remember your forefathers or with a far more remembrance. But of mankind there are some who say: "Our Lord! Give us (Your Bounties) in this world!" and for such there will be no portion in the Hereafter.

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ النصف

اور ان میں سے کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا ﴿۲۰۱﴾

201. And of them there are some who say: "Our Lord! Give us in this world that which is good and in the Hereafter that which is good, and save us from the torment of the Fire!"

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾

انھی لوگوں کے لیے ان کی کمائی کا حصہ ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے ﴿۲۰۲﴾

202. Those for them there will be alloted a share for what they have earned. And Allāh is Swift at reckoning.

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ

اور گنتی کے چند دنوں میں تم اللہ کو یاد کرو،② پھر جس نے دو دنوں (منیٰ سے مکے کی طرف واپسی) میں جلدی

203. And remember Allāh during the Appointed Days.[4] But whosoever hastens to leave in

---

[1] (V.2:198) 'Arafāt: a well-known place near Makkah where pilgrims have to spend the 9th day of Dhul-Hijjah.

[2] (V.2:198) *Al-Mash'ar-ul-Harām*, i.e. Muzdalifah, a well-known place near Makkah, where pilgrims have to stop and stay for the whole night of the 10th of Dhul-Hijjah, or a great part of it.

[3] (V.2:200) *Manāsik*: i.e. *Ihrām*, *Tawāf* of the Ka'bah and As-Safā and Al-Marwah, stay at 'Arafāt, Muzdalifah and Mina, *Ramy* of *Jamarāt*, (stoning of the specified pillars in Mina) slaughtering of *Hady* (animal).

[4] (V.2:203) These are the three days of staying at Mina during the *Hajj;* 11th, 12th and 13th days of the month of Dhul-Hijjah, by saying *Allāhu Akbar* (Allāh is the Most Great) much, and while slaughtering *Hady* (animals) and during the *Ramy* of *Jamarāt*.

① [مَشْعَرِ الْحَرَام] یعنی [مُزْدَلِفَة] یہ بھی مکے کے نزدیک ایک مشہور جگہ ہے جہاں حجاج نویں اور دسویں ذوالحجہ کی درمیانی رات گزارتے ہیں۔

② ذوالحجہ کی گیارہویں، بارہویں اور تیرہویں تاریخوں میں کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے اور تکبیرات پڑھنے کا حکم ہے ان دنوں کو [أَيَّامِ مَعْدُودَات] اور [أَيَّامِ تَشْرِيق] بھی کہا گیا ہے۔

وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾

کی تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور جس نے (ایک دن کی) تاخیر کی تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں (بشرطیکہ) وہ تقویٰ اختیار کرے اور تم اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ بے شک تمھیں اسی کے حضور اکٹھا کیا جائے گا﴿٢٠٣﴾

two days, there is no sin on him and whosoever stays on, there is no sin on him, if his aim is to do good and obey Allāh (fear Him), and know that you will surely be gathered to Him.

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿٢٠٤﴾

اور (اے نبی!) لوگوں میں کوئی تو ایسا ہے کہ آپ کو اس کی بات دنیا کی زندگی میں بہت بھلی لگتی ہے اور جو کچھ اس کے دل میں ہے اس پر وہ اللہ کو گواہ ٹھہراتا ہے، حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے①﴿٢٠٤﴾

204. And of mankind there is he whose speech may please you (O Muhammad ﷺ) in this worldly life, and he calls Allāh to witness as to that which is in his heart, yet he is the most quarrelsome of the opponents.[1]

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿٢٠٥﴾

اور جب وہ پلٹتا ہے تو کوشش کرتا ہے کہ زمین میں فساد پھیلائے کھیتوں اور نسل کو تباہ کرے اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا﴿٢٠٥﴾

205. And when he turns away (from you O Muhammad ﷺ), his effort in the land is to make mischief therein and to destroy the crops and the cattle, and Allāh likes not mischief.

وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٢٠٦﴾

اور جب اس سے کہا جاتا ہے: تو اللہ سے ڈر، تو اس کا غرور اسے گناہ پر ابھارتا ہے، چنانچہ ایسے شخص کے لیے جہنم کافی ہے اور یقیناً وہ برا ٹھکانا ہے﴿٢٠٦﴾

206. And when it is said to him, "Fear Allāh", he is led by arrogance to (more) crime. So enough for him is Hell, and worst indeed is that place to rest!

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠٧﴾

اور لوگوں میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے اپنے آپ کو (اس کے ہاتھ) بیچ ڈالتا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر بہت شفیق ہے﴿٢٠٧﴾

207. And of mankind is he who would sell himself, seeking the Pleasure of Allāh. And Allāh is full of kindness to (His) slaves.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَاۗفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٢٠٨﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ اور تم شیطان کے قدموں کی پیروی مت کرو، بے شک شیطان تمھارا کھلا دشمن ہے﴿٢٠٨﴾

208. O you who believe! Enter perfectly into Islām (by obeying all the rules and regulations of the religion of Islam) and follow not the footsteps of *Shaitān* (Satan). Verily, he is to you a plain enemy.

فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٠٩﴾

پھر اگر تمھارے پاس واضح دلائل آ جانے کے بعد تم پھسل جاؤ تو جان لو کہ بے شک اللہ غالب، خوب

209. Then if you slide back after the clear signs (Prophet Muhammad ﷺ, and this Qur'ān

---

[1] (V.2:204)

(A) Narrated 'Aishah رضي الله عنها: The Prophet ﷺ said, "The most hated person to Allāh is the one who is most quarrelsome of the opponents." [*Sahih Al-Bukhāri*, 3/2457 (O.P.637)].

(B) Narrated Abu Umamah رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ said: "(a) I guarantee a home in Paradise for a person who gives up arguments and disputes even if he is on the truth. (b) And [I (also) guarantee] a home in the middle of Paradise for a person who gives up lying (false statements) even while joking. (c) And [I (also) guarantee] a home in the highest part of Paradise for a person who has a high standard of good character."

(This *Hadith* is quoted by *Abu Dāwūd, At-Tirmidhi, An-Nasa'i* and *Ibn Mājah*)

① رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: "اللہ کے ہاں سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخص وہ ہے جو سخت جھگڑالو ہو۔" (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 37 حدیث: 4523)

حکمت والا ہے ⑳⓽

and Islām) have come to you, then know that Allāh is All-Mighty, All-Wise.

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝٢١٠

کیا اب وہ اس انتظار میں ہیں کہ اللہ بادلوں کے سائے میں ان کے سامنے چلا آئے اور فرشتے بھی اور (ان کے) معاملے کا فیصلہ ہی کر ڈالا جائے؟ آخر سارے معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں ⑳⑩

210. Do they then wait for anything other than that Allāh should come to them in the shadows of the clouds and the angels? (Then) the case would be already judged. And to Allāh return all matters (for decision).

سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰھُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٢١١

پوچھیے بنی اسرائیل سے! ہم نے انھیں کتنی واضح نشانیاں دیں؟ اور جو کوئی اللہ کی نعمت پالینے کے بعد اسے بدل دیتا ہے تو بے شک اللہ سخت سزا دینے والا ہے ⑪

211. Ask the Children of Israel how many clear *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) We gave them. And whoever changes Allāh's Favour after it has come to him, [e.g. renounces the religion of Allāh (Islām) and accepts *Kufr* (disbelief)] then surely, Allāh is Severe in punishment.

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝٢١٢

جن لوگوں نے کفر کیا، ان کے لیے دنیا کی زندگی سجا دی گئی ہے اور وہ ان لوگوں سے مذاق کرتے ہیں جو ایمان لائے ہیں اور جو لوگ متقی ہیں وہ قیامت کے دن ان سے بلند مرتبہ ہوں گے اور اللہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے ⑫

(A) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "Whoever obeys me, he obeys Allāh; and whoever disobeys me, he disobeys Allāh; and whoever obeys the ruler I appoint, he obeys me; and whoever disobeys him, he disobeys me." [*Sahih Al-Bukhārī*, 9/7173 (O.P.251)].

(B) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "All my followers will enter Paradise except those who refuse." They said, "O Allāh's Messenger! Who will refuse?" He said, "Whoever obeys me will enter Paradise, and whoever disobeys me is the one who refuses (to enter it)." [*Sahih Al-Bukhārī*, 9/7280 (O.P.384)].

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2/252)

② اس مضمون کو احادیث میں اس طرح بیان کیا گیا ہے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی (کیونکہ میں اللہ کا پیغام پہنچانے والا ہوں) اور (اسی طرح) جس نے میرے مقرر کیے ہوئے حاکم کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے اس کی نافرمانی کی گویا میری نافرمانی کی۔" (صحیح البخاري، الأحکام، باب: 1 حدیث: 7137) ایک دوسری روایت میں فرمایا: "میری امت کے سب لوگ جنت میں جائیں گے مگر

وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ
اَذَاعُوْا بِهٖ ۭ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِي
الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ
مِنْهُمْ ۭ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ
لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٣﴾

اور جب ان کے پاس کوئی امن یا خوف کی خبر آتی ہے تو اسے مشہور کردیتے ہیں، حالانکہ اگر وہ اسے رسول اور اپنے میں سے کسی ذمہ دار حاکم کے حوالے کردیتے، تو ایسی باتوں کی تہہ تک پہنچنے والے اس کی حقیقت جان لیتے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو چند ایک کے سوا تم ضرور شیطان کے پیچھے لگ جاتے ﴿83﴾

83. When there comes to them some matter touching (public) safety or fear, they make it known (among the people); if only they had referred it to the Messenger (ﷺ) or to those charged with authority among them, the proper investigators would have understood it from them (directly). Had it not been for the Grace and Mercy of Allāh upon you, you would have followed *Shaitān* (Satan), except a few of you.

فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ
وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ
بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ
تَنْكِيْلًا ﴿٨٤﴾

چنانچہ (اے نبی!) آپ اللہ کی راہ میں لڑیں، آپ کو اپنی ذات کے سوا کسی کا ذمہ دار نہیں بنایا گیا۔ اور آپ مومنوں کو (لڑائی پر) آمادہ کریں۔ امید ہے کہ اللہ ان لوگوں کو لڑائی سے روک دے جنھوں نے کفر کیا، اور اللہ لڑائی میں بہت سخت ہے اور سزا دینے میں بہت سخت ہے ﴿84﴾

84. Then fight (O Muhammad ﷺ) in the Cause of Allāh, you are not tasked (held responsible) except for yourself, and incite the believers (to fight along with you), it may be that Allāh will restrain the evil might of the disbelievers. And Allāh is Stronger in might and Stronger in punishing.

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ
مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ
كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ
مُّقِيْتًا ﴿٨٥﴾

جو کوئی اچھی سفارش کرے گا، اسے بھی اس کا کچھ حصہ ملے گا، اور جو کوئی بری سفارش کرے گا، اسے بھی اس کا کچھ حصہ ملے گا، اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے ﴿85﴾

85. Whosoever intercedes for a good cause will have the reward thereof, and whosoever intercedes for an evil cause will have a share in its burden. And Allāh is Ever All-Able to do (and also an All-Witness to) everything.

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ
اَوْ رُدُّوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ
حَسِيْبًا ﴿٨٦﴾ الربع

اور جب تمھیں سلام کیا جائے تو تم اس سے اچھا جواب دو یا وہی الفاظ لوٹا دو،[1] بے شک اللہ ہر چیز کا خوب حساب لینے والا ہے ★ ﴿86﴾

86. When you are greeted with a greeting, greet in return with what is better than it, or (at least) return it equally. Certainly, Allāh is Ever a Careful Account Taker of all things.[1]

★ بقیہ حاشیہ: النساء، آیت: 80.

جس نے انکار کیا۔" صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کون ایسا (بدبخت) ہے جو جنت میں جانے سے انکار کرے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: "جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں داخل ہو گیا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے جنت میں جانے سے انکار کر دیا۔" (صحیح البخاری، الاعتصام بالکتاب والسنۃ، باب: 2 حدیث: 7280)

[1] (V.4:86) How the *Salām* (greeting) began.

Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه : The Prophet ﷺ said, "Allāh created Adam in His Image,* sixty cubits (about 30 metres) in height. When He created him, He said (to him), 'Go and greet that group of angels sitting there, and listen what they will say in reply to you, for that will be your greeting and the greeting of your offspring.' Adam (went and) said, '*As-Salāmu 'Alaikum* (peace be upon you).' They replied, '*As-Salāmu 'Alaikum wa Rahmatullah* (Peace and Allāh's Mercy be on you).' So they increased '*wa Rahmatullah*.'" The Prophet ﷺ added, "So, whoever will enter Paradise, will be of the shape and picture of Adam. Since then the creation (of Adam's offspring) (i.e. stature of ▸▸

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿٨٧﴾ ع 11

اللہ کے سوا کوئی معبود (برحق) نہیں، وہ ضرور تمھیں قیامت کے دن اکٹھا کرے گا، جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ اور بات کہنے میں اللہ سے زیادہ کون سچا ہے؟﴿٨٧﴾

87. Allāh! *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He). Surely, He will gather you together on the Day of Resurrection about which there is no doubt. And who is truer in statement than Allāh?

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿٨٨﴾

پھر تمھیں کیا ہوا ہے کہ منافقوں کے بارے میں دو گروہوں میں بٹ گئے ہو؟ حالانکہ اللہ نے ان کے اعمال کی وجہ سے انھیں الٹا کر دیا ہے۔ کیا تم چاہتے ہو کہ ان لوگوں کو ہدایت دو جنھیں اللہ نے گمراہ کیا ہو؟ اور جسے اللہ گمراہ کرے، پھر اس کے لیے آپ ہرگز کوئی راستہ نہیں پائیں گے﴿٨٨﴾

88. Then what is the matter with you that you are divided into two parties about the hypocrites? Allāh has cast them back (to disbelief) because of what they have earned. Do you want to guide him whom Allāh has made to go astray? And he whom Allāh has made to go astray, you will never find for him any way (of guidance).

وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَاۗءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَاۗءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۠ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٨٩﴾

وہ چاہتے ہیں کہ تم بھی کفر کرو جس طرح کہ انھوں نے کفر کیا، پھر تم ان کے برابر ہو جاؤ، چنانچہ تم ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ اللہ کی راہ میں ہجرت کریں، پھر اگر وہ (دین سے) منہ موڑیں تو انھیں جہاں پاؤ قتل کر دو۔ اور ان میں سے کسی کو اپنا دوست اور مددگار نہ بناؤ﴿٨٩﴾

89. They wish that you reject Faith, as they have rejected (Faith), and thus that you all become equal (like one another). So take not *Auliyā'* (protectors or friends) from them, till they emigrate in the way of Allāh (to Muhammad ﷺ). But if they turn back (from Islām), take (hold of) them and kill them wherever you find them, and take neither *Auliyā'* (protectors or friends) nor helpers from them.

اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَاۗءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا

مگر وہ لوگ (اس حکم سے مستثنیٰ ہیں) جو اس قوم سے تعلق رکھتے ہوں جن سے تمھارا معاہدہ ہو چکا ہے یا (وہ منافق بھی مستثنیٰ ہیں) جو تمھارے پاس اس حالت

90. Except those who join a group, between you and whom there is a treaty (of peace), or those who approach you with

---

▸▸ human beings) is being diminished continuously up to the present time." [*Sahih Al-Bukhāri,* 8/6227 (O.P.246)]

* "His Image" means that Adam has been bestowed with life, knowledge, power of hearing, seeing and understanding, but the features of Adam are different from those of Allāh, only the names are the same, e.g., Allāh has life and knowledge and power of understanding, and Adam also has them, but there is no comparison between the Creator and the created thing. As Allāh says in the Qur'ān: "There is nothing like Him, and He is the All-Hearer, the All-Seer." (V.42:11). Allāh does not eat or sleep, while Adam used to eat and sleep. (For details see *Fath Al-Bāri*)

★ بقیہ حاشیہ: النساء، آیت: 86.

① حدیث میں ہے: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے آدم کو اس کی صورت پر پیدا کیا ان کا قد ساٹھ ہاتھ تھا، جب اللہ ان کو پیدا کر چکا تو فرمایا: وہ فرشتوں کا گروہ بیٹھا ہوا ہے ان کو جا کر سلام کرو اور سنو وہ کیا کہتے ہیں! پھر یہی تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام رہے گا، تو حضرت آدم علیہ السلام نے فرشتوں سے کہا: [اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ] تو انہوں نے جواب دیا: [اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ] گویا انہوں نے (لفظ) [وَرَحْمَةُ اللّٰهِ] بڑھایا۔ (نبی کریم ﷺ نے فرمایا:) جو کوئی بھی جنت میں جائے گا تو وہ حضرت آدم علیہ السلام کی صورت (قد و قامت) پر ہو گا یعنی ساٹھ ہاتھ لمبا، اور آدم علیہ السلام کے بعد سے پھر خلقت کا قد و قامت کم ہوتا گیا اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔" (صحیح البخاری، الاستئذان، باب: 1 حدیث: 6227)

قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ
فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقٰتِلُوْكُمْ
وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ
لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿٩٠﴾

میں آئیں کہ وہ لڑائی سے بیزار ہوں نہ تم سے لڑنا
چاہتے ہوں اور نہ اپنی قوم سے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو
انھیں تم پر مسلط کر دیتا، پھر وہ تم سے یقیناً لڑتے، لہٰذا
اگر وہ تم سے کنارہ کشی اختیار کر لیں اور تمھارے
ساتھ لڑنے سے باز رہیں، اور تمھاری طرف صلح
اور امن کا ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے تمھارے لیے
کوئی گنجائش نہیں رکھی کہ تم ان سے لڑائی کرو ﴿٩٠﴾

their breasts restraining from fighting you as well as fighting their own people. Had Allāh willed, indeed He would have given them power over you, and they would have fought you. So if they withdraw from you, and fight not against you, and offer you peace, then Allāh has opened no way for you against them.

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ
يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ كُلَّمَا رُدُّوْٓا
اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ
يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا
اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ
ثَقِفْتُمُوْهُمْ ۭ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ
ع 12 9 سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿٩١﴾

تمھیں ایک اور قسم کے منافق ملیں گے جو چاہتے
ہیں کہ تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے
بھی، مگر جب کبھی وہ فتنے کا موقع پاتے ہیں تو اس
میں کود پڑتے ہیں، چنانچہ ایسے لوگ اگر تم سے
مقابلہ کرنے سے باز نہ آئیں اور تمھیں صلح اور امن
کی پیشکش نہ کریں اور لڑائی سے اپنے ہاتھ نہ روکیں
تو تم انھیں جہاں کہیں پاؤ، پکڑ کر قتل کر دو۔ یہی وہ
لوگ ہیں جن پر (ہاتھ اٹھانے کے لیے) ہم نے تمھیں
کھلی اجازت دے دی ہے ﴿٩١﴾

91. You will find others that wish to have security from you and security from their people. Every time they are sent back to temptation, they yield thereto. If they withdraw not from you, nor offer you peace, nor restrain their hands, take (hold of) them and kill them wherever you find them. In their case, We have provided you with a clear warrant against them.

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا
خَطَـــًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـــًٔا فَتَحْرِيْرُ
رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى
اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ كَانَ مِنْ
قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ
رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ
بَيْنَكُمْ وَبَيْنَھُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ
اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۡ
تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿٩٢﴾

اور کسی مومن کے لیے جائز نہیں کہ وہ دوسرے مومن
کو قتل کرے، مگر غلطی سے (ہو جائے تو اور بات ہے)
اور جو شخص کسی مومن کو غلطی سے قتل کر دے، اس پر
ایک مسلمان غلام آزاد کرنا اور مقتول کے رشتے
داروں کو خون بہا ادا کرنا لازم ہے۔ ہاں، اگر وہ
لوگ معاف کر دیں (تو اور بات ہے۔) پھر اگر وہ
مقتول ایسی قوم میں سے ہو جو تمھاری دشمن ہو جبکہ وہ
خود مومن ہو تو ایک مسلمان غلام آزاد کرنا لازم ہے۔
اور اگر وہ ایسی قوم میں سے ہو کہ تمھارے اور ان
کے درمیان معاہدہ ہو چکا ہو تو اس کے وارثوں کو
خون بہا دیا جائے گا اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا
ہوگا، پھر جو شخص غلام آزاد کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو
وہ دو ماہ لگاتار روزے رکھے، یہ (کفارہ) اللہ کی
طرف سے توبہ (قبول کرنے کا ذریعہ) ہے۔ اور اللہ
خوب جاننے والا، بہت حکمت والا ہے ﴿٩٢﴾

92. It is not for a believer to kill a believer except (that it be) by mistake; and whosoever kills a believer by mistake, (it is ordained that) he must set free a believing slave and a compensation (blood money, i.e. *Diya*) be given to the deceased's family unless they remit it. If the deceased belonged to a people at war with you and he was a believer, the freeing of a believing slave (is prescribed); and if he belonged to a people with whom you have a treaty of mutual alliance, compensation (blood money — *Diya*) must be paid to his family, and a believing slave must be freed. And whoso finds this (the penance of freeing a slave) beyond his means, he must fast for two consecutive months in order to seek repentance from Allāh. And Allāh is Ever All-Knowing, All-Wise.

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾

اور جو شخص کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے اس کی سزا جہنم ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہوگی اور اللہ نے اس کے لیے بہت بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے①﴿۹۳﴾

93. And whoever kills a believer intentionally, his recompense is Hell to abide therein; and the Wrath and the Curse of Allāh are upon him, and a great punishment is prepared for him.[1]

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب تم اللہ کے راستے میں نکلو تو تحقیق کر لیا کرو، اور جو شخص تمھیں سلام کرے تو اس کے متعلق یہ نہ کہو کہ تو مومن نہیں۔ تم دنیاوی زندگی کا سامان چاہتے ہو، تو اللہ کے پاس (تمھارے لیے) بہت سے مال غنیمت ہیں۔ تم اس سے پہلے خود بھی اس حالت میں مبتلا رہ چکے ہو، پھر اللہ نے تم پر احسان کیا، لہٰذا معاملے کی تحقیق کر لیا کرو۔ بے شک تم جو عمل کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے﴿۹۴﴾

94. O you who believe! When you go (to fight) in the Cause of Allāh, verify (the truth), and say not to anyone who greets you (by embracing Islām): "You are not a believer"; seeking the perishable goods of the worldly life. There are much more profits and booties with Allāh. Even as he is now, so were you yourselves before till Allāh conferred on you His Favours (i.e. guided you to Islām), therefore, be cautious in discrimination. Allāh is Ever Well-Acquainted with what you do.

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿۹۵﴾

کسی عذر کے بغیر (پیچھے) بیٹھ رہنے والے مومن اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرنے والے برابر نہیں ہو سکتے۔ اللہ نے اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرنے والوں کو (پیچھے) بیٹھ رہنے والوں پر مرتبے میں فضیلت دی ہے۔ اور اللہ نے سب سے بھلائی کا وعدہ کیا ہے، اور اللہ نے مجاہدین کو (پیچھے) بیٹھ رہنے والوں کے مقابلے میں بہت بڑا اجر دیا ہے﴿۹۵﴾

95. Not equal are those of the believers who sit (at home), except those who are disabled (by injury or are blind or lame), and those who strive hard and fight in the Cause of Allāh with their wealth and their lives. Allāh has preferred in grades those who strive hard and fight with their wealth and their lives to those who sit (at home). To each, Allāh has promised good (Paradise), but Allāh has preferred those who strive hard and fight, to those who sit (at home) by a huge reward.

دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ ع 13 10

ان کے لیے اللہ کی طرف سے درجے ہیں اور بخشش اور رحمت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، نہایت

96. Degrees of (higher) grades from Him, and forgiveness and mercy. And Allāh is Ever Oft-

---

[1] (V.4:93):
A) Narrated Ibn 'Umar رضي الله عنهما: Allāh's Messenger ﷺ said, "A faithful believer remains at liberty regarding his religion unless he kills somebody unlawfully." [*Sahih Al-Bukhārī*, 9/6862 (O.P.2)]
B) See the footnotes of (V.5:27, 32, 45 & 50).

① قتل ناحق کے بارے میں حدیث میں بیان کیا گیا ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان دین کے معاملے میں اس وقت تک کشادگی میں (اطمینان و سکون سے نیک اعمال کی طرف راغب) رہتا ہے جب تک کہ ناحق خون نہ بہائے۔'' (صحیح البخاری، کتاب الدیات، باب: 1 حدیث: 6862) نیز ملاحظہ فرمائیں حاشیہ: (سورۃ المائدۃ 5/27،32،45،50)

Forgiving, Most Merciful.

رحم کرنے والا ہے ﴿٩٦﴾

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيٓ أَنفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنتُمْ ۖ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ قَالُوٓا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولٰٓئِكَ مَأْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَآءَتْ مَصِيرًا ﴿٩٧﴾

جن لوگوں کی اس حالت میں فرشتے جان قبض کرتے ہیں کہ وہ (جان بوجھ کر کافروں میں رہ کر) اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہے ہوں، تو فرشتے پوچھتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے؟ وہ کہتے ہیں: ہم زمین میں کمزور تھے۔ تب فرشتے کہتے ہیں: کیا اللہ کی زمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے؟ چنانچہ یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے ﴿٩٧﴾

97. Verily, as for those whom the angels take (in death) while they are wronging themselves (as they stayed among the disbelievers even though emigration was obligatory for them), they (angels) say (to them): "In what (condition) were you?" They reply: "We were weak and oppressed on the earth." They (angels) say: "Was not the earth of Allāh spacious enough for you to emigrate therein?" Such men will find their abode in Hell — what an evil destination![1]

إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَلَا يَهْتَدُونَ سَبِيلًا ﴿٩٨﴾

مگر وہ مرد، عورتیں اور بچے جو واقعی بے بس ہوں اور وہ اس جگہ سے نکلنے کا کوئی وسیلہ اور کوئی راستہ نہیں پاتے ﴿٩٨﴾

98. Except the weak ones among men, women and children who cannot devise a plan, nor are they able to direct their way.

فَأُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ أَن يَعْفُوَ عَنْهُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُورًا ﴿٩٩﴾

اس لیے ان لوگوں کے بارے میں امید ہے کہ اللہ انھیں معاف کر دے گا، اور اللہ بہت معاف کرنے والا، نہایت بخشنے والا ہے ﴿٩٩﴾

99. These are they whom Allāh is likely to forgive, and Allāh is Ever Oft-Pardoning, Oft-Forgiving.

وَمَن يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً ۚ وَمَن يَخْرُجْ مِن بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١٠٠﴾ ع 14 11

اور جو شخص اللہ کی راہ میں ہجرت کرے وہ زمین میں پناہ لینے کے لیے بہت جگہ اور گنجائش پائے گا۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرنے کی خاطر اپنے گھر سے نکلے، پھر اسے راستے میں موت آجائے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے واجب ہو گیا۔ اور اللہ نہایت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے ﴿١٠٠﴾

100. He who emigrates (from his home) in the Cause of Allāh, will find on earth many dwelling places and plenty to live by. And whosoever leaves his home as an emigrant to Allāh and His Messenger (ﷺ), and death overtakes him, his reward is then surely incumbent upon Allāh. And Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلٰوةِ إِنْ خِفْتُمْ أَن يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوٓا ۚ إِنَّ الْكٰفِرِينَ كَانُوا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِينًا ﴿١٠١﴾

اور جب تم زمین میں سفر کرو تو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم نماز قصر کر لو، اگر تمھیں ڈر ہو کہ کافر (حملہ کر کے) تمھیں فتنے میں ڈال دیں گے، بے شک کافر تمھارے کھلے دشمن ہیں ﴿١٠١﴾

101. And when you (Muslims) travel in the land, there is no sin on you if you shorten *As-Salāt* (the prayers) if you fear that the disbelievers may put you in trial (attack you), verily, the disbelievers are ever to you open enemies.

وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ

اور (اے نبی!) جب آپ مومنوں کے درمیان ہوں، پھر انھیں نماز پڑھانے کے لیے کھڑے ہوں تو ان

102. When you (O Messenger Muhammad ﷺ) are among them,

[1] (V.4:97) See the footnote of the (V.3:149).

فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا
اَسْلِحَتَهُمْ ۚ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ
وَّرَآئِكُمْ ۠ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا
فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ
وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ
عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ
عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۗ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ
مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا
حِذْرَكُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا
مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾

میں سے ایک گروہ اپنے ہتھیار لگائے ہوئے آپ
کے ساتھ جماعت میں کھڑا ہو، پھر جب وہ سجدہ
کر لے تو پیچھے چلا جائے اور دوسرا گروہ جس نے
ابھی نماز نہیں پڑھی وہ آپ کے ساتھ نماز ادا کرے
اور اپنا بچاؤ ساتھ لے اور اپنے ہتھیار (لگائے
رکھے۔) کافر چاہتے ہیں کہ تم اپنے ہتھیاروں اور
اپنے سامان کی طرف سے ذرا غافل ہو جاؤ تو وہ تم
پر یکبارگی دھاوا بول دیں① اور اگر تمھیں بارش سے
تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ اپنے
ہتھیار (ایک طرف) رکھ دو، اور اپنا بچاؤ ساتھ لو۔ بے
شک اللہ نے کافروں کے لیے رسوا کر دینے والا
عذاب تیار کر رکھا ہے﴿۱۰۲﴾

and lead them in *As-Salât* (the prayers), let one party of them stand up [in *Salât* (prayer)] with you taking their arms with them; when they finish their prostrations, let them take their positions in the rear and let the other party come up which have not yet prayed, and let them pray with you taking all the precautions and bearing arms. Those who disbelieve wish, if you were negligent of your arms and your baggage, to attack you in a single rush, but there is no sin on you if you put away your arms because of the inconvenience of rain or because you are ill, but take every precaution for yourselves. Verily, Allâh has prepared a humiliating torment for the disbelievers.[1]

فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا
وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾

پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو کھڑے ہوئے، بیٹھے
ہوئے اور لیٹے ہوئے (ہر حال میں) اللہ کو یاد کرتے
رہو، پھر جب تمھیں اطمینان ہو جائے تو (پوری)
نماز پڑھو، بے شک مومنوں پر مقررہ وقتوں میں نماز
فرض ہے﴿۱۰۳﴾

103. When you have finished *As-Salât* (the congregational prayer), remember Allâh standing, sitting down, and (lying down) on your sides, but when you are free from danger, perform *As-Salât* (the prayers). Verily, *As-Salât* (the prayer) is enjoined on the believers at fixed hours.

وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا
تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ
وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ وَكَانَ
اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۰۴﴾ ع 15/4/12

اور تم دشمن قوم کا پیچھا کرنے میں کمزوری نہ دکھاؤ۔
اگر تم تکلیف اٹھاتے ہو تو بے شک وہ بھی تکلیف
اٹھاتے ہیں جیسے تم تکلیف اٹھاتے ہو۔ اور تم اللہ
سے جس چیز کی امید رکھتے ہو، وہ اس کی امید نہیں
رکھتے۔ اور اللہ خوب جاننے والا، بہت حکمت
والا ہے﴿۱۰۴﴾

104. And don't be weak in the pursuit of the enemy; if you are suffering (hardships) then surely they (too) are suffering (hardships) as you are suffering, but you have a hope from Allâh (for the reward, i.e. Paradise) that for which they hope not; and Allâh is Ever All-Knowing, All-Wise.

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ
بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۭ وَلَا تَكُنْ
لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ﴿۱۰۵﴾

(اے نبی!) بے شک ہم نے آپ کی طرف یہ کتاب
حق کے ساتھ نازل کی ہے، تاکہ آپ کو اللہ نے جو
سیدھی راہ دکھائی ہے اس کے مطابق لوگوں کے
درمیان فیصلہ کریں، اور آپ خیانت کرنے والوں

105. Surely, We have sent down to you (O Muhammad ﷺ) the Book (this Qur'ân) in truth that you might judge between men by that which Allâh has shown you

[1] (V.4:102) See the footnote of (V.2:239).

① صلاۃ الخوف کے لیے ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2/239)

کے حمایتی نہ بنیں (105)

(i.e. has taught you through Divine Revelation), so be not a pleader for the treacherous.

وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (106)

اور اللہ سے بخشش مانگیں①۔ بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے (106)

106. And seek the forgiveness of Allāh,[1] certainly, Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا (107)

اور آپ ان لوگوں کی طرف سے جھگڑا نہ کریں جو اپنے آپ سے خیانت کرتے ہیں۔ بے شک اللہ اس شخص کو پسند نہیں کرتا جو خیانت کرنے والا، گناہ گار ہو (107)

107. And argue not on behalf of those who deceive themselves. Verily, Allāh does not like anyone who is a betrayer, sinner.

يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا (108)

وہ لوگوں سے (تو اپنی حرکتیں) چھپا سکتے ہیں، مگر اللہ سے نہیں چھپا سکتے اور وہ اس وقت بھی ان کے ساتھ ہوتا ہے جب وہ رات کو چھپ کر ایسا مشورہ کرتے ہیں جو اللہ کو پسند نہیں، اور وہ جو بھی عمل کرتے ہیں اللہ اسے گھیرے ہوئے ہے (108)

108. They may hide (their crimes) from men, but they cannot hide (them) from Allāh; for He is with them (by His Knowledge), when they plot by night in words that He does not approve. And Allāh ever encompasses what they do.

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۣ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا (109)

ہاں، تم لوگوں نے یہاں دنیا کی زندگی میں تو ان (مجرموں) کی طرف سے جھگڑا کر لیا، پھر قیامت کے دن اللہ کے ہاں ان کی طرف سے کون جھگڑے گا؟ یا (وہاں) کون ان کا وکیل ہوگا؟ (109)

109. Lo! You are those who have argued for them in the life of this world, but who will argue for them on the Day of Resurrection against Allāh, or who will then be their defender?

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (110)

اور جو شخص برا عمل کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے، پھر وہ اللہ سے بخشش مانگے تو وہ اللہ کو بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا پائے گا (110)

110. And whoever does evil or wrongs himself but afterwards seeks Allāh's forgiveness, he will find Allāh Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰي نَفْسِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا (111)

اور جو شخص کوئی گناہ کرتا ہے تو بے شک اس کی یہ کمائی اسی کے لیے وبال ہوگی، اور اللہ خوب جاننے والا، بہت حکمت والا ہے (111)

111. And whoever earns sin, he earns it only against himself. And Allāh is Ever All-Knowing, All-Wise.

وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْۗـــَٔةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْۗـــًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا (112) ع 16 13

اور جو شخص کوئی خطا یا گناہ کرتا ہے، پھر کسی بے گناہ پر اس کا الزام لگا دیتا ہے تو (ایسا کر کے) وہ ایک بڑے بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اٹھاتا ہے (112)

112. And whoever earns a fault or a sin and then throws it on to someone innocent, he has indeed burdened himself with falsehood and a manifest sin.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّاۗىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ۭ وَمَا

اور اگر آپ پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو لوگوں کے ایک گروہ نے یقیناً ارادہ کر لیا تھا کہ وہ

113. Had not the Grace of Allāh and His Mercy been upon you (O Muhammad ﷺ), a party of them

[1] (V.4:106) The Prophet's seeking of Allāh's forgiveness by daytime and at night.
Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying: "By Allāh! I seek Allāh's forgiveness and turn to Him in repentance for more than seventy times a day." [*Sahih Al-Bukhārī*, 8/6307 (O.P.319)].

① اس آیت کے مطابق نبی کریم ﷺ کثرت سے استغفار کرتے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: میں نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: "اللہ کی قسم! میں تو ہر روز ستر بار سے بھی زیادہ اللہ سے استغفار اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔" (صحیح البخاري، الدعوات، باب: 3 حدیث: 6307)

يُضِلُّونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّونَكَ مِن
شَيْءٍ وَأَنزَلَ اللَّهُ عَلَيْكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ
وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُن تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ
اللَّهِ عَلَيْكَ عَظِيمًا ﴿١١٣﴾

آپ کو بہکا دے، اور وہ اپنے آپ کے سوا کسی کو نہیں بہکاتے، اور وہ آپ کو ذرا بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے، اور اللہ نے آپ پر یہ کتاب اور حکمت نازل کی ہے اور آپ کو وہ کچھ سکھایا ہے جو آپ نہیں جانتے تھے۔ اور آپ پر اللہ کا فضل بہت زیادہ ہے ﴿١١٣﴾

would certainly have made a decision to mislead you, but (in fact) they mislead none except their ownselves, and no harm can they do to you in the least. Allāh has sent down to you the Book (the Qur'ān), and *Al-Hikmah* (Islāmic laws, knowledge of legal and illegal things, i.e. the Prophet's *Sunnah* — legal ways), and taught you that which you knew not. And Ever Great is the Grace of Allāh to you (O Muhammad ﷺ).

لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِّن نَّجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ
بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ
النَّاسِ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ
اللَّهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ﴿١١٤﴾

ان کی اکثر خفیہ سرگوشیوں میں کوئی بھلائی نہیں ہوتی مگر جو شخص صدقے یا نیکی یا لوگوں کے درمیان صلح کا حکم دے (تو یہ اچھی بات ہے) اور جو کوئی اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے ایسا کرے، تو ہم اسے جلد بہت بڑا اجر عطا کریں گے ﴿١١٤﴾

114. There is no good in most of their secret talks except (in) him who orders *Sadaqah* (charity in Allāh's Cause), or *Ma'rūf* (Islāmic Monotheism and all the good and righteous deeds which Allāh has ordained), or conciliation between mankind; and he who does this, seeking the good Pleasure of Allāh, We shall give him a great reward.

وَمَن يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ
لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ
نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ
مَصِيرًا ﴿١١٥﴾ 17 ع 3 14

اور جس شخص کے سامنے واضح شکل میں ہدایت آ جائے اور اس کے بعد وہ رسول کی مخالفت کرے، اور مسلمانوں کا راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے کی پیروی کرے، تو ہم اسے اسی طرف پھیر دیں گے جس طرف وہ جانا چاہے اور ہم اسے جہنم میں ڈالیں گے،① اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے ﴿١١٥﴾

115. And whoever contradicts and opposes the Messenger (Muhammad ﷺ) after the right path has been shown clearly to him, and follows other than the believers' way, We shall keep him in the path he has chosen, and burn him in Hell — what an evil destination![1]

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ
مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ وَمَن يُشْرِكْ
بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿١١٦﴾

بے شک اللہ یہ گناہ ہرگز نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور وہ اس کے سوا جسے چاہے معاف کر دیتا ہے۔ اور جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے، تو وہ یقیناً بہت دور کی گمراہی میں جا پڑا ہے ﴿١١٦﴾

116. Verily, Allāh forgives not (the sin of) setting up partners (in worship) with Him, but He forgives whom He wills, sins other than that, and whoever sets up partners in worship with Allāh, has indeed strayed far away.

إِن يَدْعُونَ مِن دُونِهِ إِلَّا إِنَاثًا وَإِن
يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا مَّرِيدًا ﴿١١٧﴾

وہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر دیویوں کو پکارتے ہیں، اور دراصل وہ سرکش شیطان ہی کو پکارتے ہیں ﴿١١٧﴾

117. They (all those who worship others than Allāh) invoke nothing but female deities besides Him (Allāh), and they invoke nothing

[1] (V.4:115) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3/85)

but *Shaitān* (Satan), a persistent rebel!

118. Allāh cursed him. And he [*Shaitān* (Satan)] said: "I will take an appointed portion of your slaves.

اللہ نے اس پر لعنت کی ہے، اور اس نے کہا کہ میں تیرے بندوں میں سے ایک مقرر حصہ ضرور لے کر رہوں گا ﴿١١٨﴾

لَّعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ﴿١١٨﴾

119. "Verily, I will mislead them, and surely, I will arouse in them false desires; and certainly, I will order them to slit the ears of cattle, and indeed I will order them to change the nature created by Allāh." And whoever takes *Shaitān* (Satan) as a *Walī* (protector or helper) instead of Allāh, has surely suffered a manifest loss.[1]

اور میں انہیں گمراہ کروں گا، اور انہیں امیدیں دلاؤں گا، اور میں انہیں حکم دوں گا تو وہ جانوروں کے کان چیریں گے، اور میں انہیں حکم دوں گا تو وہ اللہ کی بناوٹ میں ردوبدل کریں گے۔ اور جو شخص اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو اپنا دوست بنالے تو وہ یقیناً کھلے نقصان میں جا پڑا ﴿١١٩﴾

وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ ۚ وَمَن يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِّن دُونِ اللَّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِينًا ﴿١١٩﴾

120. He [*Shaitān* (Satan)] makes promises to them, and arouses in them false desires; and *Shaitān*'s (Satān) promises are nothing but deceptions.

شیطان لوگوں سے وعدے کرتا ہے اور انہیں امیدیں دلاتا ہے مگر شیطان کے سارے وعدے فریب کے سوا کچھ نہیں ﴿١٢٠﴾

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿١٢٠﴾

121. The dwelling of such (people) is Hell, and they will find no way of escape from it.

ان لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ اس سے چھٹکارے کی کوئی صورت نہ پائیں گے ﴿١٢١﴾

أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا ﴿١٢١﴾

122. But those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do deeds of righteousness, We shall admit them to the Gardens under which rivers flow (i.e. in Paradise) to dwell therein forever. Allāh's Promise is the Truth; and whose words can be truer than those of Allāh? (Of course, none.)

اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، ہم جلد انہیں ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور اللہ سے بڑھ کر کون قول وقرار میں سچا ہے؟ ﴿١٢٢﴾

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ قِيلًا ﴿١٢٢﴾

123. It will not be in accordance with your desires (Muslims), nor those of the people of the Scripture (Jews and Christians), whosoever works evil, will have the recompense thereof, and he will not find any protector or helper besides Allāh.

(انجام کا دارومدار) نہ تمہاری خواہشات پر ہے نہ اہل کتاب کی خواہشات پر، بلکہ جو کوئی برا عمل کرے گا، اس کا اسے بدلہ دیا جائے گا، اور وہ اللہ کے سوا کوئی دوست اور مددگار نہ پائے گا ﴿١٢٣﴾

لَّيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلَا أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ ۗ مَن يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ وَلَا يَجِدْ لَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿١٢٣﴾

124. And whoever does righteous good deeds, male or female, and is a (true) believer [in the

اور جو کوئی نیک کام کرے گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، جبکہ وہ مومن ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں

وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ

[1] (V.4:119) See the footnote of (V.59:7).

وَلَا يُظْلَمُونَ نَقِيرًا ﴿١٢٤﴾

گے، اور ان پر ذرا بھی ظلم نہیں کیا جائے گا۔

Oneness of Allāh (Muslim)], such will enter Paradise and not the least injustice, even to the size of a *Naqīra* (speck on the back of a date-stone), will be done to them.

وَمَنْ أَحْسَنُ دِينًا مِّمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَاتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۗ وَاتَّخَذَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا ﴿١٢٥﴾

اور دین میں اس شخص سے زیادہ اچھا کون ہے جس نے اپنا چہرہ اللہ کے سامنے جھکا دیا؟ اور وہ نیکی کرنے والا بھی ہو، اور ملت ابراہیم کی پیروی کرے، جو صرف حق پرست تھا۔ اور اللہ نے ابراہیم کو اپنا خاص دوست بنایا تھا ①

125. And who can be better in religion than one who submits his face (himself) to Allāh (i.e. follows Allāh's religion of Islāmic Monotheism); and he is a *Muhsin* (a good-doer. See V.2:112). And follows the religion of Ibrāhīm[1] (Abraham) *Hanīf* (Islāmic Monotheism — to worship none but Allāh Alone). And Allāh did take Ibrāhīm (Abraham) as a *Khalīl* (an intimate friend)!

وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطًا ﴿١٢٦﴾ ع 18/15

اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے۔ اور اللہ ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔

126. And to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And Allāh is Ever Encompassing all things.

وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ ۖ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ وَمَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِي يَتَامَى النِّسَاءِ اللَّاتِي لَا تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ أَن تَنكِحُوهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْوِلْدَانِ وَأَن تَقُومُوا لِلْيَتَامَىٰ بِالْقِسْطِ ۚ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِهِ عَلِيمًا ﴿١٢٧﴾

اور (اے نبی!) لوگ آپ سے عورتوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، کہہ دیجیے: اللہ خود ان کے بارے میں حکم دے رہا ہے اور کتاب کی وہ آیتیں بھی، جو یتیم لڑکیوں کے بارے میں تمھیں (پڑھ کر) سنائی جاتی ہیں جنھیں ان کا مقرر حق تم نہیں دیتے اور تم چاہتے ہو کہ ان سے نکاح کر لو، اور (وہ) کمزور بچوں کے بارے میں (تمھیں حکم دے رہا ہے) اور یہ کہ تم یتیموں سے انصاف کرو۔ اور تم جو بھی نیکی کرو، تو بے شک اللہ اس کا خوب علم رکھتا ہے۔

127. They ask your legal instruction concerning women, say: Allāh instructs you about them, and about what is recited to you in the Book concerning the orphan girls whom you give not the prescribed portions (as regards *Mahr* and inheritance) and yet whom you desire to marry, and (concerning) the children who are weak and oppressed, and that you stand firm for justice to orphans. And whatever good you do, Allāh is Ever All-Knower of it.

وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِن بَعْلِهَا نُشُوزًا أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَن يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۚ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ۗ وَأُحْضِرَتِ الْأَنفُسُ الشُّحَّ ۚ وَإِن تُحْسِنُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١٢٨﴾

اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے ظلم و زیادتی یا نظر انداز کیے جانے کا اندیشہ ہو تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ آپس میں کسی طرح صلح کر لیں، اور صلح ہی اچھی ہے، اور انسانی نفس میں بخیلی رکھی گئی ہے، اور اگر تم احسان کرو اور پرہیزگار بنو تو بے شک تم جو بھی عمل کرتے ہو، اللہ اس کی خوب خبر رکھتا ہے۔

128. And if a woman fears cruelty or desertion on her husband's part, there is no sin on them both if they make terms of peace between themselves; and making peace is better. And human inner selves are swayed by greed. But if you do good and keep away from evil, verily, Allāh is Ever Well-Acquainted with what you do.

---

[1] (V.4:125) See the footnote of (V.2:135), the narration of Zaid bin 'Amr bin Nufail.

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2/135)

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾

اور تم سے یہ کبھی نہ ہو سکے گا کہ تم اپنی بیویوں میں ہر طرح سے عدل کرو، خواہ تم اس کی کتنی ہی خواہش رکھو، پھر تم کسی ایک کی طرف پوری طرح مائل نہ ہو جاؤ کہ دوسری کو بیچ میں لٹکتی چھوڑ دو، اور اگر تم اصلاح کا رویہ اختیار کرو اور پرہیزگار بنو تو اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿۱۲۹﴾

129. You will never be able to do perfect justice between wives even if it is your ardent desire, so do not incline too much (to one of them by giving her more of your time and provision) so as to leave (the other) hanging (i.e. neither divorced nor married). And if you do justice, and do all that is right and fear Allāh (by keeping away from all that is wrong), then Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾

اور اگر وہ دونوں (میاں بیوی) ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں تو اللہ اپنے فضل سے ہر ایک کو (دوسرے سے) بے نیاز کر دے گا۔ اور اللہ بڑی وسعت والا، خوب حکمت والا ہے ﴿۱۳۰﴾

130. But if they separate (by divorce), Allāh will provide abundance for everyone of them from His bounty. And Allāh is Ever All-Sufficient for His creatures' needs, All-Wise.

وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾

اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے اور ہم نے تم سے پہلے جن لوگوں کو کتاب دی، ان کو اور تمھیں بھی یہی حکم دیا کہ اللہ سے ڈرتے رہو، پھر اگر تم کفر کرو گے تو بے شک آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے، اور اللہ بہت بے پرواہ، قابل تعریف ہے ﴿۱۳۱﴾

131. And to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And verily, We have recommended to the people of the Scripture before you, and to you (O Muslims) that you (all) fear Allāh, and keep your duty to Him. But if you disbelieve, then to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth, and Allāh is Ever Rich (Free of all wants), Worthy of all praise.

وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾

اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے اور اللہ بطور کارساز کافی ہے ﴿۱۳۲﴾

132. And to Allāh belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. And Allāh is Ever All-Sufficient as Disposer of affairs.

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾

اے لوگو! اگر اللہ چاہے تو تمھیں ہٹا کر تمھاری جگہ دوسروں کو لے آئے اور اللہ اس بات کی پوری قدرت رکھتا ہے ﴿۱۳۳﴾

133. If He wills, He can take you away, O people, and bring others. And Allāh is Ever All-Potent over that.

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع

جو شخص دنیا کا ثواب چاہتا ہو تو اللہ کے پاس تو دنیا اور آخرت دونوں کا ثواب موجود ہے، اور اللہ خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے ﴿۱۳۴﴾

134. Whoever desires a reward in this life of the world, then with Allāh (Alone and none else) is the reward of this worldly life and of the Hereafter. And Allāh is Ever All-Hearer, All-Seer.

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ كُونُوا۟ قَوَّٰمِينَ بِٱلْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلَّهِ وَلَوْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُمْ أَوِ ٱلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ ۚ إِن يَكُنْ غَنِيًّا أَوْ فَقِيرًا فَٱللَّهُ أَوْلَىٰ بِهِمَا ۖ فَلَا تَتَّبِعُوا۟ ٱلْهَوَىٰٓ أَن تَعْدِلُوا۟ ۚ وَإِن تَلْوُۥٓا۟ أَوْ تُعْرِضُوا۟ فَإِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١٣٥﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم انصاف کے لیے ڈٹ جانے والے اور اللہ کے لیے سچی گواہی دینے والے بن جاؤ، خواہ وہ تمھارے اپنے خلاف یا تمھارے والدین اور رشتہ داروں کے خلاف ہو،① معاملے کا فریق امیر ہو یا غریب، دونوں صورتوں میں تمھاری نسبت اللہ زیادہ ان کا خیر خواہ ہے۔ پس تم نفسانی خواہش کے پیچھے پڑ کر انصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑو۔ اور اگر تم نے توڑ مروڑ کر بات کی یا (گواہی دینے سے) منہ موڑا تو بے شک تم جو بھی عمل کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔﴿١٣٥﴾

135. O you who believe! Stand out firmly for justice, as witnesses to Allāh, even though it be against yourselves, or your parents, or your kin, be he rich or poor, Allāh is a Better Protector to both (than you). So follow not the lusts (of your hearts), lest you avoid justice; and if you distort your witness or refuse to give it, verily, Allāh is Ever Well-Acquainted with what you do.[1]

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ ءَامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَٱلْكِتَٰبِ ٱلَّذِى نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِۦ وَٱلْكِتَٰبِ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ مِن قَبْلُ ۚ وَمَن يَكْفُرْ بِٱللَّهِ وَمَلَٰٓئِكَتِهِۦ وَكُتُبِهِۦ وَرُسُلِهِۦ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَٰلًۢا بَعِيدًا ﴿١٣٦﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ، اس کے رسول اور اس کتاب پر ایمان لاؤ جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کی اور اس کتاب پر بھی جو اس نے پہلے نازل کی۔ اور جو شخص اللہ، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں اور آخرت کے دن کا انکار کرے تو وہ یقیناً بہت دور کی گمراہی میں جا پڑا۔﴿١٣٦﴾

136. O you who believe! Believe in Allāh, and His Messenger (Muhammad ﷺ), and the Book (the Qur'ān) which He has sent down to His Messenger, and the Scripture which He sent down to those before (him); and whosoever disbelieves in Allāh, His Angels, His Books, His Messengers, and the Last Day, then indeed he has strayed far away.

إِنَّ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ثُمَّ كَفَرُوا۟ ثُمَّ ءَامَنُوا۟ ثُمَّ كَفَرُوا۟ ثُمَّ ٱزْدَادُوا۟ كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ ٱللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًۢا ﴿١٣٧﴾

بے شک جو لوگ ایمان لائے، پھر انھوں نے کفر کیا، پھر ایمان لے آئے، پھر کفر کیا، پھر کفر میں کہیں بڑھ گئے، اللہ انھیں ہرگز نہیں بخشے گا اور نہ انھیں ہدایت کا راستہ دکھائے گا۔﴿١٣٧﴾

137. Verily, those who believe, then disbelieve, then believe (again), and (again) disbelieve, and go on increasing in disbelief; Allāh will not forgive them, nor guide them on the (right) way.

بَشِّرِ ٱلْمُنَٰفِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣٨﴾

(اے نبی!) منافقوں کو خبردار کر دیجیے کہ ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔﴿١٣٨﴾

138. Give to the hypocrites the tidings that there is for them a painful torment.[2]

ٱلَّذِينَ يَتَّخِذُونَ ٱلْكَٰفِرِينَ أَوْلِيَآءَ مِن دُونِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ۚ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ ٱلْعِزَّةَ فَإِنَّ ٱلْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ﴿١٣٩﴾

جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں، کیا وہ ان کافروں کے ہاں عزت تلاش کرتے ہیں؟ پھر بے شک عزت تو ساری اللہ ہی کے لیے ہے۔﴿١٣٩﴾

139. Those who take disbelievers for *Auliyā'* (protectors or helpers or friends) instead of believers, do they seek honour, power and glory with them? Verily, then to

[1] (V.4:135) Narrated Anas رضي الله عنه: The Prophet ﷺ was asked about the great sins. He said, "They are:
a) To join others in worship with Allāh.
b) To be undutiful to one's parents.
c) To kill a person (which Allāh has forbidden to be killed, i.e., to commit the crime of murdering).
d) And to give a false witness."[*Sahih Al-Bukhāri*, 3/2653 (O.P.821)]

[2] (V.4:138) See "Hypocrisy" — Appendix 2.

① اس میں سچی گواہی کی تاکید کی گئی ہے کیونکہ جھوٹی گواہی کبیرہ گناہ ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ سے کبیرہ گناہوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "①اللہ کے ساتھ کسی کو عبادت میں شریک کرنا②والدین کی نافرمانی کرنا③(ناحق) خون بہانا④جھوٹی گواہی دینا۔" (صحیح البخاری، الشھادات، باب: 10 حدیث: 2653)

Allāh belongs all honour, power and glory.

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ
آيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا
مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ
إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِينَ
وَالْكٰفِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا ﴿١٤٠﴾

اور اس نے اس کتاب میں تمھارے لیے نازل کیا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیات کا انکار کیا جا رہا ہو یا ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہو تو تم ان کی مجلس میں نہ بیٹھو، یہاں تک کہ وہ اس کے علاوہ کسی اور بات میں مشغول ہو جائیں، ورنہ تم بھی اس وقت یقیناً انھی جیسے ہو گے، بے شک اللہ منافقوں اور کافروں سب کو جہنم میں جمع کرنے والا ہے ﴿١٤٠﴾

140. And it has already been revealed to you in the Book (this Qur'ān) that when you hear the Verses of Allāh being denied and mocked at, then sit not with them, until they engage in a talk other than that; (but if you stayed with them) certainly in that case you would be like them. Surely, Allāh will collect the hypocrites and disbelievers all together in Hell.

الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ
مِّنَ اللّٰهِ قَالُوٓا أَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَإِنْ كَانَ
لِلْكٰفِرِينَ نَصِيبٌ ۙ قَالُوٓا أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ
وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ وَلَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِينَ عَلَى
الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا ﴿١٤١﴾ ع 20 17

وہ لوگ تمھارے انجام کا انتظار کرتے رہتے ہیں، پھر اگر تمھیں اللہ کی طرف سے فتح حاصل ہو تو وہ کہتے ہیں: کیا ہم تمھارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر کافروں کو کچھ غلبہ ملے تو ان سے کہتے ہیں: کیا ہم تم پر غالب نہ آنے لگے تھے اور (کیا) ہم نے تمھیں مومنوں سے نہیں بچایا؟ پھر قیامت کے دن اللہ تمھارے درمیان فیصلہ کر دے گا، اور اللہ کافروں کو مومنوں کے خلاف ہرگز کوئی راستہ نہیں دے گا ﴿١٤١﴾

141. Those (hypocrites) who wait and watch about you; if you gain a victory from Allāh, they say: "Were we not with you?" But if the disbelievers gain a success, they say (to them): "Did we not gain mastery over you and did we not protect you from the believers?" Allāh will judge between you (all) on the Day of Resurrection. And never will Allāh grant to the disbelievers a way (to triumph) over the believers.

إِنَّ الْمُنٰفِقِينَ يُخٰدِعُونَ اللّٰهَ وَهُوَ خٰدِعُهُمْ ۚ
وَإِذَا قَامُوٓا إِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوا كُسَالٰى ۙ
يُرَآءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ إِلَّا
قَلِيلًا ﴿١٤٢﴾

بے شک منافقین اللہ کو دھوکا دیتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے انھیں دھوکے میں ڈال رکھا ہے، اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو دل سے نہ چاہتے ہوئے، لوگوں کو دکھانے کے لیے کھڑے ہوتے ہیں، اور وہ اللہ کو بس تھوڑا ہی یاد کرتے ہیں ﴿١٤٢﴾

142. Verily, the hypocrites seek to deceive Allāh, but it is He Who deceives them.[1] And when they stand up for *As-Salāt* (the prayer), they stand with laziness and to be seen of men, and they do not remember Allāh but little.

مُّذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ إِلٰى هٰٓؤُلَآءِ
وَلَآ إِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ
تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ﴿١٤٣﴾

وہ کفر اور ایمان کے درمیان ڈانواں ڈول ہیں، نہ (پورے) اس طرف نہ (پورے) اس طرف، اور (اے نبی!) جسے اللہ گمراہ کرے، آپ اس کے لیے ہرگز کوئی راہ نہیں پائیں گے ﴿١٤٣﴾

143. (They are) swaying between this and that, belonging neither to these nor to those; and he whom Allāh sends astray, you will not find for him a way (to the truth — Islām).

يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِينَ
أَوْلِيَآءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ أَتُرِيدُونَ
أَنْ تَجْعَلُوا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِينًا ﴿١٤٤﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بناؤ۔ کیا تم چاہتے ہو کہ اللہ کو اپنے خلاف (کارروائی کے لیے) کھلی حجت

144. O you who believe! Take not for *Auliyā'* (protectors or helpers or friends) disbelievers instead of believers. Do you wish

14. And from those who call themselves Christians, We took their covenant, but they have abandoned a good part of the Message that was sent to them.[2] So We planted amongst them enmity and hatred till the Day of Resurrection (when they discarded Allāh's Book, disobeyed Allāh's Messengers and His Orders and transgressed beyond bounds in Allāh's disobedience); and Allāh will inform them of what they used to do.

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ۚ قَدْ جَاءَكُم مِّنَ اللَّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ ⑮

اے اہل کتاب! تمھارے پاس ہمارا رسول آ گیا ہے، وہ تمھارے لیے اللہ کی کتاب کی بہت سی ایسی باتیں ظاہر کرتا ہے جنھیں تم چھپاتے تھے، اور بہت سی باتوں سے درگزر کرتا ہے۔ یقیناً تمھارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی اور واضح کرنے والی کتاب آ گئی ہے ⑮

15. O people of the Scripture (Jews and Christians)! Now has come to you Our Messenger (Muhammad ﷺ) explaining to you much of that which you used to hide from the Scripture and pass over (i.e. leaving out without explaining) much. Indeed, there has come to you from Allāh a light and a plain Book (this Qur'ān).

يَهْدِي بِهِ اللَّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلَامِ وَيُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ⑯

جس کے ذریعے سے اللہ اس شخص کو سلامتی کی راہ دکھاتا ہے جو اللہ کی رضا کی پیروی کرنا چاہتا ہے اور انھیں اپنے حکم سے اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے اور سیدھے راستے کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے ⑯

16. Wherewith Allāh guides all those who seek His Good Pleasure to ways of peace, and He brings them out of darkness by His Will to light and guides them to a straight way (Islāmic Monotheism).

---

[1] (V.5:13)
a) i.e. the Jews were ordered in the Taurāt (Torah) to follow Prophet Muhammad ﷺ when he would come as a Messenger of Allāh to all mankind. [See (V.7:157) and its footnote]
b) See the footnote of (V.41:46).

[2] (V.5:14)
a) The Christians were ordered in the Injīl (Gospel) to follow Prophet Muhammad ﷺ when he would come as a Messenger of Allāh to all mankind. [See (V.7:157) and its footnote].
b) See the footnote of (V.41:46).

① نصاریٰ کو بھی انجیل میں یہ حکم دیا گیا تھا کہ جب محمد رسول اللہ ﷺ تمام نسل انسانی کی طرف اللہ کے رسول کی حیثیت سے مبعوث ہوں تو وہ سب آپ پر ایمان لائیں اور آپ کی پیروی کریں۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑰

یقیناً ان لوگوں نے کفر کیا جنھوں نے یہ کہا کہ بے شک اللہ تو وہی مسیح ابن مریم ہے۔① (اے نبی!) کہہ دیجیے: پس کون ہے جو اللہ کے آگے کچھ اختیار رکھتا ہو اگر اللہ مسیح ابن مریم کو اور ان کی ماں اور تمام زمین والوں کو ہلاک کرنے کا ارادہ کر لے؟ اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، وہ جو چاہے پیدا کرتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھتا ہے⑰

17. Surely, in disbelief are they who say that Allāh is the Messiah, son of Maryam (Mary).[1] Say (O Muhammad ﷺ): "Who then has the least power against Allāh, if He were to destroy the Messiah, son of Maryam (Mary), his mother, and all those who are on the earth together?" And to Allāh belongs the dominion of the heavens and the earth, and all that is between them. He creates what He wills. And Allāh is Able to do all things.

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰۗؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّاۗؤُهٗ ۭ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۡ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ⑱

اور یہودیوں اور عیسائیوں نے کہا: ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں۔ (اے نبی!) کہہ دیجیے: پھر وہ تمھیں تمھارے گناہوں کی سزا کیوں دیتا ہے؟ (نہیں) بلکہ تم بھی اس کی مخلوق میں سے انسان ہو، وہ جسے چاہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہے عذاب دیتا ہے۔ اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے⑱

18. And (both) the Jews and the Christians say: "We are the children of Allāh and His loved ones." Say: "Why then does He punish you for your sins?" Nay, you are but human beings of those He has created, He forgives whom He wills and He punishes whom He wills. And to Allāh belongs the dominion of the heavens and the earth and all that is between them; and to Him is the return (of all).

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَاۗءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۡ فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑲ ع 7

اے اہل کتاب! تمھارے پاس ہمارا رسول آ گیا ہے، جو رسولوں کے وقفے کے بعد تمھارے لیے باتیں کھول کر بیان کرتا ہے، تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس تو کوئی خوشخبری دینے والا اور کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔ پس یقیناً تمھارے پاس خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا آ گیا ہے،② اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے⑲

19. O people of the Scripture (Jews and Christians)! Now has come to you Our Messenger (Muhammad ﷺ) making (things) clear to you, after a break in (the series of) Messengers, lest you say: "There came to us no bringer of glad tidings and no warner.[2]" But now has come to you a bringer of glad tidings and a warner. And Allāh is Able to do all things.

---

[1] (V.5:17) See the footnotes of (V.4:171).

[2] (V.5:19)

a) See the footnote of (V.3:85) and see (V.3:116).

b) See the footnote (B) of (V.2:252).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ نساء 4/171)

② اس لیے تمام انسانوں پر واجب ہے کہ وہ محمد ﷺ کی نبوت و رسالت پر ایمان لائیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "میری اور مجھ سے پہلے گزرے ہوئے انبیاء علیہم السلام کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے ایک خوبصورت عمارت تعمیر کی، مگر اس کے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ خالی چھوڑ دی، لوگ اس عمارت کے گرد گھومتے پھرتے اور اس کی خوبصورتی پر اظہار تعجب کرتے اور کہتے کہ کاش! اس جگہ بھی اینٹ لگا دی ہوتی۔ فرمایا: وہ اینٹ میں ہوں اور میں [خَاتَمُ النَّبِيِّيْن] ہوں۔" "میں سارے انبیاء سے آخری ہوں۔" (صحیح البخاری، المناقب، باب:18 حدیث

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَٰقَوْمِ ٱذْكُرُوا۟ نِعْمَةَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا وَءَاتَىٰكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّنَ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٢٠﴾

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اللہ کی وہ نعمت یاد کرو جو اس نے تم پر کی، جب اس نے تم میں سے نبی بنائے اور تمھیں بادشاہ بنایا، اور تمھیں وہ کچھ دیا جو ساری دنیا میں کسی کو نہیں دیا گیا ﴿20﴾

20. And (remember) when Mūsā (Moses) said to his people: "O my people! Remember the Favour of Allāh to you: when He made Prophets among you, made you kings and gave you what He had not given to any other among the *'Ālamīn* (mankind and jinn of your time-period, in the past)."

يَٰقَوْمِ ٱدْخُلُوا۟ ٱلْأَرْضَ ٱلْمُقَدَّسَةَ ٱلَّتِى كَتَبَ ٱللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوا۟ عَلَىٰٓ أَدْبَارِكُمْ فَتَنقَلِبُوا۟ خَٰسِرِينَ ﴿٢١﴾

اے میری قوم! مقدس زمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمھارے نام لکھ دی ہے اور تم اپنی پشت کے بل منہ نہ موڑو، پھر تم خسارہ اٹھانے والے ہو جاؤ گے ﴿21﴾

21. "O my people! Enter the holy land (Palestine) which Allāh has assigned to you and turn not back (in fight) ; for then you will be returned as losers."

قَالُوا۟ يَٰمُوسَىٰٓ إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا حَتَّىٰ يَخْرُجُوا۟ مِنْهَا فَإِن يَخْرُجُوا۟ مِنْهَا فَإِنَّا دَٰخِلُونَ ﴿٢٢﴾

انھوں نے جواب دیا: اے موسیٰ! بے شک اس زمین میں ایک بڑی زور آور قوم ہے۔ اور ہم ہرگز اس میں داخل نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ لوگ اس میں سے نکل جائیں، پھر اگر وہ اس میں سے نکل گئے تو بے شک ہم داخل ہو جائیں گے ﴿22﴾

22. They said: "O Mūsā (Moses)! In it (this holy land) are a people of great strength, and we shall never enter it till they leave it; when they leave, then we will enter."

قَالَ رَجُلَانِ مِنَ ٱلَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ ٱللَّهُ عَلَيْهِمَا ٱدْخُلُوا۟ عَلَيْهِمُ ٱلْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَٰلِبُونَ وَعَلَى ٱللَّهِ فَتَوَكَّلُوٓا۟ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٢٣﴾

جو لوگ اللہ سے ڈرتے تھے، ان میں سے دو آدمی جن پر اللہ کا فضل تھا، وہ بولے: تم ان کے مقابلے کے لیے دروازے میں داخل ہو جاؤ، پھر جب تم دروازے میں داخل ہو گئے تو بے شک تم غالب آ جاؤ گے اور اگر تم مومن ہو تو تمھیں اللہ ہی پر بھروسا کرنا چاہیے ﴿23﴾

23. Two men of those who feared (Allāh and) on whom Allāh had bestowed His Grace (they were يوشع وكالب Yūsha' and Kālab) said: "Assault them through the gate; for when you are in, victory will be yours; and put your trust in Allāh if you are believers indeed."

قَالُوا۟ يَٰمُوسَىٰٓ إِنَّا لَن نَّدْخُلَهَآ أَبَدًا مَّا دَامُوا۟ فِيهَا فَٱذْهَبْ أَنتَ وَرَبُّكَ فَقَٰتِلَآ إِنَّا هَٰهُنَا قَٰعِدُونَ ﴿٢٤﴾

وہ کہنے لگے: اے موسیٰ! ہم ہرگز اس زمین میں داخل نہیں ہوں گے جب تک وہ لوگ وہاں موجود ہیں، چنانچہ تو اور تیرا رب جاؤ، پھر تم دونوں ان سے لڑو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں ﴿24﴾

24. They said: "O Mūsā (Moses)! We shall never enter it as long as they are there. So, go you and your Lord and fight you two, we are sitting right here."

قَالَ رَبِّ إِنِّى لَآ أَمْلِكُ إِلَّا نَفْسِى وَأَخِى فَٱفْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ ٱلْقَوْمِ ٱلْفَٰسِقِينَ ﴿٢٥﴾

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! بے شک مجھے اپنے آپ اور اپنے بھائی کے سوا کسی پر اختیار نہیں، چنانچہ تو ہمیں اس نافرمان قوم سے الگ کر دے ﴿25﴾

25. He [Mūsā (Moses)] said: "O my Lord! I have power only over myself and my brother, so separate us from the people who are the *Fāsiqūn* (rebellious and disobedient to Allāh)!"

قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ

اللہ نے فرمایا: بے شک وہ (مقدس زمین) ان لوگوں

26. (Allāh) said: "Therefore it

★ بقیہ حاشیہ: مائدہ، آیت: 19.

3535: مزید ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:85)

سَنَةً ۚ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِينَ ﴿٢٦﴾

پر چالیس برس تک حرام کر دی گئی ہے، وہ زمین میں چالیس برس تک ادھر ادھر بھٹکتے پھریں گے، چنانچہ آپ اس نافرمان قوم کا غم نہ کھائیں ﴿٢٦﴾

(this holy land) is forbidden to them for forty years; in distraction they will wander through the land. So be not sorrowful over the people who are the *Fāsiqūn* (rebellious and disobedient to Allāh)."

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٧﴾

اور (اے نبی!) آپ انھیں آدم کے دو بیٹوں کا واقعہ ٹھیک ٹھیک سنائیں، جب ان دونوں نے قربانی کی تھی، پھر ان میں سے ایک کی قربانی تو قبول کر لی گئی اور دوسرے کی قبول نہ کی گئی۔ دوسرا بولا: میں تجھے قتل کر دوں گا۔① پہلے نے جواب دیا: اللہ صرف پرہیزگاروں سے (قربانی) قبول کرتا ہے ﴿٢٧﴾

27. And (O Muhammad ﷺ) recite to them (the Jews) the story of the two sons of Adam (Hābīl and Qābīl — Abel and Cain) in truth; when each offered a sacrifice (to Allāh), it was accepted from the one but not from the other. The latter said to the former: "I will surely, kill you.[1] " The former said: "Verily, Allāh accepts only from those who are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2)."

لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾

اگر تو نے اپنا ہاتھ میری طرف (اس ارادے سے) بڑھایا کہ مجھے قتل کر دے تو بھی میں اپنا ہاتھ تیری طرف نہیں بڑھاؤں گا کہ تجھے قتل کر دوں۔ بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو سب جہانوں کا رب ہے ﴿٢٨﴾

28. "If you do stretch your hand against me to kill me, I shall never stretch my hand against you to kill you: for I fear Allāh, the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists)."

اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾

میں تو چاہتا ہوں کہ تو میرا اور اپنا گناہ اپنے سر لے لے اور دوزخیوں میں شامل ہو جائے۔ اور ظالموں کا یہی بدلہ ہے ﴿٢٩﴾

29. "Verily, I intend to let you draw my sin on yourself as well as yours, then you will be one of the dwellers of the Fire; and that is the recompense of the *Zālimūn* (wrong doers)."

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٣٠﴾

پھر اس کے نفس نے اسے اپنے بھائی کو قتل کرنے پر اکسایا، چنانچہ اس نے اسے قتل کر دیا اور وہ خسارہ پانے والوں میں سے ہو گیا ﴿٣٠﴾

30. So, the *Nafs* (self) of the other (latter one) encouraged him and made fair-seeming to him the murder of his brother; he murdered him and became one of the losers.

---

[1] (V.5:27) a) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "None (no human being) is killed or murdered (unjustly), but a part of responsibility for the crime is laid on the first son of Adam who invented the tradition of killing (murdering) on the earth. (It is said that he was Qābīl — Cain)." [*Sahih Al-Bukhāri*, 9/6867 (O.P.6)]

b) Narrated 'Abdullāh bin 'Umar رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ said, "After me (i.e., after my death) do not become disbelievers by striking (cutting) the necks of one another." [*Sahih Al-Bukhāri*, 9/6868 (O.P.7)].

① چنانچہ اس نے اسے قتل کر ہی دیا۔ اس کی بابت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب بھی دنیا میں کسی کو ناحق قتل کیا جاتا ہے تو اس کے خون کے گناہ کا ایک حصہ آدم کے پہلے بیٹے (قابیل) پر پڑتا ہے کیونکہ اسی نے سب سے پہلے قتل ناحق کی رسم جاری کی تھی۔" (صحیح البخاری، أحادیث الأنبیاء، باب: 1 حدیث: 3335) ایک دوسری حدیث میں باہم قتل ناحق کو کافرانہ فعل قرار دیا گیا ہے۔ جیسے فرمایا: "میرے بعد تم ایک دوسرے کو ناحق قتل کر کے کافر نہ بن جانا۔" (صحیح البخاری، الدیات، باب: 2 حدیث: 6868)

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾

پھر اللہ نے (وہاں) ایک کوا بھیجا، وہ (اپنے پنجوں سے) زمین کریدنے لگا، تاکہ اسے دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کیسے دفن کرے، وہ کہنے لگا: افسوس! میں اس کوے جیسا ہونے سے بھی عاجز رہا کہ اپنے بھائی کی لاش دفنا دیتا، چنانچہ وہ پچھتانے والوں میں سے ہو گیا ﴿۳۱﴾

31. Then Allāh sent a crow who scratched the ground to show him how to hide the dead body of his brother. He (the murderer) said: "Woe to me! Am I not even able to be as this crow and to hide the dead body of my brother?" Then he became one of those who regretted.

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَاۤ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۫ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾

اس وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل کے لیے یہ لکھ دیا کہ جو شخص کسی کو قتل کر دے، سوائے اس کے کہ وہ کسی کا قاتل ہو یا زمین میں فساد کرنے والا ہو، تو گویا اس نے تمام لوگوں کو قتل کر دیا① اور جو شخص کسی ایک جان کو (ناحق قتل ہونے سے) بچائے، تو گویا اس نے تمام لوگوں کی جان بچائی۔ اور ہمارے رسول واضح نشانیاں لے کر ان کے پاس آئے، پھر بے شک اس کے بعد ان میں سے بہت سے لوگ زمین میں حد سے نکل جانے والے ہیں ﴿۳۲﴾

32. Because of that, We ordained for the Children of Israel that if anyone killed a person not in retaliation of murder, or to spread mischief in the land — it would be as if he killed all mankind, and if anyone saved a life, it would be as if he saved the life of all mankind. And indeed, there came to them Our Messengers with clear proofs, evidences, and signs, even then after that many of them continued to exceed the limits (e.g. by doing oppression unjustly and exceeding beyond the limits set by Allāh by committing the major sins) in the land![1]

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْۤا اَوْ يُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۳۳﴾

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد کے لیے بھاگ دوڑ کرتے ہیں، ان کی سزا تو صرف یہ ہے کہ انھیں قتل کیا جائے یا سولی دی جائے یا ان کے ہاتھ اور پاؤں مخالف جانب سے کاٹ دیے جائیں یا انھیں جلاوطن کر دیا جائے۔ یہ دنیا میں ان کے لیے ذلت ہے اور آخرت میں ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے ﴿۳۳﴾

33. The recompense of those who wage war against Allāh and His Messenger (ﷺ) and do mischief in the land is only that they shall be killed or crucified or their hands and their feet be cut off from opposite sides, or be exiled from the land. That is their disgrace in this world, and a great torment is theirs in the Hereafter.

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۴﴾

سوائے ان لوگوں کے جو اس سے پہلے کہ تم ان پر قابو پاؤ، توبہ کر لیں، پس تم جان لو کہ بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے ﴿۳۴﴾

34. Except for those who (having fled away and then) came back (as Muslims) with repentance before they fall into your power; in that case, know that Allāh is

---

[1] (V.5:32) Narrated Anas bin Mālik رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "The biggest of *Al-Kabā'ir* (the great sins) are: (1) To join others as partners in worship with Allāh, (2) to murder a human being, (3) to be undutiful to one's parents, and (4) to make a false statement," or said, "to give a false witness." [*Sahih Al-Bukhāri,* 9/6871 (O.P.10)].

① حدیث میں اسے کبیرہ گناہوں میں شمار کیا گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بڑے کبیرہ گناہ یہ ہیں: ① اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ② کسی انسان کو ناحق قتل کرنا ③ والدین کی نافرمانی کرنا ④ جھوٹ بات کہنا یا یہ فرمایا کہ جھوٹی گواہی دینا۔" (صحیح البخاری، الدیات، باب: 2 حدیث: 6871)

Oft-Forgiving, Most Merciful.

35. O you who believe! Do your duty to Allāh and fear Him. And seek the means of approach to Him, and strive hard in His Cause (as much as you can), so that you may be successful.[1]

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے ڈرو، اور اس کا قرب تلاش کرو، اور اس کے راستے میں جہاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ ﴿٣٥﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٣٥﴾

36. Verily, those who disbelieve, if they had all that is in the earth, and as much again therewith to ransom themselves thereby from the torment on the Day of Resurrection, it would never be accepted of them, and theirs would be a painful torment.[2]

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو ساری زمین میں ہے اور اس کے برابر اور بھی ہوتا کہ وہ قیامت کے دن عذاب سے بچنے کے لیے فدیے میں دے دیں تو بھی وہ ان سے قبول نہیں کیا جائے گا۔[①] اور ان کے لیے بہت دردناک عذاب ہے ﴿٣٦﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٣٦﴾

37. They will long to get out of the Fire, but never will they get out therefrom; and theirs will be a lasting torment.

وہ آگ سے نکلنا چاہیں گے مگر وہ اس میں سے نہیں نکل سکیں گے، اور ان کے لیے ہمیشہ رہنے والا عذاب ہے ﴿٣٧﴾

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٧﴾

38. And (as for) the male thief and the female thief, cut off (from the wrist joint) their (right) hands as a recompense for that which they committed, a punishment by way of example from Allāh. And Allāh is All-Powerful, All-Wise.

اور تم چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کے ہاتھ کاٹ دیا کرو، یہ اللہ کی طرف سے اس گناہ کی عبرت ناک سزا ہے جو انھوں نے کیا، اور اللہ غالب، خوب حکمت والا ہے ﴿٣٨﴾

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٣٨﴾

39. But whosoever repents after his crime and does righteous good deeds (by obeying Allāh), then verily, Allāh will pardon him (accept his repentance). Verily, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

پھر جو شخص اپنے گناہ کے بعد توبہ کر لے اور اپنی اصلاح کر لے تو بے شک اللہ اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے ﴿٣٩﴾

فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٩﴾

40. Know you not that to Allāh (Alone) belongs the dominion of the heavens and the earth! He punishes whom He wills and He forgives whom He wills. And Allāh is Able to do all things.

کیا تمھیں علم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہے بخش دیتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھنے والا ہے ﴿٤٠﴾

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٠﴾

41. O Messenger (Muhammad ﷺ)! Let not those who hurry to fall into disbelief grieve you, of

اے رسول! آپ ان لوگوں کا غم نہ کھائیں جو کفر میں جلدی کرتے ہیں، ان لوگوں میں سے کچھ تو وہ

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

[1] (V.5:35) See the footnote of (V.2:186).

[2] (V.5:36) See the footnote of (V.3:91).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 3/91)

اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ
وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ
سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ
يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ
يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ
لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ
فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ
يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ ۖۚ
وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿41﴾

ہیں جو اپنے منہ سے یہ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے، حالانکہ ان کے دل ایمان نہیں لاتے، اور کچھ ان لوگوں میں سے جو یہودی ہوئے، وہ جھوٹی باتیں سننے کے عادی ہیں اور دوسری قوم کی جاسوسی کرنے والے ہیں جو (ابھی اطاعت کے لیے) آپ کے پاس نہیں آئی۔ وہ کلمات کا موقع ومحل ثابت ہونے کے بعد اسے بدل دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں: اگر تمھیں یہ حکم دیا جائے تو قبول کرلو اور اگر یہ حکم نہ دیا جائے تو ان سے الگ تھلگ ہوجاؤ۔ اور جسے اللہ فتنے میں ڈالنا چاہے تو آپ اللہ کی طرف سے اس کے بارے میں قطعاً کچھ اختیار نہیں رکھتے۔ وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں اللہ نے نہیں چاہا کہ ان کے دلوں کو پاک کرے، ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے، اور آخرت میں ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے﴿41﴾

such who say: "We believe" with their mouths but their hearts have no Faith. And of the Jews are men who listen much and eagerly to lies — listen to others who have not come to you. They change the words from their places; they say, "If you are given this, take it, but if you are not given this, then beware!" And whomsoever Allāh wants to put in *Al-Fitnah* (error, because of his rejecting of Faith), you can do nothing for him against Allāh. Those are the ones whose hearts Allāh does not want to purify (from disbelief and hypocrisy); for them there is a disgrace in this world, and in the Hereafter a great torment.

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ
جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ
عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ
يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ
بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُقْسِطِيْنَ ﴿42﴾

وہ جھوٹی باتیں سننے کے عادی ہیں اور جی بھر کر حرام کھانے والے ہیں۔ پھر اگر وہ آپ کے پاس آئیں تو آپ (کو اختیار ہے کہ) ان کے درمیان فیصلہ کردیں یا ان سے اعراض کریں اور اگر آپ ان سے منہ موڑ لیں گے تو بھی وہ آپ کو قطعاً کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ اور اگر آپ ان کے درمیان کوئی فیصلہ کریں تو انصاف کے ساتھ کریں۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے﴿42﴾

42. (They like to) listen to falsehood, to devour anything forbidden. So if they come to you (O Muhammad ﷺ), either judge between them, or turn away from them. If you turn away from them, they cannot hurt you in the least. And if you judge, judge with justice between them. Verily, Allāh loves those who act justly.

وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ
فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ
ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿43﴾ ع 9 10

اور وہ کیسے آپ سے فیصلے کرواتے ہیں جبکہ ان کے پاس تورات (موجود) ہے جس میں اللہ کا حکم ہے، پھر وہ اس (حکم) سے منہ موڑتے ہیں۔ اور وہ ایمان لانے والے نہیں﴿43﴾

43. But how do they come to you for decision while they have the Taurāt (Torah), in which is the (plain) Decision of Allāh; yet even after that, they turn away. For they are not (really) believers.

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ
يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ
هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا
اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ
شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ

بے شک ہم نے تورات نازل کی، اس میں ہدایت اور روشنی ہے۔ انبیاء جو اللہ کی اطاعت کرنے والے تھے، اس کے مطابق یہودیوں کے فیصلے کرتے تھے اور اللہ والے اور علماء فیصلے کرتے تھے، اس لیے کہ وہ اللہ کی کتاب کے نگران بنائے گئے تھے اور وہ اس پر

44. Verily, We did send down the Taurāt (Torah) [to Mūsā (Moses)], therein was guidance and light, by which the Prophets, who submitted themselves to Allāh's Will, judged for the Jews. And the rabbis and the priests

وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًاؕ وَمَنْ لَّمْ
يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾

گواہ تھے، چنانچہ تم لوگوں سے نہ ڈرو مجھ سے ڈرو،
اور میری آیتیں تھوڑی قیمت پر نہ بیچو۔ اور جو لوگ
اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلے نہ کریں
وہی کافر ہیں① ﴿۴۴﴾

[also judged for the Jews by the Taurāt (Torah) after those Prophets], for to them was entrusted the protection of Allāh's Book, and they were witnesses thereto. Therefore fear not men but fear Me (O Jews) and sell not My Verses for a miserable price. And whosoever does not judge by what Allāh has revealed, such are the *Kāfirūn* (i.e. disbelievers — of a lesser degree as they do not act on Allāh's Laws).[1]

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ
وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ
وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ
وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ
فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ
اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

اور ہم نے تورات میں ان کے لیے لکھ دیا تھا کہ بے
شک جان کے بدلے جان ہے② اور آنکھ کے بدلے
آنکھ، اور ناک کے بدلے ناک، اور کان کے
بدلے کان، اور دانت کے بدلے دانت، اور تمام
زخموں کا قصاص ہے، پھر جو شخص اسے معاف
کردے تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے۔ اور جو لوگ
اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلے نہ کریں
وہی ظالم ہیں ﴿۴۵﴾

45. And We ordained therein for them: Life for life,[2] eye for eye, nose for nose, ear for ear, tooth for tooth, and wounds equal for equal. But if anyone remits the retaliation by way of charity, it shall be for him an expiation. And whosoever does not judge by that which Allāh has revealed, such are the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers — of a lesser degree).

وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۪

اور ہم نے ان (رسولوں) کے بعد عیسیٰ ابن مریم کو بھیجا③
جو اپنے سے پہلے نازل شدہ کتاب تورات کی

46. And in their footsteps, We sent 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary),[3] confirming the Taurāt

[1] (V.5:44) For different degrees of *Kufr* (Disbelief) see Appendix 2, "Polytheism and Disbelief".

[2] (V.5:45) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The blood of a Muslim who confesses that *Lā ilaha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh) and that I am the Messenger of Allāh, cannot be shed except in three cases:
1) Life for life in case of intentional murder without right [i.e. in *Qisās* (Law of Equality in punishment)].
2) A married person who commits illegal sexual intercourse.
3) The one who reverts from Islâm (apostates) and leaves the group of Muslims (by innovating heresy, new ideas, new things, in the Islâmic Religion)." (See *Fath Al-Bari* for details).[*Sahih Al-Bukhāri*, 9/6878 (O.P.17)]

[3] (V.5:46) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "I am the nearest of all the people to the son of Maryam (Mary), and all the Prophets are paternal brothers, and there has been no Prophet between me and him [i.e., 'Īsā (Jesus)]." [*Sahih Al-Bukhāri*, 4/3442 (O.P.651)]

① کفر کے دو بڑے درجے ہیں: ① کفر اکبر۔ ② کفر اصغر۔ کفر اکبر میں [كُفْرُ التَّكْذِيبِ، كُفْرُ الْإِبَاءِ وَالتَّكَبُّرِ، كُفْرُ الشَّكِّ، كُفْرُ الْإِعْرَاضِ وَكُفْرُ النِّفَاقِ] شامل ہیں جب کہ کفر اصغر "کفران نعمت" کو کہتے ہیں یعنی ناشکری بھی ایک قسم کا کفر ہے۔

② شریعت اسلامیہ کی قائم کردہ حدود کے بغیر کسی کو قتل نہیں کیا جا سکتا، چنانچہ حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک مسلمان شخص جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں (محمد ﷺ) اس کا رسول ہوں تو اس کا خون (اس کو قتل و ہلاک کرنا) ان تین صورتوں کے سوا حلال نہیں: ① جان کے بدلے جان (قَتْلِ عَمَد کی صورت میں بطور قصاص قتل کیا جائے گا) ② شادی شدہ شخص زنا کا مرتکب ہو (تو اسے رجم کی سزا دی جائے گی) ③ کوئی شخص اپنے دین (اسلام) سے پھر جائے اور (مسلمانوں کی) جماعت کو چھوڑ دے (یعنی مرتد ہو جائے تو ارتداد کی سزا قتل ہے۔") تفصیلات کے لیے ملاحظہ کیجیے: (صحیح البخاری الدیات، باب: 6 حدیث: 6878 و فتح الباری حوالۂ مذکورہ)

③ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد نبی ﷺ کی بعثت ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میں ابن مریم (علیہ السلام) سے سب لوگوں سے زیادہ قرب و تعلق رکھنے والا ہوں اور تمام پیغمبر علاتی بھائی ہیں اور میرے اور ابن مریم کے درمیان کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا۔" (صحیح البخاری، أحادیث الأنبیاء، باب: 48 حدیث: 3442) عَلَّاتی بھائی: وہ ہوتے ہیں جن کا باپ ایک ہو اور مائیں

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿46﴾

تصدیق کرنے والے تھے۔ اور ہم نے انھیں انجیل دی جس میں ہدایت اور روشنی تھی، اور وہ اپنے سے پہلے کی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والی تھی اور پرہیزگاروں کے لیے (سراسر) ہدایت اور نصیحت تھی★ ﴿46﴾

(Torah) that had come before him, and We gave him the Injīl (Gospel), in which was guidance and light and confirmation of the Taurāt (Torah) that had come before it, a guidance and an admonition for *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿47﴾

اور اہل انجیل کو چاہیے کہ اللہ نے اس میں جو کچھ نازل کیا اس کے مطابق فیصلے کریں، اور جو لوگ اللہ کے نازل کیے ہوئے کے مطابق فیصلے نہ کریں تو وہی نافرمان ہیں ﴿47﴾

47. Let the people of the Injīl (Gospel) judge by what Allāh has revealed therein. And whosoever does not judge by what Allāh has revealed (then) such (people) are the *Fāsiqūn* [the rebellious i.e. disobedient (of a lesser degree) to Allāh].

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۙ﴿48﴾

اور (اے نبی!) ہم نے آپ پر یہ کتاب حق کے ساتھ نازل کی، یہ تصدیق کرنے والی ہے اس کتاب کی جو اس سے پہلے تھی اور اس پر نگہبان ہے،① چنانچہ آپ ان کے درمیان اللہ کی نازل کی ہوئی ہدایت کے مطابق فیصلے کریں اور آپ کے پاس جو حق آیا ہے اسے نظر انداز کر کے ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک دستور اور طریقہ بنایا اور اگر اللہ چاہتا تو تمھیں ضرور ایک امت بنا دیتا لیکن وہ چاہتا ہے کہ تمھیں اس (کتاب) کے بارے میں آزمائے جو اس نے تمھیں دی ہے، چنانچہ تم نیکیوں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھو، تم سب نے اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، پھر وہ تمھیں (اصل حقیقت) بتا دے گا جس میں تم اختلاف کرتے رہتے تھے ﴿48﴾

48. And We have sent down to you (O Muhammad ﷺ) the Book (this Qur'ān) in truth, confirming the Scripture (Books) that came before it and *Muhaiminan* (trustworthy in highness and a witness) over it (old Scriptures).[1] So judge among them by what Allāh has revealed, and follow not their vain desires, diverging away from the truth that has come to you. To each among you, We have prescribed a law and a clear way. If Allāh had willed, He would have made you one nation, but that (He) may test you in what He has given you; so compete in good deeds. The return of you (all) is to Allāh; then He will inform you about that in which you used to differ.

وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا

اور (اے نبی!) آپ ان لوگوں کے درمیان اس کے

49. And so judge (you O

★ بقیہ حاشیہ: مائدہ، آیت: 46.

مختلف۔ مطلب یہ ہے کہ تمام انبیاء ﷺ کا دین ایک ہی تھا اور شریعتیں (دستور اور طریقے) مختلف تھیں۔ لیکن شریعت محمدیہ ﷺ کے بعد اب ساری شریعتیں بھی منسوخ ہو گئی ہیں اور اب دین بھی ایک ہے اور شریعت بھی ایک۔ (احسن البیان)

[1] (V.5:48) *Muhaiminan*: that which testifies the truth that is therein and falsifies the falsehood that is added therein.

① ﴿مُهَيْمِنًا﴾ قرآن کریم پچھلی تمام آسمانی کتابوں پر محافظ (نگہبان) ہے۔ ان کتابوں کے اندر جو سچائی (اللہ کا کلام) ہے، قرآن کریم اس کی تصدیق کرتا ہے اور ان کے اندر جو جھوٹ (تحریف و آمیزش) ہے اس کی تکذیب کرتا ہے۔

تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَنْ يَفْتِنُوكَ
عَنْ بَعْضِ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ إِلَيْكَ ۖ فَإِنْ
تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ أَنْ
يُصِيبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا
مِنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ ﴿٤٩﴾

مطابق فیصلہ کریں جو اللہ نے (آپ پر) نازل کیا ہے اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور ان سے ہوشیار رہیں کہیں وہ آپ کو کسی ایسے حکم سے ادھر ادھر نہ کر دیں جو اللہ نے آپ پر اتارا ہے، پھر اگر وہ اس سے منہ موڑیں تو جان لیں کہ اللہ کا فقط یہی ارادہ ہے کہ ان کے بعض گناہوں کی وجہ سے انھیں سزا دے، اور بے شک ان لوگوں میں سے اکثر نافرمان ہیں ﴿۴۹﴾

Muhammad ﷺ) among them by what Allāh has revealed and follow not their vain desires, but beware of them lest they turn you (O Muhammad ﷺ) far away from some of that which Allāh has sent down to you. And if they turn away, then know that Allāh's Will is to punish them for some sins of theirs. And truly, most of men are *Fāsiqūn* (rebellious and disobedient to Allāh).

أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ
مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿٥٠﴾ ع 7/7 11

کیا پھر وہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں؟① اور جو قوم اللہ پر یقین رکھتی ہے، اس کے نزدیک اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کون ہے؟ ﴿۵۰﴾

50. Do they then seek the judgement of (the days of) Ignorance?[1] And who is better in judgement than Allāh for a people who have firm Faith.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ
وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ
بَعْضٍ ۚ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهُ
مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
الظَّالِمِينَ ﴿٥١﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! یہودیوں اور عیسائیوں کو دوست نہ بناؤ، وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں، اور تم میں سے جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو بے شک وہ انھی میں سے ہوگا۔ یقیناً اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿۵۱﴾

51. O you who believe! Take not the Jews and the Christians as *Auliyā'* (friends, protectors, helpers), they are but *Auliyā'* of each other. And if any amongst you takes them as *Auliyā'*, then surely, he is one of them. Verily, Allāh guides not those people who are the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers and unjust).

فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ يُسَارِعُونَ
فِيهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَىٰ أَنْ تُصِيبَنَا
دَائِرَةٌ ۚ فَعَسَى اللَّهُ أَنْ يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ
أَوْ أَمْرٍ مِنْ عِنْدِهِ فَيُصْبِحُوا عَلَىٰ مَا أَسَرُّوا
فِي أَنْفُسِهِمْ نَادِمِينَ ﴿٥٢﴾

(اے نبی!) پس آپ ان لوگوں کو دیکھتے ہیں جن کے دلوں میں (منافقت کا) روگ ہے کہ وہ دوڑ کر ان (یہودیوں) میں جاتے ہیں اور (ان سے) کہتے ہیں: ہم ڈرتے ہیں کہ ہمیں کوئی مصیبت (نہ) پہنچے، پھر قریب ہے کہ اللہ (تمھیں) فتح عطا کرے یا اپنی طرف سے کوئی اور بات ظاہر کرے، تو یہ لوگ (اپنی منافقت پر) پچھتائیں گے جسے وہ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں ﴿۵۲﴾

52. And you see those in whose hearts there is a disease (of hypocrisy), they hurry to their friendship, saying: "We fear lest some misfortune of a disaster may befall us." Perhaps Allāh may bring a victory or a decision according to His Will. Then they will become regretful for what they have been keeping as a secret in themselves.

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ
أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ إِنَّهُمْ

اور (اس وقت) وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں، کہیں گے: کیا یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے بڑی شد و مد

53. And those who believe will say: "Are these the men (hypocrites) who swore their

[1] (V.5:50): Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ said, "The most hated persons to Allāh are three: (1) A person who deviates from the right conduct, i.e., an evil doer, in the *Haram* (sanctuaries of Makkah and Al-Madinah); (2) a person who wants that the traditions of the pre-Islāmic period of Ignorance should remain in Islām; and (3) a person who seeks to shed somebody's blood without any right." [*Sahih Al-Bukhāri*, 9/6882 (O.P.21)]

① حدیث میں ہے: ''تین آدمی اللہ تعالیٰ کے نزدیک انتہائی ناپسندیدہ ہیں: ① جو حرم شریف میں الحاد (گناہ، ظلم، فسق و فجور) کا ارتکاب کرے ② وہ شخص جو مسلمان ہو کر بھی قبل از اسلام دور جاہلیت کے طور اور رسوم و روایات اپنائے ③ ایسا شخص جو کسی کو ناحق قتل کرنے کے لیے اس کا تعاقب کرے۔'' (صحیح البخاري، الدیات، باب: 9 حدیث: 6882)

strongest oaths by Allāh that they were with you (Muslims)?" All that they did has been in vain (because of their hypocrisy), and they have become the losers.

سے اللہ کی قسمیں کھائی تھیں کہ بے شک وہ تمہارے ساتھ ہیں؟ ان کے عمل برباد ہو گئے چنانچہ وہ خسارہ اٹھانے والوں میں ہو گئے (53)

لَمَعَكُمْ ۭ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ (53)

54. O you who believe! Whoever from among you turns back from his religion (Islâm), Allāh will bring a people whom He will love and they will love Him; humble towards the believers, stern towards the disbelievers, fighting in the way of Allāh, and never fear the blame of the blamers. That is the Grace of Allāh which He bestows on whom He wills. And Allāh is All-Sufficient for His creatures' needs, All-Knower.

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائے، تو پھر اللہ جلد ایسے لوگ لائے گا کہ وہ ان سے محبت کرتا ہوگا، اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے، وہ مومنوں پر نرمی کرنے والے ہوں گے اور کافروں پر سختی کرنے والے، وہ اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے، اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں گے، یہ اللہ کا فضل ہے، وہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ اور اللہ (بڑی) وسعت والا، خوب جاننے والا ہے (54)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۡ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَاۗىِٕمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (54)

55. Verily, your *Walī* (Protector or Helper) is none other than Allāh, His Messenger (ﷺ), and the believers, — those who perform *As-Salāt* (the prayers), and give *Zakāt* (obligatory charity), and they are *Rāki'ūn*[1] (those who bow down or submit themselves with obedience to Allāh in prayer).

تمہارے دوست تو صرف اللہ اور اس کا رسول اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے، جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکاۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرنے والے ہیں (55)

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ (55)

56. And whosoever takes Allāh, His Messenger (ﷺ), and those who have believed, as Protectors, then the party of Allāh will be the victorious.[2]

اور جو کوئی اللہ سے اور اس کے رسول سے دوستی رکھتا ہے① اور ان لوگوں سے دوستی رکھتا ہے جو ایمان لائے ہیں، تو (وہ اللہ کا گروہ ہیں اور) یقیناً اللہ کا گروہ ہی غالب آنے والا ہے (56)

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ (56) ع 6 12

57. O you who believe! Take not as *Auliyā'* (protectors and helpers) those who take your religion as a mockery and fun from among those who received the Scripture (Jews and Christians) before you, and nor from among the disbelievers; and fear Allāh if you indeed are true believers.

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم ان لوگوں کو اپنا دوست نہ بناؤ جنھوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا لیا ہے، ان لوگوں میں سے جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی اور جو کافر ہیں۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اگر تم مومن ہو (57)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَاۗءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (57)

---

[1] (V.5:55) See the footnote of (V.2:43).
[2] (V.5:56) See the footnotes (A) and (B) of (V.27:59).

① حدیث میں آتا ہے: اللہ اور اس کے رسول کی محبت، ایمان کی لذت کا باعث ہے۔ جیسے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس کسی میں یہ تین خصلتیں (صفات) ہوں گی وہ ایمان کی لذت سے ضرور بہرہ ور ہوگا: ① یہ کہ اللہ اور اس کے رسول اسے سب سے زیادہ محبوب ہوں ② یہ کہ محض اللہ ہی کے لیے کسی سے دوستی رکھے ③ یہ کہ اسے دوبارہ کافر بننا ایسا ہی ناگوار ہو جیسے آگ میں جھونکا جانا۔“ (صحیح البخاري، الإیمان، باب: 9 حدیث: 16)

وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلَوٰةِ اتَّخَذُوهَا
هُزُوًا وَلَعِبًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
يَعْقِلُونَ ﴿٥٨﴾

اور جب تم انہیں نماز کی طرف بلاتے ہو① تو وہ اسے ہنسی اور کھیل بنالیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بلاشبہ وہ لوگ عقل نہیں رکھتے۔﴿٥٨﴾

58. And when you proclaim the call for *As-Salāt* [call for the prayer (*Adhān*)], they take it (but) as a mockery and fun; that is because they are a people who understand not.[1]

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّا
إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا
وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ
فَاسِقُونَ ﴿٥٩﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! کیا تم ہم سے صرف اس وجہ سے ناراض ہوتے ہو کہ ہم اللہ پر اور جو (چیز) ہماری طرف نازل کی گئی اور (ہم سے) پہلے نازل کی گئی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور بے شک تم میں سے اکثر نافرمان ہیں۔﴿٥٩﴾

59. Say: "O people of the Scripture (Jews and Christians)! Do you criticize us for no other reason than that we believe in Allāh, and in (the Revelation) which has been sent down to us and in that which has been sent down before (us), and that most of you are *Fāsiqūn* [rebellious and disobedient (to Allāh)]?"

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَٰلِكَ مَثُوبَةً
عِندَ اللَّهِ ۚ مَن لَّعَنَهُ اللَّهُ وَغَضِبَ
عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ
وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوتَ ۚ أُولَٰئِكَ
شَرٌّ مَّكَانًا وَأَضَلُّ عَن سَوَاءِ
السَّبِيلِ ﴿٦٠﴾

(اے نبی!) کہہ دیجیے: کیا میں تمہیں (اس شخص کے بارے میں) نہ بتادوں جو جزا کے اعتبار سے، اللہ کے نزدیک اس سے بھی بدتر ہے؟ یہ وہ شخص ہے کہ اللہ نے اس پر لعنت کی اور اس پر اپنا غضب نازل کیا، اور ان میں سے بعض کو بندر اور سور بنادیا، اور اس شخص نے شیطان کی بندگی کی، وہی لوگ بدتر درجے میں ہیں اور سیدھی راہ سے وہ سب سے زیادہ گمراہ ہیں۔﴿٦٠﴾

60. Say (O Muhammad ﷺ to the people of the Scripture): "Shall I inform you of something worse than that, regarding the recompense from Allāh: those (Jews) who incurred the Curse of Allāh and His Wrath, and those of whom (some) He transformed into monkeys and swines, and those who worshipped *Tāghūt*[2] (false deities); such are worse in rank (on the Day of Resurrection in the Hell-fire), and far more astray from the Right Path (in the life of this world)."

---

[1] (V.5:58) How the *Adhān* (the call to prayer)* for the prayer was started. And the Statement of Allāh عز وجل: "And when you proclaim the call to prayer (*Adhān*) they take it (but) as a mockery and fun, that is because they are a people who understand not." (V.5:58)

And also the Statement of Allāh عز وجل: "When the call (*Adhān*) for the prayer is proclaimed on the day of Friday." (V.62:9)

Narrated Anas رضي الله عنه: The people mentioned the fire and the bell (they suggested those as signals to indicate the starting of prayers), and by that they mentioned the Jews and the Christians, then Bilāl was ordered to pronounce *Adhān* for the prayer by saying its wordings twice (in doubles), and for the *Iqāmah* (the call for the actual standing for the prayers in rows) by saying its wordings once (in singles) (*Iqāmah* is pronounced when the people are ready for the prayer). [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/603 (O.P.577)]

*The wording of *Adhān: Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar; Ash-hadu an lā ilaha illallāh, Ash-hadu an lā ilāha illallāh; Ash-hadu anna Muhammad-ar-Rasūl-Ullāh, Ash-hadu anna Muhammad-ar-Rasūl-Ullāh; Haiya-'alas-Salāh, Haiya 'alas-Salāh; Haiya 'alal-Falāh, Haiya 'alal-Falāh; Allāhu-Akbar, Allāhu-Akbar; Lā ilāha illallāh.*

[2] (V.5:60) *Tāghūt*: See the footnote of (V.2:256).

① یعنی اذان دے کر۔ نماز کے لیے بلانے کا یہ طریقہ نبی ﷺ کو اس طرح بتلایا گیا کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کو خواب میں اس کے الفاظ بتائے گئے اور آپ ﷺ نے انہیں اختیار فرمالیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نماز کے اعلان کے لیے لوگوں نے آگ جلانا اور ناقوس بجانا تجویز کیا جو کہ یہود و نصاریٰ کا طریقہ تھا۔ تب بلال رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: ''اذان کے کلمات دو دو مرتبہ اور اقامت کے لیے ایک ایک مرتبہ کہے۔'' (اقامت اس وقت کہی جاتی ہے جب لوگ نماز کے لیے تیار ہو جاتے ہیں۔) (صحيح البخاري، الأذان، باب: 1 حديث: 603) اس مقام کے علاوہ (سورۂ جمعہ: 9/62) میں بھی نماز کے لیے [نِدَاء] (اذان) دیے جانے کا ذکر ہے۔ یہ کلمات اذان یا ''ندائے صلوٰۃ'' قرآن میں کہیں نہیں ہیں۔ جس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ حدیث کے بغیر قرآن کو نہیں سمجھا جا سکتا نہ اس پر عمل ہی کیا جا سکتا ہے۔

وَإِذَا جَآءُوكُمْ قَالُوٓا ءَامَنَّا وَقَد
دَّخَلُوا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوا بِهِۦ ط
وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوا يَكْتُمُونَ ﴿٦١﴾

اور جب وہ تمھارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور ان کا حال یہ ہے کہ وہ کفر کے ساتھ ہی داخل ہوئے تھے اور اسی کے ساتھ نکل گئے اور اللہ اس چیز کو خوب جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں﴿۶۱﴾

61. When they come to you, they say: "We believe." But in fact they enter with (an intention of) disbelief and they go out with the same. And Allāh knows all what they were hiding.

وَتَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يُسَٰرِعُونَ فِى الْإِثْمِ
وَالْعُدْوَٰنِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ط لَبِئْسَ مَا
كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٦٢﴾

اور آپ ان میں سے بہتوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ گناہ، زیادتی اور حرام کھانے میں جلدی کرتے ہیں، بہت برا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں﴿۶۲﴾

62. And you see many of them (Jews) hurrying towards sin and transgression, and eating illegal things [as bribes and *Ribā* (usury)]. Evil indeed is that which they have been doing.

لَوْلَا يَنْهَىٰهُمُ الرَّبَّٰنِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَن
قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ط لَبِئْسَ
مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ﴿٦٣﴾

رب والے اور ان کے علماء انھیں گناہ کی بات کہنے اور حرام کھانے سے کیوں نہیں روکتے؟ بہت برا ہے جو کچھ وہ (اپنے لیے) تیار کر رہے ہیں﴿۶۳﴾

63. Why do not the rabbis and the religious learned men forbid them from uttering sinful words and from eating illegal things. Evil indeed is that which they have been performing.

وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللَّهِ مَغْلُولَةٌ ط غُلَّتْ
أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُوا بِمَا قَالُوا م بَلْ يَدَاهُ
مَبْسُوطَتَانِ لا يُنفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ط
وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيرًا مِّنْهُم مَّآ أُنزِلَ إِلَيْكَ
مِن رَّبِّكَ طُغْيَٰنًا وَكُفْرًا ط وَأَلْقَيْنَا
بَيْنَهُمُ الْعَدَٰوَةَ وَالْبَغْضَآءَ إِلَىٰ يَوْمِ
الْقِيَٰمَةِ ط كُلَّمَآ أَوْقَدُوا نَارًا لِّلْحَرْبِ
أَطْفَأَهَا اللَّهُ لا وَيَسْعَوْنَ فِى الْأَرْضِ
فَسَادًا ط وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ ﴿٦٤﴾

اور یہودیوں نے کہا: "اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے۔"① بندھ گئے انھی کے ہاتھ، اور لعنت پڑی ان پر ان کے اس قول (ان کی اس بکواس) کی وجہ سے، بلکہ اللہ کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں، وہ جیسے چاہے خرچ کرتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ یہ (قرآن) جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے، ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں ضرور اضافے کا باعث بنے گا۔ اور ہم نے قیامت کے دن تک ان کے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دیا ہے۔ جب کبھی وہ لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں تو اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور وہ زمین میں فساد کرنے کو دوڑتے ہیں اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا﴿۶۴﴾

64. The Jews say: "Allāh's Hand is tied up (i.e. He does not give and spend of His bounty)." Be their hands tied up and be they accursed for what they uttered. Nay, both His Hands[1] are widely outstretched. He spends (of His bounty) as He wills. Verily, the Revelation that has come to you from your Lord (Allāh) increases in most of them (their) obstinate rebellion and disbelief. We have put enmity and hatred amongst them till the Day of Resurrection. Every time they kindled the fire of war, Allāh extinguished it; and they (ever) strive to make mischief on the earth. And Allāh does not

---

[1] (V.5:64) *Sifāt-ullāh* صفات الله عز وجل (Qualities of Allāh): [See the footnote of (V.3:73)].
Narrated Ibn 'Umar رضي الله عنهما Allāh's Messenger ﷺ said, "On the Day of Resurrection, Allāh will grasp the whole (planet of) earth by His Hand, and all the heavens in His Right, and then He will say, 'I am the King.'"
Abu Hurairah said, "Allāh's Messenger ﷺ said, 'Allāh will grasp the (planet of) earth...'" [*Sahih Al-Bukhāri*, 9/ 7412,7413 (O.P.509)].

① [صِفَاتُ اللّٰہ] کی تفسیر کے لیے ملاحظہ کیجیے حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3/73) قرآن کریم میں جو بھی اللہ تعالیٰ کی صفات مثلاً: [اَلْوَجْهُ] "چہرہ" [اَلْعَيْنُ] "آنکھ" [اَلْيَدُ] "ہاتھ" [اَلسَّاقُ] "پنڈلی" [وَالْمَجِيءُ] "آنا" [اَلْاِسْتِوَاءُ] "قرار پکڑنا" وغیرہ بیان ہوئی ہیں یا جو صفات احادیث رسول ﷺ سے ثابت ہیں جیسے: [اَلنُّزُولُ] "اترنا" اور [اَلضَّحِكُ] "ہنسی" وغیرہ، تو علمائے کتاب وسنت ان صفات پر ایمان رکھتے ہیں اور بغیر کسی تاویل، تشبیہ اور تعطیل (صفات الٰہی کے انکار) کے ان صفات کو اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت کرتے ہیں۔ اللہ ہی ان صفات کے لائق ہے اور کسی بھی مخلوق میں ایسی صفات نہیں پائی جاتیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اس (اللہ) جیسی کوئی بھی شے (موجود) نہیں۔" (الشوریٰ 42:11) اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد: "اور اس کا کوئی کفو (ہمسر) نہیں۔" (الاخلاص 112:4)

like the *Mufsidūn* (mischief-makers).

65. And if only the people of the Scripture (Jews and Christians) had believed (in Muhammad ﷺ) and warded off evil (sin, ascribing partners to Allāh) and had become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2), We would indeed have expiated from them their sins and admitted them to Gardens of pleasure (in Paradise).

اور اگر اہل کتاب ایمان لے آئیں اور پرہیزگاری اختیار کرلیں تو یقیناً ہم ان سے ان کی برائیاں دور کردیں گے اور انھیں نعمت والے باغوں میں ضرور داخل کریں گے ﴿٦٥﴾

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٦٥﴾

① یہ فیصلہ دنیا میں بھی ہوسکتا ہے تاہم آخرت میں تو یقیناً ہوگا، چنانچہ وہاں ہر ایک سے باز پرس ہوگی اور پھر اس کی روشنی میں فیصلے ہوں گے جیسے احادیث میں بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ہر شخص نگران (ذمے دار) ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں باز پرس ہوگی، امام (حکمران) اپنی رعایا پر نگران ہے اور اس سے اس کی رعایا کے بارے میں باز پرس ہوگی، آدمی اپنے اہل وعیال پر نگران ہے اور اس سے اُس کی رعیت کے بارے میں باز پرس ہوگی، عورت اپنے شوہر کے گھر اور اس کے بچوں پر نگران ہے اور اس سے ان کے بارے میں باز پرس ہوگی، خادم اپنے آقا کے مال کا نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں باز پرس ہوگی اور تم میں سے ہر شخص نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے متعلق باز پرس ہوگی۔'' (صحيح البخاری، الأحكام، باب: 1 حديث:7138) ایک دوسری حدیث میں فرمایا: ''جو کوئی دکھلاوے کے لیے کوئی نیک کام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن (لوگوں کے سامنے) اس کی نیت کو ظاہر کردے گا اور جو کوئی لوگوں پر سختی کرے گا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اِس پر سختی کرے گا......'' (صحيح البخاری، الأحكام، باب: 9 حديث: 7152) ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! قیامت کب قائم ہوگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تو نے اس (قیامت کے دن) کے لیے کیا کچھ تیار کیا ہے؟'' تو وہ آدمی شرمندہ اور خوفزدہ ہوگیا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے اس کے لیے بہت زیادہ روزے، صدقات اور نمازیں تو تیار نہیں کی ہیں لیکن میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوں۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: ''تو اُسی کے ساتھ ہوگا جس سے تو محبت کرتا ہے۔'' (صحيح البخاری، الأحكام، باب:10 حديث:7153) ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک دفعہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اس اللہ کی قسم، جس کے قبضے میں میری جان ہے! جس کسی کے پاس اُونٹ، گائے اور بکریاں ہوں اور وہ زکاۃ ادا نہ کرے تو قیامت کے دن ان جانوروں کو لایا جائے گا جبکہ وہ پہلے سے بہت بڑے اور بہت زیادہ فربہ ہوں گے، وہ اسے اپنے کھروں (پاؤں) تلے روندیں گے اور سینگوں سے ماریں گے اور اس پر مسلسل چکر لگاتے رہیں گے اور یہ سزا اس وقت تک جاری رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کے درمیان فیصلہ نہ کرلے گا۔'' (صحيح البخاری، الزكاة باب: 43 حديث:1460)

ربع قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿88﴾

اس کی قوم میں سے جو سردار تکبر کرتے تھے، انھوں نے کہا: اے شعیب! ہم تجھے اور ان لوگوں کو جو تیرے ساتھ ایمان لائے ہیں، اپنی بستی سے ضرور نکال دیں گے یا تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ گے۔ شعیب نے کہا: کیا (ہم تمھارے دین میں آ جائیں) اگر چہ ہم (اس سے) کراہت کرتے ہیں؟﴿88﴾

88. The chiefs of those who were arrogant among his people said: "We shall certainly drive you out, O Shu'aib, and those who have believed with you from our town, or else you (all) shall return to our religion." He said: "Even though we hate it?"

قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿89﴾

ہم نے (گویا) اللہ پر جھوٹ باندھا اگر ہم تمھارے دین میں لوٹ آئیں جبکہ اللہ ہمیں اس سے نجات دے چکا ہے اور ہمارے لائق نہیں کہ ہم اس میں لوٹ آئیں مگر یہ کہ اللہ، ہمارا رب چاہے۔ ہمارے رب نے ہر چیز کو (اپنے) علم سے گھیر رکھا ہے، ہم نے اللہ ہی پر بھروسا کیا ہے۔ (اور ہم دعا کرتے ہیں) اے ہمارے رب! تو ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر، اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے﴿89﴾

89. "We should have invented a lie against Allāh if we returned to your religion, after Allāh has rescued us from it. And it is not for us to return to it unless Allāh, our Lord, should will. Our Lord comprehends all things in His Knowledge. In Allāh (Alone) we put our trust. Our Lord! Judge between us and our people in truth, for You are the Best of those who give judgment."

وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿90﴾

اور اس کی قوم میں سے وہ سردار جنھوں نے کفر کیا تھا، کہنے لگے: اگر تم نے شعیب کی پیروی کی تو بے شک تم ضرور خسارہ پانے والے ہو گے﴿90﴾

90. The chiefs of those who disbelieved among his people said (to their people): "If you follow Shu'aib, be sure then you will be the losers!"

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿91﴾

پھر انھیں زلزلے نے آ پکڑا، چنانچہ وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے﴿91﴾

91. So the earthquake seized them and they lay (dead), prostrate in their homes.

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۛۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿92﴾

جن لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا وہ (یوں ہو گئے) جیسے ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ جن لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا وہی خسارہ پانے والے تھے﴿92﴾

92. Those who denied Shu'aib, became as if they had never dwelt there (in their homes). Those who denied Shu'aib, they were the losers.

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿93﴾ ع 11 9 1

پھر شعیب نے ان سے منہ پھیر کر کہا: اے میری قوم! یقیناً میں نے تو اپنے رب کے پیغامات تمھیں پہنچا دیے اور تمھاری خیر خواہی کی، پھر میں کافر قوم پر غم کیوں کھاؤں؟﴿93﴾

93. Then he (Shu'aib) turned from them and said: "O my people! I have indeed conveyed my Lord's Messages to you and I have given you good advice. Then how can I grieve for a disbelieving people's (destruction)."

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿94﴾

اور جب بھی ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی بھیجا تو اس بستی والوں کو تنگی اور سختی میں مبتلا کیا، تاکہ وہ عاجزی اختیار کریں﴿94﴾

94. And We sent no Prophet to any town (and they denied him), but We seized its people with suffering from extreme poverty (or loss in wealth) and loss of

health (and calamities), so that they might humble themselves (and repent to Allāh).

95. Then We changed the evil for the good, until they increased in number and in wealth, and said: "Our fathers were touched with evil (loss of health and calamities) and with good (prosperity)." So, We seized them all of a sudden while they were unaware.

پھر ہم نے (ان کی) بدحالی کو خوشحالی میں بدل دیا
یہاں تک کہ وہ خوب پھلے پھولے اور کہنے لگے:
ہمارے باپ دادا کو بھی سختی اور راحت پیش آئی تھی،
تب ہم نے انھیں اچانک پکڑ لیا اور انھیں خبر تک نہ
ہوسکی﴿٩٥﴾

ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا
وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ
فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩٥﴾

96. And if the people of the towns had believed and had the *Taqwā* (piety), certainly, We should have opened for them blessings from the heaven and the earth, but they denied (the Messengers). So, We took them (with punishment) for what they used to earn (polytheism and crimes).

اور اگر ان بستیوں والے ایمان لے آتے اور
پرہیزگاری اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین
کی برکتوں کے دروازے کھول دیتے لیکن انھوں
نے (دین حق کو) جھٹلایا تو ہم نے انھیں (ان کے برے
عملوں کے باعث) پکڑ لیا جو وہ کرتے رہے تھے﴿٩٦﴾

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا
عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ
كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٦﴾

97. Did the people of the towns then feel secure against the coming of Our punishment by night while they were asleep?

کیا پھر بستیوں والے اس (بات) سے بے خوف ہو
گئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب رات کو آ جائے اور وہ
سوئے ہوئے ہوں؟﴿٩٧﴾

اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا
بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿٩٧﴾

98. Or, did the people of the towns then feel secure against the coming of Our punishment in the forenoon while they were playing?

یا بستیوں والے اس (بات) سے بے خوف ہو گئے
ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آ جائے اور وہ
کھیل تماشے میں مصروف ہوں؟﴿٩٨﴾

اَوَ اَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا
ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩٨﴾

99. Did they then feel secure against the Plan of Allāh? None feels secure from the Plan of Allāh except the people who are the losers.

کیا پھر وہ اللہ کی تدبیر سے بے خوف ہو گئے ہیں؟
اللہ کی تدبیر سے بے خوف تو وہی لوگ ہوتے ہیں جو
خسارہ پانے والے ہوں﴿٩٩﴾

اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا
الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٩٩﴾ ع 12 2

100. Is it not clear to those who inherit the earth in succession from its (previous) possessors, that had We willed, We would have punished them for their sins. And We seal up their hearts so that they hear not?

کیا ان لوگوں پر واضح نہیں ہوا جو زمین میں (پہلے)
بسنے والوں (کی ہلاکت) کے بعد اس کے وارث
ہوئے کہ اگر ہم چاہیں تو ان کے گناہوں کی وجہ سے
انھیں مصیبتوں میں مبتلا کر دیں اور ان کے دلوں پر
مہر لگا دیں، پھر وہ (کچھ) نہ سن پائیں؟﴿١٠٠﴾

اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ
مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ اَصَبْنٰهُمْ
بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ
لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿١٠٠﴾

101. Those were the towns whose story We relate to you (O Muhammad ﷺ). And there came indeed to them their Messengers

(اے نبی!) یہ وہ بستیاں ہیں جن کی کچھ خبریں ہم
آپ سے بیان کرتے ہیں اور یقیناً ان کے رسول
ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے، چنانچہ جس

تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ
اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ

قَبْلُ ۚ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الْكَافِرِينَ ﴿١٠١﴾

چیز کو وہ پہلے جھٹلا چکے تھے، اس پر ایمان لانے کے روادار نہ ہوئے۔ اللہ اسی طرح کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے﴿١٠١﴾

with clear proofs, but they were not to believe in that which they had rejected before. Thus Allāh does seal up the hearts of the disbelievers (from every kind of religious guidance).

وَمَا وَجَدْنَا لِأَكْثَرِهِم مِّنْ عَهْدٍ ۖ وَإِن وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ ﴿١٠٢﴾

اور ہم نے ان میں سے اکثر میں عہد (کا پاس) نہیں پایا اور بلاشبہ ہم نے ان میں سے اکثر کو نافرمان ہی پایا﴿١٠٢﴾

102. And most of them We found not true to their covenant, but most of them We found indeed *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِم مُّوسَىٰ بِآيَاتِنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَظَلَمُوا بِهَا ۖ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ﴿١٠٣﴾

پھر ان (نبیوں) کے بعد ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس بھیجا تو انھوں نے ان (نشانیوں) کو نہ مانا، پھر دیکھیے فساد کرنے والوں کا انجام کیا ہوا؟﴿١٠٣﴾

103. Then after them We sent Mūsā (Moses) with Our Signs to Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs, but they wrongfully rejected them. So, see how was the end of the *Mufsidūn* (mischief-makers, corrupters).

وَقَالَ مُوسَىٰ يَا فِرْعَوْنُ إِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠٤﴾

اور موسیٰ نے کہا: اے فرعون! بے شک میں سب جہانوں کے رب کی طرف سے رسول ہوں﴿١٠٤﴾

104. And Mūsā (Moses) said: "O Fir'aun (Pharaoh)! Verily, I am a Messenger from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

حَقِيقٌ عَلَىٰ أَن لَّا أَقُولَ عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ قَدْ جِئْتُكُم بِبَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَرْسِلْ مَعِيَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٠٥﴾

مجھ پر واجب ہے کہ میں اللہ کی طرف سے حق کے سوا کچھ نہ کہوں۔ تحقیق میں تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے واضح دلیل لایا ہوں، لہٰذا تو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے﴿١٠٥﴾

105. "Proper it is for me that I say nothing concerning Allāh but the truth. Indeed I have come to you from your Lord with a clear proof. So let the Children of Israel depart along with me."

قَالَ إِن كُنتَ جِئْتَ بِآيَةٍ فَأْتِ بِهَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿١٠٦﴾

فرعون نے کہا: اگر تو کوئی نشانی لے کر آیا ہے تو وہ پیش کر، اگر تو سچوں میں سے ہے﴿١٠٦﴾

106. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "If you have come with a sign, show it forth, if you are one of those who tell the truth."

فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ﴿١٠٧﴾

تب موسیٰ نے اپنا عصا (زمین پر) ڈالا تو وہ اسی وقت اژدہا (بن کر) ظاہر ہوا﴿١٠٧﴾

107. Then [Mūsā (Moses)] threw his stick and behold! it was a serpent, manifest!

وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ﴿١٠٨﴾ ع 13

اور موسیٰ نے (بغل سے) اپنا ہاتھ (باہر) نکالا تو وہ دیکھنے والوں کے لیے چمکتا ہوا سفید تھا﴿١٠٨﴾

108. And he drew out his hand, and behold! it was white (with radiance) for the beholders.

قَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هَٰذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٩﴾

فرعون کی قوم کے سرداروں نے کہا: بے شک یہ تو ماہر جادوگر ہے﴿١٠٩﴾

109. The chiefs of the people of Fir'aun (Pharaoh) said: "This is indeed a well-versed sorcerer;

يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُمْ ۖ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ﴿١١٠﴾

یہ چاہتا ہے کہ تمھیں تمھاری سرزمین سے نکال دے، پس تم کیا مشورہ دیتے ہو؟﴿١١٠﴾

110. "He wants to get you out of your land, so what do you advise?"

قَالُوا أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَائِنِ

انھوں نے کہا: اسے اور اس کے بھائی (ہارون) کو

111. They said: "Put him and his

حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

مہلت دے اور شہروں میں ہرکارے بھیج دے﴿۱۱۱﴾

brother off (for a time), and send callers to the cities to collect —

يَأْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾

(تاکہ) وہ ہر ماہر جادوگر کو تیرے پاس لے آئیں﴿۱۱۲﴾

112. "That they bring to you all well-versed sorcerers."

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾

اور وہ جادوگر فرعون کے پاس آئے، تو انھوں نے کہا: یقیناً ہمارے لیے انعام ہوگا اگر ہم غالب آگئے؟﴿۱۱۳﴾

113. And so the sorcerers came to Fir'aun (Pharaoh). They said: "Indeed there will be a (good) reward for us if we are the victors."

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

فرعون نے کہا: ہاں، اور بے شک تم (میرے) مقرب لوگوں میں سے ہوگے﴿۱۱۴﴾

114. He said: "Yes, and moreover you will (in that case) be of the nearest (to me)."

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

جادوگروں نے کہا: اے موسیٰ! یا تو تو ڈال یا (پہلے) ہم ہی (اپنا جادو) ڈالیں﴿۱۱۵﴾

115. They said: "O Mūsā (Moses)! Either you throw (first), or shall we have the (first) throw?"

قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

موسیٰ نے کہا: (پہلے) تم ڈالو، پھر جب انھوں نے (اپنی لاٹھیاں اور رسیاں) ڈالیں تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور انھیں (لاٹھیوں اور رسیوں کے سانپوں سے) ڈرایا، اور وہ بہت بڑا جادو لائے تھے﴿۱۱۶﴾

116. He [Mūsā (Moses)] said: "Throw you (first)." So when they threw, they bewitched the eyes of the people, and struck terror into them, and they displayed a great magic.

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ تو (بھی) اپنا عصا ڈال۔ (جب اس نے ڈالا) تو وہ دیکھتے دیکھتے (اژدہا بن کر ان سانپوں کو) نگلنے لگا جو وہ (جادوگر) گھڑتے تھے﴿۱۱۷﴾

117. And We revealed to Mūsā (Moses) (saying): "Throw your stick," and behold! It swallowed up straight away all the falsehood which they showed.

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

بالآخر حق ثابت ہوگیا اور جو کچھ وہ لوگ کر رہے تھے، باطل ٹھہرا﴿۱۱۸﴾

118. Thus truth was confirmed, and all that they did was made of no effect.

فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

تب وہ جادوگر وہیں مغلوب ہوگئے اور ذلیل و خوار ہو کر پیچھے ہٹ آئے﴿۱۱۹﴾

119. So they were defeated there and returned disgraced.

وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

اور جادوگر (بے اختیار) سجدے میں گر پڑے﴿۱۲۰﴾

120. And the sorcerers fell down prostrate.

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

انھوں نے کہا: ہم رب العالمین پر ایمان لے آئے﴿۱۲۱﴾

121. They said: "We believe in the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

موسیٰ اور ہارون کے رب پر﴿۱۲۲﴾

122. "The Lord of Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron)."

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ

فرعون نے کہا: (کیا) تم میرے اجازت دینے سے پہلے اس پر ایمان لے آئے ہو؟ بے شک یہ مکر ہے، تم نے اس شہر میں (مل کر) یہ مکر کیا ہے تاکہ یہاں

123. Fir'aun (Pharaoh) said: "You have believed in him [Mūsā (Moses)] before I give you permission. Surely, this is a plot

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿١٢٣﴾

رہنے والوں کو اس (شہر) سے نکال دو، پھر جلد ہی (اس کا نتیجہ) تم جان لو گے ﴿١٢٣﴾

which you have plotted in the city to drive out its people, but you shall come to know.

لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿١٢٤﴾

میں تمھارے ہاتھ اور پاؤں مخالف طرف سے ضرور ضرور کاٹ دوں گا، پھر میں تم سب کو ضرور سولی پر لٹکاؤں گا ﴿١٢٤﴾

124. "Surely, I will cut off your hands and your feet from opposite sides, then I will crucify you all."

قَالُوا إِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ ﴿١٢٥﴾

انھوں نے کہا: بے شک ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿١٢٥﴾

125. They said: "Verily, we are returning to our Lord.

وَمَا تَنقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيَاتِ رَبِّنَا
لَمَّا جَاءَتْنَا ۚ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا
14 ع 18 4 وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ ﴿١٢٦﴾

اور (اے فرعون!) تو ہمیں صرف اس بات کی سزا دے رہا ہے کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لے آئے ہیں، جب وہ ہمارے پاس آ گئیں۔ اے ہمارے رب! ہم پر صبر ڈال دے اور ہمیں اس حال میں فوت کر کہ ہم مسلمان ہوں ﴿١٢٦﴾

126. "And you take vengeance on us only because we believed in the *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.) of our Lord when they reached us! Our Lord! pour out on us patience, and cause us to die as Muslims."

وَقَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ أَتَذَرُ مُوسَىٰ وَقَوْمَهُ لِيُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَيَذَرَكَ وَآلِهَتَكَ ۚ قَالَ سَنُقَتِّلُ أَبْنَاءَهُمْ وَنَسْتَحْيِي نِسَاءَهُمْ وَإِنَّا فَوْقَهُمْ قَاهِرُونَ ﴿١٢٧﴾

اور فرعون کی قوم کے چودھریوں نے (اس سے) کہا: کیا تو موسیٰ اور اس کی قوم کو چھوڑ دے گا، تاکہ وہ زمین میں فساد کریں اور وہ (موسیٰ) تجھے اور تیرے معبودوں کو چھوڑ دے؟ فرعون نے کہا: ہم ان کے (نومولود) بیٹے قتل کر دیں گے اور ان کی بیٹیاں چھوڑ دیں گے اور بے شک ہم ان پر پورا غلبہ رکھتے ہیں ﴿١٢٧﴾

127. The chiefs of Fir'aun's (Pharaoh) people said: "Will you leave Mūsā (Moses) and his people to spread mischief in the land, and to abandon you and your gods?" He said: "We will kill their sons, and let live their women, and we have indeed irresistible power over them."

قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ اسْتَعِينُوا بِاللَّهِ وَاصْبِرُوا ۖ إِنَّ الْأَرْضَ لِلَّهِ يُورِثُهَا مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿١٢٨﴾

موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو، بے شک زمین تو اللہ ہی کی ہے، وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا وارث بناتا ہے، اور (اچھا) انجام تو پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے ﴿١٢٨﴾

128. Mūsā (Moses) said to his people: "Seek help in Allāh and be patient. Verily, the earth is Allāh's. He gives it as a heritage to whom He wills of His slaves; and the (blessed) end is for the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2)."

قَالُوا أُوذِينَا مِن قَبْلِ أَن تَأْتِيَنَا وَمِن
بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ۚ قَالَ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن
يُهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْأَرْضِ
15 ع 3 5 فَيَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ﴿١٢٩﴾

انھوں نے (موسیٰ سے) کہا: ہمارے پاس تمھارے آنے سے پہلے بھی ہمیں تکلیفیں دی گئیں اور تمھارے آنے کے بعد بھی۔ موسیٰ نے کہا: امید ہے کہ تمھارا رب تمھارے دشمن کو ہلاک کر دے گا اور تمھیں زمین میں جانشین بنا دے گا، پھر دیکھے گا کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟ ﴿١٢٩﴾

129. They said: "We (Children of Israel) had suffered troubles before you came to us, and since you have come to us." He said: "It may be that your Lord will destroy your enemy and make you successors on the earth, so that He may see how you act?"

وَلَقَدْ أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٣٠﴾

اور بلاشبہ ہم نے آلِ فرعون کو قحط سالی اور پھلوں کے نقصان میں پکڑا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿١٣٠﴾

130. And indeed We punished the people of Fir'aun (Pharaoh) with years of drought and shortness of fruits (crops), that

they might remember (take heed).

فَإِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوا لَنَا هَٰذِهِۦ ۖ
وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَطَّيَّرُوا بِمُوسَىٰ
وَمَن مَّعَهُۥٓ ۗ أَلَآ إِنَّمَا طَٰٓئِرُهُمْ عِندَ
اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٣١﴾

پھر جب ان پر خوشحالی آتی تو کہتے: یہ ہمارے ہی
لیے ہے، اور اگر انھیں بدحالی آ لیتی تو اسے موسیٰ اور
ان کے ساتھیوں کی نحوست ٹھہراتے۔ خبردار! ان کی
نحوست اللہ کے پاس (مقدر) ہے اور لیکن ان میں
اکثر (لوگ) نہیں جانتے ﴿١٣١﴾

131. But whenever good came to them, they said: "Ours is this." And if evil afflicted them, they ascribed it to evil omens connected with Mūsā (Moses) and those with him. Be informed! Verily, their evil omens are with Allāh but most of them know not.

وَقَالُوا مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِۦ مِنْ ءَايَةٍ
لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ ﴿١٣٢﴾

اور انھوں نے (موسیٰ سے) کہا: خواہ تم ہمارے پاس
کوئی نشانی لے آؤ تاکہ اس کے ذریعے سے ہم پر
جادو کر دو تو بھی ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے ﴿١٣٢﴾

132. They said [to Mūsā (Moses)]: "Whatever *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) you may bring to us, to work therewith your sorcery on us, we shall never believe in you."

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ
وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ ءَايَٰتٍ
مُّفَصَّلَٰتٍ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا
مُّجْرِمِينَ ﴿١٣٣﴾

پھر ہم نے ان پر طوفان، ٹڈی دل، جوئیں،
مینڈکوں اور خون (کا عذاب) بھیجا (یہ) الگ الگ
نشانیاں تھیں، پھر بھی انھوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ
تھے ہی مجرم ﴿١٣٣﴾

133. So We sent on them: the flood, the locusts, the lice, the frogs, and the blood (as a succession of) manifest signs, yet they remained arrogant, and they were of those people who were *Mujrimūn* (criminals, polytheists and sinners).

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوا يَٰمُوسَى
ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ ۖ لَئِن
كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ
مَعَكَ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ﴿١٣٤﴾

اور جب ان پر کوئی عذاب آتا تو کہتے: اے موسیٰ!
تو اپنے رب سے ہمارے لیے دعا کر جیسا کہ اس
نے تجھ سے عہد کر رکھا ہے، اگر تو ہم سے عذاب ہٹا
دے تو ہم ضرور تجھ پر ایمان لے آئیں گے اور
تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو ضرور بھیج دیں گے ﴿١٣٤﴾

134. And when the punishment fell on them, they said: "O Mūsā (Moses)! Invoke your Lord for us because of His Promise to you. If you remove the punishment from us, we indeed shall believe in you, and we shall let the Children of Israel go with you."

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰٓ أَجَلٍ هُم
بَٰلِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ﴿١٣٥﴾

پھر جب ہم ان سے ایک مقرر وقت تک عذاب ہٹا
لیتے، جس تک وہ بہرحال پہنچنے والے ہوتے، تو
یکایک وہ عہد توڑ دیتے ﴿١٣٥﴾

135. But when We removed the punishment from them to a fixed term, which they had to reach, behold! they broke their word!

فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ فِى الْيَمِّ
بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا
غَٰفِلِينَ ﴿١٣٦﴾

پھر ہم نے ان سے انتقام لیا تو انھیں سمندر میں غرق
کر دیا کیونکہ انھوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا تھا اور
وہ ان سے بے پروا ہو گئے تھے ﴿١٣٦﴾

136. So We took retribution from them. We drowned them in the sea, because they denied Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) and were heedless about them.

وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا
يُسْتَضْعَفُونَ مَشَٰرِقَ الْأَرْضِ وَمَغَٰرِبَهَا

اور ہم نے ان لوگوں کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے، اس
زمین کے مشرق اور مغرب کا وارث بنا دیا جس میں

137. And We made the people who were considered weak to inherit the eastern parts of the

الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ
رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰي بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ڏ بِمَا
صَبَرُوْا ۭ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ
وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿١٣٧﴾ الربع

ہم نے برکت رکھی تھی۔ اور (اے نبی! اس طرح) بنی اسرائیل کے حق میں آپ کے رب کا اچھا وعدہ پورا ہوا، اس لیے کہ انھوں نے صبر کیا تھا۔ اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم کا وہ سب کچھ تباہ کر دیا جو (کارخانے) وہ بناتے اور جو (محلات کی عمارتیں) وہ اٹھاتے تھے ﴿١٣٧﴾

land and the western parts thereof which We have blessed. And the fair Word of your Lord was fulfilled for the Children of Israel, because of their endurance. And We destroyed completely all the great works and buildings which Fir'aun (Pharaoh) and his people erected.

وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا
عَلٰي قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰٓي اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا
يٰمُوْسَى اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ
قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿١٣٨﴾

اور (جب) ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار اتار دیا، تو ان کا ایسے لوگوں پر گزر ہوا جو اپنے بتوں کی عبادت میں لگے ہوئے تھے۔ انھوں نے کہا: اے موسیٰ! تو ہمارے لیے ایک معبود بنا دے جس طرح کہ ان کے معبود ہیں۔ موسیٰ نے کہا: بے شک تم لوگ تو (نرے) جاہل ہو ﴿١٣٨﴾

138. And We brought the Children of Israel (with safety) across the sea, and they came upon a people devoted to some of their idols (in worship). They said: "O Mūsā (Moses)! Make for us an *ilāh*[1] (a god) as they have *ālihah* (gods)." He said: "Verily, you are a people who know not (the Majesty and Greatness of Allāh and what is obligatory upon you, i.e. to worship none but Allāh Alone, the One and the Only God of all that exists)."

اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ
وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٩﴾

یہ لوگ جس کام میں لگے ہیں یقیناً وہ تباہ ہونے والا ہے اور جو کچھ یہ کر رہے ہیں وہ باطل ہے ﴿١٣٩﴾

139. [Mūsā (Moses) added:] "Verily, these people will be destroyed for that which they are engaged in (idols' worship). And all that they are doing is in vain."

قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ
فَضَّلَكُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٠﴾

موسیٰ نے کہا: کیا میں تمھارے لیے اللہ کے سوا کوئی (اور) معبود تلاش کروں، جبکہ اسی نے تمھیں سب جہانوں پر فضیلت دی ہے؟ ﴿١٤٠﴾

140. He said: "Shall I seek for you an *ilāh* (a god) other than Allāh, while He has given you superiority over the *'Ālamīn* (mankind and jinn of your time)."

وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ
اَبْنَاۗءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ
ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿١٤١﴾ ع 16 12 6

اور (اے بنی اسرائیل! یاد کرو) جب ہم نے تمھیں فرعون کی قوم سے نجات دی، وہ تمھیں برا عذاب چکھاتے تھے، تمھارے بیٹوں کو قتل کر دیتے تھے اور تمھاری عورتوں (بیٹیوں) کو زندہ رہنے دیتے تھے اور اس میں تمھارے رب کی طرف سے بہت بڑی آزمائش تھی ﴿١٤١﴾

141. And (remember) when We rescued you from Fir'aun's (Pharaoh) people, who were afflicting you with the worst torment, killing your sons and letting your women live. And in that was a great trial from your Lord.

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰي ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا

اور ہم نے موسیٰ سے تیس راتوں کا وعدہ کیا (کہ وہ ان

142. And We appointed for Mūsā (Moses) thirty nights and added

[1] (V.7:138) *ilāh*: Who has all the right to be worshipped.

بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقَاتُ رَبِّهِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوسَىٰ لِأَخِيهِ هَارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي وَأَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ ﴿١٤٢﴾

راتیں کوہ طور پر گزارے) اور ہم نے انھیں (مزید) دس راتوں کے ساتھ پورا کیا، یوں اس کے رب کی (مقرر کی ہوئی) چالیس راتوں کی مدت پوری ہوگئی۔ اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا: تو میری قوم میں میرے پیچھے جانشین بن جا، اور (ان کی) اصلاح کرنا اور فساد کرنے والوں کے راستے کی پیروی نہ کرنا﴿١٤٢﴾

(to the period) ten (more), and he completed the term, appointed by his Lord, of forty nights. And Mūsā (Moses) said to his brother Hārūn (Aaron): "Replace me among my people, act in the right way (by ordering the people to obey Allāh and to worship Him Alone) and follow not the way of the *Mufsidūn* (mischief-makers)."

وَلَمَّا جَاءَ مُوسَىٰ لِمِيقَاتِنَا وَكَلَّمَهُ رَبُّهُ قَالَ رَبِّ أَرِنِي أَنظُرْ إِلَيْكَ ۚ قَالَ لَن تَرَانِي وَلَٰكِنِ انظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي ۚ فَلَمَّا تَجَلَّىٰ رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ مُوسَىٰ صَعِقًا ۚ فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٤٣﴾

اور جب موسیٰ ہماری مقررہ مدت کے لیے آیا اور اس سے اس کے رب نے کلام کیا تو موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! مجھے (اپنی جھلک) دکھا کہ میں تجھے دیکھ سکوں۔ اللہ نے فرمایا: تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکو گے لیکن تو اس پہاڑ کی طرف دیکھ، پھر اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا، تو تم مجھے بھی ضرور دیکھ سکو گے۔ پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر (اپنا) جلوہ ڈالا تو اسے ریزہ ریزہ کر دیا،① اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے، پھر جب وہ ہوش میں آئے تو انھوں نے عرض کی: (اے اللہ!) تو پاک ہے، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا مومن ہوں﴿١٤٣﴾

143. And when Mūsā (Moses) came at the time and place appointed by Us, and his Lord (Allāh) spoke to him; he said: "O my Lord! Show me (Yourself), that I may look upon You." Allāh said: "You cannot see Me, but look upon the mountain; if it stands still in its place then you shall see Me." So when his Lord appeared to the mountain,[1] He made it collapse to dust, and Mūsā (Moses) fell down unconscious. Then when he recovered his senses he said: "Glorified are You, I turn to You in repentance and I am the first of the believers."

قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ ﴿١٤٤﴾

اللہ نے فرمایا: اے موسیٰ! بے شک میں نے اپنے پیغامات پہنچانے اور اپنی ہم کلامی کے لیے لوگوں میں سے تجھے چن لیا ہے، چنانچہ تو لے لے جو میں نے تجھے دیا ہے اور شکر گزاروں میں (شامل) ہو جا﴿١٤٤﴾

144. (Allāh) said: "O Mūsā (Moses) I have chosen you above men by My Messages, and by My speaking (to you). So hold that which I have given you and be of the grateful."

وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا ۚ سَأُرِيكُمْ دَارَ الْفَاسِقِينَ ﴿١٤٥﴾

اور ہم نے اس (موسیٰ) کے لیے (تورات کی) تختیوں میں (زندگی کے) ہر معاملے کے بارے میں نصیحت اور ہر پہلو کے متعلق تفصیل لکھ کر دے دی ہے، چنانچہ تو ان (ہدایات) کو مضبوطی سے پکڑ لے اور اپنی قوم کو حکم دے کہ ان کی اچھی اچھی باتوں پر

145. And We wrote for him on the Tablets the lesson to be drawn from all things and the explanation for all things (and said): "Hold to these with firmness, and enjoin your people to take the better therein. I shall

[1] (V.7:143) The appearance of Allāh جل جلاله to the mountain was very little of Him. It was approximately equal to the tip of one's little finger as explained by the Prophet ﷺ when he recited this Verse. (This *Hadith* is quoted by *At-Tirmidhi*)

① حالانکہ پہاڑ پر اللہ تعالیٰ کا بہت ہی کم ظہور ہوا تھا جیسا کہ تفسیر طبری میں روایت ہے: نبی ﷺ نے اس آیت: (143/7) کی تلاوت کی اور فرمایا: ''پہاڑ پر اللہ تعالیٰ نے انسان کی چھنگلی (چھوٹی انگلی کی پور) کے برابر اپنا ظہور فرمایا تھا۔'' (الطبری: 72/9 و مسند أحمد: 209/3)

کاربند رہیں۔ جلد ہی میں تمھیں نافرمانوں کا گھر دکھاؤں گا﴿۱۴۵﴾

show you the home of *Al-Fāsiqūn* (the rebellious, disobedient to Allāh)."

سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي
الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ
لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ
لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ
يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا
بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾

اور جلد ہی میں اپنی نشانیوں سے ان لوگوں (کی نگاہوں) کو پھیر دوں گا جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں، اور اگر وہ تمام نشانیاں دیکھ لیں تو بھی ان پر ایمان نہیں لائیں گے، اور اگر وہ ہدایت کی راہ دیکھ لیں تو اسے اختیار نہیں کریں گے، اور اگر وہ گمراہی کا راستہ دیکھ لیں تو اسے اختیار کرلیں گے، یہ اس لیے کہ انھوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا اور وہ ان سے غافل رہے﴿۱۴۶﴾

146. I shall turn away from My *Ayāt* (Verses of the Qur'ān) those who behave arrogantly on the earth, without a right, and (even) if they see all the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), they will not believe in them. And if they see the way of righteousness (monotheism, piety, and good deeds), they will not adopt it as the Way, but if they see the way of error (polytheism, crimes and evil deeds), they will adopt that way, that is because they have rejected Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) and were heedless (to learn a lesson) from them.

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ
حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا
17 ع 6 7 كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾

اور وہ لوگ جنھوں نے ہماری نشانیوں اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا، ان کے عمل برباد ہو گئے۔ انھیں وہی بدلہ دیا جائے گا جو کچھ وہ (دنیا میں) کرتے رہے تھے﴿۱۴۷﴾

147. Those who deny Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, signs, revelations, etc.) and the Meeting in the Hereafter (Day of Resurrection,), vain are their deeds. Are they requited with anything except what they used to do?

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ
حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ
يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ
سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وقف لازم

اور موسیٰ کی قوم نے ان کے (طور پر جانے کے) بعد اپنے زیورات سے ایک بچھڑا بنالیا، وہ ایک جسم تھا جس کی آواز گائے کی تھی۔ کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ وہ ان سے کلام نہیں کرتا اور نہ انھیں کوئی راستہ بتاتا ہے؟ (پھر بھی) انھوں نے اسے (معبود) بنالیا اور وہ ظالم تھے﴿۱۴۸﴾

148. And the people of Mūsā (Moses) made in his absence, out of their ornaments, the image of a calf (for worship). It had a sound (as if it was mooing). Did they not see that it could neither speak to them nor guide them to the way? They took it (for worship) and they were *Zālimūn* (wrong doers).

وَلَمَّا سُقِطَ فِيْۤ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ
ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا
وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

اور جب انھیں شرمندگی ہوئی اور انھوں نے دیکھا کہ وہ گمراہ ہو گئے ہیں تو کہنے لگے: اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ کیا اور ہمیں نہ بخشا تو ہم ضرور خسارہ پانے والوں میں (شامل) ہو جائیں گے﴿۱۴۹﴾

149. And when they regretted and saw that they had gone astray, they (repented and) said: "If our Lord have not mercy upon us and forgive us, we shall certainly be of the losers."

وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ
أَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُونِي مِنْ
بَعْدِي ۖ أَعَجِلْتُمْ أَمْرَ رَبِّكُمْ ۖ وَأَلْقَى
الْأَلْوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ ۚ
قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُونِي
وَكَادُوا يَقْتُلُونَنِي فَلَا تُشْمِتْ بِيَ
الْأَعْدَاءَ وَلَا تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ
الظَّالِمِينَ ﴿١٥٠﴾

اور جب موسیٰ غصے اور رنج میں بھرے اپنی قوم کے
پاس واپس آئے تو (ان سے) کہا: میرے (جانے
کے) بعد تم بہت برے جانشین ہوئے ہو! کیا تم نے
اپنے رب کے حکم سے (منہ موڑنے میں) جلدی کی؟
اور انھوں نے (تورات کی) تختیاں (زمین پر) ڈال
دیں اور اپنے بھائی کا سر پکڑ لیا اور اسے اپنی طرف
کھینچنے لگے۔ (اس پر) ہارون نے کہا: اے ماں
جائے! بے شک ان لوگوں نے مجھے کمزور سمجھا اور وہ
مجھے قتل کرنے پر اتر آئے تھے، چنانچہ تو دشمنوں کو مجھ
پر ہنسنے کا موقع نہ دے اور مجھے ان لوگوں کے ساتھ
شامل نہ کر جو ظالم ہیں ﴿۱۵۰﴾

150. And when Mūsā (Moses) returned to his people, angry and grieved, he said: "What an evil thing is that which you have done (i.e. worshipping the calf) during my absence. Did you hasten and go ahead as regards the matter of your Lord (you left His worship)?" And he threw down the Tablets and seized his brother by (the hair of) his head and dragged him towards him. [Hārūn (Aaron)] said: "O son of my mother! Indeed the people judged me weak and were about to kill me, so make not the enemies rejoice over me, nor put me amongst the people who are *Zālimūn* (wrong doers)."

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِأَخِي وَأَدْخِلْنَا فِي
رَحْمَتِكَ ۖ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ﴿١٥١﴾ ع 18 4 8

موسیٰ نے کہا: اے میرے رب! تو مجھے اور میرے
بھائی کو بخش دے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل فرما
اور تو سب مہربانوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے ﴿۱۵۱﴾

151. Mūsā (Moses) said: "O my Lord! Forgive me and my brother, and admit us into Your Mercy, for you are the Most Merciful of those who show mercy."

إِنَّ الَّذِينَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ
غَضَبٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيَاةِ
الدُّنْيَا ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِينَ ﴿١٥٢﴾

بے شک وہ لوگ جنھوں نے بچھڑے کو معبود بنایا،
جلد ہی ان کے رب کا غضب ان پر آن پہنچے گا
اور (انھیں) دنیا کی زندگی میں ذلت نصیب ہوگی
اور ہم بہتان باندھنے والوں کو ایسی ہی سزا دیا
کرتے ہیں ﴿۱۵۲﴾

152. Certainly, those who took the calf (for worship), wrath from their Lord and humiliation will come upon them in the life of this world. Thus do We recompense those who invent lies.

وَالَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ تَابُوا مِنْ بَعْدِهَا
وَآمَنُوا إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ
رَحِيمٌ ﴿١٥٣﴾

اور وہ لوگ جنھوں نے برے عمل کیے، پھر ان کے
بعد توبہ کی اور ایمان لے آئے، بے شک آپ کا
رب اس کے بعد (ضرور انھیں بخش دے گا کیونکہ وہ)
بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿۱۵۳﴾

153. But those who committed evil deeds and then repented afterwards and believed, verily, your Lord after (all) that is indeed Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُوسَى الْغَضَبُ أَخَذَ
الْأَلْوَاحَ ۖ وَفِي نُسْخَتِهَا هُدًى وَرَحْمَةٌ
لِلَّذِينَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُونَ ﴿١٥٤﴾

اور جب موسیٰ کا غصہ ٹھنڈا ہوا تو اس نے (تورات
کی) تختیاں اٹھا لیں اور ان کے مضامین میں ان
کے لیے ہدایت اور رحمت تھی جو اپنے رب سے
ڈرتے تھے ﴿۱۵۴﴾

154. And when the anger of Mūsā (Moses) was calmed down, he took up the Tablets; and in their inscription was guidance and mercy for those who fear their Lord.

وَاخْتَارَ مُوسَىٰ قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا
لِمِيقَاتِنَا ۖ فَلَمَّا أَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ
قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُمْ مِنْ قَبْلُ

اور موسیٰ نے اپنی قوم میں سے ستر آدمی ہمارے
مقررہ وقت (پر کوہ طور پر توبہ و استغفار) کے لیے چنے،
پھر جب ان کو زلزلے نے آ پکڑا تو موسیٰ نے کہا:

155. And Mūsā (Moses) chose out of his people seventy (of the best) men for Our appointed time and place of meeting, and

وَإِيَّايَ ۖ أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ
مِنَّا ۖ إِنْ هِيَ إِلَّا فِتْنَتُكَ ۖ تُضِلُّ بِهَا
مَنْ تَشَاءُ وَتَهْدِي مَنْ تَشَاءُ ۖ أَنْتَ
وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۖ وَأَنْتَ خَيْرُ
الْغَافِرِينَ ﴿١٥٥﴾

اے میرے رب! اگر تو چاہتا تو اس سے پہلے ہی انھیں اور مجھے بھی ہلاک کر دیتا، کیا تو اس کی وجہ سے ہمیں ہلاک کرتا ہے جو ہم میں سے بیوقوفوں نے کیا؟ یہ تیری طرف سے آزمائش کے سوا کچھ نہیں تو اس (آزمائش) سے جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، تو ہی ہمارا کارساز ہے، لہٰذا ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو ہی بہترین بخشنے والا ہے﴿١٥٥﴾

when they were seized with a violent earthquake, he said: "O my Lord, if it had been Your Will, You could have destroyed them and me before; would You destroy us for the deeds of the foolish ones among us? It is only Your trial by which You lead astray whom You will, and keep guided whom You will. You are our *Walī* (Protector), so forgive us and have mercy on us: for You are the Best of those who forgive.

وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً
وَفِي الْآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَا إِلَيْكَ ۚ قَالَ
عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ ۖ
وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۚ فَسَأَكْتُبُهَا
لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ
وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٦﴾

اور تو ہمارے لیے اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی بھلائی لکھ دے، بے شک ہم نے تیری ہی طرف رجوع کیا ہے۔ اللہ نے کہا: میں جسے چاہتا ہوں اپنا عذاب پہنچاتا ہوں اور میری رحمت نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے، چنانچہ جلد ہی میں اس (رحمت) کو ان لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو پرہیزگار ہیں اور زکاۃ دیتے ہیں اور (ان کے لیے بھی) جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں﴿١٥٦﴾

156. "And ordain for us good in this world, and in the Hereafter. Certainly we have turned to You." He said: (As to) My punishment I afflict therewith whom I will and My Mercy embraces all things. That (Mercy) I shall ordain for those who are the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2), and give *Zakāt* (obligatory charity); and those who believe in Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs and revelations, etc.);

الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ
الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا
عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُمْ
بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ
لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ
وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ
عَلَيْهِمْ ۚ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ
وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ

(یعنی) وہ لوگ جو اس رسول اُمی نبی (محمد ﷺ) کی پیروی کرتے ہیں جس کا ذکر وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا پاتے ہیں،① وہ انھیں اچھے کاموں کا حکم دیتا ہے اور انھیں برے کاموں سے روکتا ہے۔ اور وہ ان کے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کرتا ہے اور ان پر ناپاک چیزیں حرام ٹھہراتا ہے اور ان پر سے ان کے بوجھ اور وہ طوق اتارتا ہے جو ان پر تھے، چنانچہ جو لوگ اس پر ایمان لائے اور انھوں نے اس کی تعظیم کی اور اس کی مدد کی اور اس نور (ہدایت) کی

157. Those who follow the Messenger, the Prophet who can neither read nor write (i.e. Muhammad ﷺ) whom they find written with them in the Taurāt (Torah) (Deut, xviii 15) and the Injīl (Gospel) (John, xiv 16) with them,[1] — he commands them for *Al-Ma'rūf* (i.e. Islāmic Monotheism and all that Islām has ordained); and forbids them from *Al-Munkar* (i.e. disbelief,

---

[1] (V.7:157) There exists in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel), even after the original text has been distorted, clear prophecies indicating the coming of Prophet Muhammad ﷺ, e.g. Deut. 18:18; 21:21; Psl. 118:22-23; Isa. 42:1-13; Hab. 3:3-4; Matt. 21:42-43; Jn.14:12-17, 26-28; 16:7-14.

① تورات اور انجیل میں ان کے اصل متن کے مسخ ہو جانے کے باوجود محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت کے بارے میں بڑی واضح پیشین گوئیاں موجود ہیں۔ مثلاً: استثناء: 21:21، 18:18-21، زبور: 118:22-23، یسعیاہ: 42:1-13، حبقوق: 3:3-4، انجیل متی: 21:42-43 اور انجیل یوحنا: 14:12-17، 26-27، 16:7-14 دوسرے مقام پر اللہ نے فرمایا: ''اے اہل کتاب! (یہود و نصاریٰ) ایمان لے آؤ اس قرآن پر جو ہم نے نازل کیا ہے وہ اس (کتاب) کی بھی تصدیق کرتا ہے جو تمھارے پاس پہلے سے موجود ہے قبل اس کے کہ ہم (لوگوں کے) چہرے بگاڑ کر پیچھے پھیر دیں یا اسی طرح ہم ان پر لعنت کریں جس طرح ہم نے ''اصحاب سبت'' پر لعنت کی تھی اور یاد رکھو! اللہ کا حکم نافذ ہو کر رہتا ہے۔'' (سورۂ نساء 4/47) مزید ملاحظہ ہو: (سورۃ الحدید 28)

ع 19 6 9 مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٥٧﴾

پیروی کی جو اس پر نازل کیا گیا، وہی فلاح پانے
والے ہیں ﴿١٥٧﴾

polytheism of all kinds, and all that Islām has forbidden); he allows them as lawful *At-Tayyibāt* (i.e. all good and lawful as regards things, deeds, beliefs, persons and foods), and prohibits them as unlawful *Al-Khabā'ith* (i.e. all evil and unlawful as regards things, deeds, beliefs, persons and foods[1]), he releases them from their heavy burdens (of Allāh's Covenant with the Children of Israel), and from the fetters (bindings) that were upon them. So those who believe in him (Muhammad ﷺ), honour him, help him, and follow the light (the Qur'ān) which has been sent down with him, it is they who will be the successful.[2]

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ
يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ
تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥٨﴾

کہہ دیجیے: اے لوگو! بے شک میں تم سب کی طرف
اللہ کا رسول ہوں، جس کے پاس آسمانوں اور زمین
کی بادشاہی ہے، اس کے سوا کوئی معبود (برحق)
نہیں، وہ زندہ کرتا اور مارتا ہے، لہٰذا تم اللہ پر اور اس
کے رسول اُمی نبی پر ایمان لاؤ، جو (خود بھی) اللہ اور
اس کے (تمام) کلمات پر ایمان لاتا ہے، اور تم اس کی
پیروی کرو، تاکہ تم ہدایت پاؤ ﴿١٥٨﴾

158. Say (O Muhammad ﷺ): "O mankind! Verily, I am sent to you all as the Messenger of Allāh — to Whom belongs the dominion of the heavens and the earth. *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He). It is He Who gives life and causes death. So believe in Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), the Prophet who can neither read nor write (i.e. Muhammad ﷺ), who believes in Allāh and His Words [(this Qur'ān), the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel) and also Allāh's Word: "Be!" — and he was, i.e. 'Īsā (Jesus) son of Maryam (Mary), عليهما السلام], and follow him so that you may

---

[1] (V.7:157) *Al-Khabā'ith* (All evil unlawful forbidden things). It also includes habitual eating and drinking of narcotic drugs like morphine, heroin, cannabis, etc., and tobacco smoking that spoils one's health and even may lead to one's death.

[2] (V.7:157)

A) "O you who have been given the Scripture (Jews and Christians)! Believe in what We have revealed (to Muhammad ﷺ) confirming what is (already) with you, before We efface faces [by making them (faces) like the backs of the necks; without nose, mouth and eyes], and turn them hindwards, or curse them as We cursed the Sabbath-breakers. And the Commandment of Allāh is always executed." (V.4:47).

B) See (V.57:28) and its footnote.

be guided.[1] "

159. And of the people of Mūsā (Moses) there is a community who lead (the men) with truth and establish justice therewith (i.e. judge among men with truth and justice).

اور موسیٰ کی قوم میں سے ایک گروہ (ایسا) ہے جو حق کے ساتھ رہنمائی کرتے ہیں اور اسی (حق) کے ساتھ عدل کرتے ہیں۝

وَمِنْ قَوْمِ مُوسٰى أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُونَ ﴿١٥٩﴾

160. And We divided them into twelve tribes (as distinct) nations. We revealed to Mūsā (Moses) when his people asked him for water (saying): "Strike the stone with your stick'', and there gushed forth out of it twelve springs, each group knew its own place for water. We shaded them with the clouds and sent down upon them *Al-Manna*[2] and the quail (saying): "Eat of the good things with which We have provided you." They harmed Us not but they used to harm themselves.

اور ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو بارہ قبیلوں کے لحاظ سے (بارہ) گروہوں میں بانٹ دیا تھا اور جب موسیٰ کی قوم نے اس سے پانی مانگا تو ہم نے اس کی طرف وحی کی کہ تو اپنا عصا (اس) پتھر پر مار۔ (اس نے مارا) تو اس (پتھر) سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، تب ہر قبیلے نے اپنا گھاٹ جان لیا اور ہم نے ان پر بادلوں کا سایہ کیا، اور ہم نے ان پر مَنّ اور سلویٰ① نازل کیا (اور کہا:) جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تمھیں دی ہیں، ان میں سے کھاؤ۔ اور (اس کے بعد) انھوں نے (جو کچھ کیا تو) ہم پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ اپنے آپ ہی پر ظلم کرتے رہے۝

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا ۚ وَأَوْحَيْنَآ إِلٰى مُوسٰىٓ إِذِ اسْتَسْقٰهُ قَوْمُهٗٓ أَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۚ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۚ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۚ كُلُوا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۚ وَمَا ظَلَمُونَا وَلٰكِنْ كَانُوٓا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿١٦٠﴾

161. And (remember) when it was said to them: "Dwell in this town (Jerusalem) and eat therefrom wherever you wish, and say, '(O Allāh) forgive our sins'; and enter the gate prostrate (bowing with humility). We shall forgive you your wrongdoings. We shall increase (the reward) for the good-doers."

اور جب ان سے کہا گیا: تم اس بستی میں ٹھہرو اور اس میں جہاں سے جی چاہے کھاؤ پیو (رزق حاصل کرو) اور کہو: [حِطَّةٌ] "ہمیں معاف کر دے"، اور (شہر کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا تو ہم تمھاری خاطر تمھاری خطائیں معاف کر دیں گے، پھر ہم نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے۝

وَإِذْ قِيلَ لَهُمُ اسْكُنُوا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُولُوا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيٓئٰتِكُمْ ۚ سَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٦١﴾

162. But those among them who did wrong, changed the word that had been told to them. So We sent on them a torment from the heaven in return for their wrongdoings.[3]

پھر ان میں سے جن لوگوں نے ظلم کیا تھا، انھوں نے اس لفظ کو، جس کا انھیں حکم دیا گیا تھا، اس کے برعکس بدل ڈالا، تب ہم نے آسمان سے ان پر عذاب بھیجا،② اس لیے کہ وہ ظلم کرتے تھے۝

فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوا يَظْلِمُونَ ﴿١٦٢﴾ 20 ع 5 10

163. And ask them (O Muhammad ﷺ) about the town that was by the sea; when they transgressed in the matter of the

اور (اے نبی!) ان (یہود مدینہ) سے اس بستی (ایلہ) کے بارے میں پوچھیں جو سمندر کے ساحل پر واقع تھی، جب وہ لوگ سبت (ہفتے کے دن) کے بارے

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ وقف لازم

[1] (V.7:158) See the footnote (A) of the (V.2:252).
[2] (V.7:160) See the footnote of (V.2:57).
[3] (V.7:162): See (V.2:59) and its footnote.

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ: 57/2)
② ملاحظہ ہو آیت و حاشیہ: (سورۂ بقرہ: 59/2)

إِذْ تَأْتِيهِمْ حِيتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُونَ ۙ لَا تَأْتِيهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ نَبْلُوهُم بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿١٦٣﴾

میں حد سے گزر جاتے تھے، جبکہ ان کے یومِ سبت کو ان کی (شکار کی) مچھلیاں ان کے پاس ظاہر (پانی کے اوپر) آ جاتی تھیں، اور جس دن ان کا ہفتہ نہ ہوتا وہ (ان کے پاس) نہیں آتی تھیں۔ اسی طرح ہم انھیں آزماتے تھے، اس لیے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے ﴿١٦٣﴾

Sabbath (i.e. Saturday): when their fish came to them openly on the Sabbath day, and did not come to them on the day they had no Sabbath. Thus We made a trial of them, for they used to rebel against Allāh's Command (disobey Allāh) [see the Qur'ān: V.4:154 and its footnote].

وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ قَوْمًا ۙ اللَّهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۖ قَالُوا مَعْذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿١٦٤﴾

اور جب ان میں سے ایک گروہ نے (دوسرے سے) کہا: تم ایسے لوگوں کو وعظ کیوں کرتے ہو جنھیں اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا سخت عذاب دینے والا ہے؟ انھوں نے جواب دیا: اس لیے کہ (ہم) تمھارے رب کے حضور عذر کر سکیں اور شاید کہ وہ (اللہ سے) ڈریں ﴿١٦٤﴾

164. And when a community among them said: "Why do you preach to a people whom Allāh is about to destroy or to punish with a severe torment?" (The preachers) said: "In order to be free from guilt before your Lord (Allāh), and perhaps they may fear Allāh."

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوءِ وَأَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿١٦٥﴾

پھر جب انھوں نے وہ باتیں بھلا دیں جن کی انھیں نصیحت کی گئی تھی تو ہم نے ان لوگوں کو نجات دی جو برے کام سے روکتے تھے، اور ہم نے ان لوگوں کو بدترین عذاب کے ساتھ پکڑ لیا جنھوں نے زیادتی کی تھی، اس لیے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے ﴿١٦٥﴾

165. So when they forgot the remindings that had been given to them, We rescued those who forbade evil, but with a severe torment We seized those who did wrong because they used to rebel against Allāh's Command (disobey Allāh).

فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ﴿١٦٦﴾

پھر جب انھوں نے اس معاملے میں سرکشی کی جس سے انھیں روکا گیا تھا تو ہم نے ان سے کہا: ہو جاؤ ذلیل بندر[①] ﴿١٦٦﴾

الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ
تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ
وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ڏ
لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى
مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ ﴿42﴾

جبکہ تم (میدان بدر کے) قریب والے کنارے پر تھے
اور وہ (کافر) دور والے کنارے پر تھے اور (قریش کا
تجارتی) قافلہ تم سے بہت نیچے (بحیرہ قلزم کے ساحل کی
طرف) تھا۔ اور اگر تم (دونوں فریق جنگ کے
لیے) آپس میں وعدہ کرتے تو مقررہ وقت پر ضرور
اختلاف کرتے اور لیکن (ہوا یہ کہ دونوں گروہ آمنے
سامنے آگئے) تاکہ اللہ اس کام کو پورا کردے جو
ہونے والا تھا تاکہ جو ہلاک ہو وہ حجت (قائم ہونے)
سے ہلاک ہو اور جو زندہ رہے وہ دلیل سے (حق
پہچان کر) زندہ رہے، اور بے شک اللہ خوب سننے والا،
خوب جاننے والا ہے ﴿42﴾

42. (And remember) when you (the Muslim army) were on the near side of the valley, and they on the farther side, and the caravan on the ground lower than you. Even if you had made a mutual appointment to meet, you would certainly have failed in the appointment, but (you met) that Allāh might accomplish a matter already ordained (in His Knowledge), so that those who were to be destroyed (for their rejecting the Faith) might be destroyed after a clear evidence, and those who were to live (i.e. believers) might live after a clear evidence. And surely, Allāh is All-Hearer, All-Knower.

اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ
وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ
فِي الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ
بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿43﴾

(اے نبی! یاد کریں) جب اللہ نے آپ کے خواب میں
آپ کو ان کی تعداد کم دکھائی اور اگر وہ آپ کو ان کی
تعداد زیادہ دکھاتا تو تم ضرور ہمت ہار دیتے اور اس
معاملے میں آپس میں اختلاف کرتے لیکن اللہ نے
(تمھیں) بچا لیا۔ بے شک وہ سینوں کے بھید خوب
جانتا ہے ﴿43﴾

43. (And remember) when Allāh showed them to you as few in your (i.e. Muhammad's) dream; if He had shown them to you as many, you would surely have been discouraged, and you would surely have disputed in making a decision. But Allāh saved (you). Certainly, He is the All-Knower of what is in the breasts.

وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ اَعْيُنِكُمْ
قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ

اور (اے مسلمانو! یاد کرو) جب تم (کافروں کے) آمنے
سامنے ہوئے تو اللہ نے انھیں تمھاری نظروں میں

44. And (remember) when you met (the army of the disbelievers on the day of the battle of Badr),

أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤٤﴾ ع 5/7/1

تھوڑا دکھایا اور تمھیں ان کی نظروں میں تھوڑا دکھایا تاکہ اللہ اس کام کو پورا کردے جو ہونے والا تھا۔ اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹتے ہیں ﴿٤٤﴾

He showed them to you as few in your eyes and He made you appear as few in their eyes, so that Allāh might accomplish a matter already ordained (in His Knowledge), and to Allāh return all matters (for decision).

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٤٥﴾

اے ایمان والو! جب کسی گروہ سے تمھارا آمنا سامنا ہو تو ثابت قدم رہو اور اللہ کو بہت یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ ﴿٤٥﴾

45. O you who believe! When you meet (an enemy) force, take a firm stand against them and remember the Name of Allāh much (both with tongue and mind), so that you may be successful.

وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ ۖ وَاصْبِرُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ﴿٤٦﴾

اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ تم ہمت ہار بیٹھو گے اور تمھاری ہوا اکھڑ جائے گی۔ اور صبر کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿٤٦﴾

46. And obey Allāh and His Messenger (ﷺ), and do not dispute (with one another) lest you lose courage and your strength departs, and be patient. Surely, Allāh is with those who are *As-Sābirūn* (the patient).

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿٤٧﴾

اور تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو (اپنی شان) دکھاتے ہوئے نکلے اور وہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے تھے۔ اور وہ جو کچھ کر رہے ہیں اللہ اس کا احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿٤٧﴾

47. And be not like those who come out of their homes boastfully and to be seen of men, and hinder (men) from the path of Allāh; and Allāh is *Muhītun* (encircling and thoroughly comprehending) all that they do.

وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ ۖ فَلَمَّا تَرَاءَتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَىٰ مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ ۚ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿٤٨﴾ ع 6/4/2

اور (یاد کرو) جب شیطان نے ان کے اعمال ان کے لیے سجا کر پیش کیے اور وہ کہنے لگا: آج لوگوں میں سے کوئی تم پر غالب نہیں آسکتا اور بے شک میں تمھارا ساتھی ہوں، پھر جب دونوں فوجوں کا آمنا سامنا ہوا تو وہ الٹے پاؤں پھر گیا اور کہنے لگا: بے شک میں تم سے بری ہوں۔ بے شک میں وہ (فرشتے) دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے۔ بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ سخت سزا دینے والا ہے ﴿٤٨﴾

48. And (remember) when *Shaitān* (Satan) made their (evil) deeds seem fair to them and said, "No one of mankind can overcome you this day (of the battle of Badr) and verily, I am your *Jār* [protector, helper, neighbour (for every help)]." But when the two forces came in sight of each other, he ran away and said "Verily, I have nothing to do with you. Verily, I see what you see not. Verily, I fear Allāh for Allāh is Severe in punishment."

إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَٰؤُلَاءِ دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٤٩﴾

جب منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ تھا، یہ کہتے تھے کہ ان (مسلمانوں) کو ان کے دین نے دھوکے میں ڈال دیا ہے۔ اور جو کوئی اللہ پر بھروسا کرے تو بے شک اللہ زبردست خوب حکمت

49. When the hypocrites and those in whose hearts was a disease (of disbelief) said: "These people (Muslims) are deceived by their religion." But whoever puts

والا ہے ﴿49﴾

his trust in Allāh, then surely, Allāh is All-Mighty, All-Wise.

وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا ۙ
الْمَلَٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ
وَأَدْبَٰرَهُمْ ۚ وَذُوقُوا عَذَابَ
الْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾

اور کاش! آپ دیکھیں، جبکہ فرشتے کافروں کو فوت کرتے ہیں، وہ ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر مارتے ہیں اور (کہتے ہیں کہ) تم جلا دینے والا عذاب چکھو ﴿50﴾

50. And if you could see when the angels take away the souls of those who disbelieve (at death); they smite their faces and their backs, (saying): "Taste the punishment of the blazing Fire."

ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ
لَيْسَ بِظَلَّٰمٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿٥١﴾

یہ اسی کا بدلہ ہے جو تمھارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور یہ (جان لو) کہ بے شک اللہ (اپنے) بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ﴿51﴾

51. "This is because of that which your hands have forwarded. And verily, Allāh is not unjust to His slaves."

كَدَأْبِ ءَالِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن
قَبْلِهِمْ ۚ كَفَرُوا بِـَٔايَٰتِ اللَّهِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ
بِذُنُوبِهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ
الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾

ان کی عادت آل فرعون اور ان لوگوں کی عادت جیسی ہے جو ان سے پہلے تھے، انھوں نے اللہ کی آیات کا انکار کیا تو اللہ نے ان کے گناہوں کی وجہ سے انھیں پکڑ لیا۔ بے شک اللہ بہت طاقتور، سخت سزا والا ہے ﴿52﴾

52. Similar to the behaviour of the people of Fir'aun (Pharaoh), and of those before them — they rejected the *Ayāt* (proofs, verses, etc.) of Allāh, so Allāh punished them for their sins. Verily, Allāh is All-Strong, Severe in punishment.

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً
أَنْعَمَهَا عَلَىٰ قَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا
بِأَنفُسِهِمْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٥٣﴾

یہ اس لیے کہ بے شک اللہ کوئی نعمت، جو اس نے کسی قوم کو بخشی ہو، نہیں بدلتا یہاں تک کہ وہ خود اپنے نفسوں کی حالت بدل لیں۔ اور بے شک اللہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿53﴾

53. That is so because Allāh will never change a grace which He has bestowed on a people until they change what is in their ownselves. And verily, Allāh is All-Hearer, All-Knower.

كَدَأْبِ ءَالِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِينَ مِن
قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمْ
فَأَهْلَكْنَٰهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَآ ءَالَ
فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوا ظَٰلِمِينَ ﴿٥٤﴾

ان کی عادت آل فرعون اور ان لوگوں کی عادت جیسی ہے جو ان سے پہلے تھے، انھوں نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا تو ہم نے انھیں ان کے گناہوں کی وجہ سے ہلاک کر دیا، اور ہم نے آل فرعون کو غرق کر دیا۔ اور وہ سب ظالم تھے ﴿54﴾

54. Similar to the behaviour of the people of Fir'aun (Pharaoh), and those before them. They denied the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of their Lord, so We destroyed them for their sins, and We drowned the people of Fir'aun (Pharaoh) for they were all *Zālimūn* (polytheists and wrong doers).

إِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِندَ اللَّهِ الَّذِينَ
كَفَرُوا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٥٥﴾

بے شک زمین پر چلنے پھرنے والوں میں سے، اللہ کے نزدیک، بدترین وہ لوگ ہیں جنھوں نے کفر کیا، پھر وہ ایمان نہیں لاتے① ﴿55﴾

55. Verily, the worst of moving (living) creatures before Allāh are those who disbelieve,[1] — so they shall not believe.

---

[1] (V.8:55) i.e. disbelieve in their Lord (Allāh), deny His Oneness, worship others besides Him, deny His Messengers, and believe not in the Divine Revelation.

① یعنی جو اپنے رب (اللہ) پر ایمان نہیں رکھتے، اس کی وحدانیت کا انکار کرتے ہیں اور اس کے سوا دوسروں کی پرستش کرتے ہیں، اس کے پیغمبروں کا انکار کرتے ہیں اور وحی الٰہی پر ایمان نہیں لاتے۔

ٱلَّذِينَ عَٰهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِى كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لَا يَتَّقُونَ ﴿٥٦﴾

وہ جن سے آپ نے معاہدہ کیا، پھر وہ ہر بار اپنا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور وہ (اللہ سے ذرا) نہیں ڈرتے ﴿٥٦﴾

56. They are those with whom you made a covenant, but they break their covenant every time and they do not fear Allāh.

فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِى ٱلْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿٥٧﴾

پھر اگر آپ ان کو لڑائی میں پائیں تو ان کے ساتھ ان لوگوں کو بھی بھگا دیں جو ان کے پیچھے ہوں، شاید کہ وہ نصیحت پکڑیں ﴿٥٧﴾ .

57. So if you gain the mastery over them in war, punish them severely in order to disperse those who are behind them, so that they may learn a lesson.

وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوْمٍ خِيَانَةً فَٱنۢبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَآءٍ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ ٱلْخَآئِنِينَ ﴿٥٨﴾ ع 7/10/3

اور اگر آپ کو کسی قوم کی طرف سے خیانت (بدعہدی) کا خوف ہو تو برابری (کی سطح) پر ان کا عہد ان کے منہ پر دے ماریں۔ بے شک اللہ خیانت (بدعہدی) کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿٥٨﴾

58. If you (O Muhammad ﷺ) fear treachery from any people throw back (their covenant) to them (so as to be) on equal terms (that there will be no more covenant between you and them). Certainly Allāh likes not the treacherous.

وَلَا يَحْسَبَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ سَبَقُوٓا۟ ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ﴿٥٩﴾

اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ یہ خیال نہ کریں کہ وہ سبقت لے گئے ہیں۔ بے شک وہ (اپنی چالوں سے اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے ﴿٥٩﴾

59. And let not those who disbelieve think that they can outstrip (escape from the punishment). Verily, they will never be able to save themselves (from Allāh's punishment).

وَأَعِدُّوا۟ لَهُم مَّا ٱسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ ٱلْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِۦ عَدُوَّ ٱللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَءَاخَرِينَ مِن دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمُ ٱللَّهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا تُنفِقُوا۟ مِن شَىْءٍ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ﴿٦٠﴾

اور ان (کافروں کے مقابلے) کے لیے تم مقدور بھر قوت (تیر و تفنگ) اور بندھے ہوئے گھوڑے تیار رکھو جن سے تم اللہ کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو اور ان کے علاوہ دوسروں کو ڈرائے رکھو جنھیں تم نہیں جانتے (مگر) اللہ انھیں جانتا ہے اور تم اللہ کی راہ میں جو کچھ خرچ کرو گے تمھیں (اس کا) پورا پورا ثواب دیا جائے گا۔ اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿٦٠﴾

60. And make ready against them all you can of power, including steeds of war (tanks, planes, missiles, artillery) to threaten thereby the enemy of Allāh and your enemy, and others besides them, whom you may not know, (but) whom Allāh does know. And whatever you shall spend in the Cause of Allāh, shall be repaid to you, and you shall not be treated unjustly.

وَإِن جَنَحُوا۟ لِلسَّلْمِ فَٱجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى ٱللَّهِ ۚ إِنَّهُۥ هُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ ﴿٦١﴾

اور (اے نبی!) اگر وہ صلح کی طرف مائل ہوں تو آپ بھی اس کی طرف مائل ہو جائیں اور اللہ پر بھروسا رکھیں، بے شک وہی خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿٦١﴾

61. But if they incline to peace, you (also) incline to it, and (put your) trust in Allāh. Verily, He is the All-Hearer, the All-Knower.

وَإِن يُرِيدُوٓا۟ أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ ٱللَّهُ ۚ هُوَ ٱلَّذِىٓ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِۦ وَبِٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾

اور اگر وہ آپ کو دھوکا دینا چاہیں تو بے شک آپ کے لیے اللہ کافی ہے، وہی تو ہے جس نے اپنی مدد سے اور مومنوں سے آپ کی تائید کی ﴿٦٢﴾

62. And if they intend to deceive you, then verily, Allāh is All-Sufficient for you. He it is Who has supported you with His Help and with the believers.

وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِى

اور اس نے ان (مومنوں) کے دلوں میں الفت ڈال

63. And He has united their (i.e.

الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿63﴾

دی اگر آپ دنیا بھر کے سب خزانے خرچ کر دیتے تو بھی ان کے دلوں میں الفت پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ ہی نے ان میں الفت ڈالی۔ بے شک وہ زبردست (اور) خوب حکمت والا ہے﴿63﴾

believers') hearts. If you had spent all that is in the earth, you could not have united their hearts, but Allāh has united them. Certainly He is All-Mighty, All-Wise.

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿64﴾ ع 6/4

اے نبی! آپ کے لیے اللہ کافی ہے اور ان لوگوں کے لیے بھی جو مومنوں میں سے آپ کی پیروی کرتے ہیں﴿64﴾

64. O Prophet (Muhammad ﷺ)! Allāh is Sufficient for you and for the believers who follow you.

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ۭ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿65﴾

اے نبی! مومنوں کو جہاد پر ابھاریں اگر تم میں بیس صبر کرنے والے ہوں تو وہ دو سو (کافروں) پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں ایک سو (صابر) ہوں تو وہ ہزار (کافر) پر غالب آئیں گے، اس لیے کہ وہ لوگ کچھ بھی سمجھ نہیں رکھتے﴿65﴾

65. O Prophet (Muhammad ﷺ)! Urge the believers to fight. If there are twenty steadfast persons amongst you, they will overcome two hundred, and if there be a hundred steadfast persons they will overcome a thousand of those who disbelieve, because they (the disbelievers) are a people who do not understand.

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ۭ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿66﴾

اب اللہ نے تم سے تخفیف کر دی اور اس نے جان لیا کہ تمھارے اندر کچھ کمزوری ہے، چنانچہ اگر تم میں ایک سو صبر کرنے والے ہوں تو وہ دو سو (کافروں) پر غالب آئیں گے۔ اور اگر تم میں سے ایک ہزار (ایسے) ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار پر غالب آئیں گے۔ اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے﴿66﴾

66. Now Allāh has lightened your (task), for He knows that there is weakness in you. So, if there are of you a hundred steadfast persons, they shall overcome two hundred, and if there are a thousand of you, they shall overcome two thousand with the Leave of Allāh. And Allāh is with *As-Sābirūn* (the patient).

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ۭ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ڰ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿67﴾

کسی نبی کے لائق نہیں کہ اس کے پاس قیدی ہوں یہاں تک کہ وہ زمین میں خوب خون ریزی (انھیں قتل) کرے۔ (مسلمانو!) تم سامان دنیا چاہتے ہو اور اللہ (تمھاری) آخرت چاہتا ہے اور اللہ زبردست، خوب حکمت والا ہے﴿67﴾

67. It is not for a Prophet that he should have prisoners of war (and free them with ransom) until he had made a great slaughter (among his enemies) in the land. You desire the good of this world (i.e. the money of ransom for freeing the captives), but Allāh desires (for you) the Hereafter. And Allāh is All-Mighty, All-Wise.

لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿68﴾

اگر اللہ کی طرف سے پہلے ہی (ایک بات) لکھی ہوئی نہ ہوتی تو تم نے (بدر کے قیدیوں سے) جو (فدیہ) لیا اس کے بدلے تمھیں بڑا عذاب آ پکڑتا﴿68﴾

68. Were it not a previous ordainment from Allāh, a severe torment would have touched you for what you took.

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ڮ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿69﴾ ع 7/5

پھر جو حلال، پاکیزہ غنیمت تم نے حاصل کی ہے اس میں سے کھاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ

69. So enjoy what you have gotten of booty in war, lawful and

بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿69﴾

good, and be afraid of Allāh. Certainly, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْۤ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰۤى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿70﴾

اے نبی! جو قیدی تمھارے ہاتھوں گرفتار ہیں، آپ ان سے کہہ دیں: اگر اللہ تمھارے دلوں میں بھلائی جان لے گا تو تمھیں اس (فدیے) سے کہیں بہتر عطا کرے گا جو تم سے لیا گیا ہے اور تمھیں بخش دے گا اور اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿70﴾

70. O Prophet (Muhammad ﷺ)! Say to the captives that are in your hands: "If Allāh knows any good in your hearts, He will give you something better than what has been taken from you, and He will forgive you, and Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful."

وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿71﴾

اور (اے نبی!) اگر وہ آپ سے خیانت (دغا) کرنا چاہیں تو وہ پہلے ہی اللہ سے خیانت کر چکے ہیں، پھر اس نے انھیں تمھارے قبضے میں دے دیا اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿71﴾

71. But if they intend to betray you (O Muhammad ﷺ), they indeed betrayed Allāh before. So, He gave (you) power over them. And Allāh is All-Knower, All-Wise.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْۤا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿72﴾

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت کی اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنھوں نے (مہاجروں کو اپنے ہاں) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی، وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اور جو لوگ ایمان تو لے آئے مگر انھوں نے ہجرت نہیں کی، ان کی دوستی سے تمھیں کوئی غرض نہیں حتی کہ وہ ہجرت کریں۔ اور اگر وہ تم سے دین (کے معاملے) میں مدد مانگیں تو تم پر مدد لازم ہے مگر اس قوم کے خلاف نہیں کہ جن کے اور تمھارے درمیان کوئی معاہدہ ہو، اور تم جو کام کرتے ہو اللہ دیکھ رہا ہے ﴿72﴾

72. Verily, those who believed, and emigrated and strove hard and fought with their property and their lives in the Cause of Allāh as well as those who gave (them) asylum and help, — these are (all) allies to one another. And as to those who believed but did not emigrate (to you O Muhammad ﷺ), you owe no duty of protection to them until they emigrate,[1] but if they seek your help in religion, it is your duty to help them except against a people with whom you have a treaty of mutual alliance; and Allāh is the All-Seer of what you do.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿73﴾

اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ (اے مسلمانو!) اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں فتنہ① اور بڑا فساد مچے گا ﴿73﴾ ★

73. And those who disbelieve are allies of one another, (and) if you (Muslims of the whole world collectively) do not do so [i.e. become allies, as one united

[1] (V.8:72) See the footnote of (V.3:149).

① تفسیر طبری: (ج:10 ص:56) میں بیان کیا گیا ہے کہ اس آیت: "اور جو لوگ منکر حق ہیں وہ ایک دوسرے کے حامی و مددگار ہیں (اور) اگر تم (دنیا بھر کے مسلمانو! اجتماعی طور پر) ایسا نہ کرو گے، یعنی ایک متحدہ بلاک کی طرح ایک دوسرے کے حامی نہ بنو گے تو زمین پر زبردست فتنہ وفساد واقع ہو جائے گا۔" کی بہترین تفسیر یہ ہے: "اگر تم وہ کچھ نہ کرو جو میں (اللہ) نے تمھیں کرنے کا حکم دیا ہے، یعنی تم دنیا بھر کے مسلمان اللہ کے دین کو غالب اور فتح مند کرنے کے لیے ایک متحدہ بلاک کی طرح ایک دوسرے کے حامی وحلیف نہ بنو گے تو دنیا میں عظیم فتنہ وفساد (شرک وکفر، جنگ وقتال، ہلاکت وخونریزی، ڈاکہ زنی، بددیانتی اور ظلم واستبداد وغیرہ) برپا ہو جائے گا اور ایک ہی وقت میں متعدد خلفاء (مسلمان حکمرانوں) کا ہونا بھی ایک فتنہ ہے جیسا کہ صحیح مسلم میں عَرْفَجَة سے روایت کیا گیا ہے، وہ کہتے ہیں، میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: "جب تم سب (مسلمان) ایک خلیفہ کی قیادت (سربراہی) میں متحد ہو جاؤ اور کوئی شخص

block under one *Khalīfah* (a chief Muslim ruler for the whole Muslim world) to make victorious Allāh's religion of Islāmic Monotheism], there will be *Fitnah* (wars, battles, polytheism) and oppression on the earth, and great mischief and corruption (appearance of polytheism).[1]

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جنھوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی، وہی لوگ سچے مومن ہیں، ان کے لیے مغفرت اور باعزت روزی ہے ⑭

74. And those who believed, and emigrated and strove hard in the Cause of Allāh (*Al-Jihād*), as well as those who gave (them) asylum and aid — these are the believers in truth, for them is forgiveness and *Rizqun Karīm* (a generous provision, i.e. Paradise).

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٥﴾ ع 10 / 6

اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت کی اور تمھارے ساتھ (مل کر) جہاد کیا تو وہ بھی تمھی میں سے ہیں اور اللہ کی کتاب میں (خون کے) رشتے دار آپس میں ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں۔ بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے ⑮

75. And those who believed afterwards, and emigrated and strove hard along with you (in the Cause of Allāh), they are of you. But kindred by blood are nearer to one another (regarding inheritance) in the decree ordained by Allāh. Verily, Allāh is the All-Knower of everything.

★ بقیہ حاشیہ: انفال، آیت: 73.

تمہارے درمیان اِفتراق و اِنتشار پیدا کر کے تمھیں الگ الگ گروہوں میں تقسیم کرنا چاہے تو اَیسے شخص کی گردن اُڑا دو۔" (صحیح مسلم، الإمارة، بَابُ حُكْمِ مَنْ فَرَّقَ أَمْرَ الْمُسْلِمِينَ وَهُوَ مُجْتَمِعٌ، حدیث: 1852) ایک اور روایت میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اگر مسلمانانِ دنیا دو خلفاء (اعلیٰ مسلمان حکمران) سے بیعت (سمع و اطاعت کا عہد و پیمان) کرلیں تو (ان میں سے پہلا جس کے ہاتھ پر پہلے بیعت کی گئی تھی خلیفہ کے طور پر باقی رہے گا جبکہ) دوسرے کو قتل کر دیا جائے" (صحیح مسلم، الإمارة، بَابُ إِذَا بُويِعَ لِخَلِيفَتَيْنِ، حدیث: 1853) مذکورہ (قرآن و حدیث کے) واضح دلائل سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک قانونی فرض ہے کہ ایک وقت میں ساری اسلامی دنیا کے لیے ایک سے زائد خلیفہ (مسلمان حکمران اعلیٰ) نہیں ہونے چاہییں بصورت دیگر مسلمانوں کے اندر ایک عظیم فتنہ (فساد) برپا ہو جائے گا جس کے انتہائی نتائج قابل ستائش نہ ہوں گے۔

[1] (V.8:73) It has been mentioned in *Tafsīr At-Tabarī* that the best interpretation of this Verse: - "And those who disbelieve are allies of one another, (and) if you (Muslims of the whole world collectively) do not do so (i.e. become allies, as one united block — V.8:73)," is that "If you do not do what We (Allāh) have ordered you to do, [i.e. all of you (Muslims of the whole world) do not become allies as one united block to make Allāh's religion (Islām) victorious, there will be a great *Fitnah* (polytheism, wars, battles, killing, robbing, a great mischief, corruption and oppression, etc.)]." And it is *Fitnah* to have many *Khalīfah* (Muslim rulers), as it has been mentioned in *Sahih Muslim* by 'Arfajah, who said: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying: "When you all (Muslims) are united (as one block) under a single *Khalīfah* (a chief Muslim ruler), and a man comes up to disintegrate you and separate you into different groups, then kill that man."

Also there is another narration in *Sahih Muslim*: Narrated Abu Sa'īd Al-Khudrī رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said: "If the Muslim world gave the *Bai'ah* (pledge) to two *Khalīfah* (chief Muslim rulers), the first one who was given the *Bai'ah* (pledge) first will remain as the *Khalīfah*, then kill the latter (the second) one."

So it is a legal obligation, from the above-mentioned evident proofs (from the Qur'ān and the Prophet's statement), that there shall not be more than one *Khalīfah* (a chief Muslim ruler) for the whole Muslim world or otherwise there will be a great *Fitnah* (mischief and evil) amongst the Muslims, the ultimate results of which will not be worthy of praise.

Sūrat At-Taubah (The Repentance) 9

سورۂ توبہ

آیاتها 129 (9) سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ (113) رکوعاتها 16

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝1

(اے مسلمانو!) جن مشرکین سے تم نے عہد کر رکھا تھا، اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان سے (اعلان) براءت ہے①

1. Freedom from (all) obligations (is declared) from Allāh and His Messenger (ﷺ) to those of the *Mushrikūn* (polytheists, pagans, idolaters, disbelievers in the Oneness of Allāh), with whom you made a treaty.

فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكٰفِرِيْنَ ۝2

چنانچہ (اے مشرکو!) تم زمین میں چار ماہ چل پھر لو، اور جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور یہ کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے②

2. So travel freely (O *Mushrikūn* — see V.2:105) for four months (as you will) throughout the land, but know that you cannot escape (from the punishment of) Allāh; and Allāh will disgrace the disbelievers.

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۗ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ ۝3

اور حج اکبر کے دن اللہ اور اس کے رسول کی جانب سے لوگوں کے لیے اعلان ہے کہ بلاشبہ اللہ اور اس کا رسول مشرکوں سے بری الذمہ ہیں، لہٰذا (اے مشرکو!) اگر تم توبہ کر لو تو یہ تمھارے لیے بہتر ہے اور اگر تم نے (حق سے) منہ موڑے رکھا تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے۔ اور (اے نبی!) آپ ان کافروں کو دردناک عذاب کی خبر سنا دیں③

3. And a declaration from Allāh and His Messenger (ﷺ) to mankind on the greatest day (the 10th of Dhul-Hijjah — the 12th month of Islāmic calendar) that Allāh is free from (all) obligations to the *Mushrikūn* (see V.2:105) and so is His Messenger (ﷺ). So if you (*Mushrikūn*) repent, it is better for you, but if you turn away, then know that you cannot escape (from the punishment of) Allāh. And give tidings (O Muhammad ﷺ) of a painful torment to those who disbelieve.

اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝4

لیکن جن مشرکوں سے تم نے عہد کیا ہے، پھر انھوں نے تمھارے حق میں کوئی کمی نہیں کی اور نہ تمھارے مقابلے میں کسی کی مدد کی تو ان سے (مقررہ) مدت تک ان کا عہد پورا کرو۔ بے شک اللہ متقیوں کو پسند کرتا ہے④

4. Except those of the *Mushrikūn* (see V.2:105) with whom you have a treaty, and who have not subsequently failed you in aught, nor have supported anyone against you. So fulfil their treaty to them for the end of their term. Surely, Allāh loves *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ

پھر جب حرمت والے مہینے گزر جائیں تو تم مشرکین کو جہاں کہیں پاؤ قتل کر دو اور انھیں پکڑ لو اور ان کا محاصرہ کر لو اور ہر گھات کی جگہ ان کی تاک میں بیٹھے رہو،① پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور نماز قائم کریں اور زکاۃ

5. Then when the Sacred Months (the 1st, 7th, 11th, and 12th months of the Islāmic calendar) have passed, then kill the *Mushrikūn* (see V.2:105)

① ملاحظہ کیجیے حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2:193)

مَرْصَدٍ ۚ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑤

دیں تو ان کی راہ چھوڑ دو۔ بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے⑤

wherever you find them, and capture them and besiege them, and lie in wait for them in every ambush. But if they repent [by rejecting *Shirk* (polytheism) and accept Islamic Monotheism] and perform *As-Salāt* (the prayers), and give *Zakāt* (obligatory charity), then leave their way free. Verily, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.[1]

وَإِنْ أَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهٗ ۚ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ⑥ ع 1 6 7

اور (اے نبی!) اگر مشرکوں میں سے کوئی آپ سے پناہ مانگے تو اس کو پناہ دیں یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سن لے، پھر اسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دیں، اس لیے کہ بے شک وہ ایسے لوگ ہیں جو علم نہیں رکھتے⑥

6. And if anyone of the *Mushrikūn* (polytheists, idolaters, pagans, disbelievers in the Oneness of Allāh) seeks your protection then grant him protection so that he may hear the Word of Allāh (the Qur'ān) and then escort him to where he can be secure, that is because they are men who know not.

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ إِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ⑦

بھلا مشرکوں کے لیے اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک کوئی عہد کیونکر ہو سکتا ہے سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے مسجد حرام کے قریب عہد لیا تھا، پھر (جب تک) وہ تمھارے ساتھ سیدھے رہیں تو تم بھی ان کے ساتھ سیدھے رہو۔ بے شک اللہ متقیوں کو پسند کرتا ہے①⑦

7. How can there be a covenant with Allāh and with His Messenger (ﷺ) for the *Mushrikūn* (polytheists, idolaters, pagans, disbelievers in the Oneness of Allāh) except those with whom you made a covenant near *Al-Masjid Al-Harām* (at Makkah)? So long as they are true to you, stand you true to them. Verily, Allāh loves *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

كَيْفَ وَإِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ إِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۚ يُرْضُوْنَكُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَأَكْثَرُهُمْ

کس طرح (مشرکوں سے عہد رہ سکتا ہے؟) جبکہ ان کا یہ حال ہے کہ اگر وہ تم پر غلبہ پالیں تو وہ تمھارے معاملے میں رشتے داری کا لحاظ کریں گے نہ کسی عہد

8. How (can there be such a covenant with them) that when you are overpowered by them, they regard not the ties, either of

[1] (V.9:5)
A) See the footnote of (V.2:193).
B) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه : When the Prophet ﷺ died and Abū Bakr became his successor and some of the Arabs reverted to disbelief, 'Umar said, "O Abū Bakr! How can you fight these people although Allāh's Messenger (ﷺ) said, 'I have been ordered to fight the people till they say: *La ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh), and whoever said *Lā ilāha illallāh,* Allāh will save his property and his life from me, unless (he does something for which he receives legal punishment) justly, and his account will be with Allāh?'" Abū Bakr said, "By Allāh! I will fight whoever differentiates between *Salāt* (prayers) and *Zakāt* (charity); as *Zakāt* is the right to be taken from property (according to Allāh's Orders). By Allāh! If they refused to pay me even a kid they used to pay to Allah's Messenger ﷺ, I would fight with them for withholding it." 'Umar said, "By Allāh! It was nothing, but I noticed that Allāh opened Abū Bakr's chest towards the decision to fight, therefore, I realized that his decision was right." [*Sahih Al-Bukhāri*, 9/6924-5 (O.P.59)]

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ، 2/2)

فٰسِقُوْنَ ⑧

کا۔ وہ اپنے مونہوں (زبانوں) سے تمھیں خوش کرتے ہیں اور ان کے دل انکار کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیں⑧

kinship or of covenant with you? With (good words from) their mouths they please you, but their hearts are averse to you, and most of them are *Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا
عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ⑨

انھوں نے اللہ کی آیات کو تھوڑی سی قیمت میں بیچا، پھر (لوگوں کو) اس کے راستے سے روکا، بے شک برا ہے جو وہ کرتے ہیں⑨

9. They have purchased with the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh a little gain, and they hindered men from His way; evil indeed is that which they used to do.

لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ⑩

وہ کسی مومن کے معاملے میں رشتے داری کا لحاظ کرتے ہیں نہ کسی عہد کا، اور وہی لوگ حد سے گزرنے والے ہیں⑩

10. With regard to a believer, they respect not the ties, either of kinship or of covenant! It is they who are the transgressors.

فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا
الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ
وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ⑪

پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکاۃ دیں تو وہ دین میں تمھارے بھائی ہیں۔ اور ہم (اپنی) نشانیاں ان لوگوں کے لیے تفصیل سے بیان کرتے ہیں جو علم رکھتے ہیں⑪

11. But if they repent [by rejecting *Shirk* (polytheism) and accept Islamic Monotheism], perform *As-Salāt* (the prayers) and give *Zakāt*[1] (obligatory charity), then they are your brethren in religion. (In this way) We explain the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) in detail for a people who know.

وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ
عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا
اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ
لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ⑫

اور اگر وہ اپنے عہد کے بعد اپنی قسموں کو توڑ ڈالیں اور تمھارے دین میں طعن کریں تو کفر کے (ان) سرداروں سے جنگ کرو، بے شک ان کی قسموں کا کوئی اعتبار نہیں، شاید کہ وہ باز آئیں⑫

12. But if they violate their oaths after their covenant, and attack your religion with disapproval and criticism then fight (you) the leaders of disbelief (chiefs of Quraish pagans of Makkah) — for surely, their oaths are nothing to them — so that they may stop (evil actions).

اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ
وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ
بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ
فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ⑬

کیا تم ان لوگوں سے نہیں لڑو گے جنھوں نے اپنی قسمیں توڑ ڈالیں اور رسول کو (مکہ سے) نکالنے کا ارادہ کیا اور انھوں نے ہی پہلے پہل تم سے لڑائی شروع کی؟ کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟ حالانکہ اللہ ہی زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر تم مومن ہو⑬

13. Will you not fight a people (pagans of Makkah) who have violated their oaths and intended to expel the Messenger (ﷺ) while they did attack you first? Do you fear them? Allāh has more right that you should fear Him if you are believers.

---

[1] (V.9:11) See the footnote of (V.9:5).

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ
وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ
صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ⑭

ان سے (خوب) لڑائی کرو، اللہ انھیں تمھارے ہاتھوں سے عذاب دے گا اور انھیں رسوا کرے گا اور ان کے خلاف تمھاری مدد کرے گا اور مومنوں کے سینوں کو شفا (ٹھنڈک) بخشے گا⑭

14. Fight against them so that Allāh will punish them by your hands and disgrace them and give you victory over them and heal the breasts of a believing people,

وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑮

اور وہ ان کے دلوں کا غصہ دور کرے گا اور اللہ جس پر چاہے توجہ فرماتا ہے۔ اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے⑮

15. And remove the anger of their (believers') hearts. Allāh accepts the repentance of whom He wills. Allāh is All-Knowing, All-Wise.

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ
الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ
دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ
وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑯ ع 2/10/8

کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تمھیں (یونہی) چھوڑ دیا جائے گا؟ جبکہ ابھی اللہ نے تم میں سے ان لوگوں کو نہیں جانا جنھوں نے جہاد کیا اور اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے سوا کسی کو دلی دوست نہیں بنایا اور تم جو عمل کرتے ہو اللہ ان کی خوب خبر رکھتا ہے⑯

16. Do you think that you shall be left alone while Allāh has not yet tested those among you who have striven hard and fought and have not taken *Walījah* [(*Bitānah* — helpers, advisors and consultants from disbelievers, pagans) giving openly to them their secrets] besides Allāh and His Messenger (ﷺ), and the believers. Allāh is Well-Acquainted with what you do.

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ
اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ
اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚۖ وَفِي النَّارِ
هُمْ خٰلِدُوْنَ ⑰

مشرکین اس لائق نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدیں آباد کریں، جبکہ وہ اپنے آپ پر کفر کی گواہی دے رہے ہوں۔ انھی لوگوں کے (سب) اعمال برباد ہو گئے اور وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے⑰

17. It is not for the *Mushrikūn* (polytheists, idolaters, pagans, disbelievers in the Oneness of Allāh) to maintain the mosques of Allāh (i.e. to pray and worship Allāh therein, to look after their cleanliness and their building), while they witness against their ownselves of disbelief. The works of such are in vain and in Fire shall they abide.

اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى
الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى
اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ⑱

اللہ کی مسجدیں تو صرف وہ آباد کرتا ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لایا اور اس نے نماز قائم کی اور زکاۃ دی اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرا، لہٰذا امید ہے کہ یہی لوگ ہدایت یافتہ لوگوں میں سے ہوں گے⑱

18. The mosques of Allāh shall be maintained only by those who believe in Allāh and the Last Day; perform *As-Salāt* (the prayers), and give *Zakāt* (obligatory charity) and fear none but Allāh. It is they who are on true guidance.

اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ
لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانا اور مسجد حرام کو آباد کرنا اس شخص کے (اعمال کے) مانند قرار دے رکھا ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لایا اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، اللہ کے نزدیک یہ برابر نہیں ہو سکتے۔ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا⑲

19. Do you consider the providing of drinking water for the pilgrims and the maintenance of *Al-Masjid Al-Harām* (at Makkah) as equal to the one who believes in Allāh and the Last

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾

Day, and strives hard and fights in the Cause of Allāh? They are not equal before Allāh. And Allāh guides not those people who are the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers).

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾

وہ لوگ جو ایمان لائے اور انھوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کیا، اللہ کے ہاں درجے میں (وہ) سب سے بڑھ کر ہیں اور وہی مراد پانے والے ہیں[1] ﴿۲۰﴾

20. Those who believed (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and emigrated and strove hard and fought in Allāh's Cause with their wealth and their lives, are far higher in degree with Allāh. They are the successful.[1]

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾

ان کا رب انھیں اپنی طرف سے رحمت اور رضامندی اور ایسے باغوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں ان کے لیے ہمیشہ رہنے والی نعمتیں ہوں گی ﴿۲۱﴾

21. Their Lord gives them glad tidings of mercy from Him, and His being pleased (with them), and of Gardens (Paradise) for them wherein are everlasting delights.

---

[1] (V.9:20): A) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Whoever believes in Allāh and His Messenger, performs *Salāt* (prayers) and observes *Saum* (fasts) during the month of Ramadan, then it will be a promise binding upon Allāh to admit him to Paradise, no matter whether he fights in Allāh's Cause or remains in the land where he is born."* The people said, "O Allāh's Messenger! Shall we acquaint the people with this good news?" He said, "Paradise has one hundred grades which Allāh has reserved for the *Mujahidūn* who fight in His Cause, and the distance between each of two grades is like the distance between the heaven and the earth. So, when, you ask Allāh (for something), ask for *Al-Firdaus* which is the middle and highest part of Paradise." [The subnarrator added, "I think the Prophet ﷺ also said, 'Above it (i.e. *Al-Firdaus*) is the Throne of the Most Gracious (i.e. Allāh), and from it gush forth the rivers of Paradise]." [*Sahih Al-Bukhāri*, 4/2790 (O.P.48)]

B) The wish for martyrdom. Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "By Him in Whose Hand my soul is! Were it not for some men amongst the believers who dislike to be left behind me, and whom I cannot provide with means of conveyance, I would certainly never remain behind any *Sariyya* (army unit) going out for *Jihād* in Allāh's Cause. By Him in Whose Hand my soul is! I would love to be martyred in Allāh's Cause and then come back to life, and then get martyred and then come back to life again, and then get martyred and then come back to life again, and then get martyred." [*Sahih Al-Bukhāri*, 4/2797 (O.P.54)]

* In another *Hadith* it is mentioned: In order to enter Paradise, one must believe in Six Articles of Faith: that is to believe in Allāh, in His Messengers, His revealed Books, His Angels, the Day of Resurrection, Al-Qadar (Divine Preordainments). [See the footnote of (V.3:85)]. And also he must act on the five Principles of Islam [See the footnote of (V.2:4)].

① رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) پر ایمان لائے، نماز قائم کرے، رمضان کے روزے رکھے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے اُوپر یہ لازم کر لیا ہے (حق ٹھہرا لیا ہے) کہ وہ اسے جنت میں داخل کر دے، خواہ اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا یا اسی جگہ بیٹھا رہا جہاں پیدا ہوا۔" لوگوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا ہم یہ خوشخبری لوگوں کو نہ سنا دیں؟ ارشاد فرمایا: "جنت کے سو درجے ہیں جو اللہ نے راہ حق میں جہاد کرنے والوں کیلیے تیار کر رکھے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا زمین اور آسمان کے درمیان ہے۔ چنانچہ جب تم اللہ سے جنت مانگو تو فردوس کا سوال کیا کرو کیونکہ یہ جنت کا درمیانی حصہ اور اعلیٰ ترین درجہ ہے۔" راوی کا خیال ہے کہ آپ نے یہ بھی فرمایا: "اس (فردوس) کے اُوپر رحمٰن کا عرش ہے اور جنت کی نہریں اُسی سے نکلتی ہیں۔" (صحیح البخاری، الجهاد و السیر، باب: 4 حدیث: 2790) شہادت کی آرزو کرنا بھی ایک مومن کا امتیازی وصف ہے۔ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر کچھ ایمان والوں کو یہ بات ناگوار نہ ہوتی کہ وہ میرے پیچھے رہ جائیں اور میرے پاس سواریاں بھی نہیں ہیں کہ جن پر میں انھیں سوار کرا دوں تو میں کسی سریے (مجاہدین کے دستے) سے جو اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے نکلتا ہے، پیچھے نہ رہتا۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! میری تو یہ آرزو ہے کہ میں اللہ کی راہ میں مارا جاؤں پھر زندہ کر دیا جاؤں پھر قتل کر دیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کر دیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کر دیا جاؤں۔" (صحیح البخاری، الجهاد والسیر، باب: 7 حدیث: 2797)

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٢﴾

وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے ابد تک۔ بے شک اللہ کے ہاں بہت بڑا اجر ہے ﴿٢٢﴾

22. They will dwell therein forever. Verily, with Allāh is a great reward.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْۤا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تمھارے باپ اور بھائی ایمان پر کفر کو پسند کریں تو تم (ہرگز) انھیں دوست نہ بناؤ۔ اور تم میں سے جو ان کو دوست بنائیں گے، تو وہی لوگ ظالم ہیں ﴿٢٣﴾

23. O you who believe! Take not as *Auliyā'* (supporters and helpers) your fathers and your brothers if they prefer disbelief to Belief. And whoever of you does so, then he is one of the *Zālimūn* (wrong doers).

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَاۤ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ ع

(اے نبی!) کہہ دیں: اگر تمھارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور بیویاں اور تمھارا کنبہ قبیلہ اور جو مال تم نے کمائے اور وہ تجارت جس کے مندا پڑنے سے تم ڈرتے ہو اور مکانات جنھیں تم پسند کرتے ہو (یہ سب) تمھیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ عزیز ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لے آئے ①۔ اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿٢٤﴾

24. Say: If your fathers, your sons, your brothers, your wives, your kindred, the wealth that you have gained, the commerce in which you fear a decline, and the dwellings in which you delight are dearer to you than Allāh and His Messenger (ﷺ), and striving hard and fighting in His Cause,[1] then wait until Allāh brings about His Decision (torment). And Allāh guides not the people who are *Al-Fāsiqūn* (the rebellious, disobedient to Allāh).

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿٢٥﴾

یقیناً اللہ نے بہت سے مواقع پر تمھاری مدد کی ہے اور حنین کے دن (بھی) جبکہ تمھاری کثرت نے تمھیں خوش فہمی میں ڈال دیا تھا، تو وہ تمھارے کچھ بھی کام نہ آئی، اور زمین فراخی کے باوجود تم پر تنگ ہوگئی، پھر تم پیٹھ پھیر کر پلٹے ﴿٢٥﴾

25. Truly, Allāh has given you victory on many battlefields, and on the day of Hunain (battle) when you rejoiced at your great number, but it availed you naught and the earth, vast as it is, was straitened for you, then you turned back in flight.

ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦﴾

پھر اللہ نے اپنے رسول پر اور مومنوں پر اپنی طرف سے تسکین نازل کی اور اس نے ایسے لشکر اتارے جنھیں تم نے نہیں دیکھا اور جن لوگوں نے کفر کیا انھیں عذاب دیا اور کافروں کی یہی سزا ہے ﴿٢٦﴾

26. Then Allāh did send down His *Sakīnah* (calmness, tranquillity and reassurance) on the Messenger (Muhammad ﷺ), and on the believers, and sent down forces (angels) which you saw not, and punished the

---

[1] (V.9:24): See the footnote of (V.2:190).

① اس میں جہاد سے گریز پر سخت وعید بیان فرمائی گئی ہے۔ جہاد فی سبیل اللہ (اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جنگ) کو اسلام میں انتہائی اہمیت دی گئی ہے اور اسے اسلام کی ایک عظیم چوٹی کہا گیا ہے۔ جہاد سے اسلام کا قیام عمل میں آتا ہے۔ [كَلِمَةُ اللّٰهِ] "اللہ کا کلمہ، دین اسلام" [لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ] "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں" کو غلبہ حاصل ہوتا ہے اور اس سے دین (اسلام) کی اشاعت ہوتی ہے۔ جہاد ترک کرنے سے اسلام پامال ہو کر رہ جاتا ہے اور مسلمان انتہائی پستی وذلت میں جا گرتے اور شرف وعزت سے محروم ہو جاتے ہیں [نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ] ان کی زمینیں غصب کر لی جاتی ہیں اور ان کی حکومت اور اقتدار معدوم ہو جاتا ہے۔ اسلام میں جہاد ایک نہایت اہم فریضہ ہے اور جو اس فریضے سے فرار کی کوشش کرتا ہے یا دل کی گہرائیوں سے اس کو ادا کرنے کی آرزو نہیں کرتا تو وہ نفاق کی خصلتوں میں سے ایک خصلت کے ساتھ مرتا ہے، یعنی نفاق کی حالت میں اسے موت آتی ہے۔ (صحیح مسلم، الإمارة، باب ذَمِّ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ، وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِالْغَزْوِ، حدیث: 1910)

disbelievers. Such is the recompense of disbelievers.

27. Then after that Allāh will accept the repentance of whom He wills. And Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

پھر اس کے بعد اللہ جس پر چاہے گا مہربانی فرمائے گا اور اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿٢٧﴾

ثُمَّ يَتُوبُ اللَّهُ مِنۢ بَعْدِ ذَٰلِكَ عَلَىٰ مَن يَشَآءُ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٧﴾

28. O you who believe (in Allāh's Oneness and in His Messenger Muhammad ﷺ)! Verily, the *Mushrikūn* (polytheists, pagans, idolaters, disbelievers in the Oneness of Allāh, and in the Message of Muhammad ﷺ) are *Najasun* (impure).[1] So let them not come near *Al-Masjid Al-Harām* (at Makkah) after this year; and if you fear poverty, Allāh will enrich you if He wills, out of His bounty. Surely, Allāh is All-Knowing, All-Wise.

اے ایمان والو! بلاشبہ مشرک تو ہیں ہی پلید(1) لہٰذا وہ اپنے اس برس کے بعد مسجد حرام کے قریب نہ آنے پائیں۔ اور اگر تمھیں تنگ دستی کا خوف ہے، تو اگر اللہ چاہے گا تو تمھیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔ بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿٢٨﴾

يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوٓا إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَٰذَا ۚ وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِۦٓ إِن شَآءَ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٨﴾

29. Fight against those who believe not in Allāh, nor in the Last Day, nor forbid that which has been forbidden by Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ), and those who acknowledge not the religion of truth (i.e. Islām) among the people of the Scripture (Jews and Christians), until they pay the *Jizyah*[2] with willing submission, and feel themselves subdued.

ان لوگوں سے لڑو جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور اس چیز کو حرام نہیں ٹھہراتے جسے اللہ نے اور اس کے رسول نے حرام ٹھہرایا ہے، اور دین حق کو قبول نہیں کرتے، وہ جو اہل کتاب میں سے ہیں، (ان سے لڑو) یہاں تک کہ وہ ذلیل ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ(2) دیں ﴿٢٩﴾

قَٰتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْءَاخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَلَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَٰبَ حَتَّىٰ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَٰغِرُونَ ﴿٢٩﴾ ع 4 5 10

30. And the Jews say: 'Uzair (Ezra) is the son of Allāh, and the Christians say: Messiah is the

▸▸Allāh جل جلاله [i.e. obeying Him, by following His religion of Islamic Monotheism, attributing to Him what He deserves and doing *Jihād* for His sake and to believe in Him, to fear Him much (abstain from all kinds of sins and evil deeds which He has forbidden) and love Him much (perform all kinds of good deeds which He has ordained)], 2. to Allāh's Messenger [i.e., to respect him greatly and to believe that he (ﷺ) is Allāh's Messenger, and to fight on his behalf both in his lifetime and after his death and to follow his *Sunnah* — (legal ways etc.)], 3. to the Muslim rulers [i.e. to help them in their job of leading Muslims to the right path and alarm them if they are heedless], and 4. to all the Muslims (in common) [i.e. to order them for *Al-Ma'rūf* (i.e. Islāmic Monotheism, and all that Islām orders one to do), and to forbid them from *Al-Munkar* (i.e. disbelief, polytheism of all kinds, and all that Islām has forbidden), and to be merciful and kind to them]. And the Statement of Allāh تعالى: "If they are sincere and true (in duty) to Allāh (جل جلاله) and His Messenger (Muhammad ﷺ)." (V.9:91)

Narrated Jarīr bin Abdullāh رضي الله عنه: I gave the *Bai'ah* (pledge) to Allāh's Messenger ﷺ for the following:

1. *Iqāmat-as-Salāt* (to perform prayers).
2. To pay the *Zakāt* (obligatory charity).
3. And to be sincere and true to every Muslim [i.e. to order them for *Al-Ma'rūf* (i.e. Islāmic Monotheism, and all that Islām orders one to do), and to forbid them from *Al-Munkar* (i.e. disbelief, polytheism of all kinds, and all that Islām has forbidden), and to help them, and to be merciful and kind to them]. [*Sahih Al-Bukhāri*, 1/57 (O.P.54) and its Chapter No.43]

[2] (V.9:93) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "A Prophet amongst the Prophets carried out a holy military expedition, so he said to his followers, 'Anyone who has married a woman and wants to consummate the marriage, and has not done so yet, should not accompany me; nor should a man who has built a house but has not completed its roof; nor a man who has sheep or she-camels and is waiting for the birth of their young ones.' So, the Prophet carried out the expedition and when he reached that town at the time or nearly at the time of the *'Asr* prayer, he said to the sun, 'O sun! You are under Allāh's Order and I am under Allāh's Order. O Allāh! Stop it (i.e. the sun) from setting.' It was stopped till Allāh made him victorious. Then he collected the booty and the fire came to burn it, but it did not burn it*. He said (to his men), 'Some of you have stolen something from the booty. So one man from every tribe should give me a *Bai'ah* (pledge) by shaking hands with me.' (They did so and) the hand of a man got stuck in the hand of their Prophet. Then that Prophet said (to the man), 'The theft has been committed by your people. So all the persons of your tribe should give me the *Bai'ah* (pledge) by shaking hands with me.' The hands of two or three men got stuck in the hand of their Prophet and he said, 'You have committed the theft.' Then

▸▸ they brought a head of gold like the head of a cow and put it there, and the fire came and consumed the booty." The Prophet ﷺ added: "Then Allāh saw our weakness and disability, so He made booty legal for us." [*Sahih Al-Bukhāri*, 4/3124 (O.P.353)]

* Booty used to be burnt by a fire sent by Allāh.

★ حواشی: توبہ، آیات: 93,91.

① نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''دین خیر خواہی (اِخلاص اور صداقت) کا نام ہے، اللہ کے لیے، اس کے رسول کے لیے، اُولی الامر کے لیے اور عام مسلمانوں کے لیے۔'' (صحیح مسلم الإیمان، حدیث: 55) اللہ کے لیے خیر خواہی یہ ہے کہ اُس کے آگے جھکا جائے، اُس کے احکام کی پیروی کی جائے، اُس کے کلمے کی بلندی کے لیے جہاد کیا جائے، اُس سے محبت کی جائے اور اُس سے ڈرا جائے۔ اللہ کے رسول کے ساتھ خیر خواہی یہ ہے کہ اُن کی نصرت کی جائے اور ان کی سنت کی پیروی کی جائے۔ مسلمان حکمرانوں کی خیر خواہی یہ ہے کہ ان کے ساتھ تعاون کیا جائے، اس امر میں کہ وہ مسلمانوں کی صحیح رہنمائی کریں یا انہیں ڈرائیں۔ عام مسلمانوں کے ساتھ خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ انہیں معروف کا حکم دیا جائے اور منکر سے روکا جائے، نیز اُن کے ساتھ نرمی اور محبت کا برتاؤ کیا جائے۔ نیز حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ''میں نے رسول اللہ ﷺ سے مندرجہ ذیل امور پر بیعت کی: ① نماز قائم کرنا ② زکوٰۃ دینا ③ مسلمانوں کی خیر خواہی کرنا۔ (انہیں معروف کا حکم دینا، منکر سے روکنا، ان کی مدد کرنا اور ان کے ساتھ نرمی اور محبت کا برتاؤ کرنا) (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 42 حدیث: 57)

② اس میں منافقین کے جہاد سے گریز و فرار کا بیان ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاد میں صحیح معنوں میں وہی حصہ لے سکتا ہے جو دنیا کے مالوفات و مرغوبات سے دامن کش ہو جاتا ہے، اسی لیے بعض نبیوں کے حالات میں یہ ملتا ہے کہ انہوں نے ایسے لوگوں کو اپنے ساتھ جہاد میں لے جانا پسند نہیں کیا جن کی دل بستگی کسی نہ کسی انداز میں دنیا کے ساتھ تھی، جیسے ذیل کی حدیث سے واضح ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''ایک نبی جہاد کے لیے نکلے تو انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا: میرے ساتھ وہ شخص نہ جائے جس نے (ابھی) کسی عورت سے شادی کی ہے اور وہ اس (اپنی بیوی) سے ہم بستر نہیں ہوا اور وہ اس سے مجامعت کرنا چاہتا ہے اور نہ وہ شخص ہی جس نے مکان بنایا اور ابھی چھت نہیں ڈالی اور نہ وہ شخص ہی جس نے حاملہ اُونٹنیاں اور بکریاں خریدی ہیں اور منتظر ہے کہ وہ بچے جنیں، پھر وہ جہاد کے لیے روانہ ہو گئے۔'' (صحیح البخاری، فرض الخمس، باب: 8 حدیث: 3124)

94. They (the hypocrites) will present their excuses to you (Muslims), when you return to them. Say (O Muhammad ﷺ): "Present no excuses, we shall not believe you. Allāh has already informed us of the news concerning you. Allāh and His Messenger will observe your deeds. In the end you will be brought back to the All-Knower of the unseen and the seen, then He (Allāh) will inform you of what you used to do." (*Tafsir At-Tabari*)

وہ (منافق) تمھارے سامنے عذر پیش کریں گے جب تم ان کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔ (اے نبی! ان سے) کہہ دیجیے: تم عذر پیش نہ کرو، ہم ہرگز تم پر یقین نہیں کریں گے، اللہ نے تمھارے حالات سے ہمیں آگاہ کر دیا ہے، اور اللہ جلد تمھارے عمل دیکھ لے گا اور اس کا رسول بھی، پھر تم چھپی اور کھلی (باتیں) جاننے والے کی طرف لوٹائے جاؤ گے تو وہ تمھیں بتا دے گا جو تم عمل کرتے رہے ﴿۹۴﴾

يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ
قُل لَّا تَعْتَذِرُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا
اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ
وَرَسُولُهُ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ
وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿۹۴﴾

95. They will swear by Allāh to you (Muslims) when you return to them, that you may turn away from them. So turn away from them. Surely, they are *Rijsun* [i.e. *Najasun* (impure) because of their evil deeds], and Hell is their dwelling place — a recompense for that which they used to earn.

عنقریب وہ تمھارے لیے اللہ کی قسمیں کھائیں گے جب تم ان کی طرف پلٹو گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو، چنانچہ تم ان سے درگزر (ہی) کرو۔ بلاشبہ وہ ناپاک ہیں① اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، ان (کاموں) کے بدلے میں جو وہ کماتے رہے ﴿۹۵﴾

سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ
لِتُعْرِضُوا عَنْهُمْ ۖ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ ۖ إِنَّهُمْ
رِجْسٌ ۖ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا
يَكْسِبُونَ ﴿۹۵﴾

96. They (the hypocrites) swear to you (Muslims) that you may be pleased with them, but if you are pleased with them, certainly Allāh is not pleased with the people who are *Al-Fāsiqūn* (rebellious, disobedient to Allāh).

وہ تمھارے لیے قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، سو اگر تم ان سے راضی ہو بھی جاؤ تو بھی اللہ ان (لوگوں) سے راضی نہیں ہوتا جو نافرمان ہیں ﴿۹۶﴾

يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۖ فَإِن تَرْضَوْا
عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَىٰ عَنِ الْقَوْمِ
الْفَاسِقِينَ ﴿۹۶﴾

97. The bedouins are the worst in disbelief and hypocrisy, and more likely to be in ignorance of the limits (Allāh's Commandments and His Legal Laws) which Allāh has revealed to His Messenger (ﷺ). And Allāh is All-Knower, All-Wise.

دیہاتی کفر اور منافقت میں زیادہ سخت ہیں اور اس امر کے زیادہ لائق ہیں کہ وہ ان احکام کو نہ جان پائیں جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کیے، اور اللہ خوب جاننے والا، بہت حکمت والا ہے ﴿۹۷﴾

الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَنِفَاقًا وَأَجْدَرُ
أَلَّا يَعْلَمُوا حُدُودَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ عَلَىٰ
رَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿۹۷﴾

98. And of the bedouins there are some who look upon what they spend (in Allāh's Cause) as a fine and watch for calamities to befall you, on them be the calamity of evil. And Allāh is All-Hearer, All-Knower.

اور کچھ دیہاتی اس کو تاوان سمجھتے ہیں جو وہ (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور وہ تمھارے خلاف زمانے کی گردشوں کا انتظار کرتے ہیں (مگر) منحوس گردش انھی کے خلاف ہے، اور اللہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿۹۸﴾

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن يَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ
مَغْرَمًا وَيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَائِرَ ۚ عَلَيْهِمْ
دَائِرَةُ السَّوْءِ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿۹۸﴾

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ ہذا: 28/9)

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَنْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ
وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ
سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
ع 12 10 1 غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾

اور کچھ دیہاتی وہ ہیں جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان
لاتے ہیں اور وہ جو کچھ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ
کے ہاں قربتوں کا ذریعہ اور رسول کی دعاؤں (کے
حصول) کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ آگاہ رہو! یقیناً یہ (خرچ
کرنا) ان کے لیے قربت کا ذریعہ ہے، اللہ جلد انھیں
اپنی رحمت میں داخل کرے گا، بے شک اللہ بہت
بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿٩٩﴾

99. And of the bedouins there are some who believe in Allāh and the Last Day, and look upon what they spend in Allāh's Cause as means of nearness to Allāh, and a cause of receiving the Messenger's invocations. Indeed these (spendings in Allāh's Cause) are a means of nearness for them. Allāh will admit them to His Mercy. Certainly Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ
وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ
رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾

اور مہاجرین اور انصار میں سے (قبول اسلام میں)
سبقت کرنے والے اور وہ لوگ جنھوں نے احسان
کے ساتھ ان کی پیروی کی، اللہ ان سے راضی ہو گیا
اور وہ اس سے راضی ہو گئے، اور اللہ نے ان کے
لیے ایسے باغ تیار کیے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی
ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، یہ بہت بڑی
کامیابی ہے ﴿١٠٠﴾

100. And the foremost to embrace Islām of the *Muhājirūn* (those who migrated from Makkah to Al-Madinah) and the *Ansār* (the citizens of Al-Madinah who helped and gave aid to the *Muhājirūn*) and also those who followed them exactly (in Faith). Allāh is well-pleased with them as they are well-pleased with Him. He has prepared for them Gardens under which rivers flow (Paradise), to dwell therein forever. That is the supreme success.

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛؕ
وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى
النِّفَاقِ ۫ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ
سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ
عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾

اور تمھارے آس پاس جو دیہاتی ہیں ان میں بعض
منافق ہیں، اور بعض اہل مدینہ بھی نفاق پر اڑے
ہوئے ہیں۔ (اے نبی!) آپ انھیں نہیں جانتے، ہم
انھیں جانتے ہیں۔ ہم جلد انھیں دوہری سزا دیں
گے، پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں
گے ﴿١٠١﴾

101. And among the bedouins around you, some are hypocrites, and so are some among the people of Al-Madinah who persist in hypocrisy; you (O Muhammad ﷺ) know them not, We know them. We shall punish them twice, and thereafter they shall be brought back to a great (horrible) torment.

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا
عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ
يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾

اور کچھ دیگر لوگ ہیں جنھوں نے اپنے گناہوں کا
اقرار کیا، انھوں نے ملا جلا عمل کیا، ایک اچھا اور
دوسرا برا، امید ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول فرمائے گا، [1]
★ یقیناً اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿١٠٢﴾

102. And (there are) others who have acknowledged their sins, they have mixed a deed that was righteous with another that was evil. Perhaps Allāh will turn to them in forgiveness. Surely, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.[1]

---

[1] (V.9:102) The Statement of Allāh عزوجل: "And (there are) others who have acknowledged their sins..." (V.9:102)

Narrated Samurah bin Jundub رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "Tonight two (visitors) came to me (in my dream) and took me to a town built with gold bricks and silver bricks. There, we met men who, (by) half of their ▸▸

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ
وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ إِنَّ صَلَوٰتَكَ
سَكَنٌ لَّهُمْ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٣﴾

(اے نبی!) ان کے مالوں میں سے صدقہ لیجیے
(تاکہ) آپ اس کے ذریعے سے انھیں پاک کریں
اور ان کا تزکیہ کریں اور ان کے لیے دعا کریں، بے
شک آپ کی دعا ان کے لیے سکون (کا باعث) ہے،
اور اللہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے﴿١٠٣﴾

103. Take *Sadaqah* (alms) from their wealth in order to purify them and sanctify them with it, and invoke Allāh for them. Verily, your invocations are a source of security for them; and Allāh is All-Hearer, All-Knower.

أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ
عَنْ عِبَادِهِ وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَأَنَّ اللَّهَ
هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾

کیا انھیں معلوم نہیں کہ بے شک اللہ ہی اپنے بندوں
کی توبہ قبول فرماتا ہے اور وہی صدقات لیتا ہے
اور یہ کہ بلاشبہ اللہ ہی بہت توبہ قبول کرنے والا،
نہایت رحم کرنے والا ہے؟﴿١٠٤﴾

104. Know they not that Allāh accepts repentance from His slaves and takes the *Sadaqāt* (alms, charities), and that Allāh Alone is the One Who forgives and accepts repentance, Most Merciful?

وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ
وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ ۖ وَسَتُرَدُّونَ إِلَىٰ
عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا
كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٠٥﴾

اور (اے نبی!) کہہ دیجیے: تم عمل کرو، پھر اللہ تمھارے
عمل کو عنقریب دیکھے گا اور اس کا رسول اور مومنین
بھی اور تم جلد اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو چھپی
اور کھلی (باتیں) جاننے والا ہے، پھر وہ تمھیں بتا دے
گا جو کچھ تم کرتے رہے﴿١٠٥﴾

105. And say (O Muhammad ﷺ): "Do deeds! Allāh will see your deeds, and (so will) His Messenger (ﷺ) and the believers. And you will be brought back to the All-Knower of the unseen and the seen. Then He will inform you of what you used to do."

وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللَّهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ
وَإِمَّا يَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ
حَكِيمٌ ﴿١٠٦﴾

اور کچھ دوسرے لوگ ہیں جن کا معاملہ اللہ کا حکم آنے
تک مؤخر کر دیا گیا ہے، یا تو وہ انھیں سزا دے گا یا
ان کی توبہ قبول کرلے گا اور اللہ خوب جاننے والا،
خوب حکمت والا ہے﴿١٠٦﴾

106. And others are made to await for Allāh's Decree, whether He will punish them or will forgive them. And Allāh is All-Knowing, All-Wise.

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَكُفْرًا
وَتَفْرِيقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَادًا لِّمَنْ
حَارَبَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ مِن قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ
إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا الْحُسْنَىٰ ۖ وَاللَّهُ يَشْهَدُ

اور وہ لوگ جنھوں نے ایک مسجد بنائی تاکہ
(مسلمانوں کو) ضرر پہنچائیں اور کفر پھیلائیں
اور مومنوں کے درمیان تفرقہ ڈالیں اور اس شخص
کے لیے گھات لگائیں جو اس سے پہلے اللہ اور اس
کے رسول سے لڑ چکا ہے۔ اور وہ ضرور قسمیں کھائیں

107. And as for those who put up a mosque by way of harm and disbelief and to disunite the believers and as an outpost for those who warred against Allāh and His Messenger (Muhammad ﷺ) aforetime, they will indeed

---

▸▸ bodies looked like the most handsome human beings you have ever seen, and (by) the other half, the ugliest human beings you have ever seen. Those two visitors said to those men: 'Go and dip yourselves in that river.' So they dipped themselves therein and then came to us, their ugliness having disappeared and they were in the most handsome shape. The visitors said, 'This is the *'Adn* Paradise, and that is your dwelling place.' Then they added, 'As for those people who were half ugly and half handsome, they were those who have mixed deeds that were as good with deeds were as evil, but Allāh forgave them.'" [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4674 (O.P.196)]

★ بقیہ حاشیہ: توبہ، آیت: 102.

① ایک حدیث میں اس آیت کی تفسیر اس طرح بیان کی گئی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک رات (خواب میں) میرے پاس دو فرشتے آئے اور مجھے جگا کر ایک ایسے شہر کی طرف لے گئے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے تعمیر کیا گیا تھا۔ وہاں ہمیں ایسے آدمی بھی ملے جن کا آدھا جسم دیکھنے میں انتہائی خوبصورت تھا اور آدھا جسم بہت ہی بدصورت۔ ان دونوں فرشتوں نے اُن سے کہا: جاؤ اور اس نہر میں داخل ہو جاؤ! چنانچہ وہ اس میں داخل ہو گئے۔ جب وہ واپس ہماری طرف آئے تو ان کی بدصورتی دور ہو چکی تھی، وہ بہت ہی خوبصورت بن چکے تھے۔ فرشتوں نے مجھ سے کہا: یہ باغ عدن (جنت عدن) ہے اور یہی آپ کی رہائش گاہ ہے پھر ان فرشتوں نے کہا: یہ لوگ جن کا آدھا جسم خوبصورت اور آدھا جسم بدصورت تھا یہ ایسے لوگ تھے جنھوں نے اچھے اور برے دونوں طرح کے عمل کیے تھے، لیکن اللہ تعالیٰ نے انھیں معاف کر دیا۔" (صحيح البخاري، التفسير، باب: 15 حديث: 4674)

إِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٧﴾

گے کہ ہمارا ارادہ تو نیک ہی تھا۔ اور اللہ گواہی دیتا
ہے کہ بے شک وہ سراسر جھوٹے ہیں﴿۱۰۷﴾

swear that their intention is nothing but good. Allāh bears witness that they are certainly liars.

لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى
التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ
فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ
وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿١٠٨﴾

(اے نبی!) آپ اس مسجد (ضرار) میں کبھی بھی
کھڑے نہ ہوں، البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد اول روز
ہی سے تقوے پر رکھی گئی ہے اس کی زیادہ حق دار
ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں۔ اس میں ایسے
لوگ ہیں جو (اس بات کو) پسند کرتے ہیں کہ وہ پاک
صاف ہوں اور اللہ پاک صاف رہنے والوں کو پسند
کرتا ہے﴿۱۰۸﴾

108. Never stand you therein. Verily, the mosque whose foundation was laid from the first day on piety is more worthy that you stand therein (to pray). In it are men who love to clean and to purify themselves. And Allāh loves those who make themselves clean and pure [i.e. who clean their private parts with dust (which has the cleansing properties of soap) and water from urine and stools, after answering the call of nature].

اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ
وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى
شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾

کیا بھلا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ
کے تقوی اور (اس کی) رضا پر رکھی، (وہ) بہتر ہے یا
وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد (دریا کے) ایک
کھوکھلے گرنے والے کنارے پر رکھی؟ پھر وہ اسے
جہنم کی آگ میں لے گرا؟ اور اللہ ظالم لوگوں کو
ہدایت نہیں دیتا﴿۱۰۹﴾

109. Is it then he who laid the foundation of his building on piety to Allāh and His Good Pleasure better, or he who laid the foundation of his building on the brink of an undetermined precipice ready to crumble down, so that it crumbled to pieces with him into the fire of Hell. And Allāh guides not the people who are the *Zālimūn* (cruel, violent, proud, polytheist and wrong doer).

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ
قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١١٠﴾ ع 13 11 2

انھوں نے جو عمارت بنائی تھی وہ ہمیشہ ان کے دلوں
میں شک ڈالے رکھے گی الا یہ کہ ان کے دل ٹکڑے
ٹکڑے ہو جائیں۔ اور اللہ خوب جاننے والا، خوب
حکمت والا ہے﴿۱۱۰﴾

110. The building which they built will never cease to be a cause of hypocrisy and doubt in their hearts unless their hearts are cut to pieces (i.e. till they die). And Allāh is All-Knowing, All-Wise.

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ
وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا
عَلَيْهِ حَقًّا فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ
وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا
بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ
هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١١١﴾

بے شک اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان
کے مال جنت کے بدلے میں خرید لیے ہیں۔ وہ
اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں، پھر وہ قتل کرتے ہیں اور
قتل کیے جاتے ہیں، یہ اللہ کے ذمے سچا وعدہ ہے
تورات اور انجیل اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ
اپنے عہد کو پورا کرنے والا کون ہے؟ لہٰذا تم اپنے
اس سودے پر خوش ہو جاؤ جو تم نے اس (اللہ) سے

111. Verily, Allāh has purchased of the believers their lives and their properties for (the price) that theirs shall be Paradise. They fight in Allāh's Cause, so they kill (others) and are killed. It is a promise in truth which is binding on Him in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel) and the Qur'ān. And who is truer

to his covenant than Allāh? Then rejoice in the bargain which you have concluded. That is the supreme success.[1]

کیا، اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے ①⑪

112. (The believers whose lives Allāh has purchased are) those who turn to Allāh in repentance (from polytheism and hypocrisy), who worship (Him), who praise (Him), who fast (or go out in Allāh's Cause), who bow down (in prayer), who prostrate themselves (in prayer), who enjoin (on people) *Al-Ma'rūf* (i.e. Islamic Monotheism and all what Islam has ordained) and forbid (people) from *Al-Munkar* (i.e. disbelief, polytheism of all kinds and all that Islam has forbidden), and who observe the limits set by Allāh (do all that Allāh has ordained and abstain from all kinds of sins and evil deeds which Allāh has forbidden). And give glad tidings to the believers.[2]

وہ (مومن) توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم کرنے والے اور برائی سے روکنے والے اور اللہ کی حدوں کی حفاظت کرنے والے ہیں، اور (اے نبی!) مومنوں کو خوشخبری سنا دیجیے ⑫

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑫

[1] (V.9:111)
a) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ said, "Allāh guarantees him who strives in His Cause and whose motivation for going out is nothing but *Jihād* in His Cause and belief in His Words (Islamic Monotheism), that He will admit him into Paradise (if martyred) or bring him back to his dwelling place whence he has come out with what he gains of reward or booty." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3123 (O.P.352)]
b) Narrated Jābir bin 'Abdullāh رضي الله عنهما: On the day of the battle of Uhud, a man came to the Prophet ﷺ and said, "Can you tell me where I will be if I should get martyred?" The Prophet ﷺ replied, "In Paradise." The man threw away some dates he was carrying in his hand, and fought till he was martyred. [*Sahih Al-Bukhari*, 5/4046 (O.P.377)]
c) Narrated Ibn 'Umar رضي الله عنهما: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying: "If you (1) practised *Bai' Al-'Inah* (the *'Inah* transaction, i.e. selling goods to a person for a certain price and then buying them back from him for a far less price); (2) and followed the tails of the cows (i.e. indulged in agriculture and became content with it); (3) and deserted the *Jihād* (holy fighting) in Allāh's Cause; Allāh will cover you with humiliation, and it will not be removed till you return back to your religion." (*Abu Dāwūd, Hadith* No. 3462)

[2] (V.9:112) Narrated Sahl bin Sa'd: Allāh's Messenger ﷺ said, "Whoever can guarantee (the chastity of) what is between his two jaw-bones and what is between his two legs (i.e., his mouth, tongue and his private parts)*. I guarantee Paradise for him." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6474 (O.P.481)]
* i.e. whoever protects his tongue from illegal talk, e.g., to tell lies, or backbiting, and his mouth from eating and drinking forbidden illegal things, and his private parts from illegal sexual acts.

① اس میں جہاد کی فضیلت اور اس کے اجر عظیم کا بیان ہے۔ احادیث میں بھی اس کی فضیلت واضح کر دی گئی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہو اور اللہ کی راہ میں جہاد اور اس کے کلمات کی تصدیق ہی نے اُسے گھر سے نکالا ہو، تو اللہ اُس کا ضامن بن جاتا ہے کہ یا تو اسے جنت میں داخل کر دے یا اجر و ثواب اور مال غنیمت دے کر اسے اس کی قیام گاہ تک جہاں سے وہ نکلا تھا واپس پہنچا دے۔" (صحیح البخاري، فرض الخمس، باب: 8 حدیث: 3123) ایک آدمی نے غزوۂ اُحد کے روز نبی ﷺ سے عرض کیا: مجھے یہ تو بتایئے: اگر میں اس لڑائی میں شہید ہو جاؤں تو میرا ٹھکانا کہاں ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جنت میں۔" اس پر اُس شخص نے اپنے ہاتھ سے کھجوریں پھینک دیں اور کافروں سے لڑنے لگا حتیٰ کہ شہید ہو گیا۔ (صحیح البخاري، المغازي، باب: 17 حدیث: 4046) اسی طرح ترک جہاد پر سخت وعید بیان کی گئی ہے، چنانچہ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تم [بَیع عِینَہ] (کسی شخص کو کوئی چیز ایک خاص قیمت پر فروخت کرنا اور پھر اس سے کم قیمت پر واپس لے لینا) کرنے لگ جاؤ گے، گائے کی دموں کو تھام لو گے یعنی کھیتی باڑی میں مشغول ہو جاؤ گے اور

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١١٣﴾

نبی اور ایمان والوں کے لائق نہیں کہ وہ مشرکوں کے لیے بخشش کی دعا کریں، خواہ وہ ان کے قریبی رشتہ دار ہی ہوں، ان کے متعلق یہ واضح ہو جانے کے بعد کہ بلاشبہ وہ دوزخی ہیں﴿۱۱۳﴾

113. It is not (proper) for the Prophet and those who believe to ask Allāh's forgiveness for the *Mushrikūn* (polytheists, idolaters, pagans, disbelievers in the Oneness of Allāh), even though they be of kin, after it has become clear to them that they are the dwellers of the Fire (because they died in a state of disbelief).

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۭ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿١١٤﴾

اور ابراہیم کا اپنے باپ کے لیے بخشش کی دعا کرنا بس ایک وعدے کے باعث تھا جو وعدہ انھوں نے اس سے کیا تھا، پھر جب ابراہیم پر واضح ہو گیا کہ یقیناً وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے۔① بے شک ابراہیم بڑے نرم دل، بہت تحمل والے تھے﴿۱۱۴﴾

114. And Ibrāhīm's (Abraham) invoking (of Allāh) for his father's forgiveness was only because of a promise he [Ibrāhīm (Abraham)] had made to him (his father). But when it became clear to him [Ibrāhīm (Abraham)] that he (his father) is an enemy of Allāh, he dissociated himself from him. Verily, Ibrāhīm (Abraham) was *Awwah* (one who invokes Allāh with humility, glorifies Him and remembers Him much) and was forbearing.[1] (*Tafsir Al-Qurtubī*)

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾

اور اللہ ایسا نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کر دے جب تک کہ ان کے لیے وہ چیزیں واضح نہ کر دے جن سے وہ بچیں۔② بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے★﴿۱۱۵﴾

115. And Allāh will never lead a people astray after He has guided them until He makes clear to them as to what they should avoid. Verily, Allāh is All-Knower of everything.[2]

★ بقیہ حاشیہ: توبہ، آیت: 111.

زراعت (کھیتی باڑی) پر راضی ہو جاؤ گے اور جہاد ترک کر دو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت مسلط کر دے گا اور وہ تم سے یہ ذلت دور نہیں ہٹائے گا حتیٰ کہ تم اپنے دین (اسلام) کی طرف واپس لوٹ آؤ۔" (أبو داود، الإجارة، باب: 54 حديث: 3462)

---

[1] (V.9:114) See the footnote of (V.6:74).

[2] (V.9:115) Killing the *Khawārij* (some people who dissented from the religion and disagreed with the rest of the Muslims), and the *Mulhidūn* (heretics) after the establishment of firm proof against them.

And the Statement of Allāh تعالى: 'And Allāh will never lead a people astray after He has guided them, until He makes clear to them as to what they should avoid...' (V.9:115) And Ibn 'Umar رضي الله عنهما used to consider them (the *Khawārij* and the *Mulhidūn*) the worst of Allāh's creatures and said, "These people took some Verses that had been revealed concerning the disbelievers and interpreted them as describing the believers."

Narrated 'Abdullāh bin 'Umar رضي الله عنهما regarding *Al-Haruriyah*: The Prophet ﷺ said, "They will go out of Islām as an arrow darts out of the game's body." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6932 (O.P.66)]

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام 6/74)

② اسی لیے علماء نے بھی تاکید کی ہے کہ واضح دلائل کے بغیر کسی مسلمان کو کافر نہ کہا جائے۔ تاہم اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ کفر صریح اور ارتداد کے بعد بھی اسے کچھ نہ کہا جائے۔ چنانچہ علمائے اسلام نے اسی لیے خوارج کو اسلام کے دائرے سے نکال دیا تھا۔ [خَوَارِج] یا [حَرُورِيَه] وہ لوگ ہیں جو دین اسلام سے نکل گئے اور جنھوں نے باقی مسلمانوں سے (دین کے مسلمہ عقائد میں) اختلاف کیا اور [مُلْحِدِين] (بے دین لوگ، دین کے مسلمہ عقائد کے مخالفین) کو ان پر حجت قائم کرنے کے بعد قتل کر دینا جائز ہے (اگر اسلام اور اسلامی حکومت کے مفاد

إِنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يُحْيِي
وَيُمِيتُ ۚ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ
وَلَا نَصِيرٍ ﴿١١٦﴾

بے شک آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے، وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے، اور اللہ کے سوا تمھارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ﴿116﴾

116. Verily, Allāh! To Him belongs the dominion of the heavens and the earth, He gives life and He causes death. And besides Allāh you have neither any *Walī* (protector or guardian) nor any helper.

لَّقَد تَّابَ اللَّهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ
وَالْأَنصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ
مِن بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ
مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُ بِهِمْ
رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٧﴾

یقیناً اللہ نے نبی اور ان مہاجرین وانصار پر مہربانی فرمائی جنھوں نے تنگی کی گھڑی میں آپ کی پیروی کی، بعد اس کے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دل بہک جانے کو تھے، پھر اللہ نے ان پر مہربانی فرمائی۔ بے شک وہ ان پر بہت شفقت کرنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿117﴾

117. Allāh has forgiven the Prophet (ﷺ), the *Muhājirūn* (Muslim emigrants who left their homes and came to Al-Madinah) and the *Ansār* (Muslims of Al-Madinah) who followed him (Muhammad ﷺ) in the time of distress (Tabūk expedition), after the hearts of a party of them had nearly deviated (from the Right Path), but He accepted their repentance. Certainly, He is to them full of kindness, Most Merciful.

وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتَّىٰ إِذَا
ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ
عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّوا أَن لَّا مَلْجَأَ مِنَ
اللَّهِ إِلَّا إِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا ۚ
إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١١٨﴾ ع 14/3

اور ان تین افراد پر بھی (مہربانی فرمائی) جنھیں (حکم الٰہی کے انتظار میں) چھوڑ دیا گیا تھا، حتی کہ جب زمین فراخی کے باوجود ان پر تنگ ہوگئی اور ان کی جانیں (بھی) ان پر تنگ ہوگئیں، اور انھوں نے سمجھا کہ اللہ (کے غضب) سے خود اس کے سوا ان کے لیے کوئی جائے پناہ نہیں، پھر اللہ نے ان پر مہربانی کی، تاکہ وہ توبہ کریں۔ بے شک اللہ بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿118﴾

118. And (He did forgive also) the three who did not join (the Tabūk expedition and whose case was deferred by the Prophet ﷺ for Allāh's Decision) till for them the earth, vast as it is, was straitened and their ownselves were straitened to them, and they perceived that there is no fleeing from Allāh, and no refuge but with Him. Then, He forgave them (accepted their repentance), that they might beg for His Pardon (repent to Him). Verily, Allāh is the One Who forgives and accepts repentance, the Most Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَكُونُوا
مَعَ الصَّادِقِينَ ﴿١١٩﴾

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ سے ڈرو اور سچ بولنے والوں کے ساتھ ہو جاؤ ①★ ﴿119﴾

119. O you who believe! Be afraid of Allāh, and be with those who are true (in words and

---

★ بقیہ حاشیہ: توبہ، آیت: 115.

کے لیے ضروری ہو) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما انھیں (خوارج اور ملحدین کو) بدترین مخلوق سمجھا کرتے تھے اور فرماتے تھے: ”ان لوگوں نے جو آیات کفار کے متعلق نازل ہوئی ہیں، انھیں غلط تعبیر وتشریح کر کے مسلمانوں پر چسپاں کر دیا۔“

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ”حروریہ“ کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔“ (صحیح البخاری، كِتَابُ اِسْتِتَابَةِ الْمُرْتَدِّين، باب: 6 حدیث: 6932)

deeds).[1]

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ
الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا
يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ
الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا
كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اہل مدینہ اور ان کے آس پاس رہنے والے دیہاتیوں کے لائق نہیں تھا کہ وہ (جہاد میں) رسول اللہ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ (جائز) کہ اپنی جانوں کو نبی کی جان سے زیادہ عزیز رکھیں، یہ اس لیے کہ یہ بلاشبہ وہ (لوگ) ہیں کہ انھیں اللہ کی راہ میں جو بھی پیاس اور تھکاوٹ اور بھوک (کی تکلیف) پہنچتی ہے، اور وہ جو بھی ایسی جگہ روندتے ہیں، جو کافروں کو سخت ناگوار ہو، اور وہ دشمن سے جو بھی کامیابی حاصل کرتے ہیں، اس کے بدلے میں ان کے لیے نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ محسنین① کا اجر ضائع نہیں کرتا۝

120. It was not becoming of the people of Al-Madinah and the bedouins of the neighbourhood to remain behind Allāh's Messenger (Muhammad ﷺ when fighting in Allāh's Cause) and (it was not becoming of them) to prefer their own lives to his life. That is because they suffer neither thirst nor fatigue nor hunger in the Cause of Allāh, nor they take any step to raise the anger of disbelievers nor inflict any injury upon an enemy, but is written to their credit as a deed of righteousness. Surely, Allāh wastes not the reward of the *Muhsinūn*.[2]

★ بقیہ حاشیہ: توبہ، آیت: 119.

① اس لیے کہ سچ انسان کی نجات کا اور جھوٹ تباہی و بربادی کا باعث ہے، چنانچہ حدیث میں ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”بے شک سچائی نیکی کی طرف ہدایت کرتی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی برابر سچ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ [صِدّیق] بن جاتا ہے اور جھوٹ فُجور (بدکاری، برے اعمال، گناہ) کی طرف لے جاتا ہے اور فُجور جہنم میں پہنچا دیتا ہے اور ایک آدمی برابر جھوٹ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں [کَذّاب] لکھ دیا جاتا ہے۔“ (صحیح البخاری، الأدب، باب: 69 حدیث: 6094) ایک دوسری روایت میں فرمایا: ”منافق کی تین نشانیاں ہیں: ① بات کرے تو جھوٹ بولے ② وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے ③ اور کوئی امانت اس کے سپرد کی جائے تو خیانت کرے۔“ (حوالۂ مذکور، حدیث: 6095) ایک تیسری روایت میں فرمایا: ”میں نے (خواب میں) دیکھا کہ دو فرشتے میرے پاس آئے اور کہنے لگے: جس شخص کو آپ نے دیکھا تھا کہ اس کے جبڑے چیرے جا رہے تھے وہ بہت جھوٹا آدمی تھا جو ایک جھوٹ بات کہہ دیتا تھا، لوگ اس کے جھوٹ کو آگے بیان کر دیتے حتیٰ کہ اس کا جھوٹ اطراف عالم میں پھیل جاتا تھا، چنانچہ حشر کے دن تک اس کو یہی سزا دی جاتی رہے گی۔“ (حوالہ مذکور، حدیث: 6096)

---

[1] (V.9:119) "The Statement of Allāh تعالى :
"O you who believe! Be afraid of Allāh, and be with those who are true (in words and deeds)." (V.9:119).
And what is forbidden as regards telling of lies.
a) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Truthfulness leads to *Al-Birr* (righteousness) and *Al-Birr* (righteousness) leads to Paradise. And a man keeps on telling the truth until he becomes a truthful person. Falsehood leads to *Al-Fujūr* (i.e. wickedness - evildoing), and *Al-Fujūr* leads to the (Hell) Fire. And a man keeps on telling lies until he is written as a liar before Allāh." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6094 (O.P.116)]
b) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The signs of a hypocrite are three: Whenever he speaks, he tells a lie; and whenever he promises, he breaks his promise; and whenever he is entrusted, he betrays (proves to be dishonest)." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6095 (O.P.117)]
c) Narrated Samurah bin Jundub رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "I saw (in a dream), two men came to me." Then the Prophet ﷺ narrated the story (saying): "They said: The person, the one whose cheek you saw being torn away (from the mouth to the ear) was a liar and used to tell lies and the people would report those lies on his authority till they spread all over the world. So he will be punished like that till the Day of Resurrection." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6096 (O.P.118)]

[2] (V.9:120) *Muhsinūn:* Doers of good, i.e. those who perform good deeds totally for Allāh's sake only without any show-off or to gain praise or fame and they do them in accordance with the *Sunnah* (legal ways) of Allāh's Messenger, Muhammad ﷺ.

① [مُحْسِنِین] ”نیکوکار لوگ“ جو دکھاوے، شہرت و ناموری اور ستائش کی تمنا کیے بغیر محض اللہ کے لیے نیک اعمال انجام دیتے ہیں اور وہ یہ تمام نیک اعمال رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق انجام دیتے ہیں۔

وَلَا يُنۡفِقُوۡنَ نَفَقَةً صَغِيۡرَةً وَّلَا كَبِيۡرَةً وَّلَا يَقۡطَعُوۡنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمۡ لِيَجۡزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحۡسَنَ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۲۱﴾

اور وہ جو بھی چھوٹا اور بڑا خرچ کرتے ہیں اور وہ جو بھی وادی طے کرتے ہیں وہ (سب) ان کے لیے لکھا جاتا ہے، تاکہ اللہ انھیں ان کاموں کی بہترین جزا دے جو وہ کرتے ہیں ① ﴿۱۲۱﴾

121. Nor do they spend anything (in Allāh's Cause) — small or great — nor cross a valley, but is written to their credit that Allāh may recompense them with the best of what they used to do (i.e. Allāh will reward their good deeds according to the reward of their best deeds which they did in the most perfect manner).[1]

وَمَا كَانَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ لِيَنۡفِرُوۡا كَآفَّةً ؕ فَلَوۡلَا نَفَرَ مِنۡ كُلِّ فِرۡقَةٍ مِّنۡهُمۡ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوۡا فِى الدِّيۡنِ وَلِيُنۡذِرُوۡا قَوۡمَهُمۡ اِذَا رَجَعُوۡۤا اِلَيۡهِمۡ لَعَلَّهُمۡ يَحۡذَرُوۡنَ ﴿۱۲۲﴾ ع 15 4 4

اور مومنوں کے لیے مناسب نہیں کہ وہ سب ہی نکل کھڑے ہوں، تو ہر فرقے میں سے ایک گروہ دین میں سمجھ حاصل کرنے کے لیے کیوں نہ نکلا، تاکہ وہ جب اپنے قبیلے میں واپس جائیں تو انھیں خبردار کریں، تاکہ وہ (پیچھے والے بھی اللہ سے) ڈریں ﴿۱۲۲﴾

122. And it is not (proper) for the believers to go out to fight (*Jihād*) all together. Of every troop of them, a party only should go forth, that they (who are left behind) may get instructions in (Islāmic) religion, and that they may warn their people when they return to them, so that they may beware (of evil).

الربع

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا قَاتِلُوا الَّذِيۡنَ يَلُوۡنَكُمۡ مِّنَ الۡكُفَّارِ وَلۡيَجِدُوۡا فِيۡكُمۡ غِلۡظَةً ؕ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۱۲۳﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم ان کافروں سے لڑو جو تمھارے قرب وجوار میں ہیں اور چاہیے کہ وہ تمھارے اندر سختی پائیں اور جان لو کہ یقیناً اللہ متقیوں کے ساتھ ہے ﴿۱۲۳﴾

123. O you who believe! Fight those of the disbelievers who are close to you, and let them find harshness in you; and know that Allāh is with those who are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَاِذَا مَاۤ اُنۡزِلَتۡ سُوۡرَةٌ فَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّقُوۡلُ اَيُّكُمۡ زَادَتۡهُ هٰذِهٖۤ اِيۡمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا فَزَادَتۡهُمۡ اِيۡمَانًا وَّهُمۡ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿۱۲۴﴾

اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان (منافقین) میں سے بعض ایسے ہیں جو (طنزاً) کہتے ہیں: تم میں سے کس کو اس (سورت) نے ایمان میں زیادہ کیا ہے؟ چنانچہ جو لوگ ایمان لائے ہیں، اس (سورت) نے ان کو ایمان میں زیادہ کیا ہے، اور وہ خوش ہوتے ہیں ﴿۱۲۴﴾

124. And whenever there comes down a *Sūrah* (chapter from the Qur'ān), some of them (hypocrites) say: "Which of you has had his Faith increased by it?" As for those who believe, it has increased their Faith, and they rejoice.

---

[1] (V.9:121)

a) Islām demolishes all the previous evil deeds and so do migration (for Allāh's sake) and *Hajj* (pilgrimage to Makkah). (*Sahih Muslim*)

b) What is said regarding the superiority of a person who embraces Islām sincerely.

Narrated Abu Sa'īd Al-Khudrī رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "If a person embraces Islām sincerely, then Allāh shall forgive all his past sins, and after that starts the settlement of accounts: the reward of his good deeds will be ten times to seven hundred times for each good deed, and an evil deed will be recorded as it is unless Allāh forgives it." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/41 (O.P.40A)]

Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "If anyone of you improves (follows strictly) his Islâmic religion, then his good deeds will be rewarded ten times to seven hundred times for each good deed and a bad deed will be recorded as it is." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/42 (O.P.40B)]

① اس میں اللہ تعالیٰ کے اس فضل وکرم کا بیان ہے جو نیکی کا صلہ دیتے وقت وہ اختیار فرماتا ہے، چنانچہ اسلام قبول کرنے سے، (اللہ کی راہ میں) ہجرت کرنے سے اور حج سے پچھلے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ (ماخوذ از صَحِيح مُسْلِم، اَلْإِيمَانُ، بَابُ كَوْنِ الْإِسْلَامِ يَهْدِمُ مَا قَبْلَهُ وَكَذَا الْهِجْرَةُ وَالْحَجّ، حدیث: 121) علاوہ ازیں پھر اسے ہر اچھے کام پر دس سے سات سو گنا تک ثواب ملتا ہے اور اگر وہ برا کام کرے تو وہ ایک ہی گناہ شمار ہوتا ہے الّا یہ کہ اللہ اسے بھی معاف فرما دے۔" (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 31 حدیث: 41)

وَأَمَّا ٱلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا وَهُمْ كَٰفِرُونَ ﴿١٢٥﴾

لیکن جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے، تو اس (سورت) نے ان کی (پہلی) پلیدی پر مزید پلیدی کا اضافہ کر دیا اور وہ مرتے دم تک کافر ہی رہے﴿١٢٥﴾

125. But as for those in whose hearts is a disease (of doubt, disbelief and hypocrisy), it will add suspicion and doubt to their suspicion, disbelief and doubt; and they die while they are disbelievers.

أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾

کیا وہ (مومن) نہیں دیکھتے کہ بے شک وہ (منافق) ہر سال ایک یا دو بار فتنے میں مبتلا کیے جاتے ہیں۔ پھر بھی وہ توبہ نہیں کرتے اور نہ وہ نصیحت پکڑتے ہیں﴿١٢٦﴾

126. See they not that they are put in trial once or twice every year (with different kinds of calamities, disease, famine)? Yet, they turn not in repentance, nor do they learn a lesson (from it).

وَإِذَا مَآ أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ ۚ هَلْ يَرَىٰكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ ٱنصَرَفُوا ۚ صَرَفَ ٱللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿١٢٧﴾

اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں کہ کہیں کوئی (مسلمان) تمھیں دیکھ تو نہیں رہا، پھر (چپکے سے) کھسک جاتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا ہے، اس لیے کہ بے شک وہ لوگ سمجھتے نہیں﴿١٢٧﴾

127. And whenever there comes down a *Sūrah* (chapter from the Qur'ān), they look at one another (saying): "Does any one see you?" Then they turn away. Allāh has turned their hearts (from the light) because they are a people that understand not.

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِٱلْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٨﴾

(لوگو!) یقیناً تمھارے پاس تمھی میں سے ایک رسول آ گیا ہے، اس پر تمھارا تکلیف میں مبتلا ہونا گراں (گزرتا) ہے، وہ تمھارے لیے (بھلائی کا) حریص ہے، مومنوں پر نہایت شفیق، بہت رحم کرنے والا ہے﴿١٢٨﴾

128. Verily, there has come to you a Messenger (Muhammad ﷺ) from amongst yourselves (i.e. whom you know well). It grieves him that you should receive any injury or difficulty. He (Muhammad ﷺ) is anxious over you (to be rightly guided, to repent to Allāh, and beg Him to pardon and forgive your sins in order that you may enter Paradise and be saved from the punishment of the Hell-fire); for the believers (he ﷺ is) full of pity, kind, and merciful.

فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ ٱللَّهُ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ ٱلْعَرْشِ ٱلْعَظِيمِ ﴿١٢٩﴾ ع 16 7 5

پھر بھی اگر وہ پھریں تو کہہ دیجیے: مجھے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود (برحق) نہیں، اسی پر میں نے بھروسا کیا ہے① اور وہی عرش عظیم کا رب ہے﴿١٢٩﴾

129. But if they turn away, say (O Muhammad ﷺ): "Allāh is sufficient for me. *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He) in Him I put my trust and He is the Lord of the Mighty Throne."[1]

[1] (V.9:129) See the footnote of (V.3:173).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 173/3)

الحزب الثالث (3)

آياتها 109 (10) سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ (51) ركوعاتها 11

سورۂ یونس

Sûrat Yûnus [(Prophet) Jonah] 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم
کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh,
the Most Gracious, the Most Merciful.

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ①

الٓر، یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں ①

1. *Alif-Lām-Rā*. [These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.] These are the Verses of the Book (the Qur'ān) *Al-Hakīm*.[1]

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ
مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ
رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ
مُّبِيْنٌ ②

کیا لوگوں کے لیے یہ تعجب (کی بات) ہے کہ ہم نے
ان میں سے ایک آدمی کی طرف وحی① بھیجی کہ آپ
لوگوں کو ڈرائیں اور ان لوگوں کو خوشخبری دیں جو
ایمان لائے کہ بے شک ان کے لیے ان کے رب
کے ہاں سچائی کا مرتبہ ہے۔ کافروں نے کہا: بے
شک یہ تو یقیناً صاف جادوگر ہے ②

2. Is it a wonder for mankind that We have sent Our Revelation[2] to a man from among themselves (i.e. Prophet Muhammad ﷺ) (saying): "Warn mankind (of the coming torment in Hell), and give good news to those who believe (in the Oneness of Allāh and in His Prophet Muhammad ﷺ) that they shall have with their Lord the rewards of their good deeds?" (But) the disbelievers say: "This is indeed an evident sorcerer (i.e. Prophet Muhammad ﷺ and the Qur'ān)!"

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى
الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ
بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ
اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ③

بے شک تمھارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور
زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر وہ عرش پر مستوی
ہوگیا، وہی ہر کام کی تدبیر کرتا ہے۔ کوئی سفارشی نہیں
(بن سکتا) بغیر اس کی اجازت کے۔ یہی اللہ ہے
تمھارا رب، چنانچہ تم اسی کی عبادت کرو، پھر کیا تم
نصیحت نہیں پکڑتے؟ ③

3. Surely, your Lord is Allāh Who created the heavens and the earth in six Days and then rose over (*Istawā*) the Throne (really in a manner that suits His Majesty), disposing the affair of all things. No intercessor (can plead with Him) except after His Leave. That is Allāh, your Lord; so worship Him (Alone). Then, will you not remember?

اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ
اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ

تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، اللہ کا وعدہ
سچا ہے، بے شک وہی مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے،
پھر وہی اسے لوٹائے (زندہ کرے) گا، تاکہ ان لوگوں

4. To Him is the return of all of you. The Promise of Allāh is true. It is He Who begins the creation and then will repeat it,

---

[1] (V.10:1) *Al-Hakīm*: Showing lawful and unlawful things, explaining Allāh's (Divine) Laws for mankind, leading them to eternal happiness by ordering them to follow the true Islāmic Monotheism, — worshipping none but Allāh Alone — that will guide them to Paradise and save them from Hell.

[2] (V.10:2) See the footnote of (V.4:163).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ نساء 4:163)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ④

کو انصاف کے ساتھ بدلہ دے جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہوگا، اس لیے کہ وہ کفر کرتے تھے④

that He may reward with justice those who believed (in the Oneness of Allāh — Islâmic Monotheism) and did deeds of righteousness. But those who disbelieved will have a drink of boiling fluids and painful torment because they used to disbelieve.

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ⑤

وہی ہے (اللہ) جس نے سورج کو نہایت روشن بنایا اور چاند کو نور اور اس کی منزلیں مقرر کیں، تاکہ تم سالوں کی گنتی اور حساب معلوم کر سکو۔ یہ (سب کچھ) اللہ نے حق ہی کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ وہ اپنی آیتیں تفصیل سے ان لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے جو جانتے ہیں⑤

5. It is He Who made the sun a shining thing and the moon as a light and measured out for it stages that you might know the number of years and the reckoning. Allāh did not create this but in truth. He explains the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) in detail for a people who have knowledge.

اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ⑥

بے شک رات اور دن کے (بدل بدل کر) آنے جانے میں اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے (اس میں بھی)، البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو ڈرتے ہیں⑥

6. Verily, in the alternation of the night and the day and in all that Allāh has created in the heavens and the earth are *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.) for those people who keep their duty to Allāh, and fear Him much.

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ⑦ۙ

بے شک وہ لوگ جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے اور وہ دنیاوی زندگی پر راضی اور اسی پر مطمئن ہیں اور وہ لوگ جو ہماری نشانیوں سے غافل ہیں⑦

7. Verily, those who hope not for their Meeting with Us, but are pleased and satisfied with the life of the present world, and those who are heedless of Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.),

اُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ⑧

وہی ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے ان (عملوں) کی وجہ سے جو وہ کماتے تھے⑧

8. Those, their abode will be the Fire, because of what they used to earn.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ⑨

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ان کا رب ان کے ایمان کی وجہ سے انھیں (جنت کے باغوں کی) راہ دکھائے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، نعمتوں کے باغات میں⑨

9. Verily, those who believe[1] and do deeds of righteousness, their Lord will guide them through their Faith; under them will flow rivers in the Gardens of Delight (Paradise).

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ

اس (جنت) میں ان کی پکار ہوگی: اے اللہ! تو پاک ہے۔ اور اس میں ان کی دعا ہوگی: سلام۔ اور ان کی

10. Their way of request therein will be *Subhānaka Allāhumma* (glory to You, O Allāh!) and

[1] (V.10:9) Who believe in the Oneness of Allāh along with the six articles of Faith, i.e. to believe in Allāh, His Angels, His Books, His Messengers, Day of Resurrection, and *Al-Qadar* (Divine Preordainments) — Islâmic Monotheism.

ع 10/6 لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑩

آخری پکار یہ ہوگی کہ تمام تعریفیں اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہیں⑩

اللہ نے مثال بیان کی ایک غلام مملوک کی جو کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا، اور (دوسرا) وہ جسے ہم نے اپنی طرف سے اچھا رزق دیا، چنانچہ وہ اس میں سے خفیہ اور علانیہ خرچ کرتا ہے۔ کیا وہ دونوں برابر ہیں؟ تمام حمد اللہ ہی کے لیے ہے، بلکہ ان کے اکثر لوگ (یہ حقیقت بھی) نہیں جانتے ﴿٧٥﴾

75. Allāh puts forward the example of (two men — a believer and a disbeliever); a slave (disbeliever) under the possession of another, he has no power of any sort, and (the other), a man (believer) on whom We have bestowed a good provision from Us, and he spends thereof secretly and openly. Can they be equal? (By no means). All praise and thanks are Allāh's. Nay! (But) most of them know not.

وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوْلَاهُ أَيْنَمَا يُوَجِّههُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۖ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ ۙ وَمَن يَأْمُرُ
10 ع 16 بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٧٦﴾

اور اللہ نے دو شخصوں کی (ایک اور) مثال بیان کی، ان میں سے ایک گونگا (اور بہرا) ہے، وہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا، جبکہ وہ اپنے آقا پر ایک بوجھ ہے، جہاں کہیں بھی وہ اسے بھیجے وہ کوئی خیر اور بھلائی نہیں لاتا۔ کیا وہ اس شخص کے برابر ہو سکتا ہے جو عدل کا حکم دیتا ہے اور وہ صراط مستقیم پر ہے؟ ﴿٧٦﴾

76. And Allāh puts forward (another) example of two men, one of them dumb, who has no power over anything (disbeliever), and he is a burden on his master; whichever way he directs him, he brings no good. Is such a man equal to one (believer in Islāmic Monotheism) who commands justice, and is himself on a Straight Path?

وَلِلَّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَا أَمْرُ السَّاعَةِ إِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٧٧﴾

اور اللہ ہی کے پاس آسمانوں اور زمین کا غیب ہے، اور قیامت کا معاملہ تو بس آنکھ جھپکنے کی طرح ہے بلکہ اس سے بھی قریب تر، بے شک اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے ﴿٧٧﴾

77. And to Allāh belongs the Unseen of the heavens and the earth. And the matter of the Hour is not but as a twinkling of the eye, or even nearer. Truly, Allāh is Able to do all things.

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ
لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ
السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾

اور اللہ نے تمھیں تمھاری ماؤں کے پیٹوں سے اس حال میں نکالا کہ تم کچھ علم نہیں رکھتے تھے، اور اسی نے تمھارے کان، آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر کرو ﴿۷۸﴾

78. And Allāh has brought you out from the wombs of your mothers while you knew nothing. And He gave you hearing, sight, and hearts that you might give thanks (to Allāh).

اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ
السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٧٩﴾

کیا انھوں نے پرندوں کی طرف نہیں دیکھا، وہ آسمانی فضا میں مسخر (تابع فرمان) ہیں۔ اللہ کے سوا، انھیں (فضا میں) کوئی نہیں تھام رہا۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے البتہ نشانیاں ہیں جو ایمان لاتے ہیں ﴿۷۹﴾

79. Do they not see the birds held (flying) in the midst of the sky? None holds them but Allāh (none gave them the ability to fly but Allāh). Verily, in this are clear *Ayāt* (proofs and signs) for a people who believe (in the Oneness of Allāh).

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا
وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ
بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ
اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا
وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٨٠﴾

اور اللہ نے تمھارے لیے تمھارے گھر جائے سکونت بنائے اور تمھارے لیے چوپایوں کی کھالوں سے ایسے گھر (خیمے) بنائے جنھیں تم ہلکا سمجھتے ہو اپنے کوچ کے دن اور اپنے قیام کے دن اور ان (بھیڑوں) کی اون سے اور ان (اونٹوں) کی پشم سے اور ان (بکریوں) کے بالوں سے (گھریلو) اثاثے اور ایک مدت تک برتنے کی چیزیں (بنائیں) ﴿۸۰﴾

80. And Allāh has made for you in your homes an abode, and made for you out of the hides of the cattle (tents for) dwelling, which you find so light (and handy) when you travel and when you stay (in your travels); and of their wool, fur, and hair (sheep wool, camel fur, and goat hair), furnishings and articles of convenience (e.g. carpets, blankets), comfort for a while.

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا
وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ
لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ
تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ
عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾

اور اللہ نے اپنی تخلیق کردہ چیزوں سے تمھارے لیے سائے بنائے، اور تمھارے لیے پہاڑوں میں چھپنے کے مقام (غار) بنائے، اور تمھارے لیے کرتے بنائے جو تمھیں گرمی سے بچاتے ہیں اور کرتے (زرہ بکتر) جو تمھاری لڑائی میں تمھیں بچاتے ہیں۔ اسی طرح وہ تم پر اپنی نعمتیں تمام کرتا ہے، تاکہ تم مطیع ہو جاؤ ﴿۸۱﴾

81. And Allāh has made for you out of that which He has created shades, and has made for you places of refuge in the mountains, and has made for you garments to protect you from the heat (and cold), and coats of mail to protect you from your (mutual) violence. Thus does He perfect His Favour to you, that you may submit yourselves to His Will (in Islām).

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ
الْمُبِيْنُ ﴿٨٢﴾

پھر اگر وہ پھریں تو آپ کے ذمے تو صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے ﴿۸۲﴾

82. Then, if they turn away, your duty (O Muhammad ﷺ) is only to convey (the Message) in a clear way.

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا
وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٣﴾ ع 11 7 17

وہ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں، پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں اکثر ناشکرے ہیں ﴿۸۳﴾

83. They recognise the Grace of Allāh, yet they deny it (by worshipping others besides Allāh) and most of them are disbelievers (deny the Prophethood of Muhammad ﷺ).

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٨٤﴾

اور (یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے، پھر جنھوں نے کفر کیا، انھیں اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ان سے توبہ ہی کا مطالبہ کیا جائے گا ﴿٨٤﴾

84. And (remember) the Day when We shall raise up from each nation a witness (their Messenger), then, those who disbelieved will not be given leave (to put forward excuses), nor will they be allowed (to return to the world) to repent and ask for Allāh's forgiveness (of their sins).

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٥﴾

اور جن لوگوں نے ظلم کیا جب وہ عذاب دیکھ لیں گے تو نہ ان سے (عذاب میں) تخفیف کی جائے گی اور نہ ان کو ڈھیل دی جائے گی ﴿٨٥﴾

85. And when those who did wrong (the disbelievers) will see the torment, then it will not be lightened to them, nor will they be given respite.

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٨٦﴾ النصف

اور جن لوگوں نے شرک کیا جب وہ اپنے (خود ساختہ) شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی ہمارے شریک ہیں جنھیں ہم تیرے سوا پکارتے تھے۔ تب وہ (شریک) ان کی بات ان کی طرف پھینک ماریں گے (اور کہیں گے:) بلاشبہ تم تو یقیناً جھوٹے ہو ﴿٨٦﴾

86. And when those who associated partners with Allāh see their (Allāh's so-called) partners, they will say: "Our Lord! These are our partners whom we used to invoke besides you." But they will throw back their word at them (and say): "Surely, you indeed are liars!"

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِۨالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٨٧﴾

اور اس دن وہ اللہ کے حضور میں اپنی فرماں برداری (عاجزی) پیش کریں گے، اور ان سے وہ سب کچھ گم ہو جائے گا جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے ﴿٨٧﴾

87. And they will offer (their full) submission to Allāh (Alone) on that Day, and their invented false deities [all that they used to invoke besides Allāh, e.g. idols, saints, priests, monks, angels, jinn, Jibrāîl (Gabriel), Messengers] will vanish from them.

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿٨٨﴾

جنھوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا، ہم انھیں عذاب پر عذاب زیادہ دیں گے، اس لیے کہ وہ فساد کرتے تھے ﴿٨٨﴾

88. Those who disbelieved and hinder (men) from the path of Allāh, for them We will add torment to the torment because they used to spread corruption [by disobeying Allāh themselves, as well as ordering others (mankind) to do so].

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى
ع 12 6 18 وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿٨٩﴾

اور (اے نبی! یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں ان پر انھی میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے، اور آپ کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے آپ پر ہر چیز کو کھول کر بیان کرنے والی یہ کتاب نازل کی ہے جو مسلمانوں کے لیے ہدایت، رحمت اور

89. And (remember) the Day when We shall raise up from every nation a witness against them from amongst themselves. And We shall bring you (O Muhammad ﷺ) as a witness against these. And We have sent

down to you the Book (the Qur'ān) as an exposition of everything, a guidance, a mercy, and glad tidings for those who have submitted themselves (to Allāh as Muslims).

خوشخبری ہے۝٨٩

90. Verily, Allāh enjoins *Al-'Adl* (i.e. justice and worshipping none but Allāh Alone — Islāmic Monotheism) and *Al-Ihsān* [i.e. to be patient in performing your duties to Allāh, totally for Allāh's sake and in accordance with the *Sunnah* (legal ways) of the Prophet ﷺ in a perfect manner], and giving (help) to kith and kin[1] (i.e. all that Allāh has ordered you to give them, e.g., wealth, visiting, looking after them, or any other kind of help), and forbids *Al-Fahshā'* (i.e. all evil deeds, e.g. illegal sexual acts, disobedience of parents, polytheism, to tell lies, to give false witness, to kill a life without right), and *Al-Munkar* (i.e. all that is prohibited by Islāmic law: polytheism of every kind, disbelief and every kind of evil deeds), and *Al-Baghy* (i.e. all kinds of oppression). He admonishes you, that you may take heed.

بے شک اللہ عدل اور احسان اور قرابت داروں کو (امداد) دینے کا حکم دیتا ہے① اور وہ بے حیائی، برے کام اور ظلم وزیادتی سے منع کرتا ہے۔ وہ تمھیں وعظ کرتا ہے، تاکہ تم نصیحت پکڑو۝٩٠

إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ
وَإِيتَائِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ
الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ
لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝٩٠

91. And fulfil the Covenant of Allāh (*Bai'ah*: pledge for Islām) when you have covenanted, and break not the oaths after you have confirmed them — and indeed you have appointed Allāh your surety. Verily, Allāh knows what you do.

اور اللہ کا عہد پورا کرو جب تم آپس میں عہد کرلو اور قسمیں پکی کرنے کے بعد نہ توڑو جبکہ تم نے اللہ کو اپنا کفیل بنایا ہو۔ بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۝٩١

وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدتُّمْ
وَلَا تَنقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا
وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللَّهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ
اللَّهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝٩١

92. And be not like her who undoes the thread which she has spun, after it has become strong,

اور تم اس عورت کی طرح نہ ہوجاؤ جس نے اپنا سوت محنت سے کاتنے کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کرڈالا،

وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِن
بَعْدِ قُوَّةٍ أَنكَاثًا تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ

[1] (V.16:90) Degree of kinship: First of all, your parents, then your offspring, then your brothers and sisters, then your paternal uncles and aunts (from your father's side), then your maternal uncles and aunts (from your mother's side), and then other relatives.

① لیکن رشتے داری کے بھی مدارج ہیں سب سے پہلے تمہارے والدین، پھر تمہاری اولاد، پھر تمہارے بھائی، بہنیں پھر تمہارے چچا اور پھوپھی پھر تمہارے ماموں اور خالہ اور پھر دیگر رشتہ دار۔

دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبَىٰ مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللَّهُ بِهِ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٩٢﴾

تم اپنی قسموں کو باہم فریب کا ذریعہ بناتے ہو کہ ایک جماعت دوسری جماعت سے (مالِ وافر میں) بڑھ جائے۔ بے شک اللہ اس (عہد وپیماں) سے تمھیں آزماتا ہے۔ اور یوم قیامت وہ تم پر ضرور واضح کر دے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے ﴿۹۲﴾

by taking your oaths as a means of deception among yourselves, lest a nation should be more numerous than another nation. Allāh only tests you by this (i.e. who obeys Allāh and fulfils Allāh's Covenant and who disobeys Allāh and breaks Allāh's Covenant). And on the Day of Resurrection, He will certainly make clear to you that wherein you used to differ (i.e. a believer confesses and believes in the Oneness of Allāh and in the Prophethood of Prophet Muhammad ﷺ which the disbeliever denies and that is their difference amongst them in the life of this world).[1]

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَٰكِنْ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ ۚ وَلَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾

اور اگر اللہ چاہتا تو تمھیں ایک ہی امت بنا دیتا، لیکن وہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔ اور تم سے ضرور اس کا سوال ہوگا جو تم عمل کرتے تھے ﴿۹۳﴾

93. And had Allāh willed, He could have made you (all) one nation, but He sends astray whom He wills and guides whom He wills. But you shall certainly be called to account for what you used to do.

وَلَا تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوءَ بِمَا صَدَدْتُمْ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٩٤﴾

اور تم اپنی قسموں کو باہم فریب دینے کا ذریعہ نہ بناؤ کہ (اسلام پر کسی کا) قدم جمنے کے بعد ڈگمگا جائے، اور تم (دنیا میں) اس کی سزا چکھو کہ تم نے (اسے) اللہ کی راہ سے روکا، اور (آخرت میں) تمھارے لیے بہت بڑا عذاب ہوگا ﴿۹۴﴾

94. And make not your oaths, a means of deception among yourselves, lest a foot should slip after being firmly planted, and you may have to taste the evil (punishment in this world) of having hindered (men) from the path of Allāh (i.e. belief in the Oneness of Allāh and His Messenger, Muhammad ﷺ), and yours will be a great torment (i.e. the fire of Hell in the Hereafter).

وَلَا تَشْتَرُوا بِعَهْدِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ إِنَّمَا عِنْدَ اللَّهِ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٩٥﴾

اور اللہ کے عہد کے بدلے میں تھوڑی قیمت (دنیوی فائدے) نہ خریدو، بے شک جو اللہ کے ہاں (اجر) ہے وہی بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو ﴿۹۵﴾

95. And purchase not a small gain at the cost of Allāh's Covenant. Verily, what is with Allāh is better for you if you did but know.

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۖ وَمَا عِنْدَ اللَّهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾

جو کچھ تمھارے پاس ہے وہ فنا ہو جائے گا، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ضرور انھیں ان کا اجرو

96. Whatever is with you, will be exhausted, and whatever is with Allāh (of good deeds) will remain. And those who are

[1] (V.16:92) See the footnote of (V.3:85).

ثواب ان بہترین اعمال کے بدلے میں دیں گے جو وہ کرتے تھے① ﴿٩٦﴾

patient, We will certainly pay them a reward in proportion to the best of what they used to do.[1]

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٧﴾

جس نے نیک عمل کیے، مرد ہو یا عورت، جبکہ وہ مومن ہو تو ہم ضرور اسے پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے، اور ہم انھیں ضرور ان کا اجر وثواب ان بہترین اعمال کے بدلے میں دیں گے جو وہ کرتے تھے ﴿٩٧﴾

97. Whoever works righteousness — whether male or female — while he (or she) is a true believer (of Islāmic Monotheism) verily, to him We will give a good life (in this world with respect, contentment and lawful provision), and We shall pay them certainly a reward in proportion to the best of what they used to do (i.e. Paradise in the Hereafter).

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٩٨﴾

پھر جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگیں ﴿٩٨﴾

98. So when you recite the Qur'ān, seek refuge with Allāh from *Shaitān* (Satan), the outcast (the cursed one).

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٩٩﴾

بے شک ان لوگوں پر اس کا کوئی زور نہیں (چلتا) جو ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں ﴿٩٩﴾

99. Verily, he has no power over those who believe and put their trust only in their Lord (Allāh).

اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿١٠٠﴾ 13 ع 19

بس اس کا زور تو ان لوگوں پر چلتا ہے جو اسے دوست بناتے ہیں اور (ان پر) جو اس (اللہ) کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں ﴿١٠٠﴾

100. His power is only over those who obey and follow him (Satan), and those who join partners with Him (Allāh, i.e. those who are *Mushrikūn,* i.e., polytheists. See Verse 6:121).

وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٠١﴾

اور جب ہم ایک آیت کی جگہ بدل کر دوسری آیت لائیں، اور اللہ اسے خوب جانتا ہے جو کچھ وہ نازل کرتا ہے، تو وہ (کافر) کہتے ہیں: یقیناً تو گھڑ لانے والا ہے، لیکن ان میں اکثر علم نہیں رکھتے ﴿١٠١﴾

101. And when We change a Verse (of the Qur'ān) in place of another — and Allāh knows best what He sends down — they (the disbelievers) say: "You (O Muhammad ﷺ) are but a *Muftari*! (forger, liar)." Nay, but most of them know not.

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٠٢﴾

کہہ دیجیے: اس (قرآن) کو روح القدس (جبریل) نے آپ کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا ہے، تاکہ اللہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہو ﴿١٠٢﴾

102. Say (O Muhammad ﷺ) *Ruh-ul-Qudus* [Jibrīl (Gabriel)] has brought it (the Qur'ān) down from your Lord with truth, that it may make firm and strengthen (the Faith of) those who believe, and as a guidance and glad tidings to those who have

[1] (V.16:96) See the footnote of (V.9:121).

① ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ توبہ: 121/9)

submitted (to Allāh as Muslims).

وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُۥ بَشَرٌ ۗ لِّسَانُ ٱلَّذِى يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِىٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِينٌ ﴿١٠٣﴾

اور ہمیں بخوبی علم ہے کہ وہ کہتے ہیں: یقیناً اس (نبی) کو ایک آدمی سکھاتا ہے۔ اس شخص کی زبان عجمی ہے جس کی طرف یہ غلط نسبت کرتے ہیں، جبکہ یہ (قرآن تو) فصیح عربی زبان ہے ﴿١٠٣﴾

103. And indeed We know that they (polytheists and pagans) say: "It is only a human being who teaches him (Muhammad ﷺ)." The tongue of the man they refer to is foreign, while this (the Qur'ān) is a clear Arabic tongue.

إِنَّ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ لَا يَهْدِيهِمُ ٱللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٠٤﴾

بلاشبہ جو لوگ اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے، اللہ انھیں ہدایت نہیں دیتا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿١٠٤﴾

104. Verily, those who believe not in the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh, Allāh will not guide them and theirs will be a painful torment.

إِنَّمَا يَفْتَرِى ٱلْكَذِبَ ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ ۖ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْكَٰذِبُونَ ﴿١٠٥﴾

جھوٹ تو صرف وہ لوگ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے اور وہی لوگ جھوٹے ہیں ﴿١٠٥﴾

105. It is only those who believe not in the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh, who fabricate falsehood, and it is they who are liars.

مَن كَفَرَ بِٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ إِيمَٰنِهِۦٓ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُۥ مُطْمَئِنٌّۢ بِٱلْإِيمَٰنِ وَلَٰكِن مَّن شَرَحَ بِٱلْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ ٱللَّهِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٠٦﴾

جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ سے کفر کرے، سوائے اس کے جس پر جبر کیا گیا اور اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا، لیکن جس نے کفر کے لیے (اپنا) سینہ کھول دیا (راضی خوشی کفر کیا) تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے، اور ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے ﴿١٠٦﴾

106. Whoever disbelieved in Allāh after his belief, except him who is forced thereto and whose heart is at rest with Faith; but such as open their breasts to disbelief, on them is wrath from Allāh, and theirs will be a great torment.

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ ٱسْتَحَبُّوا۟ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا عَلَى ٱلْءَاخِرَةِ وَأَنَّ ٱللَّهَ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿١٠٧﴾

یہ اس لیے کہ انھوں نے دنیاوی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں (زیادہ) محبوب رکھا، اور بے شک اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا ﴿١٠٧﴾

107. That is because they loved and preferred the life of this world over that of the Hereafter. And Allāh guides not the people who disbelieve.

أُو۟لَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ طَبَعَ ٱللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَٰرِهِمْ ۖ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْغَٰفِلُونَ ﴿١٠٨﴾

یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں، کانوں اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور یہی لوگ غافل ہیں ﴿١٠٨﴾

108. They are those upon whose hearts, hearing (ears) and sight (eyes) Allāh has set a seal. And they are the heedless!

لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِى ٱلْءَاخِرَةِ هُمُ ٱلْخَٰسِرُونَ ﴿١٠٩﴾

بلاشبہ یقیناً آخرت میں یہی لوگ خسارہ پانے والے ہیں ﴿١٠٩﴾

109. No doubt, in the Hereafter, they will be the losers.

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُوا۟ مِنۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوا۟ ثُمَّ جَٰهَدُوا۟ وَصَبَرُوٓا۟ إِنَّ رَبَّكَ مِنۢ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٠﴾ ع 14 10 20

پھر بے شک آپ کا رب ان لوگوں کے لیے (مہربان ہے) جنھوں نے آزمائش میں پڑنے کے بعد ہجرت کی، پھر جہاد کیا اور صبر کیا، بے شک آپ کا رب ان (آزمائشوں) کے بعد (ان لوگوں کے لیے) البتہ بہت

110. Then, verily, your Lord for those who emigrated after they had been put to trials and thereafter strove hard and fought (for the Cause of Allāh) and were patient, verily your Lord,

afterward, is Oft-Forgiving, Most Merciful.

بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿110﴾

111. (Remember) the Day when every person will come up pleading for himself, and every one will be paid in full for what he did (good or evil, belief or disbelief in the life of this world) and they will not be dealt with unjustly.

جس دن ہر نفس اپنی طرف سے جھگڑتا ہوا آئے گا اور ہر کسی نے جو عمل کیے ان کا اسے پورا پورا بدلہ دیا جائے گا، اوران پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿111﴾

يَوْمَ تَأْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿111﴾

112. And Allāh puts forward the example of a township (Makkah), that dwelt secure and well-content; its provision coming to it in abundance from every place, but it (its people) denied the Favours of Allāh (with ungratefulness). So Allāh made it taste extreme of hunger (famine) and fear, because of that (evil, i.e. denying Prophet Muhammad ﷺ) which they (its people) used to do.[1]

اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی ہے جو امن و اطمینان سے (آباد) تھی، اس کا رزق اسے ہر جگہ سے وافر (میسر) آتا تھا، پھر اس (کے باشندوں) نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی① تو اللہ نے انھیں ان کے کرتوتوں کی وجہ سے بھوک چکھائی اور خوف کا لباس (پہنایا) ﴿112﴾

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿112﴾

113. And verily, there had come to them a Messenger (Muhammad ﷺ) from among themselves, but they denied him, so the torment overtook them while they were *Zālimūn* (polytheists and wrong doers).

اور یقیناً ان کے پاس ایک رسول انھی میں سے آیا تو انھوں نے اس کی تکذیب کی تب انھیں عذاب نے آ پکڑا اور وہ ہی ظالم تھے ﴿113﴾

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿113﴾

114. So eat of the lawful and good food[2] which Allāh has provided for you. And be grateful

چنانچہ اس میں سے کھاؤ (پیو)② جو اللہ نے تمھیں حلال پاکیزہ رزق دیا ہے اور اگر تم واقعی اسی کی عبادت

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ

[1] (V.16:112) Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: The Prophet ﷺ said, "I was shown the Hell-fire and that the majority of its dwellers were women who were disbelievers or ungrateful." He was asked, "Do they disbelieve in Allāh?" (or are they ungrateful to Allāh?) He replied, "They are ungrateful to their husbands and are ungrateful for the favours and the good (charitable deeds) done to them. If you have always been good (benevolent) to one of them for a period of time and then she sees something in you (not of her liking), she will say, 'I have never seen any good from you.'" [*Sahih Al-Bukhari*, 1/29 (O.P.28)]

[2] (V.16:114) The meat of cattle beast which Allāh has made lawful to you (Muslims) that are slaughtered according to Islāmic way.

① بندوں کی ناشکری بھی بڑا جرم ہے چہ جائیکہ انسان اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرے۔ یہ تو بدرجہا زیادہ بڑا جرم ہے۔ بندوں کی ناشکری اور اس کی سزا کی مثال ایک حدیث میں بیان کی گئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مجھے دوزخ دکھلائی گئی، پس (میں نے دیکھا کہ) اس میں اکثریت عورتوں کی تھی جو کفر (ناشکری) کیا کرتی تھیں۔" عرض کیا گیا: کیا وہ اللہ کی ناشکری کرتی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ اپنے شوہروں کی ناشکری کرتی ہیں، اور (وہ شوہر) ان کے ساتھ جو احسان اور نیک برتاؤ کرتے ہیں اس کی بھی ناشکری کرتی ہیں اگر تو کسی عورت کے ساتھ ایک زمانے تک احسان کرتا رہے پھر وہ تجھ میں ذرا سی بھی کوئی ایسی بات دیکھے (جس کو وہ پسند نہ کرتی ہو) تو کہنے لگتی ہے: میں نے تجھ سے کبھی کوئی بھلائی نہیں پائی۔" (صحیح البخاری، الإیمان، باب: 21 حدیث: 29)

② اس میں وہ مویشی بھی، جنھیں اللہ نے تمہارے لیے حلال بنایا ہے اور جنھیں اسلامی طریقے کے مطابق ذبح کیا جاتا ہے۔

تَعْبُدُوْنَ ﴿١١٤﴾

کرتے ہو تو اللہ کی نعمت کا شکر کرو ﴿١١٤﴾

for the Graces of Allāh, if it is He Whom you worship.

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٥﴾

اللہ نے تو بس تم پر حرام کیا ہے: مردار، خون، خنزیر کا گوشت اور جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو، پھر جو شخص مجبور ہو جائے جبکہ نہ وہ باغی ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿١١٥﴾

115. He has forbidden you only *Al-Maitah* (meat of a dead animal), blood, the flesh of swine, and any animal which is slaughtered as a sacrifice for others than Allāh (or has been slaughtered for idols or on which Allāh's Name has not been mentioned while slaughtering). But if one is forced by necessity, without wilful disobedience, and not transgressing, then, Allāh is Oft-Forgiving, Most Merciful.

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۗ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۗ ﴿١١٦﴾

اور اپنی زبانوں کے جھوٹ بیان کرنے کی وجہ سے مت کہو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے، تاکہ تم اللہ پر جھوٹ باندھو۔ بے شک وہ لوگ جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گے ﴿١١٦﴾

116. And say not concerning that which your tongues put forth falsely: "This is lawful and this is forbidden," so as to invent lies against Allāh. Verily, those who invent lies against Allāh, will never prosper.

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ ﴿١١٧﴾

(ان کے لیے) تھوڑا سا فائدہ ہے اور (آخرت میں) ان کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿١١٧﴾

117. A passing brief enjoyment (will be theirs), but they will have a painful torment.

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿١١٨﴾

اور جو لوگ یہودی ہوئے ان پر ہم نے وہ چیزیں حرام کی تھیں جو ہم پہلے آپ سے بیان کر چکے ہیں۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے ﴿١١٨﴾

118. And to those who are Jews, We have forbidden such things as We have mentioned to you (O Muhammad ﷺ) before (see Verse 6:146). And We wronged them not, but they used to wrong themselves.

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَأَصْلَحُوْٓا ۙ إِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١٩﴾ ع 13 9 21

پھر بے شک آپ کا رب ان پر (مہربان ہے) جنھوں نے جہالت سے برے عمل کیے، پھر اس کے بعد انھوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کر لی، بے شک اس کے بعد آپ کا رب (ان لوگوں کے لیے) البتہ بہت بخشنے والا، نہایت مہربان ہے ﴿١١٩﴾

119. Then, verily, your Lord for those who do evil (commit sins and are disobedient to Allāh) in ignorance and afterward repent and do righteous deeds, verily, your Lord thereafter, (to such) is Oft-Forgiving, Most Merciful.

إِنَّ إِبْرٰهِيْمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۗ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٢٠﴾

بلاشبہ ابراہیم ایک امت تھا، اللہ کا فرماں بردار اور اس کی طرف یکسو، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا ﴿١٢٠﴾

120. Verily, Ibrāhīm (Abraham) was an *Ummah* (a leader having all the good righteous qualities, or a nation), obedient to Allāh, *Hanīf* (i.e. to worship none but Allāh), and he was not one of those who were *Al-Mushrikūn* (polytheists, idolaters, disbelievers

in the Oneness of Allāh, and those who joined partners with Allāh).

121. (He was) thankful for His (Allāh's) Favours. He (Allāh) chose him (as an intimate friend) and guided him to a Straight Path (Islāmic Monotheism — neither Judaism nor Christianity).[1]

وہ اللہ کی نعمتوں کا شکر کرنے والا تھا، اس (اللہ) نے اسے چن لیا اور اس کو صراط مستقیم کی طرف ہدایت دی ① ﴿١٢١﴾

شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ اجْتَبَاهُ وَهَدَاهُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿١٢١﴾

122. And We gave him good in this world, and in the Hereafter he shall be of the righteous.

اور ہم نے اسے دنیا میں بھلائی دی، اور بلاشبہ وہ آخرت میں ضرور صالحین میں سے ہوگا ﴿١٢٢﴾

وَآتَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿١٢٢﴾

123. Then, We have sent the Revelation to you (O Muhammad ﷺ saying): "Follow the religion of Ibrāhīm (Abraham) *Hanīf* (Islāmic Monotheism[2] — to worship none but Allāh) and he was not of the *Mushrikūn* (polytheists, idolaters, disbelievers).

(اے نبی!) پھر ہم نے آپ کی طرف وحی کی کہ ملت ابراہیم کی اتباع کریں جو (اللہ کی طرف) یکسو تھا اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا ② ﴿١٢٣﴾

ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٢٣﴾

---

[1] (V.16:121) (A) Ibrāhīm (Abraham) was neither a Jew nor a Christian, but he was a true Muslim *Hanīf* (Islāmic Monotheism — to worship none but Allāh Alone) and he joined none in worship with Allāh. (V.3:67)
(B) See the footnote (B) of (V.16:71).
(C) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Ibrāhīm (Abraham) عليه السلام did not tell a lie except on three occasions. Twice for the sake of Allāh عز وجل when he said, "I am sick," and he said, "(I have not done this but) the big idol has done it."* The (third was) that while Ibrāhīm (Abraham) and Sārah (his wife) were going (on a journey) they passed by (the territory of) a tyrant from among the tyrants. Someone said to the tyrant, "This man [i.e. Ibrāhīm (Abraham) عليه السلام] is accompanied by a very charming lady." So, he sent for Ibrāhīm (Abraham) and asked him about Sārah saying, "Who is this lady?" Ibrāhīm (Abraham) said, "She is my sister." Ibrāhīm (Abraham) went to Sārah and said, "O Sārah! There are no believers on the surface of the earth except you and I. This man asked me about you and I have told him that you are my sister, so don't contradict my statement." The tyrant then called Sārah and when she went to him, he tried to take hold of her with his hand, but (his hand got stiff and) he was confounded. He asked Sārah, "Pray to Allāh for me, and I shall not harm you." So Sārah asked Allāh to cure him and he got cured. He tried to take hold of her for the second time, but his hand got as stiff as or stiffer than before and) was more confounded. He again requested Sārah, "Pray to Allāh for me, and I will not harm you," Sārah asked Allāh again and he became all right. He then called one of his guards (who had brought her) and said, "You have not brought me a human being but have brought me a devil." The tyrant then gave Hājar as a girl-servant to Sārah. Sārah came back [to Ibrāhīm (Abraham)] while he was praying. Ibrāhīm (Abraham), gesturing with his hand, asked, "What has happened?" She replied, "Allāh has spoiled the evil plot of the infidel (or immoral person) and gave me Hājar for service." Abu Hurairah then addressed his listeners saying, "That (Hājar) was your mother, O Banī Mā'-is-Samā' (i.e. the Arabs)." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3358 (O.P.578)]
* The idolaters invited Ibrāhīm (Abraham) to join them in their celebrations outside the city, but he refused, claiming that he was sick. When he was left alone, he came to their idols and broke them into pieces. When the idolaters questioned him, he claimed that he had not destroyed their idols but the chief idol had, which Ibrāhīm (Abraham) left undisturbed and on whose shoulder he had put an axe to lay the accusation on it.
[2] (V.16:123) See the footnote of (V.2:135).

① ابراہیم علیہ السلام نہ تو یہودی تھے اور نہ نصرانی (عیسائی) بلکہ وہ (ایک سچے) مسلم، حنیف (اسلامی عقیدۂ توحید یعنی اللہ کے سوا کوئی بندگی کے لائق نہیں کے ماننے والے) تھے اور وہ مشرکوں میں سے بھی نہیں تھے۔ (سورۂ آل عمران: 3/67)

② ملاحظہ ہو حاشیہ (سورۂ بقرہ: 2/135)

إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٢٤﴾

ہفتے کے دن (کی تعظیم) کو تو صرف ان لوگوں پر ضروری قرار دیا گیا تھا جنھوں نے اس میں اختلاف کیا۔ اور بے شک آپ کا رب ان کے مابین قیامت کے دن اس امر کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے ﴿١٢٤﴾

124. The Sabbath was only prescribed for those who differed concerning it (i.e. Friday), and verily, your Lord will judge between them on the Day of Resurrection about that wherein they used to differ.

ادْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ۖ وَجَادِلْهُم بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ﴿١٢٥﴾

(اے نبی!) اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھے وعظ کے ساتھ دعوت دیجیے اور ان سے احسن طریقے سے بحث کیجیے۔ بے شک آپ کا رب ہی اس شخص کو خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹکا اور وہی ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے ﴿١٢٥﴾

125. Invite (mankind, O Muhammad ﷺ) to the way of your Lord (i.e. Islām) with wisdom (i.e. with the Divine Revelation and the Qur'ān) and fair preaching, and argue with them in a way that is better. Truly, your Lord knows best who has gone astray from His path, and He is the Best Knower of those who are guided.

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ ۖ وَلَئِن صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرِينَ ﴿١٢٦﴾

اور اگر تم بدلہ لو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی تمھیں تکلیف دی گئی ہو،① اور اگر تم صبر کرو تو وہ صابرین کے لیے بہت بہتر ہے ﴿١٢٦﴾

126. And if you punish (your enemy, O you believers in the Oneness of Allāh), then punish them with the like of that with which you were afflicted. But if you endure patiently, verily, it is better for *As-Sābirūn* (the patient).[1]

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ ۚ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿١٢٧﴾

اور (اے نبی!) آپ صبر کریں، اور آپ کا صبر کرنا بھی اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور ان (کفار) پر غم نہ کھائیں اور نہ آپ اس پر تنگی میں مبتلا ہوں جو وہ مکر

127. And endure you patiently (O Muhammad ﷺ), your patience is not but from Allāh. And grieve not over them (polytheists and

[1] (V.16:126)
a) The Statement of Allāh: "Only those who are patient shall receive their rewards in full, without reckoning" (V.39:10)
Narrated Abu Mūsā رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "None is more patient than Allāh against the harmful saying He hears from the people, they ascribe a son (or offspring) to Him, yet He gives them health and (supplies them with) provision." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6099 (O.P.121)]
b) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: The Prophet ﷺ divided and distributed something as he used to do with some of his distributions. A man from the *Ansār* said, "By Allāh! in this division the Pleasure of Allāh has not been intended." I said, "I will definitely tell this to the Prophet ﷺ." So I went to him while he was sitting with his Companions and told him of it secretly. That was hard upon the Prophet ﷺ and the colour of his face changed, and he became so angry that I wished I had not told him. The Prophet ﷺ then said, "Mūsā (Moses) was harmed with more than this, yet he remained patient." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6100 (O.P.122)]

① بدلے کی مختلف صورتیں ہیں: بعض حدیثوں میں ہے: ام معاویہ، ہند رضی اللہ عنہا (بنت عتبہ، ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی بیوی) نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: ابوسفیان رضی اللہ عنہ ایک بخیل آدمی ہے۔ اسے بتائے بغیر اس کے مال میں سے (خرچ کے لیے) لوں تو مجھے گناہ ہوگا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "تم اور تمہارے بچے اپنے گزارے کے لیے معروف طور پر (فضول خرچی کیے بغیر) لے سکتے ہو۔" (صحیح البخاری، البیوع، باب: 95 حدیث: 2211) رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا: آپ ہمیں باہر بھیجتے ہیں اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم ایسے لوگوں کے ہاں قیام کرتے ہیں جو ہماری مہمانداری نہیں کرتے تو اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ نے فرمایا: "اگر تم کسی کے ہاں قیام کرو اور وہ تمہاری اس طرح مہمانداری کریں جیسا کہ انہیں ایک مہمان کی کرنی چاہیے تو ان کی مہمان نوازی قبول کرو اور اگر وہ (ایسا) نہ کریں تو ان سے اپنا حق مہمانی وصول کرو۔" (صحیح البخاری، المظالم، باب: 18 حدیث: 2461)
کسی نے کسی پر ظلم و زیادتی کا ارتکاب کیا ہے تو بقدر ظلم و زیادتی اس کا بدلہ لینا جائز ہے۔

pagans), and be not distressed because of what they plot.

(سازشیں) کرتے ہیں ﴿127﴾

128. Truly, Allāh is with those who fear Him (keep their duty to Him),[1] and those who are *Muhsinūn* (good-doers. See the footnote of V.9:120).

بلاشبہ اللہ ان کے ساتھ ہے جنھوں نے پرہیزگاری کی اور وہ احسان کرتے ہوں[1] ﴿128﴾

إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ
ع 16/9/22 هُم مُّحْسِنُونَ ﴿128﴾

[1] (V.16:128) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The deeds of anyone of you will not save you [from the (Hell) Fire]." They said, "Even you (will not be saved by your deeds), O Allāh's Messenger?" He said, "No, even I (will not be saved) unless and until Allāh bestows His Mercy on me and protects me with His Grace. Therefore, do good deeds properly, sincerely and moderately, and worship Allāh in the forenoon and in the afternoon and during a part of the night, and always adopt a middle, moderate, regular course whereby you will reach your target (Paradise)." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6463 (O.P.470)]

① یہ نیکی اور پرہیزگاری ہی دراصل اللہ کی رحمت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور رحمت الٰہی کے بغیر کسی کی بھی نجات کی امید نہیں حتیٰ کہ انبیاء علیہم السلام کی بھی نہیں جیسا کہ حدیث میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم میں سے کسی کے اعمال اسے (جہنم کی آگ سے) نجات نہیں دلائیں گے۔" لوگوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا آپ ﷺ کو بھی؟ فرمایا: "مجھے بھی نہیں مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت میں چھپالے (مجھ پر اپنی رحمت کا سایہ کردے) لہٰذا تم اخلاص اور اعتدال کے ساتھ نیک اعمال بجالاؤ (تم سیدھی راہ اور میانہ روی اختیار کرو) صبح، شام اور رات کے آخری حصے میں اللہ کی عبادت کرو اور ہمیشہ اعتدال (میانہ روی) کی راہ اختیار کرو۔ یہاں تک کہ منزل مقصود (جنت) پر جا پہنچو۔" (صحیح البخاري، الرقاق، باب: 18 حدیث: 6463)

Sūrat Al-Isrā'
(The Journey by Night) 17

سورۂ بنی اسرائیل

آیاتها 111 (17) سُوۡرَةُ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مَکِّیَّةٌ (50) رکوعاتها 12

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جونہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِیۡ بٰرَکۡنَا حَوۡلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنۡ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ ①

پاک ہے وہ (اللہ) جو اپنے بندے کو رات کے ایک حصے میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گیا جس کے ماحول کو ہم نے برکت دی ہے، تاکہ ہم اسے اپنی کچھ نشانیاں دکھائیں۔① بے شک وہی خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے①

1. Glorified (and Exalted) is He (Allāh) [above all that (evil) they associate with Him] (*Tafsir Qurtubī*)[1]
Who took His slave (Muhammad ﷺ) for a journey by night from *Al-Masjid Al-Harām* (at Makkah) to *Al-Masjid Al-Aqsā* (in Jerusalem), the neighbourhood whereof We have blessed, in order that We might show him (Muhammad ﷺ) of Our *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.). Verily, He is the All-Hearer, the All-Seer.[2]

الجزء الخامس عشر (15) المنزل الرابع (4)

وَاٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡکِتٰبَ وَجَعَلۡنٰہُ ہُدًی لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اَلَّا تَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِیۡ وَکِیۡلًا ؕ②

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب (تورات) دی اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا (اور انھیں حکم دیا) کہ تم میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤ②

2. And We gave Mūsā (Moses) the Scripture and made it a guidance for the Children of Israel (saying): "Take none other than Me as (your) *Wakīl* (Protector, Lord, or Disposer of your affairs, etc).

ذُرِّیَّۃَ مَنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ ؕ اِنَّہٗ کَانَ عَبۡدًا شَکُوۡرًا ③

اے ان لوگوں کی اولاد جنھیں ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا! بے شک وہ شکر گزار بندہ تھا③

3. "O offspring of those whom We carried (in the ship) with Nūh (Noah)! Verily, he was a grateful slave."

---

[1] (V.17:1) وقد روى طلحة بن عبيدالله أنه قال للنبي ﷺ ما معنى سبحان الله؟ قال تنزيه الله من كل سوء؛
Narrated Talhah bin 'Ubaidullāh: I asked the Prophet ﷺ about the meaning of *Subhān Allāh*. He ﷺ said: "(It means:) Glorified (and Exalted) is He (Allāh) [above all that (evil) they associate with Him]."

[2] (V.17:1) Narrated Jābir bin 'Abdullāh رضي الله عنهما that he heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "When the people of Quraish did not believe me [i.e. in the story of my *Isrā'* — (Night Journey)], I stood up in Al-Hijr and Allāh displayed Jerusalem in front of me, and I began describing it to them while I was looking at it." [*Sahih Al-Bukhari*, 5/3886 (O.P.226)]

① اس میں اللہ تعالیٰ نے [إِسْرَاء] کا تذکرہ فرمایا ہے اور معراج کا ذکر (سورۂ نجم:53) میں آئے گا۔ مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کا سفر [إِسْرَاء] اور مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) سے آسمانوں کا سفر [مِعْرَاج] کہلاتا ہے۔ یہ اسراء ومعراج نبی ﷺ کا ایک نہایت عظیم الشان معجزہ ہے۔ معجزہ ہوتا ہی وہ ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ظہور پذیر ہو۔ نبی کا کوئی اختیار اس میں شامل نہ ہو۔ اس لیے اس واقعے کو روحانی سیر یا خواب باور کرانا بالکل غلط ہے۔ آپ ﷺ کو معراج عالم بیداری میں [بِجَسَدِهِ الْعُنْصُرِی] ہی کرائی گئی ہے۔ یہ خواب کا واقعہ یا کشف نہیں ہے، اگر ایسا ہوتا تو کفار کے لیے اس کے جھٹلانے کا کوئی جواز نہ ہوتا لیکن کفار مکہ نے اسے جھٹلایا اور نبی ﷺ کو ان کے مشکل سوالات کا سامنا کرنا پڑا جس کی وجہ سے آپ کو شدید بے چینی بھی ہوئی۔ اگر یہ خواب ہوتا تو نبی ﷺ آسانی سے یہ کہہ کر چھٹکارا حاصل کر سکتے تھے: "میں تو خواب بیان کر رہا ہوں، تم مجھ سے یہ سوالات کیوں کر رہے ہو؟" لیکن آپ ﷺ نے ایسا نہیں فرمایا، بلکہ سخت پریشان ہوئے جس پر اللہ تعالیٰ نے سارے حجاب دور کر کے بیت المقدس آپ کے سامنے کر دیا جیسا کہ حدیث میں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب قریش نے مجھے (میرے رات کے سفر کے سلسلے میں) جھٹلایا تو میں مقام حِجْر (حَطِیم) میں کھڑا ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو میرے سامنے کر دیا اور میں نے ان (قریش) کو اس کی نشانیاں بتانا شروع کر دیں جبکہ میں اس کی طرف دیکھ رہا تھا۔" (صحيح البخاري، مناقب الأنصار، باب:41 حديث: 3886) اسراء ومعراج کا یہ واقعہ صحیح احادیث میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ④

اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب (تورات) میں فیصلہ سنا دیا کہ تم زمین میں دوبار ضرور فساد کرو گے اور ضرور بہت بڑی سرکشی کرو گے ④

4. And We decreed for the Children of Israel in the Scripture: indeed you would do mischief in the land twice and you will become tyrants and extremely arrogant!

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ۭ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ⑤

پھر جب دونوں میں سے پہلا وعدہ آیا تو ہم نے تم پر اپنے سخت جنگجو بندے بھیج دیے، چنانچہ وہ (فساد انگیزی کے لیے) شہروں کے درمیان گھس (پھیل) گئے اور یہ وعدہ (پورا) کیا ہوا تھا ⑤

5. So, when the promise came for the first of the two, We sent against you slaves of Ours given to terrible warfare. They entered the very innermost parts of your homes. And it was a promise (completely) fulfilled.

ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ⑥

پھر ہم نے پھیر کر تمھیں ان پر غلبہ دیا اور تمھیں مال اور بیٹوں کے ساتھ مدد دی اور ہم نے تمھیں نفری میں خوب زیادہ کر دیا ⑥

6. Then We gave you a return of victory over them. And We helped you with wealth and children and made you more numerous in man-power.

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ۭ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْۗءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ⑦

اگر تم بھلائی کرو گے تو اپنے ہی نفس کے لیے کرو گے اور اگر برائی کرو گے تو (وہ بھی) اسی کے لیے ہوگی پھر جب آخری بار کا وعدہ آیا (تو ایک اور قوم تم پر غالب آئی) تا کہ وہ تمھارے چہرے بگاڑ دیں اور مسجد (اقصیٰ) میں داخل ہو جائیں جیسے پہلی بار اس میں داخل ہوئے تھے، اور تا کہ وہ جس پر غلبہ پائیں اسے یکسر تباہ کر دیں ⑦

7. (And We said): "If you do good, you do good for your ownselves, and if you do evil (you do it) against yourselves." Then, when the second promise came to pass, (We permitted your enemies) to disgrace your faces and to enter the mosque (of Jerusalem) as they had entered it before, and to destroy with utter destruction all that fell in their hands.

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ⑧ وقف لازم

قریب ہے کہ تمھارا رب تم پر رحم کرے اور اگر تم پھر دوبارہ (سرکشی) کرو گے تو ہم بھی دوبارہ (وہی معاملہ) کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنایا ہے ⑧

8. [And We said in the Taurāt (Torah)]: "It may be that your Lord may show mercy to you, but if you return (to sins), We shall return (to Our punishment). And We have made Hell a prison for the disbelievers.

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ⑨

بے شک یہ قرآن وہ راہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھی ہے اور مومنوں کو بشارت دیتا ہے جو نیک کام کرتے ہیں کہ یقیناً ان کے لیے بہت بڑا اجر ہے ⑨

9. Verily, this Qur'ān guides to that which is most just and right and gives glad tidings to the believers (in the Oneness of Allāh and His Messenger Muhammad ﷺ), who work deeds of righteousness, that they shall have a great reward (Paradise).

وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑩ ع 15 1

اور یہ کہ بلاشبہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے لیے ہم نے نہایت دردناک عذاب تیار

10. And that those who believe not in the Hereafter, for them We have prepared a painful

torment (Hell).

کیا ہے⑩

11. And man invokes (Allāh) for evil as he invokes (Allāh) for good and man is ever hasty [i.e., if he is angry with somebody, he invokes (saying): "O Allāh! Curse him," and that one should not do, but one should be patient].

اور انسان برائی کی دعا ایسے مانگتا ہے جیسے اس کی بھلائی کی دعا ہو۔ اور انسان بہت عجلت والا ہے⑪

وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ⑪

12. And We have appointed the night and the day as two *Ayāt* (signs etc.). Then, We have obliterated the sign of the night (with darkness) while We have made the sign of the day illuminating, that you may seek bounty from your Lord, and that you may know the number of the years and the reckoning. And We have explained everything (in detail) with full explanation.

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا، پھر ہم نے رات کی نشانی تو محو (بے نور) کر دی اور دن کی نشانی روشن بنائی تا کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو، اور تا کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب جان لو۔ اور ہم نے ہر چیز خوب تفصیل سے بیان کر دی ہے⑫

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ⑫

13. And We have fastened every man's deeds [1] to his neck, and on the Day of Resurrection, We shall bring out for him a Book which he will find wide open.

اور ہم نے ہر انسان کا عمل (نامہ) اس کی گردن سے لگا دیا ہے اور قیامت کے دن ہم اس کے لیے ایک کتاب نکالیں گے① جس سے وہ ملے گا جبکہ وہ کھلی ہوگی⑬

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ⑬

14. (It will be said to him): "Read your Book. You yourself are sufficient as a reckoner against you this Day."

(کہا جائے گا:) اپنا اعمال نامہ پڑھ، آج تیرا نفس ہی تیرا حساب لینے والا کافی ہے⑭

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۭ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ⑭

15. Whoever goes right, then he goes right only for the benefit of his ownself. And whoever goes astray, then he goes astray to his own loss. No one laden with burdens can bear another's burden. And We never punish until We have sent a Messenger (to give warning).

جس نے ہدایت پائی تو بس وہ اپنے نفس کے لیے ہدایت پاتا ہے، اور جو گمراہ ہوا تو بس وہ اپنے نفس ہی پر گمراہ ہوتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور ہم اس وقت تک کسی کو عذاب نہیں دیتے یہاں تک کہ ہم کوئی رسول بھیج دیں⑮

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ⑮

---

[1] (V.17:13) Narrated Ibn Mas'ūd رضي الله عنه: A man asked the Prophet ﷺ: "What deeds are the best?" The Prophet ﷺ said: (1) To perform the (daily compulsory) *Salāt* (prayers) at their (early) stated fixed times; (2) To be good and dutiful to one's own parents; and (3) To participate in *Jihād* in Allāh's Cause." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7534 (O.P.625)]

① یہ اعمال وہ ہوں گے جو انسان دنیا میں کر کے گیا ہوگا۔ اچھے یا برے دونوں قسم کے اعمال انسان کے سامنے پیش کر دیے جائیں گے اور ان کی روشنی میں اس کے جنت یا دوزخ میں جانے کا فیصلہ ہوگا۔ اس لیے ضرورت ہے کہ انسان دنیا میں زیادہ سے زیادہ اچھے عمل کرے۔ اچھے اور چند فضیلت والے عمل ذیل کی حدیث میں بیان کیے گئے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "(روزانہ فرض) نمازیں ان کے مقررہ اوقات میں ادا کرنا والدین کے ساتھ نیکی کرنا اور ان کی فرمانبرداری کرنا پھر اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔" (صحیح البخاری، کتاب التوحید، باب: 48 حدیث: 7534)

وَإِذَآ أَرَدْنَآ أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا
فَفَسَقُوا فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا
تَدْمِيرًا ⑯

اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اس کے متکبر امراء کو حکم دیتے ہیں، پھر وہ اس میں نافرمانی کرنے لگتے ہیں، چنانچہ اس بستی پر (عذاب کی) بات ثابت ہو جاتی ہے، تب ہم اسے مکمل طور پر تباہ کر ڈالتے ہیں ⑯

إِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَأُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٠﴾

مگر جس نے توبہ کی اور وہ ایمان لایا اور نیک عمل کیے، تو انھی لوگوں کی برائیوں کو اللہ اچھائیوں سے بدل دے گا، اور اللہ غفور (اور) رحیم ہے ② ﴿٧٠﴾

70. Except those who repent and believe (in Islâmic Monotheism), and do righteous deeds; for those, Allāh will change their sins

---

[1] (V.25:64) Ibn 'Abbās رضي الله عنهما said: "Whosoever prayed two *Rak'at* or more after the *'Isha* (night) prayer, will be considered like those mentioned in this Verse." And Al-Kalbi said: "Whosoever prayed two *Rak'at* after the *Maghrib* (evening) prayer, and four *Rak'at* after the *'Ishā* (night) prayer will be considered like those mentioned in this Verse." (*Tafsīr Al-Qurtubī*).

[2] (V.25:68)
A) See the footnote of (V.2:22).
B) See the footnote of (V.4:135).

① مطلب یہ ہے کہ فرائض کی اَدائیگی کے ساتھ نفل نمازوں کا اہتمام کرنے والے اس کا مصداق ہوں گے تاہم صرف فرائض کی ادائیگی بھی معمولی عمل نہیں اور وہ بھی اس میں یقیناً داخل ہیں۔

② رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بے شک اسلام گزشتہ تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور اسی طرح (اللہ کے لیے) ہجرت اور حج بیت اللہ بھی۔" (صحیح مسلم، الإیمان، بَابُ کَوْنِ الْإِسْلَامِ يَهْدِمُ مَا قَبْلَهُ وَكَذَا الْهِجْرَةُ وَالْحَجُّ، حدیث: 21) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے روایت کیا ہے: چند مشرکین جنھوں نے بہت زیادہ قتل اور زنا کیے تھے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے کہا: آپ جو کچھ کہتے ہیں اور جس (دین) کی طرف دعوت دیتے ہیں وہ بہت اچھا ہے، لیکن آپ ہمیں یہ تو بتا دیں کہ جو ہم نے (برے) اَعمال کیے ہیں ان کا کوئی کفارہ بھی ہے؟ چنانچہ قرآن کریم کی یہ آیت نازل ہوئی: "اور جو اللہ کے ساتھ (کسی) دوسرے کو معبود نہیں پکارتے اور جس (انسانی) جان کو اللہ نے حرام کیا ہے اسے ہلاک نہیں کرتے مگر بر بنائے حق اور نہ وہ زنا (کا اِرتکاب) کرتے ہیں اور جو کوئی ایسے کام کرے گا وہ اپنے گناہ کا بدلہ پائے گا (مگر جس نے توبہ کی۔") اور سورۃ الزمر کی یہ آیت بھی نازل ہوئی: "(اے رسول! تم ہماری طرف سے) کہہ دو کہ اے میرے بندو! جنھوں نے (گناہ کر کے) اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں۔" (صحیح البخاری التفسیر، باب: 1، حدیث: 4810 و صحیح مسلم، الإیمان حدیث: 122)

into good deeds, and Allāh is Ever Oft-Forgiving, Most Merciful.[1]

71. And whosoever repents and does righteous good deeds; then verily, he repents towards Allāh with true repentance.

اور جو توبہ کرے، اور نیک کام کرے، تو بلاشبہ وہ اللہ سے توبہ کرتا ہے جیسے توبہ کرنے کا حق ہے ﴿٧١﴾

وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾

72. And those who do not bear witness to falsehood, and if they pass by some evil play or evil talk, they pass by it with dignity.

اور وہ جو جھوٹی شہادت نہیں دیتے، اور جب کسی لغو اور بیہودہ کام سے ان کا گزر ہو تو وہ عزت و وقار سے گزر جاتے ہیں ﴿٧٢﴾

وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ﴿٧٢﴾

73. And those who, when they are reminded of the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of their Lord, fall not deaf and blind thereat.

اور وہ کہ جب انھیں ان کے رب کی آیات کے ذریعے سے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گر پڑتے ﴿٧٣﴾

وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾

74. And those who say: "Our Lord! Bestow on us from our wives and our offspring the comfort of our eyes, and make us leaders of the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2)."

اور وہ جو کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنا ﴿٧٤﴾

وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ﴿٧٤﴾

75. Those will be rewarded with the highest place (in Paradise) because of their patience. Therein they shall be met with greetings and the word of peace and respect.

انھی لوگوں کو ان کے صبر کے بدلے میں (جنت کے) بالاخانے جزا میں دیے جائیں گے، اور وہاں دعا اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال ہوگا ﴿٧٥﴾

أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا ﴿٧٥﴾

76. Abiding therein — excellent it is as an abode, and as a place to rest in.

وہ ہمیشہ وہاں رہیں گے، وہ (بہشت) بہت اچھا مستقر اور مقام ہوگا ﴿٧٦﴾

خَالِدِينَ فِيهَا ۚ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ﴿٧٦﴾

77. Say (O Muhammad ﷺ to the disbelievers): "My Lord pays attention to you only because of your invocation to Him. But now you have indeed denied (Him). So the torment will be yours

کہہ دیجیے: اگر تمھاری دعا و التجا نہ ہوتی تو میرا رب تمھاری پروا نہ کرتا، تم (حق کو) جھٹلا چکے ہو، لہٰذا وہ (عذاب تمھیں) عنقریب لازم ہو کر رہے گا ﴿٧٧﴾

قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ ۖ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾ ع 17 4

---

[1] (V.25:70) Islam demolishes all the previous evil deeds and so do migration (for Allāh's sake) and *Hajj* (pilgrimage to Makkah). (*Al-Lu'lu' wal-Marjān,* Vol. 1, Chapter 52)

Narrated Ibn 'Abbās رضي الله عنهما: Some pagans who committed murders in great number and committed illegal sexual intercourse excessively, came to Muhammad ﷺ and said: "O Muhammad! Whatever you say, and invite people to, is good, but we wish if you could inform us whether we can make an expiation for our (past evil) deeds." So the Divine Verses came: "Those who invoke not any other *ilāh* (god) along with Allāh, nor kill such person as Allāh has forbidden except for just cause, nor commit illegal sexual intercourse." (V.25:68) "... Except those who repent..." (V.25:70).

And there was also revealed: "Say: 'O *Ibādī* (My slaves) who have transgressed against themselves (by committing evil deeds and sins)! Despair not of the Mercy of Allāh, verily, Allāh forgives all sins. Truly, He is Oft-Forgiving, Most Merciful.." (V.39:53). [*Sahih Al-Bukhari,* 6/4810 (O.P.334)]

forever (inseparable, permanent punishment)."

Sūrat Ash-Shu'arā' (The Poets) 26	سورۂ شعراء	سُورَةُ الشُّعَرَاءِ مَكِّيَّةٌ (47) (26) آياتها 227 ركوعاتها 11

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

طسٓمٓ (1)

طسم (1)

1. *Tā-Sīn-Mīm.*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ (2)

یہ واضح کتاب کی آیات ہیں (2)

2. These are the Verses of the manifest Book [(this Qur'ān), which was promised by Allāh in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel), makes things clear].

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ أَلَّا يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ (3)

(اے نبی!) شاید اس (غم) سے کہ وہ لوگ ایمان نہیں لاتے آپ خود کو ہلاک ہی کر لیں گے (3)

3. It may be that you (O Muhammad ﷺ) are going to kill yourself with grief, that they do not become believers [in your *Risālah* (Messengership), i.e., in your Message of Islāmic Monotheism].[1]

إِن نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ آيَةً فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ (4)

اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے کوئی نشانی اتار دیں، پھر اس کے آگے ان کی گردنیں جھکی ہی رہ جائیں (4)

4. If We will, We could send down to them from the heaven a sign, to which they would bend their necks in humility.

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ مُحْدَثٍ إِلَّا كَانُوا عَنْهُ مُعْرِضِينَ (5)

اور رحمٰن کے پاس سے جو بھی کوئی نئی نصیحت آتی ہے تو وہ اس سے اعراض کر لیتے ہیں (5)

5. And never comes there to them a Reminder as a recent revelation from the Most Gracious (Allāh), but they turn away therefrom.

فَقَدْ كَذَّبُوا فَسَيَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (6)

چنانچہ یقیناً وہ جھٹلا چکے، لہٰذا جلد ان کے پاس اس کی خبریں آئیں گی جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے (6)

6. So, they have indeed denied (the truth — this Qur'ān), then the news of what they mocked at will come to them.

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ (7)

کیا انھوں نے زمین کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اس میں ہر قسم کی کتنی ہی عمدہ چیزیں اگائی ہیں (7)

7. Do they not observe the earth — how much of every good kind We cause to grow therein?

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (8)

بلا شبہ اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں (8)

8. Verily, in this is an *Ayāh* (proof or sign), yet most of them (polytheists, pagans, who do not believe in Resurrection) are not believers.

[1] (V.26:3) See the footnote of (V.3:85).

ع ١ ٥

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٩﴾

اور بے شک آپ کا رب، وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ⑨

9. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

وَإِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ مُوسَىٰ أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠﴾

اور (یاد کریں) جب آپ کے رب نے موسیٰ کو پکارا کہ تو ظالم قوم کے پاس جا ⑩

10. And (remember) when your Lord called Mūsā (Moses) (saying): "Go to the people who are *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) —

قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا يَتَّقُونَ ﴿١١﴾

(یعنی) قوم فرعون کے پاس، کیا وہ ڈرتے نہیں؟ ⑪

11. "The people of Fir'aun (Pharaoh). Will they not fear Allāh and become righteous?"

قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُكَذِّبُونِ ﴿١٢﴾

اس نے کہا: اے میرے رب! بے شک میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گے ⑫

12. He said: "My Lord! Verily, I fear that they will deny me,

وَيَضِيقُ صَدْرِي وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ هَارُونَ ﴿١٣﴾

اور میرا سینہ تنگ ہوتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی، لہٰذا تو ہارون کی طرف بھی (وحی) بھیج ⑬

13. "And my breast straitens, and my tongue expresses not well. So send for Hārūn (Aaron) (to come along with me).

وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ يَقْتُلُونِ ﴿١٤﴾

اور ان کا میرے ذمے ایک گناہ (جرم) ہے، لہٰذا مجھے خوف آتا ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے ⑭

14. "And they have a charge of crime against me, and I fear they will kill me."

قَالَ كَلَّا ۖ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا مَعَكُمْ مُسْتَمِعُونَ ﴿١٥﴾

فرمایا: ہرگز نہیں! چنانچہ تم دونوں ہماری نشانیوں کے ساتھ جاؤ، یقیناً ہم تمھارے ساتھ ہیں، سننے والے ہیں ⑮

15. (Allāh) said: "Nay! Go you both with Our Signs. Verily, We shall be with you, listening.

فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾

چنانچہ تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور اس سے کہو: بلاشبہ ہم رب العالمین کے رسول ہیں ⑯

16. "And go both of you to Fir'aun (Pharaoh), and say: 'We are the Messengers of the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists),

أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٧﴾

یہ کہ بنی اسرائیل کو (آزاد کر کے) ہمارے ساتھ بھیج دے ⑰

17. "So allow the Children of Israel to go with us.' "

قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا وَلَبِثْتَ فِينَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِينَ ﴿١٨﴾

فرعون نے کہا: کیا ہم نے اپنے پاس بچپن میں تیری پرورش نہیں کی اور تو ہمارے درمیان اپنی عمر کے کئی برس نہیں رہا؟ ⑱

18. [Fir'aun (Pharaoh)] said [to Mūsā (Moses)]: "Did we not bring you up among us as a child? And you did dwell many years of your life with us.

وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ وَأَنْتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ﴿١٩﴾

اور تو اپنا وہ کام کر گیا جو کر گیا، اور تو ناشکروں میں سے ہے ⑲

19. "And you did your deed, which you did (i.e. the crime of killing a man). While you were one of the ingrates."

قَالَ فَعَلْتُهَا إِذًا وَأَنَا مِنَ الضَّالِّينَ ﴿٢٠﴾

اس نے کہا: میں نے وہ کام اس وقت کیا تھا جبکہ میں بھٹکے ہوئے لوگوں میں سے تھا ⑳

20. Mūsā (Moses) said: "I did it then, when I was ignorant (as regards my Lord and His Message).

فَفَرَرْتُ مِنكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿21﴾

پھر جب میں تم سے ڈرا تو میں تم سے بھاگ گیا، پھر میرے رب نے مجھے حکم بخشا اور اس نے مجھے رسولوں میں سے بنایا ﴿21﴾

21. "So, I fled from you when I feared you. But my Lord has granted me *Hukm* (i.e. religious knowledge, right judgement of the affairs and Prophethood), and made me one of the Messengers.

وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ عَبَّدتَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿22﴾

اور (کیا یہی ہے) وہ احسان جو تو مجھ پر احسان جتلاتا ہے کہ تو نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے ﴿22﴾

22. "And this is the past favour with which you reproach me, — that you have enslaved the Children of Israel."

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿23﴾

فرعون نے کہا: اور رب العالمین کیا ہے؟ ﴿23﴾

23. Fir'aun (Pharaoh) said: "And what is the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)?"

قَالَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ﴿24﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: وہ آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، ان کا رب ہے، اگر تم یقین کرنے والے ہو ﴿24﴾

24. [Mūsā (Moses)] said: "The Lord of the heavens and the earth, and all that is between them, if you seek to be convinced with certainty."

قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ أَلَا تَسْتَمِعُونَ ﴿25﴾

اس (فرعون) نے اپنے ارد گرد والوں (درباریوں) سے کہا: کیا تم سنتے نہیں ہو؟ ﴿25﴾

25. [Fir'aun (Pharaoh)] said to those around him: "Do you not hear (what he says)?"

قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ﴿26﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: (وہ) تمھارا اور تمھارے اگلے آباؤ اجداد کا رب ہے ﴿26﴾

26. [Mūsā (Moses)] said: "Your Lord and the Lord of your ancient fathers!"

قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِي أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ﴿27﴾

اس (فرعون) نے کہا: بلاشبہ تمھارا یہ رسول، جو تمھاری طرف بھیجا گیا ہے، یقیناً دیوانہ ہے ﴿27﴾

27. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Verily, your Messenger who has been sent to you is a madman!"

قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ﴿28﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: (وہ) مشرق و مغرب اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے ان کا رب ہے، اگر تم عقل رکھتے ہو ﴿28﴾

28. [Mūsā (Moses)] said: "The Lord of the east and the west, and all that is between them, if you did but understand!"

قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلَٰهًا غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ﴿29﴾

اس (فرعون) نے کہا: البتہ اگر تو نے میرے سوا کوئی اور معبود پکڑا تو میں ضرور تجھے قیدیوں میں سے کر دوں گا ﴿29﴾

29. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "If you choose an *ilāh* (god) other than me, I will certainly put you among the prisoners."

قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ﴿30﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: اگرچہ میں تیرے پاس کوئی واضح شے (دلیل) لاؤں (تب بھی؟) ﴿30﴾

30. [Mūsā (Moses)] said: "Even if I bring you something manifest (and convincing)?"

قَالَ فَأْتِ بِهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿31﴾

اس (فرعون) نے کہا: اگر تو سچوں میں سے ہے تو وہ تو لے ہی آ ﴿31﴾

31. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Bring it forth then, if you are of the truthful!"

فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ﴿32﴾

چنانچہ موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا تو آناً فاناً وہ واضح اژدہا بن گیا ﴿32﴾

32. So [Mūsā (Moses)] threw his stick, and behold, it was a serpent, manifest.

وَنَزَعَ يَدَهُۥ فَإِذَا هِيَ بَيۡضَآءُ لِلنَّٰظِرِينَ ﴿33﴾

اور اس نے اپنا ہاتھ (بغل میں سے) کھینچ نکالا تو اس وقت وہ دیکھنے والوں کے لیے سفید (چمکتا) تھا ﴿33﴾

33. And he drew out his hand, and behold, it was white to all beholders!

قَالَ لِلۡمَلَإِ حَوۡلَهُۥٓ إِنَّ هَٰذَا لَسَٰحِرٌ عَلِيمٞ ﴿34﴾

فرعون نے اپنے ارد گرد موجود سرداروں سے کہا: بلاشبہ یہ ضرور ماہر جادوگر ہے ﴿34﴾

34. [Fir'aun (Pharaoh)] said to the chiefs around him: "Verily, this is indeed a well-versed sorcerer.

يُرِيدُ أَن يُخۡرِجَكُم مِّنۡ أَرۡضِكُم بِسِحۡرِهِۦ فَمَاذَا تَأۡمُرُونَ ﴿35﴾

وہ چاہتا ہے کہ اپنے جادو سے تمھیں تمھاری زمین سے نکال دے، لہٰذا تم کیا مشورہ دیتے ہو ﴿35﴾

35. "He wants to drive you out of your land by his sorcery: what is it then that you command?"

قَالُوٓاْ أَرۡجِهۡ وَأَخَاهُ وَٱبۡعَثۡ فِي ٱلۡمَدَآئِنِ حَٰشِرِينَ ﴿36﴾

انھوں نے کہا: اسے اور اس کے بھائی کو ڈھیل دے، اور شہروں میں (جادوگروں کو) اکٹھا کرنے والے بھیج دے ﴿36﴾

36. They said: "Put him off and his brother (for a while), and send callers to the cities;

يَأۡتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيمٖ ﴿37﴾

(کہ) وہ ہر ماہر جادوگر کو تیرے پاس لے آئیں ﴿37﴾

37. "To bring up to you every well-versed sorcerer."

فَجُمِعَ ٱلسَّحَرَةُ لِمِيقَٰتِ يَوۡمٖ مَّعۡلُومٖ ﴿38﴾

چنانچہ جادوگر ایک مقرر دن کو (خاص) وقت پر جمع کر لیے گئے ﴿38﴾

38. So, the sorcerers were assembled at a fixed time on a day appointed.

وَقِيلَ لِلنَّاسِ هَلۡ أَنتُم مُّجۡتَمِعُونَ ﴿39﴾

اور لوگوں سے کہا گیا: کیا تم بھی جمع ہو گے؟ ﴿39﴾

39. And it was said to the people: "Are you (too) going to assemble?

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ ٱلسَّحَرَةَ إِن كَانُواْ هُمُ ٱلۡغَٰلِبِينَ ﴿40﴾

تاکہ اگر وہ (جادوگر) غالب آئیں تو ہم ان جادوگروں کی اتباع کریں ﴿40﴾

40. "That we may follow the sorcerers [who were on Fir'aun's (Pharaoh's) religion of disbelief] if they are the winners."

فَلَمَّا جَآءَ ٱلسَّحَرَةُ قَالُواْ لِفِرۡعَوۡنَ أَئِنَّ لَنَا لَأَجۡرًا إِن كُنَّا نَحۡنُ ٱلۡغَٰلِبِينَ ﴿41﴾

پھر جب جادوگر آئے تو وہ فرعون سے کہنے لگے: اگر ہم ہی غالب آئے تو کیا ہمارے لیے کوئی صلہ ہوگا؟ ﴿41﴾

41. So, when the sorcerers arrived, they said to Fir'aun (Pharaoh): "Will there surely be a reward for us if we are the winners?"

قَالَ نَعَمۡ وَإِنَّكُمۡ إِذٗا لَّمِنَ ٱلۡمُقَرَّبِينَ ﴿42﴾

فرعون نے کہا: ہاں! اور بے شک تب تم (میرے) مقربین میں سے ہو گے ﴿42﴾

42. He said: "Yes, and you shall then verily be of those brought near (to myself)."

قَالَ لَهُم مُّوسَىٰٓ أَلۡقُواْ مَآ أَنتُم مُّلۡقُونَ ﴿43﴾

موسیٰ نے ان سے کہا: جو کچھ تم ڈالنے والے ہو، ڈال دو ﴿43﴾

43. Mūsā (Moses) said to them: "Throw what you are going to throw!"

فَأَلۡقَوۡاْ حِبَالَهُمۡ وَعِصِيَّهُمۡ وَقَالُواْ بِعِزَّةِ فِرۡعَوۡنَ إِنَّا لَنَحۡنُ ٱلۡغَٰلِبُونَ ﴿44﴾

تب انھوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور کہنے لگے: عزتِ فرعون کی قسم! بلاشبہ ہم ہی غالب ہیں ﴿44﴾

44. So they threw their ropes and their sticks, and said: "By the might of Fir'aun (Pharaoh), it is we who will certainly win!"

فَأَلۡقَىٰ مُوسَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ تَلۡقَفُ مَا يَأۡفِكُونَ ﴿45﴾

پھر موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا تو وہ فوراً ہی اسے نگلنے لگا جو وہ جھوٹ موٹ گھڑ رہے تھے ﴿45﴾

45. Then Mūsā (Moses) threw his stick, and behold, it swallowed up all that they falsely showed!

فَأُلۡقِيَ ٱلسَّحَرَةُ سَٰجِدِينَ ﴿46﴾

چنانچہ جادوگر (بے اختیار) سجدے میں گر پڑے ﴿46﴾

46. And the sorcerers fell down prostrate.

47. Saying: "We believe in the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

وہ کہنے لگے: ہم رب العالمین پر ایمان لائے ﴿47﴾

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿47﴾

48. "The Lord of Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron)."

موسیٰ اور ہارون کے رب پر ﴿48﴾

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿48﴾

49. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "You have believed in him before I give you leave. Surely, he indeed is your chief, who has taught you magic! So verily, you shall come to know. Verily, I will cut off your hands and your feet on opposite sides, and I will crucify you all."

فرعون نے کہا: میرے اجازت دینے سے پہلے تم نے اسے مان لیا، بے شک وہ تمھارا بڑا ہے جس نے تمھیں جادو سکھایا ہے، لہٰذا جلد تم جان لوگے، میں ضرور تمھارے ہاتھ اور پاؤں مخالف طرف سے کاٹ دوں گا اور تم سب کو ضرور سولی چڑھاؤں گا ﴿49﴾

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ەۗ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿49﴾

50. They said: "No harm! Surely, to our Lord (Allāh) we are to return.

وہ کہنے لگے: کوئی حرج نہیں، بے شک ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿50﴾

قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۖ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿50﴾

51. "Verily, we really hope that our Lord will forgive us our sins, as we are the first of the believers [in Mūsā (Moses) and in the Monotheism which he has brought from Allāh]."

بے شک ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہماری خطائیں بخش دے گا، اس لیے کہ ہم پہلے ایمان لانے والے ہیں ﴿51﴾

اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿51﴾ ع

52. And We revealed to Mūsā (Moses), saying: "Depart by night with My slaves, verily, you will be pursued."

اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ تو میرے بندوں کو لے کر راتوں رات نکل چل، بلاشبہ تمھارا تعاقب کیا جائے گا ﴿52﴾

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿52﴾

53. Then Fir'aun (Pharaoh) sent callers to (all) the cities.

پھر فرعون نے شہروں میں اکٹھا کرنے والے بھیجے ﴿53﴾

فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿53﴾

54. (Saying): "Verily, these indeed are but a small band.

(یہ پیغام دے کر کہ) بے شک یہ (بنی اسرائیل) تھوڑی سی جماعت ہے ﴿54﴾

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿54﴾

55. "And verily, they have done what has enraged us.

اور بلاشبہ وہ ہمیں غصہ دلانے والے ہیں ﴿55﴾

وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿55﴾

56. "But we are a host all assembled, amply forewarned."

اور بلاشبہ ہم ہر وقت چوکنے رہنے والے ہیں ﴿56﴾

وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿56﴾

57. So, We expelled them from gardens and springs,

چنانچہ ہم نے ان (فرعونیوں) کو باغوں اور چشموں سے نکالا ﴿57﴾

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿57﴾

58. Treasures, and every kind of honourable place.

اور خزانوں اور بہترین قیام گاہوں سے ﴿58﴾

وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿58﴾

59. Thus [We turned them (Pharaoh's people) out] and We caused the Children of Israel to inherit them.

اسی طرح ہوا، اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان چیزوں کا وارث بنایا ﴿59﴾

كَذٰلِكَ ۖ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿59﴾

60. So, they pursued them at

چنانچہ سورج نکلتے ہی انھوں (فرعونیوں) نے ان کا

فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿60﴾

پیچھا کیا﴿٦٠﴾

sunrise.

فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰۤى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿٦١﴾

پھر جب دونوں فوجیں آمنے سامنے ہوئیں تو اصحابِ موسیٰ کہنے لگے: یقیناً ہم تو پکڑے گئے﴿٦١﴾

61. And when the two hosts saw each other, the companions of Mûsâ (Moses) said: "We are sure to be overtaken."

قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿٦٢﴾

موسیٰ نے کہا: ہرگز نہیں! بلاشبہ میرا رب میرے ساتھ ہے، وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا﴿٦٢﴾

62. [Mûsâ (Moses)] said: "Nay, verily with me is my Lord. He will guide me."

فَاَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿٦٣﴾

تب ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اپنا عصا سمندر پر مار، تو وہ پھٹ گیا، پھر (سمندر کا) ہر ٹکڑا بہت بڑے پہاڑ کی طرح ہوگیا﴿٦٣﴾

63. Then We revealed to Mûsâ (Moses) (saying): "Strike the sea with your stick." And it parted, and each separate part (of that sea water) became like huge mountain.

وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٤﴾

اور ہم وہاں دوسروں (فرعونیوں) کو قریب لے آئے﴿٦٤﴾

64. Then We brought near the others [Fir'aun's (Pharaoh's) party] to that place.

وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾

اور ہم نے موسیٰ اور جو اس کے ہمراہ تھے، سب کو بچالیا﴿٦٥﴾

65. And We saved Mûsâ (Moses) and all those with him.

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا﴿٦٦﴾

66. Then We drowned the others.

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾

بلاشبہ اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر مومن نہیں ہیں﴿٦٧﴾

67. Verily, in this is indeed a sign (or a proof), yet most of them are not believers.

ع 17 8 وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾

اور بے شک آپ کا رب، وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا﴿٦٨﴾

68. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾

اور ان (کفار) کو ابراہیم کی خبر سنائیے﴿٦٩﴾

69. And recite to them the story of Ibrâhîm (Abraham).

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾

جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا: تم کیا پوجتے ہو؟﴿٧٠﴾

70. When he said to his father and his people: "What do you worship?"

قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾

وہ کہنے لگے: ہم بت پوجتے ہیں، اور ہم (ہمیشہ) انھی کے مجاور رہیں گے﴿٧١﴾

71. They said: "We worship idols, and to them we are ever devoted."

قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾

ابراہیم نے کہا: کیا وہ تمھیں سنتے ہیں جب تم انھیں پکارتے ہو؟﴿٧٢﴾

72. He said: "Do they hear you when you call on (them)?

اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾

یا وہ تمھیں نفع دیتے ہیں یا ضرر پہنچاتے ہیں؟﴿٧٣﴾

73. "Or do they benefit you or do they harm (you)?"

قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾

انھوں نے کہا: (نہیں) بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، وہ اسی طرح کرتے تھے﴿٧٤﴾

74. They said: "(Nay) but we found our fathers doing so."

قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾

ابراہیم نے کہا: کیا بھلا دیکھا تم نے جن کو تم پوجتے آرہے ہو؟﴿٧٥﴾

75. He said: "Do you observe that which you have been

worshipping

أَنتُمْ وَءَابَآؤُكُمُ ٱلْأَقْدَمُونَ ﴿٧٦﴾

تم اور تمھارے اگلے باپ دادا؟ ﴿٧٦﴾

76. "You and your ancient fathers?

فَإِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّىٓ إِلَّا رَبَّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٧٧﴾

تو بلاشبہ وہ میرے دشمن ہیں، سوائے رب العالمین کے ﴿٧٧﴾

77. "Verily, they are enemies to me, except the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists),

ٱلَّذِى خَلَقَنِى فَهُوَ يَهْدِينِ ﴿٧٨﴾

جس نے مجھے پیدا کیا، پھر وہی میری رہنمائی کرتا ہے ﴿٧٨﴾

78. "Who has created me, and it is He Who guides me.

وَٱلَّذِى هُوَ يُطْعِمُنِى وَيَسْقِينِ ﴿٧٩﴾

اور وہی مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے ﴿٧٩﴾

79. "And it is He Who feeds me and gives me to drink.

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ﴿٨٠﴾

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے ﴿٨٠﴾

80. "And when I am ill, it is He Who cures me.

وَٱلَّذِى يُمِيتُنِى ثُمَّ يُحْيِينِ ﴿٨١﴾

اور وہی مجھے موت دے گا، پھر مجھے زندہ کرے گا ﴿٨١﴾

81. "And Who will cause me to die, and then will bring me to life (again).

وَٱلَّذِىٓ أَطْمَعُ أَن يَغْفِرَ لِى خَطِيٓـَٔتِى يَوْمَ ٱلدِّينِ ﴿٨٢﴾

اور وہی جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ روز قیامت میری خطائیں بخش دے گا ﴿٨٢﴾

82. "And Who, I hope, will forgive me my faults on the Day of Recompense (the Day of Resurrection).

رَبِّ هَبْ لِى حُكْمًا وَأَلْحِقْنِى بِٱلصَّٰلِحِينَ ﴿٨٣﴾

اے میرے رب! مجھے حکمت عطا فرما، اور مجھے صالحین کے ساتھ ملا ﴿٨٣﴾

83. My Lord! Bestow *Hukm* (religious knowledge, right judgement of the affairs and Prophethood) on me, and join me with the righteous.

وَٱجْعَل لِّى لِسَانَ صِدْقٍ فِى ٱلْءَاخِرِينَ ﴿٨٤﴾

اور بعد والوں میں میرا ذکر خیر جاری رکھ ﴿٨٤﴾

84. And grant me an honourable mention in later generations.

وَٱجْعَلْنِى مِن وَرَثَةِ جَنَّةِ ٱلنَّعِيمِ ﴿٨٥﴾

اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں سے کر دے ﴿٨٥﴾

85. And make me one of the inheritors of the Paradise of Delight.

وَٱغْفِرْ لِأَبِىٓ إِنَّهُۥ كَانَ مِنَ ٱلضَّآلِّينَ ﴿٨٦﴾

اور میرے باپ کو بخش دے، بے شک وہ گمراہوں میں سے تھا ﴿٨٦﴾

86. And forgive my father, verily, he is of the erring.

وَلَا تُخْزِنِى يَوْمَ يُبْعَثُونَ ﴿٨٧﴾

اور جس دن وہ (لوگ دوبارہ) اٹھائے جائیں گے، مجھے رسوا نہ کرنا ﴿٨٧﴾

87. And disgrace me not on the Day when (all the creatures) will be resurrected.

يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ ﴿٨٨﴾

جس دن نہ مال کوئی نفع دے گا اور نہ اولاد ہی ﴿٨٨﴾

88. The Day whereon neither wealth nor sons will avail,

إِلَّا مَنْ أَتَى ٱللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٩﴾

الا یہ کہ کوئی اللہ کے پاس (شرک وبدعت سے پاک) صحیح سالم دل کے ساتھ حاضر ہو ﴿٨٩﴾

89. Except him who comes to Allāh with a clean heart [clean from *Shirk* (polytheism) and *Nifāq* (hypocrisy)]."

وَأُزْلِفَتِ ٱلْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٩٠﴾

اور جنت متقین کے قریب کی جائے گی ﴿٩٠﴾

90. And Paradise will be brought near to the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

91. And the (Hell) Fire will be placed in full view of the erring.	اور دوزخ کو گمراہوں کے لیے ظاہر ونمایاں کر دیا جائے گا﴿91﴾	وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغٰوِينَ ﴿٩١﴾
92. And it will be said to them: "Where are those (the false gods whom you used to set up as rivals with Allāh) that you used to worship.	اور ان سے کہا جائے گا: کہاں ہیں وہ جنھیں تم پوجتے تھے﴿92﴾	وَقِيلَ لَهُمْ أَيْنَمَا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ ﴿٩٢﴾
93. "Instead of Allāh? Can they help you or (even) help themselves?"	اللہ کے سوا؟ کیا وہ تمھاری مدد کر سکتے ہیں یا وہ بدلہ لے سکتے ہیں؟﴿93﴾	مِن دُونِ اللّٰهِ ۭ هَلْ يَنصُرُونَكُمْ أَوْ يَنتَصِرُونَ ﴿٩٣﴾
94. Then they will be thrown on their faces into the (Fire), they and the *Ghāwūn* (devils, and those who were in error).	پھر وہ اور (سب) گمراہ اس جہنم میں اوندھے منہ ڈالے جائیں گے﴿94﴾	فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ ﴿٩٤﴾
95. And the whole hosts of *Iblīs* (Satan) together.	اور ابلیس کے سارے لشکر بھی﴿95﴾	وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ﴿٩٥﴾
96. They will say while contending therein,	وہ کہیں گے جبکہ وہ وہاں جھگڑ رہے ہوں گے:﴿96﴾	قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ﴿٩٦﴾
97. By Allāh, we were truly in a manifest error,	اللہ کی قسم! یقیناً ہم ہی کھلی گمراہی میں تھے﴿97﴾	تَاللّٰهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٩٧﴾
98. When we held you (false gods) as equals (in worship) with the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists);	جبکہ ہم تمھیں رب العالمین کے برابر ٹھہراتے تھے﴿98﴾	إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿٩٨﴾
99. And none has brought us into error except the *Mujrimūn* [*Iblīs* (Satan) and those of human beings who commit crimes, murderers, polytheists, oppressors].	اور ہمیں تو (انھی بڑے) مجرموں ہی نے بہکایا تھا﴿99﴾	وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ﴿٩٩﴾
100. Now we have no intercessors,	تو (اب) ہمارے لیے کوئی سفارشی نہیں ہے﴿100﴾	فَمَا لَنَا مِن شٰفِعِينَ ﴿١٠٠﴾
101. Nor a close friend (to help us).	اور نہ کوئی مخلص دوست﴿101﴾	وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ﴿١٠١﴾
102. (Alas!) If we only had a chance to return (to the world), we shall truly be among the believers!	کاش! پھر ہم ایک بار (دنیا میں) لوٹیں تو ہم مومنوں میں سے ہو جائیں﴿102﴾	فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٢﴾
103. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.	بے شک اس میں عظیم نشانی ہے۔ اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں﴿103﴾	إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً ۭ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾
104. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.	اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا﴿104﴾	وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾ ع 5 / 16 / 9

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾

قوم نوح نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٠٥﴾

105. The people of Nūh (Noah) denied the Messengers.

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٠٦﴾

جب ان سے ان کے بھائی نوح نے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ ﴿١٠٦﴾

106. When their brother Nūh (Noah) said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٠٧﴾

بے شک میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿١٠٧﴾

107. "I am a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٠٨﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٠٨﴾

108. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠٩﴾

اور میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین ہی کے ذمے ہے ﴿١٠٩﴾

109. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١١٠﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١١٠﴾

110. "So keep your duty to Allāh, fear Him and obey me."

قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ﴿١١١﴾

انھوں نے کہا: کیا ہم تجھ پر ایمان لائیں، حالانکہ تیری پیروی تو رذیل لوگوں نے کی ہے ﴿١١١﴾

111. They said: "Shall we believe in you, when the meanest (of the people) follow you?"

قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١١٢﴾

نوح نے کہا: اور مجھے کیا معلوم جو وہ عمل کرتے رہے ہیں؟ ﴿١١٢﴾

112. He said: "And what knowledge have I of what they used to do?

إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي ۖ لَوْ تَشْعُرُونَ ﴿١١٣﴾

ان کا حساب تو میرے رب کے ذمے ہے اگر تم کچھ شعور رکھتے ہو ﴿١١٣﴾

113. "Their account is only with my Lord, if you could (but) know.

وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٤﴾

اور میں مومنوں کو دور کرنے والا نہیں ﴿١١٤﴾

114. "And I am not going to drive away the believers.

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿١١٥﴾

میں تو کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿١١٥﴾

115. "I am only a plain warner."

قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ﴿١١٦﴾

وہ بولے: اے نوح! اگر تو باز نہ آیا تو، تو سنگسار کیے گئے لوگوں میں سے ہوگا ﴿١١٦﴾

116. They said: "If you cease not, O Nūh (Noah) you will surely be among those stoned (to death)."

النصف

قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي كَذَّبُونِ ﴿١١٧﴾

نوح نے کہا: اے میرے رب! بے شک میری قوم نے مجھے جھٹلایا ہے ﴿١١٧﴾

117. He said: "My Lord! Verily, my people have denied me.

فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١١٨﴾

لہٰذا تو میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما، اور مجھے اور جو میرے ہمراہ مومن ہیں ان کو نجات دے ﴿١١٨﴾

118. "Therefore judge You between me and them, and save me and those of the believers who are with me."

فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١١٩﴾

چنانچہ ہم نے اسے اور جو (لوگ) بھری کشتی میں اس کے ساتھ تھے ان کو نجات دی ﴿١١٩﴾

119. And We saved him and those with him in the laden ship.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ﴿١٢٠﴾

پھر اس کے بعد ہم نے باقی سب غرق کر دیے ﴿١٢٠﴾

120. Then We drowned the rest (disbelievers) thereafter.

English	Urdu	Arabic
121. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.	بے شک اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر مومن نہیں ﴿۱۲۱﴾	إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٢١﴾
122. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.	اور بلاشبہ آپ کا رب، وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿۱۲۲﴾	وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٢٢﴾ ع 6 18 10
123. 'Ād (people) denied the Messengers.	(قوم) عاد نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿۱۲۳﴾	كَذَّبَتْ عَادٌ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٢٣﴾
124. When their brother Hūd said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?	جب ان کے بھائی ہود نے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿۱۲۴﴾	إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾
125. "Verily, I am a trustworthy Messenger to you.	بے شک میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿۱۲۵﴾	إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٢٥﴾
126. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿۱۲۶﴾	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٢٦﴾
127. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists).	اور میں تم سے اس (تبلیغ) پر کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین ہی کے ذمے ہے ﴿۱۲۷﴾	وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٢٧﴾
128. "Do you build high palaces on every high place, while you do not live in them?	کیا تم ہر اونچی جگہ پر بطور کھیل تماشا یادگاریں بناتے ہو؟ ﴿۱۲۸﴾	أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾
129. "And do you get for yourselves palaces (fine buildings) as if you will live therein forever?[1]	اور تم مضبوط محل بناتے ہو، شاید تم ہمیشہ (یہیں) رہو گے ﴿۱۲۹﴾	وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ﴿١٢٩﴾
130. "And when you seize (somebody), seize you (him) as tyrants?	اور جب تم (کسی پر) ہاتھ ڈالتے ہو تو سرکش بن کر ہی ہاتھ ڈالتے ہو ﴿۱۳۰﴾	وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿١٣٠﴾
131. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.	لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿۱۳۱﴾	فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٣١﴾
132. "And keep your duty to Him, fear Him Who has aided you with all (good things) that you know.	اور تم اس ذات سے ڈرو جس نے تمھیں ان چیزوں میں بڑھایا (امداد دی) ہے جو تم جانتے ہو ﴿۱۳۲﴾	وَاتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُم بِمَا تَعْلَمُونَ ﴿١٣٢﴾
133. "He has aided you with cattle and children.	اس نے تمھیں بڑھایا ہے مویشیوں اور بیٹوں میں ﴿۱۳۳﴾	أَمَدَّكُم بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ ﴿١٣٣﴾
134. "And gardens and springs.	اور باغوں اور چشموں میں ﴿۱۳۴﴾	وَجَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٣٤﴾
135. "Verily, I fear for you the torment of a Great Day."	بلاشبہ میں تم پر یوم عظیم کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۱۳۵﴾	إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٣٥﴾

---

[1] (V.26:129) See the footnote (c) of (V.9:111).

136. They said: "It is the same to us whether you preach or be not of those who preach.

انھوں نے کہا: ہمارے لیے برابر ہے، خواہ تو وعظ و نصیحت کرے یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ ہو ﴿١٣٦﴾

قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُن مِّنَ الْوَاعِظِينَ ﴿١٣٦﴾

137. "This is no other than the false tales and religion of the ancients, (*Tafsir At-Tabari*)

اور یہ تو پہلوں ہی کی عادت ہے ﴿١٣٧﴾

إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣٧﴾

138. "And we are not going to be punished."

اور ہم عذاب دیے جانے والے نہیں ﴿١٣٨﴾

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿١٣٨﴾

139. So they denied him, and We destroyed them. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

پھر انھوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے انھیں ہلاک کر دیا، بلاشبہ اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ﴿١٣٩﴾

فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَاهُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾

140. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿١٤٠﴾

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٤٠﴾ ع 7 18 11

141. Thamūd (people) denied the Messengers.

(قوم) ثمود نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٤١﴾

كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٤١﴾

142. When their brother Sālih said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?

جب ان کے بھائی صالح نے ان سے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ ﴿١٤٢﴾

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٤٢﴾

143. "I am a trustworthy Messenger to you.

بلاشبہ میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿١٤٣﴾

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٤٣﴾

144. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٤٤﴾

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٤٤﴾

145. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمے ہے ﴿١٤٥﴾

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٤٥﴾

146. "Will you be left secure in that which you have here?

کیا تمھیں یہاں کی چیزوں میں پرامن چھوڑ دیا جائے گا ﴿١٤٦﴾

أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَاهُنَا آمِنِينَ ﴿١٤٦﴾

147. "In gardens and springs.

(یعنی) باغوں اور چشموں میں ﴿١٤٧﴾

فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٤٧﴾

148. "And green crops (field) and date palms with soft spadix.

اور کھیتوں اور کھجوروں میں جن کے خوشے نرم و نازک ہیں ﴿١٤٨﴾

وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ ﴿١٤٨﴾

149. "And you hew out in the mountains, houses with great skill.

اور تم اتراتے ہوئے پہاڑوں سے گھر تراشتے ہو ﴿١٤٩﴾

وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا فَارِهِينَ ﴿١٤٩﴾

150. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

چنانچہ تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٥٠﴾

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٥٠﴾

151. "And follow not the command of *Al-Musrifūn* (i.e. their chiefs, leaders who were

اور تم حد سے بڑھنے والوں کے حکم کی اطاعت نہ کرو ﴿١٥١﴾

وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ ﴿١٥١﴾

polytheists, criminals and sinners),

152. "Who make mischief in the land, and reform not."

الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿١٥٢﴾

جو زمین میں فساد کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے ﴿١٥٢﴾

153. They said: "You are only of those bewitched!

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿١٥٣﴾

انھوں نے کہا: بس تو سحر زدہ لوگوں میں سے ہے ﴿١٥٣﴾

154. "You are but a human being like us. Then bring us a sign if you are of the truthful."

مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٥٤﴾

تو ہماری طرح ایک بشر ہی تو ہے، لہٰذا اگر تو سچوں میں سے ہے تو کوئی نشانی (معجزہ) لے آ ﴿١٥٤﴾

155. He said: "Here is a she-camel: it has a right to drink (water), and you have a right to drink (water) (each) on a day, known.

قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾

صالح نے کہا: یہ اونٹنی (معجزہ) ہے، (ایک دن) اس کی پینے کی باری ہے اور ایک مقرر دن تمھاری پینے کی باری ہے ﴿١٥٥﴾

156. "And touch her not with harm, lest the torment of a Great Day should seize you."

وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥٦﴾

اور اسے بری نیت سے نہ چھونا ورنہ تمھیں بہت بڑے دن کا عذاب آ پکڑے گا ﴿١٥٦﴾

157. But they killed her, and then they became regretful.

فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿١٥٧﴾

چنانچہ انھوں نے اس کی ٹانگیں کاٹ ڈالیں، پھر وہ نادم ہوئے ﴿١٥٧﴾

158. So, the torment overtook them. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٥٨﴾

تو انھیں عذاب نے آ پکڑا، بے شک اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ﴿١٥٨﴾

159. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

ع 8 19 12 وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٥٩﴾

اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿١٥٩﴾

160. The people of Lūt (Lot) (— who dwelt in the towns of Sodom in Palestine) denied the Messengers.

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٦٠﴾

قوم لوط نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٦٠﴾

161. When their brother Lūt (Lot) said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?

اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٦١﴾

جب ان سے ان کے بھائی لوط نے کہا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ ﴿١٦١﴾

162. "Verily, I am a trustworthy Messenger to you.

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٦٢﴾

بلاشبہ میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿١٦٢﴾

163. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٦٣﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٦٣﴾

164. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٤﴾

اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمے ہے ﴿١٦٤﴾

أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِينَ ﴿١٦٥﴾

کیا تم (جنسی تسکین کی خاطر) جہان کے مردوں کے پاس آتے ہو؟ ﴿١٦٥﴾

165. "Go you into the males of the *'Ālamīn* (mankind),

وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُونَ ﴿١٦٦﴾

اور تم اپنی بیویاں چھوڑ دیتے ہو جنھیں تمھارے رب نے تمھارے لیے پیدا کیا ہے؟ بلکہ تم لوگ حد سے گزرنے والے ہو ﴿١٦٦﴾

166. "And leave those whom Allāh has created for you to be your wives? Nay, you are a trespassing people!"

قَالُوا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ ﴿١٦٧﴾

انھوں نے کہا: اے لوط! اگر تو باز نہ آیا تو یقیناً تو نکالے جانے والوں میں سے ہوگا ﴿١٦٧﴾

167. They said: "If you cease not. O Lūt (Lot)! Verily, you will be one of those who are driven out!"

قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِينَ ﴿١٦٨﴾

لوط نے کہا: بے شک میں تمھارے (خلاف فطرت) عمل سے دشمنی رکھنے والوں میں سے ہوں ﴿١٦٨﴾

168. He said: "I am indeed of those who disapprove with severe anger and fury your (this evil) action (of sodomy).

رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ ﴿١٦٩﴾

اے میرے رب! تو مجھے اور میرے اہل کو اس عمل (کے وبال) سے نجات دے جو وہ کرتے ہیں ﴿١٦٩﴾

169. "My Lord! Save me and my family from what they do."

فَنَجَّيْنٰهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ﴿١٧٠﴾

چنانچہ ہم نے اسے اور اس کے سب اہل کو نجات دی ﴿١٧٠﴾

170. So, We saved him and his family, all,

إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغٰبِرِينَ ﴿١٧١﴾

سوائے ایک بڑھیا کے (جو) پیچھے رہنے والوں میں سے تھی ﴿١٧١﴾

171. Except an old woman (his wife) among those who remained behind.

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِينَ ﴿١٧٢﴾

پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ﴿١٧٢﴾

172. Then afterward We destroyed the others.

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ ﴿١٧٣﴾

اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) سخت بارش برسائی، چنانچہ ڈرائے گئے لوگوں پر (برسائی گئی) بدترین بارش تھی ﴿١٧٣﴾

173. And We rained on them a rain (of torment). And how evil was the rain of those who had been warned!

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٤﴾

بے شک اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ﴿١٧٤﴾

174. Verily, in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

ع 16 9 13 وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٧٥﴾

اور بے شک آپ کا رب وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿١٧٥﴾

175. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

كَذَّبَ أَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٧٦﴾

اصحاب ایکہ نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٧٦﴾

176. The dwellers of Al-Aikah [near Madyan (Midian)] denied the Messengers.

إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٧٧﴾

جب ان سے شعیب نے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿١٧٧﴾

177. When Shu'aib said to them: "Will you not fear Allāh and obey Him?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ﴿١٧٨﴾

بے شک میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں ﴿١٧٨﴾

178. "I am a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٧٩﴾

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٧٩﴾

179. "So fear Allāh, keep your duty to Him, and obey me.

وَمَآ أَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٨٠﴾

اور میں اس (تبلیغ) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو رب العالمین کے ذمے ہے ﴿١٨٠﴾

180. "No reward do I ask of you for it (my Message of Islāmic Monotheism); my reward is only from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists).

أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُخْسِرِينَ ﴿١٨١﴾

تم ماپ پورا پورا کرو، اور خسارہ دینے والوں سے نہ بنو ﴿١٨١﴾

181. "Give full measure, and cause no loss (to others).

وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ﴿١٨٢﴾

اور تم بالکل سیدھی ترازو سے تولو ﴿١٨٢﴾

182. "And weigh with the true and straight balance.

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿١٨٣﴾

اور تم لوگوں کو ان کی اشیاء کم نہ دو، اور نہ تم زمین میں فساد کرتے ہوئے دوڑو ﴿١٨٣﴾

183. "And defraud not people by reducing their things, nor do evil, making corruption and mischief in the land.

وَاتَّقُوا الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِينَ ﴿١٨٤﴾

اور اس (اللہ) سے ڈرو جس نے تمھیں اور پہلی مخلوق کو پیدا کیا ﴿١٨٤﴾

184. "And fear Him Who created you and the generations of the men of old."

قَالُوا إِنَّمَا أَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ ﴿١٨٥﴾

انھوں نے کہا: بس تو سحر زدہ (لوگوں) میں سے ہے ﴿١٨٥﴾

185. They said: "You are only one of those bewitched!

وَمَا أَنْتَ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَإِنْ نَظُنُّكَ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿١٨٦﴾

اور تو ہماری طرح بشر ہی تو ہے، اور ہم تجھے بلاشبہ جھوٹوں میں خیال کرتے ہیں ﴿١٨٦﴾

186. "You are but a human being like us and verily, we think that you are one of the liars!

فَأَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿١٨٧﴾

لہٰذا اگر تو سچوں میں سے ہے تو ہم پر آسمان سے ایک ٹکڑا گرا دے ﴿١٨٧﴾

187. "So, cause pieces of the heaven to fall on us, if you are of the truthful!"

قَالَ رَبِّي أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٨٨﴾

شعیب نے کہا: میرا رب خوب جانتا ہے جو تم عمل کرتے ہو ﴿١٨٨﴾

188. He said: "My Lord is the Best Knower of what you do."

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٨٩﴾

چنانچہ انھوں نے اسے (شعیب کو) جھٹلایا، تو انھیں سائے والے دن کے عذاب نے آن پکڑا، بے شک وہ بہت بڑے دن کا عذاب تھا ﴿١٨٩﴾

189. But they denied him, so the torment of the Day of Shadow (a gloomy cloud) seized them. Indeed that was the torment of a Great Day.

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٩٠﴾

بلاشبہ اس میں عظیم نشانی ہے، اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے ﴿١٩٠﴾

190. Verily in this is indeed a sign, yet most of them are not believers.

ع 10 16 14 وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿١٩١﴾

اور بے شک آپ کا رب، وہی ہے غالب، بہت رحم کرنے والا ﴿١٩١﴾

191. And verily your Lord, He is truly the All-Mighty, the Most Merciful.

وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٩٢﴾

اور بلاشبہ یہ (قرآن) رب العالمین کا نازل کردہ ہے ﴿١٩٢﴾

192. And truly, this (the Qur'ān) is a revelation from the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists),

نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ﴿١٩٣﴾

روح الامین (جبریل) اسے لے کر نازل ہوا ﴿١٩٣﴾

193. Which the trustworthy *Rūh* [Jibrāīl (Gabriel)] has brought down

عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿١٩٤﴾

آپ کے دل پر، تاکہ آپ ڈرانے والوں میں سے ہوں ﴿١٩٤﴾

194. Upon your heart (O Muhammad ﷺ) that you may be (one) of the warners,

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿١٩٥﴾

فصیح عربی زبان میں ﴿١٩٥﴾

195. In the plain Arabic language.

وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٩٦﴾

اور بلاشبہ وہ (قرآن کا ذکر) پہلی کتابوں میں بھی ہے ﴿١٩٦﴾

196. And verily, it (the Qur'ān, and its revelation to Prophet Muhammad ﷺ) is (announced) in the Scriptures [i.e. the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] of former people.

اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٩٧﴾

کیا ان کے لیے یہ ایک نشانی (کافی) نہیں کہ بنی اسرائیل کے علماء بھی اس (قرآن یا صاحب قرآن) کو جانتے ہیں① ﴿١٩٧﴾

197. Is it not a sign to them that the learned scholars (like 'Abdullāh bin Salām رضي الله عنه who embraced Islām)[1] of the Children of Israel knew it (as true)?

وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿١٩٨﴾

اگر ہم اس (قرآن) کو کسی عجمی پر نازل کرتے ﴿١٩٨﴾

198. And if We had revealed it (this Qur'ān) to any of the non-Arabs,

فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿١٩٩﴾

پھر وہ اسے ان پر پڑھتا، (تو بھی) وہ اس پر ایمان نہ لاتے ﴿١٩٩﴾

199. And he had recited it to them, they would not have believed in it.

كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٢٠٠﴾

اسی طرح ہم نے اس (تکذیب) کو مجرموں کے دلوں میں داخل کر دیا ہے ﴿٢٠٠﴾

200. Thus have We caused it (the denial of the Qur'ān) to enter the hearts of the *Mūjrimūn* (criminals, polytheists, sinners).

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٢٠١﴾

وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے حتی کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیں ﴿٢٠١﴾

201. They will not believe in it until they see the painful torment.

فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٠٢﴾

چنانچہ وہ ان پر اچانک آپڑے گا جبکہ انھیں خبر تک نہ ہوگی ﴿٢٠٢﴾

202. It shall come to them of a sudden, while they perceive it not.

فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾

پھر وہ کہیں گے: کیا ہمیں (کچھ) مہلت مل سکتی ہے؟ ﴿٢٠٣﴾

203. Then they will say: "Can we be respited?"

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾

کیا وہ لوگ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں؟ ﴿٢٠٤﴾

204. Would they then wish for Our torment to be hastened on?

اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾

بھلا آپ دیکھیں تو! اگر ہم انھیں کئی برس (دنیا کا) فائدہ دیں ﴿٢٠٥﴾

205. Think, (even) if We do let them enjoy for years,

ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾

پھر وہ (عذاب) ان پر آجائے جس سے انھیں ڈرایا دھمکایا جا رہا ہے ﴿٢٠٦﴾

206. And afterwards comes to them that (punishment) which they had been promised,

[1] (V.26:197) See the footnote of (V.5:66) [The story about 'Abdullāh bin Salām رضي الله عنه].

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ مائدہ 5:66) عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا قصہ۔

مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾

تو جس (سامانِ عیش) سے وہ مزے اڑا رہے تھے ان کے کچھ کام نہ آئے گا ﴿۲۰۷﴾

b) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ (or Abul-Qāsim ﷺ) said, "While a man was walking, clad in a two-piece garment and proud of himself with his hair well-combed, suddenly Allāh made him sink into the earth and he will go on sinking into it till the Day of Resurrection."

c) Narrated 'Abdullāh (bin 'Umar رضي الله عنهما): Allāh's Messenger ﷺ said, "While a man was dragging his *Izār** on the ground (behind him), suddenly Allāh made him sink into the earth and he will go on sinking into it till the Day of Resurrection." [*Sahih Al-Bukhari*, 7/5788-5790 (O.P.679-681)].

* *Izār*: Lower-half body-cover.

nor was he one of those who could save themselves.

اور نہ وہ بدلہ لینے والوں میں تھا① ﴿٨١﴾

82. And those who had desired (for a position like) his position the day before, began to say: "Know you not that it is Allāh Who enlarges the provision or restricts it to whomsoever He pleases of His slaves. Had it not been that Allāh was Gracious to us, He could have caused the earth to swallow us up (also)! Know you not that the disbelievers will never be successful."

اور جنھوں نے کل اس کے مقام و مرتبہ کی تمنا کی تھی، وہ (صبح اٹھ کر) کہنے لگے: ہائے شامت! اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہے رزق کشادہ کرتا ہے اور (جس کے لیے چاہے) تنگ کرتا ہے، اگر اللہ نے ہم پر احسان نہ کیا ہوتا تو یقیناً وہ ہمیں بھی دھنسا دیتا، ہائے شامت! کافر فلاح نہیں پاتے ﴿٨٢﴾

وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ۭ وَيْكَاَنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع 8/7/11

83. That home of the Hereafter (i.e. Paradise), We shall assign to those who rebel not against the truth with pride[1] and oppression in the land nor do mischief (by committing crimes). And the good end is for the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وہ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کو دیں گے جو زمین میں نہ بڑائی چاہتے ہیں اور نہ فساد، اور (اچھا) انجام تو پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے② ﴿٨٣﴾

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٨٣﴾

84. Whosoever brings good (Islāmic Monotheism along with righteous deeds), he shall have the better thereof; and whosoever brings evil (polytheism along with evil deeds), then those who do evil deeds will only be requited for what they used to do.

جو کوئی نیکی لائے گا تو اس کے لیے اس سے بہتر (بدلہ) ہوگا، اور جو کوئی برائی لائے گا تو برے عمل کرنے والوں کو وہی بدلہ دیا جائے گا جو وہ عمل کرتے تھے ﴿٨٤﴾

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٤﴾

85. Verily, He Who has given you (O Muhammad ﷺ) the Qur'ān (i.e. ordered you to act on its laws and to preach it to others), will surely bring you back to *Ma'ād* (place of return, either to Makkah or to Paradise after your death). Say (O Muhammad ﷺ):

بلاشبہ وہ (اللہ) جس نے آپ پر قرآن نازل کیا، یقیناً وہ آپ کو (اچھے) انجام تک پہنچانے والا ہے، کہہ دیجیے: میرا رب خوب جانتا ہے کہ کون ہدایت کے ساتھ آیا اور کون کھلی گمراہی میں ہے ﴿٨٥﴾

اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَاۗدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٨٥﴾

---

[1] (V.28:83) See the footnote of (V.22:9)

① یہ ہے وہ انجام جو تکبر کرنے والوں کا ہوتا ہے، اسی لیے احادیث میں آتا ہے کہ ازراہ فخر و تکبر پاجامہ یا شلوار وغیرہ زمین پر گھسیٹ کر چلنے والا بھی برے انجام سے دوچار ہوگا۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف دیکھے گا بھی نہیں جو ازراہ فخر و غرور اپنی ازار (چادر، تہ بند، پاجامہ، پتلون، شلوار) کو گھسیٹ کر چلتا ہے۔" (صحیح البخاری، اللباس، باب: 5، حدیث: 5788) دوسری روایت میں آپ ﷺ نے فرمایا: "ایک شخص جوڑا پہنے ہوئے کنگھی کیے ہوئے اتراتا ہوا جا رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا، چنانچہ وہ قیامت تک زمین میں دھنستا ہی چلا جائے گا۔" (حوالہ مذکور، حدیث: 5790) ایک اور روایت میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک آدمی اپنی ازار کو زمین پر گھسیٹتے ہوئے جا رہا تھا کہ اچانک اسے زمین میں دھنسا دیا گیا تو قیامت تک وہ زمین میں دھنستا ہی چلا جائے گا۔" (حوالہ مذکور، حدیث: 5790)

② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ حج: 9/22)

"My Lord is Aware of him who brings guidance, and of him who is in manifest error."

وَمَا كُنتَ تَرْجُوٓا أَن يُلْقَىٰٓ إِلَيْكَ
ٱلْكِتَـٰبُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ
ظَهِيرًا لِّلْكَـٰفِرِينَ ﴿٨٦﴾

اورآپ امید نہیں رکھتے تھے کہ آپ کی طرف (یہ) کتاب وحی کی جائے گی مگر یہ آپ کے رب کی رحمت ہی سے (وحی کی گئی) ہے، لہٰذا آپ کافروں کے مددگار ہرگز نہ ہوں ۝۸۶

86. And you were not expecting that the Book (this Qur'ān) would be sent down to you, but it is a mercy from your Lord. So never be a supporter of the disbelievers.

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ ءَايَـٰتِ ٱللَّهِ بَعْدَ إِذْ
أُنزِلَتْ إِلَيْكَ وَٱدْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ وَلَا
تَكُونَنَّ مِنَ ٱلْمُشْرِكِينَ ﴿٨٧﴾

اور وہ (کافر) آپ کو اللہ کی آیات (کی تبلیغ) سے نہ روک دیں اس کے بعد کہ وہ آپ کی طرف اتاری گئیں اور آپ (انھیں) اپنے رب کی طرف بلائیں، اور مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہوں ۝۸۷

87. And let them not turn you (O Muhammad ﷺ) away from (preaching) the *Ayāt* (revelations and verses) of Allāh after they have been sent down to you: and invite (men) to (believe in) your Lord[1] and be not of *Al-Mushrikūn* (those who associate partners with Allāh, e.g. polytheists, pagans, idolaters, and those who disbelieve in the Oneness of Allāh and deny the Prophethood of Messenger Muhammad ﷺ).

وقف لازم
وَلَا تَدْعُ مَعَ ٱللَّهِ إِلَـٰهًا ءَاخَرَ ۘ لَآ
إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ إِلَّا
وَجْهَهُۥ ۚ لَهُ ٱلْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٨﴾
ع 9 12

اور آپ اللہ کے ساتھ کسی اور الٰہ کومت پکاریں، اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے سوائے اس کے چہرے کے، اسی کی حاکمیت و فرمانروائی ہے اور تم (سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ۝۸۸

88. And invoke not any other *ilāh* (god) along with Allāh, *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He). Everything will perish except His Face. His is the Decision, and to Him you (all) shall be returned.

آیاتها 69 (29) سُورَةُ الْعَنْكَبُوتِ مَكِّيَّةٌ (85) رکوعاتها 7

سورۂ عنکبوت

Sūrat Al-'Ankabūt (The Spider) 29

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

الٓمٓ ﴿١﴾

الم ۝۱

1. *Alif-Lām-Mīm.*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

أَحَسِبَ ٱلنَّاسُ أَن يُتْرَكُوٓا أَن يَقُولُوٓا ءَامَنَّا
وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ ﴿٢﴾

کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ صرف یہ کہنے پر چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور انھیں آزمایا نہیں جائے گا ۝۲

2. Do people think that they will be left alone because they say: "We believe," and will not be tested.

[1] (V.28:87) i.e., in the Oneness (*Tauhīd*) of Allāh — (1) Oneness of the Lordship of Allāh; (2) Oneness of the worship of Allāh; (3) Oneness of the Names and Qualities of Allāh.

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ
اللّٰهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِينَ ③

اور البتہ تحقیق ہم نے ان لوگوں کو آزمایا ہے جو ان سے پہلے تھے، چنانچہ اللہ ان لوگوں کو ضرور ظاہر کرے گا جنھوں نے سچ بولا، اور وہ ضرور ظاہر کرے گا ان کو جو جھوٹے ہیں③

3. And We indeed tested those who were before them. And Allāh will certainly make (it) known (the truth of) those who are true, and will certainly make (it) known (the falsehood of) those who are liars, (although Allāh knows all that before putting them to test).

اَمْ حَسِبَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّاٰتِ اَنْ
يَّسْبِقُونَا ۚ سَآءَ مَا يَحْكُمُونَ ④

کیا جو لوگ برے عمل کرتے ہیں انھوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ ہم سے بچ کر نکل جائیں گے۔ بہت برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں④

4. Or think those who do evil deeds that they can outstrip Us (i.e. escape Our punishment)? Evil is that which they judge!

مَنْ كَانَ يَرْجُوا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ
لَاٰتٍ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ⑤

جو شخص اللہ سے ملاقات کی امید رکھتا ہے① تو (وہ جان لے کہ) بلاشبہ اللہ کا وعدہ ضرور آنے والا ہے، اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے⑤

5. Whoever hopes for the Meeting[1] with Allāh, then Allāh's Term is surely coming, and He is the All-Hearer, the All-Knower.

وَمَنْ جٰهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۚ
اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ ⑥

اور جو شخص جہاد کرے تو بس وہ اپنے ہی فائدے کے لیے جہاد کرتا ہے، بے شک اللہ تمام جہان والوں سے بے نیاز ہے⑥

6. And whosoever strives, he strives only for himself. Verily, Allāh stands not in need of any of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists).

وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ
عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِي
كَانُوا يَعْمَلُونَ ⑦

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ہم ان سے ان کی برائیاں ضرور مٹا دیں گے اور جو عمل وہ کرتے رہے، ہم انھیں ضرور ان کی بہترین جزا دیں گے②⑦

7. Those who believe [in the Oneness of Allāh (Monotheism) and in Messenger Muhammad ﷺ, and do not give up their Faith because of the harm they receive from the polytheists], and do righteous good deeds, surely, We shall expiate from them their evil deeds and shall reward them according to the best of that which they used to do.[2]

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۚ
وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ
بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ
فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ⑧

اور ہم نے انسان کو اپنے والدین سے نیک سلوک کرنے کی وصیت کی، اور اگر وہ دونوں تجھ پر زور ڈالیں کہ تو میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہیں تو ان دونوں کی اطاعت نہ کرنا، میری ہی طرف تمھیں لوٹ کر آنا ہے، پھر میں تمھیں بتاؤں گا جو کچھ تم عمل کرتے تھے⑧

8. And We have enjoined on man to be good and dutiful to his parents; but if they strive to make you join with Me (in worship) anything (as a partner) of which you have no knowledge, then obey them not. To Me is your return and I shall tell you what you used to do.

---

[1] (V.29:5) See (V.6:31) and its footnote.
[2] (V.29:7) See the footnote of (V.9:121).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام:31/6)
② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ توبہ:121/9)

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ ⑨

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ہم انھیں نیک لوگوں میں ضرور داخل کریں گے①⑨

9. And for those who believe (in the Oneness of Allāh and the other articles of Faith)[1] and do righteous good deeds, surely, We shall make them enter with (in the entrance of) the righteous (in Paradise).

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ ۖ وَلَئِن جَاءَ نَصْرٌ مِّن رَّبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ۚ أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ ⑩

اور لوگوں میں سے بعض وہ ہیں جو کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب اللہ کی راہ میں انھیں ایذا دی جاتی ہے تو وہ لوگوں کے ستانے کو اللہ کے عذاب کے برابر ٹھہراتے ہیں، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے مدد آجائے تو وہ ضرور کہیں گے: بے شک ہم تمھارے ساتھ تھے، کیا جو کچھ جہان والوں کے سینوں میں ہے اللہ اُسے خوب جاننے والا نہیں⑩

10. Of mankind are some who say: "We believe in Allāh." But if they are made to suffer for the sake of Allāh, they consider the trial of mankind as Allāh's punishment; and if victory comes from your Lord, (the hypocrites) will say: "Verily, we were with you (helping you)." Is not Allāh Best Aware of what is in the breasts of the *'Ālamīn* (mankind and jinn)?

وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِينَ ⑪

اور اللہ انھیں ضرور ظاہر کرے گا جو ایمان لائے اور وہ منافقوں کو بھی ضرور ظاہر کرے گا⑪

11. Verily, Allāh knows those who believe, and verily, He knows the hypocrites (i.e. Allāh will test the people with good and hard days to discriminate the good from the wicked, although Allāh knows all that before putting them to test).

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا اتَّبِعُوا سَبِيلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطَايَاكُمْ وَمَا هُم بِحَامِلِينَ مِنْ خَطَايَاهُم مِّن شَيْءٍ ۖ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ⑫

اور جن لوگوں نے کفر کیا انھوں نے ایمان والوں سے کہا: تم ہمارے راستے کی پیروی کرو، اور ہم تمھارے گناہ اٹھا لیں گے، حالانکہ وہ ان کے گناہوں میں سے کچھ بھی نہیں اٹھائیں گے، بے شک وہ جھوٹے ہیں⑫

12. And those who disbelieve say to those who believe: "Follow our way and we will, verily, bear your sins." Never will they bear anything of their sins. Surely, they are liars.

وَلَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ وَأَثْقَالًا مَّعَ أَثْقَالِهِمْ ۖ وَلَيُسْأَلُنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَمَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ⑬ ع 1 13 13

اور یقیناً وہ اپنے بوجھ اور اپنے بوجھوں کے ساتھ کئی اور بوجھ ضرور اٹھائیں گے، اور جو کچھ وہ جھوٹ گھڑتے رہے، روزِ قیامت ان کے متعلق ان سے ضرور پوچھا جائے گا⑬

13. And verily, they shall bear their own loads, and other loads besides their own; and verily, they shall be questioned on the Day of Resurrection about that which they used to fabricate.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا فَأَخَذَهُمُ الطُّوفَانُ وَهُمْ ظَالِمُونَ ⑭

اور بلا شبہ ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، چنانچہ وہ ان میں پچاس کم ایک ہزار سال رہا، پھر انھیں طوفان نے اس حال میں پکڑ لیا کہ وہ ظالم تھے⑭

14. And indeed We sent Nūh (Noah) to his people, and he stayed among them a thousand years less fifty years [inviting them to believe in the Oneness of Allāh (Monotheism), and discard

---

[1] (V.29:9) See the footnote (b) of (V.3:85)

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (جزء ب سورۂ آل عمران 3:85)

the false gods and other deities]; so the Deluge overtook them while they were *Zālimūn* (wrong doers, polytheists, disbelievers).

15. Then We saved him and those with him in the ship, and made it (the ship) an *Ayāh* (a lesson, a warning) for the *'Ālamīn* (mankind and jinn).

پھر ہم نے اسے اور کشتی والوں کو نجات دی، اور ہم نے اس (کشتی) کو دنیا والوں کے لیے عظیم نشانی بنا دیا ﴿١٥﴾

فَأَنْجَيْنٰهُ وَأَصْحٰبَ السَّفِينَةِ وَجَعَلْنٰهَآ آيَةً لِّلْعٰلَمِينَ ﴿١٥﴾

16. And (remember) Ibrāhīm (Abraham) when he said to his people: "Worship Allāh (Alone), and fear Him, that is better for you if you did but know.

اور (ہم نے) ابراہیم کو (بھیجا) جب اس نے اپنی قوم سے کہا: تم اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو، اگر تم جانتے ہو تو یہ تمھارے لیے بہت بہتر ہے ﴿١٦﴾

وَإِبْرٰهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوهُ ۖ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿١٦﴾

17. "You worship besides Allāh only idols, and you only invent falsehood. Verily, those whom you worship besides Allāh have no power to give you provision, so seek your provision from Allāh (Alone), and worship Him (Alone), and be grateful to Him. To Him (Alone) you will be brought back.

تم تو اللہ کے سوا بتوں ہی کی عبادت کرتے ہو، اور تم جھوٹ گھڑتے ہو، بلاشبہ اللہ کے سوا جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ تمھارے لیے رزق کا اختیار نہیں رکھتے، لہٰذا تم اللہ کے ہاں رزق تلاش کرو، اور تم اسی کی عبادت کرو اور تم اسی کا شکر کرو، تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿١٧﴾

إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ أَوْثٰنًا وَتَخْلُقُونَ إِفْكًا ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ ۖ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿١٧﴾

18. "And if you deny, then nations before you have denied (their Messengers). And the duty of the Messenger (ﷺ) is only to convey (the Message) plainly."

اور اگر تم جھٹلاؤ تو تم سے پہلے کئی امتوں نے جھٹلایا ہے، اور رسول کا کام تو صرف کھلا کھلا پہنچا دینا ہے ﴿١٨﴾

وَإِنْ تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ۖ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ﴿١٨﴾

19. See they not how Allāh originates the creation, then repeats it. Verily, that is easy for Allāh.

کیا انھوں نے دیکھا نہیں کہ اللہ مخلوق کو پہلی بار کیسے پیدا کرتا ہے، پھر وہ اسے لوٹائے گا، بلاشبہ یہ اللہ پر بہت آسان ہے ﴿١٩﴾

أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ۚ إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ ﴿١٩﴾

20. Say: "Travel in the land and see how (Allāh) originated the creation, and then Allāh will bring forth the creation of the Hereafter (i.e. resurrection after death). Verily, Allāh is Able to do all things."

کہہ دیجیے: تم زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو اس نے مخلوق پہلی بار کیسے پیدا کی، پھر اللہ ہی (اسے) دوسری بار پیدا کرے گا، بلاشبہ اللہ ہر شے پر خوب قادر ہے ﴿٢٠﴾

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾

21. He punishes whom He wills, and shows mercy to whom He wills; and to Him you will be returned.

وہ جسے چاہے عذاب دے گا اور جس پر چاہے رحم کرے گا، اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿٢١﴾

يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ ﴿٢١﴾

22. And you cannot escape in the earth or in the heaven (from Allāh). And besides Allāh you

اور تم (اللہ کو) نہ زمین میں عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں، اور تمھارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی

وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۖ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مِنْ وَلِيٍّ

ع 2 9 14 وَلَا نَصِيرٍ ﴿٢٢﴾

دوست ہے اور نہ کوئی مددگار ﴿٢٢﴾

have neither any *Walī* (Protector or Guardian) nor any Helper.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَلِقَائِهِ أُولَٰئِكَ يَئِسُوا مِن رَّحْمَتِي وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢٣﴾

اور جن لوگوں نے اللہ کی آیات اور اس کی ملاقات کا انکار کیا، وہی لوگ میری رحمت سے ناامید ہو چکے ہیں، اور انھی کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿٢٣﴾

23. And those who disbelieve in the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of Allāh and the Meeting with Him, it is they who have no hope of My Mercy, and it is they who will have a painful torment.

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا اقْتُلُوهُ أَوْ حَرِّقُوهُ فَأَنجَاهُ اللَّهُ مِنَ النَّارِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٢٤﴾

پھر ابراہیم کی قوم کا جواب بس یہی تھا کہ انھوں نے کہا: اسے قتل کر دو یا اسے جلا دو، پھر اللہ نے اسے آگ سے نجات دی، بے شک اس میں ایمان لانے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں[1] ﴿٢٤﴾

24. So nothing was the answer of [Ibrāhīm's (Abraham's)] people except that they said: "Kill him or burn him." Then Allāh saved him from the fire. Verily, in this are indeed signs for a people who believe.[1]

وَقَالَ إِنَّمَا اتَّخَذْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُم بِبَعْضٍ وَيَلْعَنُ بَعْضُكُم بَعْضًا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٢٥﴾

اور ابراہیم نے کہا: تم نے اللہ کے سوا جن بتوں کو معبود ٹھہرا لیا ہے، تو یہ محض تمھاری آپس کی دنیا کی دوستی کی وجہ سے ہے، پھر روزِ قیامت تم میں سے ایک دوسرے کا انکار کرے گا، اور تم میں سے ایک دوسرے پر لعنت بھیجے گا، اور تمھارا ٹھکانا آگ ہے، اور تمھارے لیے کوئی مدد کرنے والے نہ ہوں گے ﴿٢٥﴾

25. And [Ibrāhīm (Abraham)] said: "You have taken (for worship) idols instead of Allāh. The love between you is only in the life of this world, but on the Day of Resurrection, you shall disown each other, and curse each other, and your abode will be the Fire, and you shall have no helpers."

وقف لازم فَآمَنَ لَهُ لُوطٌ ۘ وَقَالَ إِنِّي مُهَاجِرٌ إِلَىٰ رَبِّي ۖ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٢٦﴾

پھر ابراہیم پر لوط ایمان لایا، اور ابراہیم نے کہا: بے شک میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں، بلاشبہ وہ نہایت غالب، خوب حکمت والا ہے ﴿٢٦﴾

26. So, Lūt (Lot) believed in him [Ibrāhīm's (Abraham's) Message of Islāmic Monotheism]. He [Ibrāhīm (Abraham)] said: "I will emigrate for the sake of my Lord. Verily, He is the All-Mighty, the All-Wise.[2]"

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ وَآتَيْنَاهُ أَجْرَهُ فِي الدُّنْيَا ۖ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ ﴿٢٧﴾

اور ہم نے اسے اسحاق اور یعقوب دیے اور اس کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھ دی، اور ہم نے اسے اس کا اجر دنیا میں بھی دیا، اور بلاشبہ وہ آخرت میں صالح لوگوں میں سے ہوگا ﴿٢٧﴾

27. And We bestowed on him [Ibrāhīm (Abraham)], Ishāq (Isaac) and Ya'qūb (Jacob), and We ordained among his offspring Prophethood and the Book [i.e. the Taurāt (Torah) (to Mūsā — Moses), the Injīl (Gospel) (to 'Īsā — Jesus), and the Qur'ān (to Muhammad ﷺ), all from the offspring of Ibrāhīm (Abraham)], and We granted him his reward in this world; and verily, in the

[1] (V.29:24) See the footnote of (V.3:173).
[2] (V.29:26) See the footnote of (V.9:121).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 3/173)

Hereafter he is indeed among the righteous.

28. And (remember) Lūt (Lot), when he said to his people: "You commit *Al-Fāhishah* (sodomy — the worst sin) which none has preceded you in (committing) it in the *'Ālamīn* (mankind and jinn)."

اور (ہم نے بھیجا) لوط کو جب اس نے اپنی قوم سے کہا:
بے شک تم ایسی فحاشی (بدکاری) پر اتر آئے ہو جو تم
سے پہلے جہانوں میں سے کسی نے بھی نہیں کی ﴿28﴾

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ
الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ أَحَدٍ
مِّنَ الْعٰلَمِينَ ﴿28﴾

29. "Verily, you practise sodomy with men, and rob the wayfarer (travellers)! And practise *Al-Munkar* (disbelief and polytheism and every kind of evil wicked deed) in your meetings." But his people gave no answer except that they said: "Bring Allāh's torment upon us if you are one of the truthful."

کیا تم لوگ مردوں کے پاس (جنسی تسکین کے لیے)
آتے ہو، اور تم راستے کاٹتے ہو، اور تم اپنی مجلسوں
میں برے کام (بے حیائی) کرتے ہو؟ پھر ان کی قوم کا
جواب بس یہی تھا کہ انھوں نے کہا: اگر تو سچوں میں
سے ہے تو اللہ کا عذاب لے آ ﴿29﴾

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُونَ
السَّبِيلَ ۙ وَتَأْتُونَ فِي نَادِيكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ
فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَنْ قَالُوا
ائْتِنَا بِعَذَابِ اللَّهِ إِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِينَ ﴿29﴾

30. He said: "My Lord! Give me victory over the people who are *Mufsidūn* (those who commit great crimes and sins, oppressors, tyrants, mischief-makers, corrupters).

لوط نے کہا: اے میرے رب! فسادی لوگوں کے
مقابلے میں میری مدد فرما ﴿30﴾

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ
الْمُفْسِدِينَ ﴿30﴾ ع 3 8 15

31. And when Our messengers came to Ibrāhīm (Abraham) with the glad tidings they said: "Verily, we are going to destroy the people of this [Lūt (Lot's)] town (i.e. the town of Sodom in Palestine); truly, its people have been *Zālimūn* [wrong doers, polytheists disobedient to Allāh, and who denied their Messenger Lūt (Lot)]."

اور جب ہمارے قاصد (فرشتے) ابراہیم کے پاس
بشارت لے کر آئے تو انھوں نے کہا: بے شک ہم
اس بستی (سدوم) والوں کو ہلاک کرنے والے ہیں،
بلاشبہ اس بستی والے ظالم ہیں ﴿31﴾

وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرٰهِيمَ
بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوا إِنَّا مُهْلِكُوا أَهْلِ هٰذِهِ
الْقَرْيَةِ ۚ إِنَّ أَهْلَهَا كَانُوا ظٰلِمِينَ ﴿31﴾

32. Ibrāhīm (Abraham) said: "But there is Lūt (Lot) in it." They said: "We know better who is there. We will verily save him [Lūt (Lot)] and his family — except his wife, she will be of those who remain behind (i.e. she will be destroyed along with those who will be destroyed from her folk)."

ابراہیم نے کہا: بے شک اس میں تو لوط بھی ہے،
انھوں نے کہا: ہم خوب جانتے ہیں جو کوئی اس میں
ہے، یقیناً ہم اسے اور اس کے گھر والوں کو بچا لیں
گے سوائے اس کی بیوی کے، وہ پیچھے رہ جانے
والوں میں سے ہوگی ﴿32﴾

قَالَ إِنَّ فِيهَا لُوطًا ؕ قَالُوا نَحْنُ أَعْلَمُ
بِمَنْ فِيهَا ۫ لَنُنَجِّيَنَّهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا
امْرَأَتَهُ ۫ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِينَ ﴿32﴾

33. And when Our messengers came to Lūt (Lot), he was

اور جب ہمارے قاصد لوط کے پاس آئے تو وہ ان

وَلَمَّا أَنْ جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالُوا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۖ إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِينَ ﴿٣٣﴾

(کے آنے) کی وجہ سے غم زدہ ہوا، اور ان کی وجہ سے (اس کا) سینہ تنگ ہوا، اور فرشتوں نے کہا: تو مت ڈر اور مت غم کھا، بلاشبہ ہم تجھے اور تیرے گھر والوں کو نجات دینے والے ہیں، سوائے تیری بیوی کے، وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے ﴿۳۳﴾

grieved because of them, and felt straitened on their account. They said: "Have no fear, and do not grieve! Truly, we shall save you and your family, — except your wife, she will be of those who remain behind (i.e. she will be destroyed along with those who will be destroyed from her folk).

إِنَّا مُنْزِلُونَ عَلَىٰ أَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٣٤﴾

بے شک ہم اس بستی والوں پر ان کے فسق کی وجہ سے، آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں ﴿۳۴﴾

34. "Verily, we are about to bring down on the people of this town a great torment from the sky, because they have been rebellious (against Allāh's Command)."

وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَا آيَةً بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُونَ ﴿٣٥﴾

اور بلاشبہ ہم نے اس بستی کو ان لوگوں کے لیے (بطور) کھلی نشانی چھوڑ رکھا ہے جو عقل رکھتے ہیں ﴿۳۵﴾

35. And indeed We have left thereof an evident *Ayāh* (a lesson and a warning and a sign — the place where the Dead Sea is now in Palestine)[1] for a folk who understand.

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٣٦﴾

اور (ہم نے) مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا تو اس نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اور یوم آخرت کی امید رکھو، اور تم زمین میں فساد کرتے نہ پھرو ﴿۳۶﴾

36. And to (the people of) Madyan (Midian), We sent their brother Shu'aib. He said: "O my people! Worship Allāh (Alone) and hope for (the reward of good deeds by worshipping Allāh Alone, on) the last Day (i.e. the Day of Resurrection), and commit no mischief on the earth as *Mufsidūn* (those who commit great crimes, oppressors, tyrants, mischief-makers, corrupters). (*Tafsir At-Tabari*)

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جٰثِمِينَ ﴿٣٧﴾

پھر انھوں نے اسے جھٹلایا، تو انھیں زلزلے نے آن پکڑا، پھر وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ﴿۳۷﴾

37. And they denied him (Shu'aib); so the earthquake seized them, and they lay (dead), prostrate in their dwellings.

وَعَادًا وَّثَمُودَا وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۖ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ﴿٣٨﴾

اور عاد اور ثمود (کو بھی ہم نے ہلاک کیا) اور یہ بات تمھارے لیے ان کے (تباہ شدہ) گھروں سے واضح ہو چکی ہے، اور شیطان نے ان کے اعمال ان کے لیے مزین کر دیے تھے، پھر اس نے انھیں سیدھی راہ سے روک دیا، حالانکہ وہ سمجھ بوجھ والے تھے ﴿۳۸﴾

38. And 'Ād and Thamūd (people)! And indeed (their destruction) is clearly apparent to you from their (ruined) dwellings. *Shaitān* (Satan) made their deeds fair-seeming to them, and turned them away from the (Right) Path, though they were intelligent.

[1] (V.29:35) See the Book of History (كتاب التاريخ لابن كثير), "Stories of the Prophets" by Ibn Kathir.

وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۖ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿39﴾

اور قارون اور فرعون اور ہامان کو (بھی ہلاک کر دیا) اور بلاشبہ ان کے پاس موسیٰ کھلی نشانیاں لے کر آئے، پھر بھی انھوں نے زمین میں تکبر کیا، اور وہ (عذاب سے بچ کر) نکل جانے والے نہ تھے (39)

39. And (We destroyed also) Qārūn (Korah), Fir'aun (Pharaoh), and Hāmān. And indeed Mūsā (Moses) came to them with clear *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), but they were arrogant in the land, yet they could not outstrip Us (escape Our punishment).

فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿40﴾

پھر ہم نے ہر ایک کو اس کے گناہ پر پکڑا، چنانچہ ان میں سے کوئی تو وہ تھے جن پر ہم نے پتھروں بھری آندھی بھیجی، اور ان میں سے کوئی وہ تھے جنھیں چنگھاڑ نے آن پکڑا، اور ان میں سے کوئی وہ تھے جنھیں ہم نے زمین میں دھنسا دیا، اور ان میں سے کوئی وہ تھے جنھیں ہم نے غرق کر دیا، اور اللہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں تھا بلکہ وہ خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے (40)

40. So, We punished each (of them) for his sins, of them were some on whom We sent *Hāsib* (a violent wind with shower of stones) [as on the people of Lūt (Lot)], and of them were some who were overtaken by *As-Saihah* [torment — awful cry, (as Thamūd or Shu'aib's people)], and of them were some whom We caused the earth to swallow [as Qārūn (Korah)], and of them were some whom We drowned [as the people of Nūh (Noah), or Fir'aun (Pharaoh) and his people]. It was not Allāh Who wronged them, but they wronged themselves.

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۖ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۗ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿41﴾ وقف لازم

ان لوگوں کی مثال، جنھوں نے اللہ کے سوا کارساز بنائے، مکڑی کی سی ہے کہ اس نے ایک گھر بنایا، اور بے شک گھروں میں سب سے کمزور مکڑی کا گھر ہے، کاش! وہ جانتے ہوتے (41)

41. The likeness of those who take (false deities as) *Auliyā'* (protectors, helpers) other than Allāh is the likeness of a spider who builds (for itself) a house; but verily, the frailest (weakest) of houses is the spider's house — if they but knew.

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿42﴾

بلاشبہ اللہ جانتا ہے ان چیزوں کو جنھیں وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں[1] اور وہ نہایت غالب، خوب حکمت والا ہے (42)

42. Verily, Allāh knows what things they invoke instead of Him. He is the All-Mighty, the All-Wise.[1]

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَمَا يَعْقِلُهَاۤ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿43﴾

اور یہ مثالیں ہم لوگوں (کو سمجھانے) کے لیے بیان کرتے ہیں، اور انھیں بس علم والے ہی سمجھتے ہیں (43)

43. And these similitudes We put forward for mankind; but none will understand them except those who have knowledge (of Allāh and His Signs).

---

[1] (V.29:42) See the footnote of (V.2:165).

(1) ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ، 2/165)

خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اللہ نے زمین اور آسمان حق کے ساتھ پیدا کیے ہیں،
ع 4 14 16 اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿44﴾ بلاشبہ اس میں مومنوں کے لیے عظیم نشانی ہے﴿44﴾

44. (Allāh says to His Prophet Muhammad ﷺ): "Allāh (Alone) created the heavens and the earth with truth (and none shared with Him in their creation)." Verily therein is surely a sign for those who believe.

اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ
الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ
وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿45﴾

(اے نبی!) اس کتاب کی تلاوت کیجیے جو آپ کی طرف وحی کی گئی ہے، اور نماز قائم کیجیے، یقیناً نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے، اور بلاشبہ اللہ کا ذکر تو سب سے بڑی چیز ہے، اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو﴿45﴾

45. Recite (O Muhammad ﷺ) what has been revealed to you of the Book (the Qur'ān), and perform *As-Salāt* (the prayers). Verily, *As-Salāt* (the prayer) prevents from *Al-Fahshā'* (i.e. great sins of every kind, unlawful sexual intercourse) and *Al-Munkar* (i.e. disbelief, polytheism, and every kind of evil wicked deed)[1] and the remembering[2] (praising) of (you by) Allāh (in front of the angels) is greater indeed [than your remembering (praising) of Allāh in prayers]. And Allāh knows what you do.

وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ
اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ
وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ
اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ
مُسْلِمُوْنَ ﴿46﴾

اور تم اہل کتاب سے احسن انداز ہی سے بحث و تکرار کرو، سوائے ان لوگوں کے جو ان میں سے ظالم ہیں، اور تم (ان سے) کہو: ہم اس (کتاب) پر ایمان لائے ہیں جو ہماری طرف نازل کی گئی، اور (جو) تمھاری طرف نازل کی گئی، اور ہمارا معبود اور تمھارا معبود ایک ہی ہے، اور ہم اسی کے فرماں بردار ہیں﴿46﴾

46. And argue not with the people of the Scripture (Jews and Christians), unless it be in (a way) that is better (with good words and in good manner, inviting them to Islāmic Monotheism with His Verses), except with such of them as do wrong; and say (to them): "We believe in that which has been revealed to us and revealed to you; our *Ilāh* (God) and your *Ilāh* (God) is One (i.e. Allāh), and to Him we have submitted (as Muslims)."

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ؕ فَالَّذِيْنَ
اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ
مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا
الْكٰفِرُوْنَ ﴿47﴾

اور (اے نبی! جیسے پہلے نبیوں پر کتابیں نازل کیں) اسی طرح ہم نے آپ کی طرف (یہ) کتاب نازل کی ہے، تو اس (قرآن) پر وہ لوگ ایمان لاتے ہیں① جنھیں ہم نے (اس سے پہلے) کتاب دی، اور ان (اہل مکہ) میں سے بھی بعض اس پر ایمان لاتے ہیں، اور ہماری آیات کا انکار تو کافر ہی کرتے ہیں﴿47﴾

47. And thus We have sent down the Book (i.e. this Qur'ān) to you (O Muhammad ﷺ), and those whom We gave the Scripture [the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel) aforetime] believe therein as also do some of these (who are present with you now like 'Abdullāh bin Salām)[3] and none but the disbelievers reject Our *Ayāt* [(proofs, signs, verses,

[1] (V.29:45) It is said by Ibn 'Abbās and 'Abdullāh bin Mas'ūd رضي الله عنهم: If the *Salāt* (prayer) of anyone does not prevent him from *Al-Fāhshā'* and *Al-Munkar* (all kinds of evil, illegal and sinful deeds), then his *Salāt* (prayer) increases him in nothing but loss, and to be far away from his Lord (Allāh). (*Tafsir Al-Qurtubī*)

[2] (V.29:45) See the footnotes of (V.13:28) and also (B) of (V.2:152).

[3] (V.29:47) See the footnote of (V.5:66).

① ملاحظہ ہو: (حاشیہ سورۂ مائدہ: 5/66)

lessons, etc.,) and deny Our Oneness of Lordship and Our Oneness of worship and Our Oneness of Our Names and Qualities: i.e. Islāmic Monotheism].

48. Neither did you (O Muhammad ﷺ) read any book before it (this Qur'ān) nor did you write any book (whatsoever) with your right hand. In that case, indeed, the followers of falsehood might have doubted.

اور آپ اس (قرآن) سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اپنے دائیں ہاتھ سے اسے لکھتے تھے، (اگر ایسا ہوتا) تب تو باطل پرست یقیناً شک کر سکتے تھے ⁽⁴⁸⁾

وَمَا كُنتَ تَتْلُوا مِن قَبْلِهِ مِن كِتَابٍ وَلَا تَخُطُّهُ بِيَمِينِكَ إِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُونَ ﴿٤٨﴾

49. Nay, but it is the clear *Ayāt* [i.e. this Qur'ān or the description and the qualities of Prophet Muhammad ﷺ written in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] preserved in the breasts of those who have been given knowledge. And none but the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) deny Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.). (*Tafsir At-Tabari*).

بلکہ یہ قرآن تو واضح آیات ہیں، ان لوگوں کے سینوں میں (محفوظ) ہیں جنھیں علم دیا گیا، اور ظالم لوگ ہی ہماری آیات کا انکار کرتے ہیں ⁽⁴⁹⁾

بَلْ هُوَ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِي صُدُورِ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ ۚ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الظَّالِمُونَ ﴿٤٩﴾

50. And they say: "Why are not signs sent down to him from his Lord? Say: "The signs are only with Allāh, and I am only a plain warner."

انھوں نے کہا: اس پر اس کے رب کی طرف سے معجزے کیوں نہیں اتارے گئے؟ (اے نبی!) آپ کہہ دیجیے: بس معجزے تو اللہ کے پاس ہیں، اور میں تو محض ایک کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں ⁽⁵⁰⁾

وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ اللَّهِ ۖ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٥٠﴾

51. Is it not sufficient for them that We have sent down to you the Book (the Qur'ān) which is recited to them? Verily, herein is mercy and a reminder (or an admonition) for a people who believe.[1]

کیا انھیں (یہ نشانی) کافی نہیں کہ بے شک ہم نے آپ پر (یہ) کتاب نازل کی جو ان پر پڑھی جاتی ہے؟① بلاشبہ اس میں ان لوگوں کے لیے رحمت اور نصیحت ہے جو ایمان لاتے ہیں ⁽⁵¹⁾

أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿٥١﴾ ع 5 7

---

[1] (V.29:51)

a) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Allāh does not listen to anything as He listens to the Prophet reciting the Qur'ān in a nice, loud and pleasant tone." Sufyān said, "This saying means: The Prophet regards the Qur'ān as something that makes him dispense with much worldly pleasure." [*Sahih Al-Bukhari*, 6/5024 (O.P.542)]

b) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه Allāh's Messenger ﷺ said, "Not to wish to be the like of except two men: A man whom Allāh has taught the Qur'ān and he recites it during some hours of the night and during some hours of the day, and his neighbour listens to him and says, 'I wish I had been given what has been given to so-and-so, so that I might do what he does'; and a man whom Allāh has given wealth and he spends it (according to what Allāh has ordained) in a just and right manner, whereupon another man may say, 'I wish I had been given what so-and-so has been given, for then I would do what he does.'" [*Sahih Al-Bukhari*, 6/5026 (O.P.544)]

① مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم کو توجہ اور غور وفکر سے پڑھا جائے تو انسان کو فائدہ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی ایسے لوگوں کے اس طرح قرآن پڑھنے سے خوش ہوتا ہے۔ چنانچہ حدیث میں

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا ۖ يَعْلَمُ
مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ آمَنُوا
بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ
الْخَاسِرُونَ ﴿٥٢﴾

آپ کہہ دیجیے: میرے اور تمھارے درمیان اللہ بطور گواہ کافی ہے، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے، وہ اسے جانتا ہے اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور انھوں نے اللہ کے ساتھ کفر کیا، وہی خسارہ پانے والے ہیں﴿٥٢﴾

52. Say (to them O Muhammad ﷺ): "Sufficient is Allāh for a witness between me and you. He knows what is in the heavens and on earth." And those who believe in *Bātil* (all false deities other than Allāh), and disbelieve in Allāh (and in His Oneness), it is they who are the losers.

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۚ وَلَوْلَا أَجَلٌ
مُسَمًّى لَجَاءَهُمُ الْعَذَابُ ۚ وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ
بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٥٣﴾

اور یہ لوگ آپ سے جلد عذاب مانگ رہے ہیں، اور اگر (عذاب کا) وقت مقرر نہ ہوتا تو انھیں عذاب ضرور آلیتا، اور یقیناً وہ انھیں اچانک ہی آلے گا، اور انھیں خبر تک نہ ہوگی﴿٥٣﴾

53. And they ask you to hasten on the torment (for them), and had it not been for a term appointed, the torment would certainly have come to them. And surely, it will come upon them suddenly while they perceive not!

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۗ وَإِنَّ جَهَنَّمَ
لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿٥٤﴾

یہ لوگ آپ سے جلد عذاب مانگ رہے ہیں، اور بلاشبہ جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے﴿٥٤﴾

54. They ask you to hasten on the torment. And verily, Hell, of a surety, will encompass the disbelievers.

يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ
تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُونَ ﴿٥٥﴾

اس دن، ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے، عذاب انھیں ڈھانپ لے گا اور اللہ فرمائے گا: جو کچھ تم کرتے تھے اس کا مزہ چکھو﴿٥٥﴾

55. On the Day when the torment (Hell-fire) shall cover them from above them and from underneath their feet, and it will be said: "Taste what you used to do."

يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي
وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾

اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو! بلاشبہ میری زمین وسیع ہے، تو تم میری ہی عبادت کرو①★﴿٥٦﴾

56. O My slaves who believe! Certainly, spacious is My earth. Therefore worship Me." (Alone).[1]

★ بقیہ حاشیہ: عنکبوت، آیت: 51.

ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کسی بات کو اتنی توجہ سے نہیں سنتا جتنا پیغمبر کی خوش الحانی اور بلند آواز سے قرآن پاک کی قراءت کو سنتا ہے۔'' حضرت سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ کے مطابق اس سے مراد ہے کہ قرآن پڑھنے کی لذت اور انہماک اسے ہر دوسری چیز سے مستغنی کر دے۔'' (صحیح البخاري، فضائل القرآن باب: 19 حدیث: 5024) دوسری روایت میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''رشک صرف دو آدمیوں پر کیا جا سکتا ہے ایک وہ شخص جسے اللہ نے قرآن کے علم سے نوازا ہو اور وہ رات دن اس کی تلاوت میں مشغول رہتا ہو اس کی قراءت سن کر اس کا ہمسایہ یوں رشک کر سکتا ہے، کاش! مجھے بھی قرآن اس شخص کی طرح یاد ہوتا تو میں بھی اس طرح (تلاوت) کرتا رہتا۔ دوسرا وہ شخص جسے اللہ نے مال عطا کیا ہو اور وہ اسے اچھے کاموں میں خرچ کرتا ہو، اس پر کوئی شخص یوں رشک کر سکتا ہے، کاش! مجھے بھی ایسی ہی دولت ملتی تو میں اس کی طرح (اللہ کی راہ میں نیک کاموں میں خرچ) کرتا۔'' (صحیح البخاري، فضائل القرآن باب: 19 حدیث: 5026)

[1] (V.29:56) Narrated Mu'adh رضي الله عنه: While I was riding behind the Prophet ﷺ, as a companion rider, he said, "O Mu'ādh!" I replied, "*Labbaik wa Sa'daik* (I respond to your call and I am obedient to your orders)." He repeated this call three times and then said, "Do you know what Allāh's Right on His slaves is?" I replied, "No." He said, "Allāh's Right on His slaves is that they should worship Him (Alone) and should not join partners in worship with Him." He proceeded for a while and then said, "O Mu'ādh!" I replied, "*Labbaik wa Sa'daik* (I respond to your call and I am obedient to your orders)." He said, "Do you know what the right of (Allāh's) slaves on Allāh is, if they do that (worship Him Alone and join none in His worship)? It is that He will not punish them."
[*Sahih Al-Bukhari*, 8/6267 (O.P.283)]

57. Everyone shall taste death. Then to Us you shall be returned.

ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے، پھر تم ہماری ہی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿57﴾

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ﴿57﴾

58. And those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds, to them We shall surely give lofty dwellings in Paradise, underneath which rivers flow, to live therein forever. Excellent is the reward for the workers.

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ہم انھیں جنت کے بالا خانوں میں ضرور جگہ دیں گے، ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، (نیک) عمل کرنے والوں کا اجر بہت اچھا ہے ﴿58﴾

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ﴿58﴾

59. Those who are patient, and put their trust (only) in their Lord (Allāh).[1]

جن لوگوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب ہی پر توکل کرتے ہیں[①] ﴿59﴾

الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿59﴾

60. And so many a moving (living) creature carries not its own provision! Allāh provides for it and for you. And He is the All-Hearer, the All-Knower.

اور کتنے ہی (زمین پر) چلنے پھرنے والے ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے، اللہ انھیں اور تمھیں بھی رزق دیتا ہے، اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿60﴾

وَكَأَيِّن مِّن دَابَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿60﴾

61. And if you were to ask them: "Who has created the heavens and the earth and subjected the sun and the moon?" they will surely reply: "Allāh." How then are they deviating (as polytheists and disbelievers)?

اور بلاشبہ اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان اور زمین کس نے پیدا کیے اور (کس نے) سورج اور چاند خدمت پر لگائے تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے! پھر وہ کہاں بہکائے جاتے ہیں؟ ﴿61﴾

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ﴿61﴾

62. Allāh enlarges the provision for whom He wills of His slaves, and straitens it for whom (He wills). Verily, Allāh is All-Knower of everything.

اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے، اور کسی کے لیے تنگ کر دیتا ہے، بلاشبہ اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے ﴿62﴾

اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿62﴾

63. And if you were to ask them: "Who sends down water (rain) from the sky, and gives life therewith to the earth after its death?" they will surely reply: "Allāh." Say: "All praise and

اور البتہ تحقیق اگر آپ ان سے پوچھیں کہ کس نے آسمان سے پانی نازل کیا، پھر کس نے زمین کی موت (ویرانی) کے بعد اس پانی سے اسے زندہ (تروتازہ) کیا، تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے! تو آپ کہہ دیجیے: "الحمد للہ" لیکن ان کے اکثر عقل سے

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّن نَّزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ﴿63﴾ ع 6/12/2

★ بقیہ حاشیہ: عنکبوت، آیت: 56.

① کیونکہ یہی اللہ کا حق بندوں پر ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "معاذ! کیا تو جانتا ہے اللہ کا حق بندوں پر کیا ہے؟" (حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) میں نے کہا: نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ کا حق بندوں پر یہ ہے کہ وہ (صرف) اللہ کی عبادت کریں اور اس کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کریں۔"...... پھر آپ ﷺ نے فرمایا: "کیا تو جانتا ہے کہ بندوں کا حق اللہ پر کیا ہے جب وہ شرک نہ کرتے ہوں؟ یہ کہ اللہ انھیں عذاب نہ دے۔" (صحیح البخاری، الاستئذان، باب: 30 حدیث: 6267)

[1] (V.29:59) See the footnote a) of (V.12:67).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (ج: ب، سورۂ یوسف: 67/12)

کام نہیں لیتے ﴿63﴾

thanks are Allāh's!" Nay, most of them have no sense.

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿64﴾

اور یہ دنیا کی زندگی ایک کھیل تماشے کے سوا کچھ نہیں، اور بلاشبہ دارِ آخرت (کی زندگی) ہی (اصل) زندگی ہے، کاش! لوگ جانتے ہوتے ①﴿64﴾

64. And this life of the world is only amusement and play! Verily, the home of the Hereafter — that is the life indeed (i.e. the eternal life that will never end), if they but knew.[1]

فَاِذَا رَكِبُوْا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿65﴾

پھر جب وہ (مشرکین) کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو وہ اطاعت و فرماں برداری کو اسی (اللہ) کے لیے خاص کرتے ہوئے اللہ کو پکارتے ہیں، پھر جب وہ انھیں خشکی کی طرف نجات دیتا ہے تو فوراً وہ شرک کرنے لگتے ہیں ②﴿65﴾

65. And when they embark on a ship, they invoke Allāh, making their Faith pure for Him only, but when He brings them safely to land, behold, they give a share of their worship to others.[2]

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۥ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿66﴾

تاکہ وہ اس (نعمت) کی ناشکری کریں جو ہم نے انھیں دی، اور تاکہ وہ فائدہ اٹھائیں، پھر جلد وہ (اس کا انجام) جان لیں گے ﴿66﴾

66. So that they become ingrate for that which We have given them, and that they take their enjoyment (as a warning and a threat), but they will come to know.

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿67﴾

کیا انھوں نے دیکھا نہیں کہ بے شک ہم نے حرم (مکہ) کو پر امن بنایا ہے، جبکہ لوگ اس کے اردگرد سے اچک لیے جاتے ہیں؟ کیا پھر وہ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمت کی ناشکری کرتے ہیں؟ ﴿67﴾

67. Have they not seen that We have made (Makkah) a secure sanctuary, while men are being snatched away from all around them? Then do they believe in *Bātil* (falsehood — polytheism, idols and all deities other than Allāh), and deny (become ingrate for) the Graces of Allāh?

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿68﴾

اور اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ گھڑا، یا جب حق اس کے پاس آیا تو اس نے اسے جھٹلا دیا؟ کیا (ایسے) کافروں کا ٹھکانا جہنم میں

68. And who does more wrong than he who invents a lie against Allāh or denies the truth (Muhammad ﷺ and his doctrine

[1] (V.29:64) Narrated Abū Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The first group (of people) who will enter Paradise will be (glittering) like the moon on a full-moon night. They will neither spit therein, nor blow their noses therein nor relieve nature. Their utensils therein will be of gold and their combs of gold and silver; in their censers the aloeswood will be used, and their sweat will smell like musk. Everyone of them will have two wives; the marrow of the bones of the wives' legs will be seen through the flesh out of excessive beauty. They (the people of Paradise) will neither have difference nor enmity (hatred) amongst themselves; their hearts will be as if one heart, and they will be glorifying Allāh in the morning and in the afternoon." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3245 (O.P.468)]

[2] (V.29:65) See (V.17:67) and its footnote.

① اہل جنت کا کیا مقام ہوگا؟ اور وہاں ان کو کیسی نعمتیں ملیں گی؟ ایک حدیث میں ہے: ''جنت میں داخل ہونے والے پہلے گروہ کی صورتیں چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہی ہوں گی، وہ تھوک، ناک کی رطوبت اور بول و براز (بشری ضروریات) سے مبرا ہوں گے، ان کے برتن سونے کے اور کنگھیاں بھی سونے چاندی کی ہوں گی۔ انگیٹھیوں میں عود کی خوشبودار لکڑی استعمال ہوگی، ان کے پسینے سے مشک کی خوشبو پھوٹے گی، ہر ایک کی دو بیویاں ہوں گی، جن کی خوبصورتی اور نزاکت اتنی زیادہ ہوگی کہ ان کی پنڈلی کی ہڈی کا گودا بھی باہر سے دکھائی دے رہا ہوگا۔ جنتی آپس میں اختلاف اور بغض سے پاک ہوں گے اور صبح و شام اللہ کی تسبیح بیان کریں گے۔'' (صحیح البخاری، بدء الخلق باب: 8 حدیث: 3245)

② ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بنی اسرائیل: 17/67)

of Islāmic Monotheism and this Qur'ān), when it comes to him? Is there not a dwelling in Hell for the disbelievers (in the Oneness of Allāh and in His Messenger Muhammad ﷺ)?[1]

نہیں ہے؟ ⁽¹⁾ ﴿68﴾

69. As for those who strive hard in Us (Our Cause), We will surely guide them to Our paths (i.e. Allāh's religion — Islāmic Monotheism). And verily, Allāh is with the *Muhsinūn* (good-doers)."[2]

اور جو لوگ ہماری راہ میں جہاد کریں ہم انھیں اپنی راہیں ضرور دکھاتے ہیں، اور یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے ⁽²⁾ ﴿69﴾

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿69﴾ ع 7/6/3

Sūrat Ar-Rūm (The Romans) 30

سورۂ روم

سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ (30) (84) آیاتها 60 رکوعاتها 6

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1. *Alif-Lām-Mīm.*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

الٓمّٓ ﴿1﴾

الٓمّٓ ﴿1﴾

2. The Romans have been defeated.

رومی مغلوب ہو گئے ﴿2﴾

غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿2﴾

3. In the nearest land (Syria, Iraq, Jordan, and Palestine), and they, after their defeat, will be victorious.

قریب ترین سرزمین (شام و فلسطین) میں، اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد جلد غالب ہوں گے ﴿3﴾

فِيْۤ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ﴿3﴾

4. Within three to nine years. The decision of the matter, before and after (these events) is only with Allāh, (before the defeat of the Romans by the Persians, and after the defeat of the Persians by the Romans). And on that day, the believers (i.e. Muslims) will rejoice (at the victory given by Allāh to the Romans against the Persians) —

چند برسوں میں، اقتدار و اختیار اللہ ہی کے لیے ہے پہلے بھی اور بعد میں بھی، اور اس (غلبے والے) دن مومن بھی (اپنی فتح پر) خوش ہوں گے ﴿4﴾

e) Narrated Abdullah bin Umar رضي الله عنهما: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying, "People are just like camels; out of one hundred, one can hardly find a single camel suitable to ride." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6498 (O.P.505)]

① یعنی یہ بات جان لے کہ نجات اللہ اور اس کے رسول کی بات ماننے میں ہے اور یہی ہدایت اور جنت کا راستہ ہے۔ اَحادیث میں بھی اس مفہوم کو مختلف پیرایوں میں بیان کیا گیا ہے۔ چنانچہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''میری مثال اور جو کلام مجھے اللہ نے دے کر بھیجا ہے، اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنی قوم کے پاس آئے اور کہے: میں دشمن کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر آیا ہوں اور میں کھلا ڈرانے والا ہوں۔ بھاگو! بھاگو! (اپنی جان بچاؤ!) اب ان میں سے ایک گروہ تو اس کی بات مان لے اور رات کو خاموشی کے ساتھ وہاں سے نکل کر اپنی جان بچالے جبکہ ایک گروہ اس کی بات نہ مانے پھر صبح سویرے دشمن کی فوج اسے تباہ کر ڈالے۔'' (صحيح البخاري، الرقاق باب: 26 حديث: 6482)

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِمْ مِّنْ
رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٣٠﴾

ہائے افسوس بندوں پر! ان کے پاس جو بھی رسول آیا وہ اس کا مذاق ہی اڑاتے (رہے)﴿٣٠﴾

30. Alas for mankind! There never came a Messenger to them but they used to mock at him.

أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ
أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٣١﴾

کیا انھوں نے دیکھا نہیں کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی امتیں ہلاک کر دیں؟ بے شک وہ ان کے پاس نہیں لوٹیں گی﴿٣١﴾

31. Do they not see how many of the generations We have destroyed before them? Verily, they will not return to them.

ع 2 20 1

وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٣٢﴾

اور سارے کے سارے (لوگ) ہی ہمارے پاس حاضر کیے جائیں گے﴿٣٢﴾

32. And surely, all — everyone of them will be brought before Us.

وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَاهَا
وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾

اور ان کے لیے مردہ زمین ایک (عظیم) نشانی ہے، ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے (اناج کا) دانہ نکالا، پھر وہ اسی سے کھاتے ہیں﴿٣٣﴾

33. And a sign for them is the dead land. We give it life, and We bring forth from it grains, so that they eat thereof.

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ
وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ﴿٣٤﴾

اور ہم نے اس (زمین) میں کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کیے، اور ہم نے ان میں چشمے جاری کیے﴿٣٤﴾

34. And We have made therein gardens of date palms and grapes, and We have caused springs of water to gush forth therein.

لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ
أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾

تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں اور وہ (پھل) ان کے ہاتھوں نے نہیں بنائے، پھر کیا وہ شکر نہیں کرتے؟﴿٣٥﴾

35. So that they may eat of the fruit thereof — and their hands made it not. Will they not then give thanks?

سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنبِتُ
الْأَرْضُ وَمِنْ أَنفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾

پاک ہے وہ ذات جس نے سب کے سب جوڑے پیدا کیے، ان چیزوں کے بھی جنھیں زمین اگاتی ہے اور خود ان (انسانوں) کے اپنے بھی، اور ان کے بھی جنھیں وہ نہیں جانتے﴿٣٦﴾

36. Glorified is He Who has created all the pairs of that which the earth produces, as well as of their own (human) kind (male and female), and of that which they know not.

وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا
هُم مُّظْلِمُونَ ﴿٣٧﴾

اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے، ہم اس سے دن کو کھینچ نکالتے ہیں، پھر (دن ختم ہونے پر) یکایک وہ اندھیرے میں ڈوب جاتے ہیں﴿٣٧﴾

37. And a sign for them is the night. We withdraw therefrom the day, and behold, they are in darkness.

وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ
الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ﴿٣٨﴾

اور سورج اپنے ٹھکانے (پر پہنچنے) کے لیے رواں دواں رہتا ہے، یہ نہایت غالب، خوب جاننے والے (اللہ) کا اندازہ ہے﴿٣٨﴾

38. And the sun runs on its fixed course for a term (appointed). That is the Decree of the All-Mighty, the All-Knowing.

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتَّىٰ عَادَ
كَالْعُرْجُونِ الْقَدِيمِ ﴿٣٩﴾

اور چاند کی ہم نے (اٹھائیس) منزلیں مقرر کر رکھی ہیں حتی کہ وہ کھجور کے خوشے کی پرانی ٹیڑھی ڈنڈی کی طرح ہو جاتا ہے﴿٣٩﴾

39. And the moon, We have measured for it mansions (to traverse) till it returns like the old dried curved date stalk.

لَا الشَّمْسُ يَنبَغِي لَهَا أَن تُدْرِكَ الْقَمَرَ
وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۚ وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ
يَسْبَحُونَ ﴿٤٠﴾

نہ سورج کے یہ لائق ہے کہ وہ چاند کو پا لے اور نہ رات دن سے پہلے آ سکتی ہے اور ہر ایک (اپنے اپنے) مدار میں تیرتا پھرتا ہے﴿٤٠﴾

40. It is not for the sun to overtake the moon, nor does the night outstrip the day. They all float, each in an orbit.

وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿41﴾

اوران کے لیے ایک نشانی (یہ) ہے کہ بے شک ہم نے ان کی نسل کو (نوح کی) بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا ﴿41﴾

41. And an *Āyah* (sign) for them is that We carried their offspring in the laden ship [of Nûh (Noah)].

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿42﴾

اور ہم نے ان کے لیے ویسی ہی (اور چیزیں) پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ﴿42﴾

42. And We have created for them of the like thereunto, on which they ride.

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿43﴾

اور اگر ہم چاہیں تو انھیں غرق کر دیں، پھر نہ تو کوئی ان کی فریاد سننے والا ہوگا اور نہ وہ چھڑائے ہی جا سکیں گے ﴿43﴾

43. And if We will, We shall drown them, and there will be no shout (or helper) for them (to hear their cry for help), nor will they be saved.

اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿44﴾

مگر (ان کی نجات) ہماری رحمت ہی سے ہے اور ایک مدت تک فائدہ (اٹھانے کے لیے) ہے ﴿44﴾

44. Unless it be a mercy from Us, and as an enjoyment for a while.

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿45﴾

اور جب ان سے کہا جاتا ہے: اس (عذاب) سے بچو جو تمھارے سامنے (دنیا میں) اور جو تمھارے پیچھے (آخرت میں) ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿45﴾

45. And when it is said to them: "Fear of that which is before you (worldly torments), and that which is behind you (torments in the Hereafter), in order that you may receive mercy (i.e. if you believe in Allāh's religion — Islâmic Monotheism, and avoid polytheism, and obey Allāh with righteous deeds)."

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿46﴾

اور ان کے رب کی نشانیوں میں سے جو بھی نشانی ان کے پاس آتی ہے تو وہ اس سے منہ موڑنے والے ہوتے ہیں ﴿46﴾

46. And never came an *Ayāh* from among the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of their Lord to them, but they did turn away from it.

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿47﴾

اور جب ان سے کہا جاتا ہے: اللہ نے تمھیں جو رزق دیا ہے تم اس میں سے خرچ کرو (تو) وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا ان لوگوں سے جو ایمان لائے، کہتے ہیں: کیا ہم اسے کھلائیں جسے اگر اللہ چاہتا تو کھلا دیتا؟ تم تو کھلی گمراہی میں ہو ﴿47﴾

47. And when it is said to them: "Spend of that which Allāh has provided you," those who disbelieve say to those who believe: "Shall we feed those whom, if Allāh willed, He (Himself) would have fed? You are only in a plain error."

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿48﴾

اور وہ کہتے ہیں اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہوگا؟ ﴿48﴾

48. And they say: "When will this promise (i.e. Resurrection) be fulfilled, if you are truthful?"

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿49﴾

وہ تو صرف ایک (ہولناک) چیخ کا انتظار کر رہے ہیں جو انھیں آ پکڑے گی جبکہ وہ (آپس میں) جھگڑ رہے ہوں گے ﴿49﴾

49. They await only but a single *Saihah* (shout) which will seize them while they are disputing!

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

پھر نہ تو وہ کسی وصیت کرنے کی طاقت رکھیں گے

50. Then they will not be able to

يَرْجِعُونَ ۝٥٠ ع 18 2

اور نہ اپنے اہل و عیال کے پاس لوٹ ہی سکیں گے ۝٥٠

make bequest, nor will they return to their family.

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ۝٥١

اور (جب) صور پھونکا جائے گا تو یکا یک وہ (اپنی) قبروں سے (نکل کر) اپنے رب کی طرف تیزی سے دوڑیں گے ۝٥١

51. And the Trumpet will be blown (i.e. the second blowing) and behold from the graves they will come out quickly to their Lord.

قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝٥٢ وقف لازم

وہ کہیں گے: ہائے ہماری بربادی! کس نے ہمیں ہماری خواب گاہ سے اٹھا دیا؟ یہی تو ہے جو رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا ۝٥٢

52. They will say: "Woe to us! Who has raised us up from our place of sleep." (It will be said to them:) "This is what the Most Gracious (Allāh) had promised, and the Messengers spoke truth!"

إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝٥٣

وہ تو بس ایک (ہولناک) چیخ ہوگی، پھر یکا یک وہ سب ہمارے سامنے حاضر کر دیے جائیں گے ۝٥٣

53. It will be but a single *Saihah* (shout), so behold they will all be brought up before Us!

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝٥٤

چنانچہ آج کسی جان (شخص) پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور تمھیں صرف اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم عمل کرتے تھے ۝٥٤

54. This Day (Day of Resurrection), none will be wronged in anything, nor will you be requited anything except that which you used to do.

إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ ۝٥٥

بے شک اہل جنت آج ایک شغل میں خوش و خرم ہوں گے ۝٥٥

55. Verily, the dwellers of Paradise, that Day, will be busy with joyful things.

هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُونَ ۝٥٦

وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں تختوں پر ٹیک لگائے ہوں گے ۝٥٦

56. They and their wives will be in pleasant shade, reclining on thrones.

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ۝٥٧

ان کے لیے وہاں (ہر قسم کے) پھل ہوں گے اور ان کے لیے وہ ہوگا جو وہ مانگیں گے ۝٥٧

57. They will have therein fruits (of all kinds) and all that they ask for.

سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ۝٥٨

(انھیں) نہایت مہربان رب کی طرف سے سلام کہا جائے گا ۝٥٨

58. (It will be said to them:) *Salām* (peace be on you) — a Word from the Lord (Allāh), Most Merciful.

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ۝٥٩

اے مجرمو! آج الگ ہو جاؤ ۝٥٩

59. (It will be said:) "And O you the *Mujrimūn* (criminals, polytheists, sinners, disbelievers in Islāmic Monotheism, wicked evil ones)! Get you apart this Day (from the believers).

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ ۖ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ۝٦٠

اے بنی آدم! کیا میں نے تمھیں (اس بات کی) تاکید نہیں کی تھی کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا، بلاشبہ وہ تمھارا کھلا دشمن ہے ۝٦٠

60. Did I not command you, O Children of Adam, that you should not worship *Shaitān* (Satan)? Verily, he is a plain enemy to you.

61. And that you should worship Me [Alone — Islāmic Monotheism, and set up not rivals, associate-gods with Me]. That is a Straight Path.[1]

اور یہ کہ تم میری ہی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے①﴿61﴾

وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿61﴾

62. And indeed he (Satan) did lead astray a great multitude of you. Did you not then understand?

اور بلاشبہ اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کر دیا، کیا پھر بھی تم نہیں سمجھتے؟﴿62﴾

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿62﴾

63. This is Hell which you were promised!

یہ وہ جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا﴿63﴾

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿63﴾

64. Burn therein this Day, for that you used to disbelieve.[2]

آج کے دن اس میں داخل ہو جاؤ کیونکہ تم کفر کیا کرتے تھے﴿64﴾

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿64﴾

65. This Day, We shall seal up their mouths, and their hands will speak to Us, and their legs will bear witness to what they used to earn. (It is said that one's left thigh will be the first to bear the witness). (*Tafsir At-Tabarī*)

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے، اور ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے، اور ان کے پیر گواہی دیں گے اس کی جو کچھ وہ کماتے تھے﴿65﴾

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓي اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿65﴾

66. And if it had been Our Will, We would surely have wiped out (blinded) their eyes, so that they would struggle for the Path, how then would they see?

اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھیں مٹا دیں، پھر وہ دوڑیں راستہ (تلاش کرنے) کو، تو وہ کیوں کر دیکھ سکیں گے!﴿66﴾

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓي اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿66﴾

67. And if it had been Our Will, We could have transformed them (into animals or lifeless objects) in their places. Then they would have been unable to go forward (move about) nor they could have turned back.[3]

اور اگر ہم چاہیں تو انھی کی جگہوں پر ان کی صورتیں مسخ کر دیں، پھر وہ (آگے) چلنے کی طاقت نہ رکھیں اور نہ وہ لوٹ سکیں②﴿67﴾

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰي مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿67﴾ ع 4 17 3

68. And he whom We grant long life — We reverse him in creation (weakness after strength). Will they not then understand?

اور جس شخص کو ہم (زیادہ) عمر دیں (گویا) ہم اسے (حالت) پیدائش کی طرف لوٹا دیتے ہیں، کیا پھر وہ عقل نہیں رکھتے؟﴿68﴾

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿68﴾

69. And We have not taught him (Muhammad ﷺ) poetry, nor is it suitable for him. This is only a Reminder and a plain Qur'ān.

اور ہم نے اس (رسول) کو شعر کہنا نہیں سکھایا اور نہ (یہ) اس کے لائق ہی تھے، یہ (کلام الٰہی) تو سراسر نصیحت اور واضح قرآن ہے﴿69﴾

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿69﴾

---

[1] (V.36:61) See the footnote of (V.2:22).
[2] (V.36:64) See the footnote of (V.3:91).
[3] (V.36:67) See (V.7:166) and the footnote of (V.5:90).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بقرہ:22/2)
② ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران:91/3)

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ
عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝70

تاکہ وہ اسے ڈرائے جو زندہ ہے اور کافروں پر (اللہ
کے عذاب کی) بات ثابت ہو جائے ۝70

70. That he or it (Muhammad ﷺ or the Qur'ān) may give warning to him who is living (a healthy minded — the believer), and that Word (charge) may be justified against the disbelievers (dead, as they reject the warnings).

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ
اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝71

کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھوں
سے جو چیزیں بنائیں ان میں یقیناً ہم نے ان کے
لیے چوپائے بھی پیدا کیے؟ پھر وہ ان کے مالک (بن
گئے) ہیں ۝71

71. Do they not see that We have created for them of what Our Hands have created, the cattle, so that they are their owners.

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا
يَاْكُلُوْنَ ۝72

اور ہم نے انھیں ان کے تابع کر دیا، چنانچہ ان میں
سے کچھ ان کی سواریاں ہیں، اور ان میں سے کچھ کو
وہ کھاتے ہیں ۝72

72. And We have subdued them to them so that some of them they have for riding and some they eat.

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا
يَشْكُرُوْنَ ۝73

اور ان کے لیے ان (چوپایوں) میں (اور بھی) فائدے
اور پینے کی چیزیں ہیں، کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ ۝73

73. And they have (other) benefits from them, and they get (milk) to drink. Will they not then be grateful?

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ
يُنْصَرُوْنَ ؕ ۝74

اور انھوں نے اللہ کے سوا کئی معبود بنا لیے تاکہ ان کی
مدد کی جائے ۝74

74. And they have taken besides Allāh *ālihah* (gods), hoping that they might be helped (by those so-called gods).

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ
مُّحْضَرُوْنَ ۝75

وہ (معبود) ان کی مدد کی طاقت نہیں رکھتے جبکہ وہ
(مشرکین) تو خود ان (بتوں) کے حاضر باش لشکری
(حمایتی) ہیں ۝75

75. They cannot help them, but they will be brought forward as a troop against those who worshipped them (at the time of Reckoning).

وقف لازم

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ
وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝76

لہٰذا ان کی باتیں آپ کو غمگین نہ کریں، بلاشبہ ہم
جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر
کرتے ہیں ۝76

76. So, let not their speech then grieve you (O Muhammad ﷺ). Verily, We know what they conceal and what they reveal.

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ
نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝77

کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ بے شک ہم نے اسے نطفے
سے پیدا کیا ہے؟ پھر یکایک وہ کھلا جھگڑالو ہو گیا ۝77

77. Does not man see that We have created him from *Nutfah* (mixed drops of male and female sexual discharge). Yet behold! he (stands forth) as an open opponent.

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ
يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝78

اور اس نے ہمارے لیے ایک مثال بیان کی اور وہ
اپنی پیدائش کو بھول گیا، اس نے کہا: ہڈیوں کو کون
زندہ کرے گا جبکہ وہ گلی سڑی ہوں گی؟ ۝78

78. And he puts forth for Us a parable, and forgets his own creation. He says: "Who will give life to these bones after they are rotten and have become dust?"

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ

آپ کہہ دیجیے: انھیں وہی (اللہ) زندہ کرے گا جس

79. Say (O Muhammad ﷺ): "He will give life to them Who

بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾

نے انھیں پہلی بار پیدا کیا اور وہ ہر طرح کے پیدا کرنے کو خوب جانتا ہے﴿٧٩﴾

created them for the first time! And He is All-Knower of every creation!"

الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾

وہ (اللہ) جس نے تمھارے لیے سبز درخت سے آگ بنادی، پھر یکایک تم اس سے آگ سلگا لیتے ہو﴿٨٠﴾

80. He Who produces for you fire out of the green tree, when behold! you kindle therewith.

أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُم ۚ بَلَىٰ وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾

کیا وہ (اللہ) جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس بات پر قادر نہیں کہ وہ ان جیسے (انسان) پیدا کر دے؟ کیوں نہیں! وہی تو (سب کچھ) پیدا کرنے والا، خوب جاننے والا ہے﴿٨١﴾

81. Is not He Who created the heavens and the earth, Able to create the like of them? Yes, indeed! He is the All-Knowing Supreme Creator.

إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَن يَقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾

جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو بس اس کا حکم صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ اس سے کہتا ہے: ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے﴿٨٢﴾

82. Verily, His Command, when He intends a thing, is only that He says to it, "Be!" — and it is!

ع 5 16 4 فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾

چنانچہ پاک ہے وہ (اللہ) جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے﴿٨٣﴾

83. So Glorified is He (and Exalted above all that they associate with Him) in Whose Hand is the dominion of all things, and to Him you shall be returned.

ایاتھا 182 (37) سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ (56) رکوعاتھا 5

سورۂ صافات

Sūrat As-Sāffāt (Those Ranged in Ranks) 37

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

وَالصَّافَّاتِ صَفًّا ﴿١﴾ المنزل السادس

قسم ہے قطار در قطار صفیں باندھنے والوں (فرشتوں) کی﴿١﴾

1. By those (angels) ranged in ranks (or rows).

فَالزَّاجِرَاتِ زَجْرًا ﴿٢﴾

پھر جھڑک کر ڈانٹنے والوں کی﴿٢﴾

2. By those (angels) who drive the clouds in a good way.

فَالتَّالِيَاتِ ذِكْرًا ﴿٣﴾

پھر قرآن کی تلاوت کرنے والوں کی﴿٣﴾

3. By those (angels) who bring the Book and the Qur'ān from Allāh to mankind. (*Tafsir Ibn Kathīr*)

إِنَّ إِلَٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿٤﴾

بلاشبہ تمھارا معبود ایک ہی ہے﴿٤﴾

4. Verily, your *Ilāh* (God) is indeed One (i.e. Allāh);

رَّبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿٥﴾

(وہی) رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور (اس کا بھی) جو کچھ ان ہی دونوں کے درمیان ہے اور (تمام) مشرقوں کا رب ہے﴿٥﴾

5. The Lord of the heavens and of the earth, and all that is between them, and the Lord of every point of the sun's risings.[1]

---

[1] (V.37:5) The sun has approx. 365 points for its rising and 365 points for its setting (i.e. the number of days of a solar year). Every day it rises and sets in a new point, till the end of the year, then it comes back to the same point after a year. (See *Tafsir Al-Qurtubi*)

إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِينَةٍ الْكَوَاكِبِ ⑥
بے شک ہم ہی نے آسمان دنیا کو ستاروں سے زینت دے کر سجایا ہے⑥
6. Verily, We have adorned the near heaven with the stars (for beauty).[1]

وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَٰنٍ مَّارِدٍ ⑦
اور ہر سرکش شیطان سے (اس کی) حفاظت کے لیے⑦
7. And to guard against every rebellious devil.

لَّا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ ⑧
(تاکہ) وہ عالم بالا کی (باتیں) سن نہ پائیں، اور (ان پر) ہر طرف سے (شہاب) پھینکے جاتے ہیں⑧
8. They cannot listen to the higher group (angels) for they are pelted from every side.

دُحُورًا وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ ⑨
(انھیں) بھگانے کے لیے، اور ان کے لیے دائمی عذاب ہے⑨
9. Outcast, and theirs is a constant (or painful) torment.

إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ⑩
مگر جو کوئی (ایک آدھ بات) اچانک اچک کر لے جائے تو نہایت چمکتا ہوا ستارہ اس کے پیچھے لگ جاتا ہے⑩
10. Except such as snatch away something by stealing, and they are pursued by a flaming fire of piercing brightness.

فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَم مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ ⑪
پھر آپ ان سے پوچھیے: کیا انھیں پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا جو کچھ ہم نے پیدا کیا؟ بے شک ہم نے ان (انسانوں) کو لیس دار مٹی سے پیدا کیا⑪
11. Then ask them (i.e. these polytheists, O Muhammad ﷺ): "Are they stronger as creation, or those (others like the heavens and the earth and the mountains) whom We have created?" Verily, We created them of a sticky clay.

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ ⑫
بلکہ آپ نے (کفار کے انکار آخرت پر) تعجب کیا جبکہ وہ ٹھٹھا کرتے ہیں⑫
12. Nay, you (O Muhammad ﷺ) wondered (at their insolence) while they mock (at you and at the Qur'ān).

وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ ⑬
اور جب انھیں نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے⑬
13. And when they are reminded, they pay no attention.

وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُونَ ⑭
اور جب وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو خوب مذاق اڑاتے ہیں⑭
14. And when they see an *Ayāh* (a sign, or an evidence) from Allāh, they mock at it.

وَقَالُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ⑮
اور وہ کہتے ہیں: یہ تو بالکل کھلا جادو ہے⑮
15. And they say: "This is nothing but evident magic!

أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ⑯
کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں سچ مچ (دوبارہ) اٹھایا جائے گا؟⑯
16. "When we are dead and have become dust and bones, shall we (then) verily be resurrected?

أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ⑰
کیا ہمارے پہلے باپ دادوں کو بھی؟⑰
17. "And also our fathers of old?"

قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ ⑱
آپ کہہ دیجیے: ہاں! اور تم ذلیل و خوار ہو گے⑱
18. Say (O Muhammad ﷺ): "Yes, and you shall then be humiliated."

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ ⑲
سو بس وہ (اٹھانا) تو ایک جھڑکی ہی ہوگی، تو وہ یکا یک
19. It will be a single *Zajrah*

[1] (V.37:6) See the footnote of (V.6:97).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ انعام 6/97)

(زندہ ہوکر) دیکھتے ہوں گے (19)

[shout (i.e. the second blowing of the Trumpet)], and behold, they will be staring!

وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ (20)

اور وہ کہیں گے: ہائے ہماری بدبختی! یہ تو جزا کا دن ہے (20)

20. They will say: "Woe to us! This is the Day of Recompense!"

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ (21) ع 1 21 5

یہی فیصلے کا دن ہے جسے تم جھٹلاتے تھے (21)

21. (It will be said): "This is the Day of Judgement which you used to deny."

اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ (22)

(اے فرشتو!) اکٹھا کرو ان لوگوں کو جنھوں نے ظلم کیا، اور ان کے جوڑوں کو اور (ان کو) جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے (22)

22. (It will be said to the angels): "Assemble those who did wrong, together with their companions (from the devils) and what they used to worship,

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ (23)

اللہ کے سوا، پھر انھیں دوزخ کی راہ دکھا دو (23)

23. "Instead of Allāh, and lead them on to the way of flaming Fire (Hell);

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ (24)

اور انھیں ٹھہراؤ، بلاشبہ ان سے باز پرس کی جائے گی (24)

24. "But stop them, verily, they are to be questioned.

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ (25)

(کہا جائے گا:) تمھیں کیا ہوا، تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ (25)

25. "What is the matter with you? Why do you not help one another (as you used to do in the world)?"

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ (26)

بلکہ آج وہ (سب) فرماں بردار ہیں (26)

26. Nay, but that Day they shall surrender.

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ (27)

اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم پوچھیں گے (27)

27. And they will turn to one another and question one another.

قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ (28)

کہیں گے: بے شک تم تو ہمارے پاس دائیں (اور بائیں) طرف سے آیا کرتے تھے (28)

28. They will say: "It was you who used to come to us from the right side (i.e., from the right side of one of us and beautify for us every evil, enjoin on us polytheism, and stop us from the truth, i.e. Islāmic Monotheism and from every good deed)."

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (29)

وہ کہیں گے: (نہیں!) بلکہ تم خود ہی ایمان لانے والے نہیں تھے (29)

29. They will reply: "Nay, you yourselves were not believers.

وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ (30)

اور تم پر ہمارا کوئی زور نہیں تھا، بلکہ تم خود ہی سرکشی کرنے والے تھے (30)

30. "And we had no authority over you. Nay! But you were *Tāghūn* (transgressing) people (polytheists, and disbelievers).

فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ (31)

پھر ہم (سب) پر ہمارے رب کی بات ثابت ہو گئی، بے شک ہم (سب ہی عذاب کا مزہ) چکھنے والے ہیں (31)

31. "So now the Word of our Lord has been justified against us, that we shall certainly (have to) taste (the torment).

فَأَغْوَيْنَٰكُمْ إِنَّا كُنَّا غَٰوِينَ ﴿32﴾

چنانچہ ہم نے تمھیں گمراہ کیا، بلاشبہ ہم خود بھی گمراہ تھے ﴿32﴾

32. "So we led you astray because we were ourselves astray."

فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى ٱلْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿33﴾

چنانچہ یقیناً وہ اس دن عذاب میں مشترک ہوں گے ﴿33﴾

33. Then verily, that Day, they will (all) share in the torment.

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِٱلْمُجْرِمِينَ ﴿34﴾

بے شک ہم مجرموں سے ایسا ہی (سلوک) کرتے ہیں ﴿34﴾

34. Certainly, that is how We deal with *Al-Mujrimūn* (polytheists, sinners, disbelievers, criminals, the disobedient to Allāh).

إِنَّهُمْ كَانُوٓا۟ إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا ٱللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿35﴾

بے شک جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کرتے تھے① ﴿35﴾

35. Truly, when it was said to them: "*Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh)," they puffed themselves up with pride[1] (i.e. denied it).

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوٓا۟ ءَالِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍۭ ﴿36﴾

اور کہتے: کیا بھلا ہم اپنے معبودوں کو ایک دیوانے شاعر کے کہنے پر چھوڑ دیں؟ ﴿36﴾

36. And (they) said: "Are we going to abandon our *ālihah* (gods) for the sake of a mad poet?"

بَلْ جَآءَ بِٱلْحَقِّ وَصَدَّقَ ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿37﴾

بلکہ وہ تو حق لایا ہے اور اس نے (سب) رسولوں کی تصدیق کی ہے ﴿37﴾

37. Nay! he (Muhammad ﷺ) has come with the truth (i.e. Allāh's religion — Islāmic Monotheism and this Qur'ān) and he confirms the Messengers (before him who brought Allāh's religion — Islāmic Monotheism).

إِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا۟ ٱلْعَذَابِ ٱلْأَلِيمِ ﴿38﴾

بے شک تم اب دردناک عذاب (کا مزہ) ضرور چکھو گے ﴿38﴾

38. Verily, you (pagans of Makkah) are going to taste the painful torment;

وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿39﴾

تمھیں بس اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو تم عمل کرتے تھے ﴿39﴾

39. And you will be requited nothing except for what you used to do (evil deeds, sins, and Allāh's disobedience which you used to do in this world)

إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ ﴿40﴾

مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے (عذاب سے محفوظ رہیں گے) ﴿40﴾

40. Except the chosen slaves of Allāh (i.e. the true believers of Islāmic Monotheism).

أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ ﴿41﴾

انھی (لوگوں) کے لیے مقررہ روزی ہے ﴿41﴾

41. For them there will be a known provision (in Paradise),

فَوَٰكِهُ ۖ وَهُم مُّكْرَمُونَ ﴿42﴾

یعنی (جنت کے) لذیذ پھل، اور وہ لوگ معزز ہوں گے ﴿42﴾

42. Fruits; and they shall be honoured,

فِى جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ ﴿43﴾

نعمت کے باغوں میں ﴿43﴾

43. In the Gardens of Delight (Paradise),

---

[1] (V.37:35) See the footnote of (V.22:9).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ حج 9/22)

44. Facing one another on thrones.

ایک دوسرے کے سامنے تختوں پر (براجمان) ہوں گے (44)

عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ (44)

45. Round them will be passed a cup of pure wine —

ان کے لیے جاری چشمے سے شراب (طہور) کا بھرا جام پھرایا جائے گا (45)

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ (45)

46. White, delicious to the drinkers.

سفید رنگ (بالکل صاف شفاف) پینے والوں کے لیے لذت (والی ہوگی) (46)

بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ (46)

47. Neither will they have *Ghoul* (any kind of hurt, abdominal pain, headache, a sin) from that nor will they suffer intoxication therefrom.

نہ اس سے سر چکرائے گا اور نہ وہ اس سے مدہوش ہوں گے (47)

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ (47)

48. And beside them will be *Qāsirāt-at-Tarf* [chaste females (wives), restraining their glances (desiring none except their husbands)], with wide and beautiful eyes.[1]

اور ان کے پاس ہوں گی نیچی نگاہ والی، غزال چشم (خوبصورت آنکھوں والی حوریں) (48)

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ (48)

49. (Delicate and pure) as if they were (hidden) eggs (well) preserved.

گویا کہ وہ پردوں میں چھپائے ہوئے (شتر مرغ کے) انڈے ہیں، (49)

كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ (49)

50. Then they will turn to one another, mutually questioning.

وہ (جنتی) ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر باہم پوچھیں گے (50)

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ (50)

51. A speaker of them will say: "Verily, I had a companion (in the world),

ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا: بے شک میں (اور دنیا میں) میرا ایک ہم نشین تھا (51)

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ (51)

52. Who used to say: "Are you among those who believe (in resurrection after death).

جو کہتا تھا: کیا بھلا تو بھی (قیامت کی) تصدیق کرنے والوں میں سے ہے؟ (52)

يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ (52)

53. "(That) when we die and become dust and bones, shall we indeed (be raised up) to receive reward or punishment (according to our deeds)?"

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا واقعی ہم (اٹھا کر) بدلہ دیے جائیں گے؟ (53)

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ (53)

54. (The speaker) said: "Will you look down?"

وہ (جنتی ساتھیوں سے) کہے گا: کیا تم (جہنم میں) جھانک کر دیکھو گے؟ (54)

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ (54)

55. So he looked down and saw him in the midst of the Fire.

پھر وہ جھانکے گا تو اسے جہنم کے درمیان میں دیکھے گا (55)

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ (55)

56. He said: "By Allāh! You have nearly ruined me.

وہ (اس سے) کہے گا: اللہ کی قسم! یقیناً قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالتا (56)

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ (56)

---

[1] (V.37:48) See the footnote of (V.29:64).

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٥٧﴾

اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں ضرور حاضر کیے ہوؤں (مجرموں) میں سے ہوتا﴿٥٧﴾

57. "Had it not been for the Grace of my Lord, I would certainly have been among those brought forth (to Hell)."

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿٥٨﴾

(جنتی ساتھیوں سے کہے گا:) تو کیا پس (اب) ہم مرنے والے نہیں﴿٥٨﴾

58. (The dwellers of Paradise will say:) "Are we then not to die (any more)?

اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿٥٩﴾

اپنے پہلی بار مرنے کے سوا اور نہ ہمیں عذاب ہی ہوگا؟﴿٥٩﴾

59. "Except our first death, and we shall not be punished? (after we have entered Paradise)."

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾

بلاشبہ یہ تو بہت بڑی کامیابی ہے﴿٦٠﴾

60. Truly, this is the supreme success!

لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿٦١﴾

عمل کرنے والوں کو تو ایسی ہی (کامیابی) کے لیے عمل کرنے چاہئیں﴿٦١﴾

61. For the like of this let the workers work.

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾

کیا یہ مہمانی بہتر ہے یا (دوزخ میں) تھوہر کا درخت؟﴿٦٢﴾

62. Is that (Paradise) better entertainment or the tree of *Zaqqūm* (a horrible tree in Hell)?

اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾

بلاشبہ ہم نے اسے ظالموں کے لیے آزمائش بنایا ہے﴿٦٣﴾

63. Truly, We have made it (as) a trial for the *Zālimūn* (polytheists, disbelievers, wrong doers).

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾

بے شک وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی تہ میں اگتا ہے﴿٦٤﴾

64. Verily, it is a tree that springs out of the bottom of Hell-fire,

طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾

اس کا پھل گویا کہ وہ شیطانوں کے سر ہیں﴿٦٥﴾

65. The shoots of its fruit stalks are like the heads of *Shayātīn* (devils);

فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾

تو بلاشبہ وہ (دوزخی) اس میں سے کھائیں گے، پھر اس سے (اپنے) پیٹ بھریں گے﴿٦٦﴾

66. Truly, they will eat thereof and fill their bellies therewith.

ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾

پھر اس پر بے شک ان کے لیے (پینے کو) گرم کھولتے پانی کا آمیزہ ہوگا﴿٦٧﴾

67. Then on the top of that they will be given boiling water to drink so that it becomes a mixture (of boiling water and *Zaqqūm* in their bellies).

ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾

پھر یقیناً ان کی واپسی بھڑکتی آگ کی طرف ہوگی﴿٦٨﴾

68. Then thereafter, verily, their return is to the flaming fire of Hell.

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾

بلاشبہ انھوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہ پایا﴿٦٩﴾

69. Verily, they found their fathers on the wrong path;

فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾

تو وہ انھی کے نقش قدم پر دوڑے جاتے ہیں﴿٧٠﴾

70. So they (too) hastened in their footsteps!

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾

اور بلاشبہ ان سے پہلے بہت سے اگلے لوگ گمراہ ہوئے﴿٧١﴾

71. And indeed most of the men of old went astray before them;

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ ﴿٧٢﴾

اور یقیناً ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے تھے ﴿٧٢﴾

72. And indeed We sent among them warners (Messengers);

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ﴿٧٣﴾

پھر دیکھ لیجیے ان کا انجام کیسا ہوا جنہیں ڈرایا گیا تھا؟ ﴿٧٣﴾

73. Then see what was the end of those who were warned (but heeded not).

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٧٤﴾

سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے ﴿٧٤﴾

74. Except the chosen slaves of Allāh (faithful, obedient and true believers of Islāmic Monotheism).

وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ ﴿٧٥﴾

اور یقیناً نوح نے ہمیں پکارا تھا تو (دیکھو!) ہم کیا ہی خوب جواب دینے والے ہیں ﴿٧٥﴾

75. And indeed Nūh (Noah) invoked Us, and We are the Best of those who answer (the request).

وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿٧٦﴾

اور ہم نے اسے اور اس کے اہل کو بہت بڑی پریشانی سے نجات دی ﴿٧٦﴾

76. And We rescued him and his family from the great distress (i.e. drowning),

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ ﴿٧٧﴾

اور ہم نے اس کی اولاد کو باقی رہنے والے بنا دیا ﴿٧٧﴾

77. And, his progeny, them We made the survivors (i.e. Shem, Ham and Japheth).

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿٧٨﴾

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿٧٨﴾

78. And left for him (a goodly remembrance) among the later generations:

سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ ﴿٧٩﴾

نوح پر تمام جہانوں میں سلام ہو ﴿٧٩﴾

79. "*Salām* (peace) be upon Nūh (Noah) (from Us) among the *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)!"

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٠﴾

بلاشبہ ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿٨٠﴾

80. Verily, thus We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨١﴾

بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿٨١﴾

81. Verily, he [Nūh (Noah)] was one of Our believing slaves.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٨٢﴾

پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا ﴿٨٢﴾

82. Then We drowned the others (disbelievers and polytheists).

وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ ﴿٨٣﴾

اور بے شک ابراہیم بھی اسی (نوح) کے گروہ سے ہے ﴿٨٣﴾

83. And verily, among those who followed his [Nūh's (Noah's)] way (Islāmic Monotheism) was Ibrāhīm (Abraham).

إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾

جب وہ اپنے رب کے پاس پاک صاف دل کے ساتھ آیا ﴿٨٤﴾

84. When he came to his Lord with a pure heart (attached to Allāh Alone and none else, worshipping none but Allāh Alone — true Islāmic Monotheism, pure from the filth of polytheism).

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿٨٥﴾

جب اس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا: تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ﴿٨٥﴾

85. When he said to his father and to his people: "What is it that which you worship?

أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾
کیا تم اللہ کو چھوڑ کر جھوٹے گھڑے ہوئے معبودوں کو چاہتے ہو؟ ﴿۸۶﴾
86. "Is it a falsehood — *ālihah* (gods) other than Allāh — that you desire?

فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨٧﴾
پھر رب العالمین کی نسبت تمھارا کیا خیال ہے؟ ﴿۸۷﴾
87. "Then what think you about the Lord of the *'Ālamīn* (mankind, jinn, and all that exists)?"

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ﴿٨٨﴾
تب اس نے ایک نگاہ ستاروں میں ڈالی ﴿۸۸﴾
88. Then he cast a glance at the stars,

فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾
پھر کہا: بے شک میں تو بیمار ہوں ﴿۸۹﴾
89. And he said: "Verily, I am sick[1] (with plague). [He did this trick to remain in their temple of idols to destroy them and not to accompany them to the pagan feast]."

فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾
چنانچہ وہ اس سے پیٹھ پھیر کر لوٹ گئے ﴿۹۰﴾
90. So they turned away from him and departed (for fear of the disease).

فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾
پھر وہ ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہوا اور کہا: کیا تم کھاتے نہیں؟ ﴿۹۱﴾
91. Then he turned to their *ālihah* (gods) and said: "Will you not eat (of the offering before you)?

مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ ﴿٩٢﴾
تمھیں کیا ہے کہ تم بولتے نہیں؟ ﴿۹۲﴾
92. "What is the matter with you that you speak not?"

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ﴿٩٣﴾
پھر وہ انھیں دائیں ہاتھ سے مارتا ہوا متوجہ ہوا ﴿۹۳﴾
93. Then he turned upon them, striking (them) with (his) right hand.

فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾
پھر وہ لوگ دوڑتے ہوئے اس کی طرف آئے ﴿۹۴﴾
94. Then they (the worshippers of idols) came towards him hastening.

قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾
اس نے کہا: کیا تم ان کی عبادت کرتے ہو جنھیں تم خود تراشتے ہو؟ ﴿۹۵﴾
95. He said: "Worship you that which you (yourselves) carve?

وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾
حالانکہ اللہ ہی نے تمھیں اور تمھارے اعمال کو پیدا کیا ہے ﴿۹۶﴾
96. "While Allāh has created you and what you make!"

قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾
وہ کہنے لگے: اس کے لیے ایک مکان بناؤ (اس میں آگ جلاؤ) اور اسے دہکتی آگ میں ڈال دو ﴿۹۷﴾
97. They said: "Build for him a building (it is said that the building was like a furnace) and throw him into the blazing fire!"

فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾
پھر انھوں نے اس کے ساتھ ایک چال چلنے کا ارادہ کیا تو ہم نے انھیں ہی نیچا دکھا دیا ﴿۹۸﴾
98. So, they plotted a plot against him, but We made them the lowest.

وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾
اور اس نے کہا: بے شک میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں یقیناً وہ میری رہنمائی فرمائے گا ﴿۹۹﴾
99. And he said (after his rescue from the fire): "Verily, I am

---

[1] (V.37:89) See the footnote (C) of (V.16:121).

going to my Lord. He will guide me!"

100. "My Lord! Grant me (offspring) from the righteous."

اے میرے رب! مجھے (بیٹا) عطا فرما جو صالحین میں سے ہو ﴿۱۰۰﴾

رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿۱۰۰﴾

101. So, We gave him the glad tidings of a forbearing boy.

چنانچہ ہم نے اسے بہت حلم والے لڑکے کی بشارت دی ﴿۱۰۱﴾

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيمٍ ﴿۱۰۱﴾

102. And, when he (his son) was old enough to walk with him, he said: "O my son! I have seen in a dream that I am slaughtering you (offering you in sacrifice to Allāh). So look what you think!" He said: "O my father! Do that which you are commanded, *In shā' Allāh* (if Allāh wills), you shall find me of *As-Sābirūn* (the patient)."

پھر جب وہ (لڑکا) اس کے ساتھ دوڑنے بھاگنے (کی عمر) کو پہنچا تو اس نے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! بے شک میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تجھے یقیناً ذبح کر رہا ہوں، اب تو دیکھ! تیری کیا رائے ہے؟ اس (بیٹے) نے کہا: ابا جان! جو آپ کو حکم دیا گیا ہے کر گزریں، اگر اللہ نے چاہا تو عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے ﴿۱۰۲﴾

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ إِنِّيٓ أَرٰى فِي الْمَنَامِ أَنِّيٓ أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۚ قَالَ يٰٓأَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِيٓ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِينَ ﴿۱۰۲﴾

103. Then, when they had both submitted themselves (to the Will of Allāh), and he had laid him prostrate on his forehead (or on the side of his forehead for slaughtering);

پھر جب دونوں مطیع ہو گئے اور اس (باپ) نے اس (بیٹے) کو پیشانی کی ایک جانب لٹا دیا ﴿۱۰۳﴾

فَلَمَّآ أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِينِ ﴿۱۰۳﴾

104. We called out to him: "O Ibrāhīm (Abraham)!

اور ہم نے اسے پکارا: اے ابراہیم! ﴿۱۰۴﴾

وَنٰدَيْنٰهُ أَنْ يّٰٓإِبْرٰهِيمُ ﴿۱۰۴﴾

105. You have fulfilled the dream!" Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See 2:112).

تو نے اپنا خواب یقیناً سچ کر دکھایا، بے شک ہم نیکو کاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۱۰۵﴾

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَآ ۚ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۰۵﴾

106. Verily, that indeed was the manifest trial.

بلاشبہ یہ تو کھلی آزمائش ہی ہے ﴿۱۰۶﴾

إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِينُ ﴿۱۰۶﴾

107. And We ransomed him with a great sacrifice (i.e. كبش – a ram);

اور ہم نے اس (اسمٰعیل) کے بدلے میں ایک عظیم القدر (جانور) ذبح کرنے کو دیا ﴿۱۰۷﴾

وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيمٍ ﴿۱۰۷﴾

108. And We left for him (a goodly remembrance) among the later generations.

اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿۱۰۸﴾

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿۱۰۸﴾

109. "*Salām* (peace) be upon Ibrāhīm (Abraham)!"

ابراہیم پر سلام ہو ﴿۱۰۹﴾

سَلٰمٌ عَلٰىٓ إِبْرٰهِيمَ ﴿۱۰۹﴾

110. Thus indeed do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

ہم نیکو کاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿۱۱۰﴾

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿۱۱۰﴾

111. Verily, he was one of Our believing slaves.

بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿۱۱۱﴾

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۱۱﴾

وَبَشَّرْنٰهُ بِإِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِينَ ﴿١١٢﴾

اور ہم نے اس (ابراہیم) کو اسحٰق (بیٹے) کی بشارت دی، جو صالح لوگوں میں سے نبی ہوگا ﴿۱۱۲﴾

112. And We gave him the glad tidings of Ishāq (Isaac) — a Prophet from the righteous.

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى إِسْحٰقَ ۚ وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَظَالِمٌ لِّنَفْسِهِۦ مُبِينٌ ﴿١١٣﴾ ع 3 39 7

اور ہم نے اس پر اور اسحٰق پر برکت نازل کی، اور ان دونوں کی اولاد میں سے کوئی نیکی کرنے والا اور کوئی اپنے آپ پر کھلم کھلا ظلم کرنے والا ہے ﴿۱۱۳﴾

113. We blessed him and Ishāq (Isaac). And of their progeny are (some) that do right, and some that plainly wrong themselves.

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوسٰى وَهٰرُونَ ﴿١١٤﴾

اور یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارون پر بھی احسان کیا ﴿۱۱۴﴾

114. And, indeed We gave Our Grace to Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron).

وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿١١٥﴾

اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو بہت بڑی مصیبت سے نجات دی ﴿۱۱۵﴾

115. And We saved them and their people from the great distress,

وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوا هُمُ الْغٰلِبِينَ ﴿١١٦﴾

اور ہم نے ان کی مدد کی، چنانچہ وہی غالب آئے ﴿۱۱۶﴾

116. And helped them, so that they became the victors;

وَءَاتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِينَ ﴿١١٧﴾

اور ہم نے ان دونوں کو انتہائی واضح کتاب دی ﴿۱۱۷﴾

117. And We gave them the clear Scripture;

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرٰطَ الْمُسْتَقِيمَ ﴿١١٨﴾

اور ہم نے ان دونوں کو راہِ راست کی ہدایت دی ﴿۱۱۸﴾

118. And guided them to the Right Path.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى الْءَاخِرِينَ ﴿١١٩﴾

اور ہم نے ان دونوں (کے ذکرِ خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿۱۱۹﴾

119. And We left for them (a goodly remembrance) among the later generations.

سَلٰمٌ عَلٰى مُوسٰى وَهٰرُونَ ﴿١٢٠﴾

موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو ﴿۱۲۰﴾

120. "*Salām* (peace) be upon Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron)!"

إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِينَ ﴿١٢١﴾

بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿۱۲۱﴾

121. Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers. See V.2:112).

إِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٢٢﴾

بلاشبہ وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے ﴿۱۲۲﴾

122. Verily, they were two of Our believing slaves.

وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٢٣﴾

اور بے شک الیاس بھی یقیناً رسولوں میں سے تھا ﴿۱۲۳﴾

123. And verily, Ilyās (Elias) was one of the Messengers.

إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِۦٓ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾

جب اس نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۱۲۴﴾

124. When he said to his people: "Will you not fear Allāh?

أَتَدْعُونَ بَعْلًا وَتَذَرُونَ أَحْسَنَ الْخٰلِقِينَ ﴿١٢٥﴾

کیا تم بعل (بت) کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو ﴿۱۲۵﴾

125. "Will you call upon *Ba'l* (a well-known idol of his nation whom they used to worship) and forsake the Best of creators,

اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ ءَابَآئِكُمُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٢٦﴾

(یعنی) اللہ کو جو تمھارا اور تمھارے اگلے باپ دادوں کا رب ہے؟ ﴿۱۲۶﴾

126. "Allāh, your Lord and the Lord of your forefathers?"

فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿١٢٧﴾

پھر انھوں نے اسے جھٹلایا، لہٰذا یقیناً وہ (سب عذاب میں) ضرور حاضر کیے جائیں گے ﴿۱۲۷﴾

127. But they denied him [Ilyās (Elias)], so they will certainly be brought forth (to the punishment),

128. Except the chosen slaves of Allāh.	سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے ﴿١٢٨﴾	إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾
129. And We left for him (a goodly remembrance) among the later generations.	اور ہم نے اس (کے ذکر خیر) کو پیچھے آنے والوں میں باقی رکھا ﴿١٢٩﴾	وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾
130. "*Salām* (peace) be upon Ilyāsīn (Elias)!"	الیاسین (الیاس) پر سلام ہو ﴿١٣٠﴾	سَلٰمٌ عَلٰى إِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾
131. Verily, thus do We reward the *Muhsinūn* (good-doers, who perform good deeds totally for Allāh's sake only. See V.2:112).	بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں ﴿١٣١﴾	إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾
132. Verily, he was one of Our believing slaves.	وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا ﴿١٣٢﴾	إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾
133. And verily, Lūt (Lot) was one of the Messengers.	اور بلاشبہ لوط بھی رسولوں میں سے تھا ﴿١٣٣﴾	وَإِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾
134. When We saved him and his family, all,	جب ہم نے اسے اور اس کے (سب) اہل کو نجات دی ﴿١٣٤﴾	إِذْ نَجَّيْنٰهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾
135. Except an old woman (his wife) who was among those who remained behind.	سوائے ایک بڑھیا (لوط کی اہلیہ) کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی ﴿١٣٥﴾	إِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾
136. Then We destroyed the rest (the town of Sodom at the place of the Dead Sea now in Palestine).	پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا ﴿١٣٦﴾	ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾
137. Verily, you pass by them in the morning	اور بلاشبہ تم صبح کو ان (کی تباہ شدہ بستیوں) پر سے گزرتے ہو ﴿١٣٧﴾	وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿١٣٧﴾
138. And at night; will you not then reflect?	اور رات کو بھی، کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿١٣٨﴾	وَبِالَّيْلِ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٣٨﴾ ع 23 8
139. And verily, Yūnus (Jonah) was one of the Messengers.	اور بے شک یونس یقیناً رسولوں میں سے تھا ﴿١٣٩﴾	وَإِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٩﴾
140. When he ran to the laden ship:	جب وہ ایک بھری ہوئی کشتی کی طرف بھاگ کر گیا ﴿١٤٠﴾	إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١٤٠﴾
141. Then he (agreed to) cast lots, and he was among the losers.	پھر (کشتی والوں نے) قرعہ ڈالا تو وہ ہارنے والوں میں سے ہو گیا ﴿١٤١﴾	فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿١٤١﴾
142. Then a (big) fish swallowed him as he had done an act worthy of blame.	تب اسے مچھلی نے نگل لیا جبکہ وہ (خود کو) ملامت کرنے والا تھا ﴿١٤٢﴾	فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿١٤٢﴾
143. Had he not been of them who glorify Allāh,	پھر اگر (یہ بات) نہ ہوتی کہ بے شک وہ تسبیح کرنے والوں میں سے تھا ﴿١٤٣﴾	فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿١٤٣﴾
144. He would have indeed remained inside its belly (the fish) till the Day of Resurrection.	تو وہ لوگوں کے دوبارہ زندہ کرکے اٹھائے جانے کے دن (روز قیامت) تک اسی (مچھلی) کے پیٹ میں رہتا ﴿١٤٤﴾	لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤٤﴾ الربع

English	Urdu	Arabic
145. But We cast him forth on the naked shore while he was sick,	پھر ہم نے اسے چٹیل میدان میں ڈال دیا جبکہ وہ بیمار تھا ﴿١٤٥﴾	فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿١٤٥﴾
146. And We caused a plant of gourd to grow over him.	اور ہم نے اس پر ایک بیل دار درخت (کدو) اگا دیا ﴿١٤٦﴾	وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿١٤٦﴾
147. And We sent him to a hundred thousand (people) or even more.	اور ہم نے اسے ایک لاکھ (انسانوں) کی طرف بھیجا، یا وہ (اس سے کچھ) زیادہ ہوں گے ﴿١٤٧﴾	وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿١٤٧﴾
148. And they believed; so We gave them enjoyment for a while.	چنانچہ وہ لوگ ایمان لے آئے تو ہم نے انھیں ایک (مقرر) وقت تک فائدہ (اٹھانے کا موقع) دیا ﴿١٤٨﴾	فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١٤٨﴾
149. Now ask them (O Muhammad ﷺ): "Are there (only) daughters for your Lord and sons for them?"	پھر ان (اہل مکہ) سے پوچھیے: کیا آپ کے رب کے لیے تو بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے؟ ﴿١٤٩﴾	فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿١٤٩﴾
150. Or did We create the angels female while they were witnesses?	یا ہم نے فرشتوں کو مؤنث پیدا کیا اور وہ حاضر تھے؟ ﴿١٥٠﴾	اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿١٥٠﴾
151. Verily, it is of their falsehood that they (Quraish pagans) say:	خبردار! بلاشبہ وہ اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ کر کہتے ہیں ﴿١٥١﴾	اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾
152. "Allāh has begotten (offspring — the angels being the daughters of Allāh)?" And verily, they are liars!	کہ ''اللہ نے اولاد جنی'' اور یقیناً وہ جھوٹے ہیں ﴿١٥٢﴾	وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾
153. Has He (then) chosen daughters rather than sons?	کیا اس نے بیٹوں پر بیٹیوں کو پسند کیا (ترجیح دی) ہے؟ ﴿١٥٣﴾	اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾
154. What is the matter with you? How do you decide?	کیا ہو گیا ہے تمھیں، تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ ﴿١٥٤﴾	مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾
155. Will you not then remember?	کیا پھر تم غور نہیں کرتے؟ ﴿١٥٥﴾	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾
156. Or is there for you a plain authority?	یا تمھارے پاس کوئی واضح دلیل ہے؟ ﴿١٥٦﴾	اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾
* The Jews refused to believe in the Message of 'Isā (Jesus), so all their work was annulled; similarly, the Christians refused to accept the Message of Muhammad ﷺ and thus their work was annulled too. Such people were not rewarded, because they refused to have true Faith for the rest of their lives and died as disbelievers. They should have believed in the latest Message; for their insistence on keeping their old religion deprived them of the reward which they would have got for their previous good deeds achieved before the advent of the new religion. On the other hand, Muslims accepted and believed in all the three Messages and deserved a full reward for their complete surrender to Allāh. (*Al-Qastalāni*)

① یعنی اس کا فائدہ اُسی کو ہوگا اور آخرت میں اس پر اسے بہترین صلہ ملے گا۔ بلکہ امت محمدیہ ﷺ کو تو بطور خاص زیادہ اجر و ثواب ملے گا جیسا کہ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمانوں کی اور یہود و نصاریٰ کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے ایک معین اُجرت پر صبح سے لے کر رات تک کام کرنے کے معاہدے پر مزدور لگائے۔ اُنھوں نے دوپہر تک کام کیا پھر کہا: ہمیں تیری اُجرت کی ضرورت نہیں ہے جو تو نے ٹھہرائی ہے، ہم نے اب تک جو کچھ کیا ہے، وہ بے کار ہے۔ اس نے سمجھایا: دیکھو! ایسا نہ کرو اپنا کام پورا کرلو اور پوری اجرت لے لو! مگر وہ نہ مانے اور کام چھوڑ کر چل دیے۔ آخر اس نے دوسرے مزدور لگائے اور ان سے کہا: باقی دن تم کام کرو اور جو مزدوری پہلے مزدوروں سے ٹھہری تھی وہ سب تم کو ملے گی۔ انہوں نے کام

★ بقیہ حاشیہ: حم السجدہ، آیت: 46.

شروع کیا۔ جب عصر کی نماز کا وقت آیا تو وہ کہنے لگے: ہمارا اتنا کام اکارت گیا اور جو مزدوری تو نے ہم سے ٹھہرائی تھی وہ تجھ ہی کو مبارک رہے۔ مالک نے سمجھایا: ''دیکھو! کام پورا کر لو اب دن کیا ہے؟ ذرا سا باقی ہے۔ لیکن وہ نہ مانے۔ آخر اس نے باقی دن کے لیے اور مزدور لگائے۔ انھوں نے سورج ڈوبنے تک کام کیا اور پہلے اور دوسرے مزدوروں کی مزدوری بھی سب ان کو ملی تو مسلمانوں کی اور اس نور کی جسے انھوں نے قبول کیا یہی مثال ہے۔'' (صحیح البخاری، الإجارة، باب: 11 حدیث: 2271) علاوہ ازیں اللہ کا جو پیغام حضرت عیسیٰ علیہ السلام لے کر آئے تھے جب یہودیوں نے اس پر ایمان لانے سے انکار کر دیا تو ان کے پچھلے سارے أعمال أکارت گئے، اسی طرح عیسائیوں نے حضرت محمد ﷺ کے لائے ہوئے پیغام کو قبول کرنے سے انکار کر دیا جس کے سبب ان کے اعمال بھی ضائع ہو گئے۔ ایسے لوگوں کو ان کے اعمال کا کوئی أجر نہیں ملے گا کیونکہ یہ اپنی بقیہ زندگی میں اللہ کے آخری پیغام پر ایمان نہ لائے اور اس طرح کفر کی موت مرے۔ انہیں آخری پیغام پر ایمان لے آنا چاہیے تھا کیونکہ اپنے پرانے مذہب پر اس اصرار نے انھیں اس اجر سے محروم کر دیا جو وہ نئی شریعت کی آمد سے قبل تک کے اپنے اچھے اعمال کی بنا پر حاصل کر لیتے۔ اس کے برعکس مسلمانوں نے اللہ کے بھیجے ہوئے تینوں پیغاموں کو قبول کیا اور ان پر ایمان لائے اللہ کے ہر حکم کے آگے مکمل طور پر سر تسلیم خم کر دینے کے سبب ہی سے وہ مکمل اجر کے حقدار ٹھہرے۔ (شرح البخاری للقسطلانی: 4 /133)

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَمَا تَخْرُجُ مِن ثَمَرَاتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِي قَالُوا آذَنَّاكَ مَا مِنَّا مِن شَهِيدٍ ﴿٤٧﴾

قیامت (کے آنے) کا علم اللہ ہی کی طرف لوٹایا جاتا ہے۔ اور جو بھی پھل اپنے شگوفوں سے نکلتے ہیں اور جو مادہ حمل سے ہوتی ہے اور بچہ جنتی ہے (سب کچھ) اللہ کے علم میں ہے۔ اور جس دن وہ انھیں پکارے گا: میرے شریک کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے: ہم آپ سے عرض کر چکے ہیں (کہ آج) ہم میں سے کوئی بھی (شرک کا) گواہ نہیں ﴿47﴾

47. To Him (Alone) is referred the knowledge of the Hour.[1] No fruit comes out of its sheath, nor does a female conceive nor brings forth (young ones), except by His Knowledge. And on the Day when He will call to them (polytheists) (saying): "Where are My (so-called) partners (whom you did invent)?" They will say: "We inform You that none of us bears witness to it (that they are Your partners)!"

وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَدْعُونَ مِن قَبْلُ ۖ وَظَنُّوا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ ﴿٤٨﴾

اور ان سے وہ گم ہو جائیں گے جنھیں وہ اس سے پہلے پکارا کرتے تھے، اور وہ یقین کر لیں گے کہ ان کے لیے کوئی بھاگنے کی جگہ نہیں① ﴿48﴾

48. And those whom they used to invoke before (in this world) shall disappear from them, and they will perceive that they have no place of refuge (from Allāh's punishment).[2]

لَّا يَسْأَمُ الْإِنسَانُ مِن دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوسٌ قَنُوطٌ ﴿٤٩﴾

انسان بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا، اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچے تو وہ انتہائی مایوس، سخت ناامید ہو جاتا ہے ﴿49﴾

49. Man (the disbeliever) does not get tired of asking good (things from Allāh); but if an evil touches him, then he gives up all hope and is lost in despair.

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَٰذَا لِي وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَىٰ رَبِّي إِنَّ لِي عِندَهُ لَلْحُسْنَىٰ ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٥٠﴾

اور جو تکلیف اسے پہنچی ہے، اس کے بعد اگر ہم اسے اپنی رحمت (کا مزہ) چکھائیں تو وہ یقیناً کہتا ہے: یہ تو میرے ہی لیے ہے، اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت آنے والی ہے، اور اگر مجھے میرے رب کی طرف لوٹایا گیا تو بلاشبہ اس کے پاس میرے لیے بھلائی ہی ہوگی، چنانچہ ہم ان کافروں کو ضرور بتائیں گے جو کچھ وہ کرتے رہے، اور ہم انھیں سخت عذاب (کا مزہ) ضرور چکھائیں گے ﴿50﴾

50. And truly, if We give him a taste of mercy from Us, after some adversity (severe poverty or disease) has touched him, he is sure to say: "This is due to my (merit); I think not that the Hour will be established. But if I am brought back to my Lord, surely there will be for me the best (wealth) with Him." Then, We verily will show to the disbelievers what they have done, and We shall make them taste a severe torment.

وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيضٍ ﴿٥١﴾

اور جب ہم انسان پر احسان کرتے ہیں تو وہ منہ موڑ لیتا ہے، اور کنارہ کش ہو جاتا ہے، اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی چوڑی دعائیں کرنے والا بن جاتا ہے ﴿51﴾

51. And when We show favour to man, he withdraws and turns away; but when evil touches him, then he has recourse to long supplications.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ

آپ کہہ دیجیے: بھلا دیکھو تو! اگر یہ (قرآن) اللہ کی

52. Say: "Tell me, if it (the

---

[1] (V.41:47) See the footnote of (V.7:187).
[2] (V.41:48) See the footnote of (V.2:165).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2:165)

ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿52﴾

طرف سے ہو، پھر تم اس کا انکار کرو تو اس شخص سے زیادہ گمراہ کون ہے جو (حق کی) مخالفت میں دور چلا جائے ﴿52﴾

Qur'ān) is from Allāh, and you disbelieve in it? Who is more astray than one who is in opposition far away (from Allāh's right path and His obedience).

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿53﴾

جلد ہم انھیں اپنی نشانیاں آفاق (دنیا) میں بھی اور خود ان کی ذات میں بھی دکھائیں گے حتی کہ ان کے لیے واضح ہو جائے گا کہ بے شک یہ (قرآن) حق ہے۔ کیا یہ بات کافی نہیں کہ بے شک آپ کا رب ہر چیز کا شاہد ہے؟ ﴿53﴾

53. We will show them Our Signs in the universe, and in their ownselves, until it becomes manifest to them that this (the Qur'ān) is the truth. Is it not sufficient in regard to your Lord that He is a Witness over all things?

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ ۭ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿54﴾ ع 10

خبردار! بے شک وہ لوگ اپنے رب کی ملاقات سے شک میں ہیں۔ خبردار! بے شک وہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿54﴾

54. Verily, they are in doubt concerning the Meeting with their Lord? (i.e. Resurrection after their death, and their return to their Lord). Verily, He it is Who is surrounding all things!

Sūrat Ash-Shūra (The Consultation) 42

سورۂ شوریٰ

اٰيَاتُهَا 53 (42) سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ (62) رُكُوْعَاتُهَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

حٰمۗ ①

حٰمٓ ①

1. *Hā-Mīm.*

عۗسۗقۗ ②

عٓسٓقٓ ②

2. *'Aīn-Sīn-Qāf.*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③

اللہ زبردست غالب و حکمت والا آپ کی طرف اور ان لوگوں کی طرف، جو آپ سے پہلے تھے، اسی طرح وحی کرتا ہے[1] ③

3. Likewise Allāh, the All-Mighty, the All-Wise sends Revelation to you (O Muhammad ﷺ) as (He sent Revelation to) those before you.[1]

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ④

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور وہ بلند مرتبہ، بڑی عظمت والا ہے ④

4. To Him belongs all that is in the heavens and all that is in the earth, and He is the Most High, the Most Great.

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ

قریب ہے کہ آسمان (اللہ کی عظمت و جلال کے باعث) اپنے اوپر سے پھٹ جائیں، اور تمام فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں، اور اہل زمین

5. Nearly the heavens might be rent asunder from above them (by His Majesty), and the angels glorify the praises of their Lord,

[1] (V.42:3) See the footnote of (V.4:163).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ نساء 4:163)

اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ⑤

کے لیے مغفرت مانگتے ہیں۔ خبردار! بلاشبہ اللہ ہی بڑا بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے⑤

and ask for forgiveness for those on the earth. Verily, Allāh is the Oft-Forgiving, the Most Merciful.

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ⑥

اور جن لوگوں نے اللہ کے سوا (دوسرے) کارساز بنا لیے ہیں، اللہ ان پر نگران ہے، اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں⑥

6. And as for those who take as *Auliyā'* (guardians, supporters, helpers, lords, gods, protectors) others besides Him (i.e. they take false deities other than Allāh as protectors, and they worship them) — Allāh is *Hafīz* (Protector, Watcher) over them (i.e. takes care of their deeds and will recompense them), and you (O Muhammad ﷺ) are not a *Wakīl* (guardian or a disposer of their affairs) over them (to protect their deeds).

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۗ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ⑦

اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف ایک عربی قرآن وحی کیا، تاکہ آپ اہل مکہ اور اس کے گردو پیش والوں کو ڈرائیں، اور آپ جمع ہونے کے دن سے ڈرائیں جس میں کوئی شک نہیں۔ ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا بھڑکنے والی آگ میں[1]⑦

7. And thus We have revealed to you (O Muhammad ﷺ) a Qur'ān in Arabic that you may warn the Mother of the Towns (Makkah) and all around it, and warn (them) of the Day of Assembling of which there is no doubt, when a party will be in Paradise (those who believed in Allāh and followed what Allāh's Messenger ﷺ brought them) and a party in the blazing Fire (Hell) (those who disbelieved in Allāh and followed not what Allāh's Messenger ﷺ brought them).[1]

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۗ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ⑧

اور اگر اللہ چاہتا تو یقیناً ان (سب) کو ایک ہی امت کر دیتا، لیکن وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے، اور ظالموں کے لیے نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار⑧

8. And if Allāh had willed, He could have made them one nation, but He admits whom He wills to His Mercy. And the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) will have neither a *Walī* (protector or guardian) nor a helper.

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ز وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑨ ع 1/2

کیا انھوں نے اس کے سوا (دوسرے) کارساز بنا لیے ہیں؟ درحقیقت اللہ ہی کارساز ہے، اور وہی مردوں کو زندہ کرے گا، اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے⑨

9. Or have they taken (for worship) *Auliyā'* (guardians, supporters, helpers, protectors, lords, gods) besides Him? But Allāh — He Alone is the *Walī* (Lord, God, Protector). And it is

[1] (V.42:7) See the footnote of (V.3:85).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:85)

He Who gives life to the dead, and He is Able to do all things.

10. And in whatsoever you differ, the decision thereof is with Allāh (He is the ruling Judge). (And say O Muhammad ﷺ to these polytheists:) Such is Allāh, my Lord in Whom I put my trust, and to Him I turn (in all of my affairs and) in repentance.

اور (دین کی) جس چیز میں بھی تم نے اختلاف کیا تو اس کا فیصلہ اللہ کے سپرد ہے، یہی اللہ میرا رب ہے، اسی پر میں نے بھروسا کیا اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں⑩

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ
إِلَى اللَّهِ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ⑩

11. The Creator of the heavens and the earth. He has made for you mates from yourselves, and for the cattle (also) mates. By this means He creates you (in the wombs). There is nothing like Him, and He is the All-Hearer, the All-Seer.

(وہ) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، اس نے تمھارے لیے تمھاری ہی جنس سے جوڑے بنا دیے، اور چوپایوں کے بھی (ان کی جنس سے) جوڑے بنائے، وہ تمھیں اس (زمین) میں پھیلاتا ہے، اس جیسی کوئی چیز نہیں، اور وہ خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے⑪

فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَعَلَ لَكُم مِّنْ
أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَمِنَ الْأَنْعَامِ أَزْوَاجًا
يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ
وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ⑪

12. To Him belong the keys of the heavens and the earth. He enlarges provision for whom He wills, and straitens (it for whom He wills). Verily, He is All-Knower of everything.

اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں، وہ جس کے لیے چاہے رزق کشادہ کرتا ہے اور وہی (جس کے لیے چاہے) تنگ کر دیتا ہے، بلاشبہ وہ ہر شے کو خوب جاننے والا ہے⑫

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَبْسُطُ
الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّهُ بِكُلِّ
شَيْءٍ عَلِيمٌ ⑫

13. He (Allāh) has ordained for you the same religion (Islāmic Monotheism) which He ordained for Nūh (Noah), and that which We have revealed to you (O Muhammad ﷺ), and that which We ordained for Ibrāhīm (Abraham), Mūsā (Moses) and 'Īsā (Jesus) saying you should establish religion (i.e. to do what it orders you to do practically) and make no divisions [1] in it (religion) (i.e. various sects in religion). Intolerable for the *Mushrikūn* [2] is that (Islamic Monotheism) to which you (O Muhammad ﷺ) call them. Allāh chooses for Himself whom He

اس نے تمھارے لیے وہی دین مقرر کیا ہے جس کا حکم اس نے نوح کو دیا تھا اور جو ہم نے (اے نبی!) آپ کی طرف وحی کیا ہے اور جس کا (تاکیدی) حکم ہم نے ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا تھا کہ تم اس دین کو قائم رکھو اور تم اس میں فرقہ فرقہ نہ ہو جاؤ۔① یہی بات تو مشرکین② پر گراں گزرتی ہے جس کی طرف آپ انھیں بلاتے ہیں، اللہ جسے چاہے اپنے لیے چن لیتا ہے، اور ہدایت اسے دیتا ہے جو اس کی طرف رجوع کرے⑬

شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ
نُوحًا وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا
بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَىٰ أَنْ أَقِيمُوا
الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ كَبُرَ عَلَى
الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ
اللَّهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي
إِلَيْهِ مَن يُنِيبُ ⑬

---

[1] (V.42:13) See the footnote of (V.3:103).

[2] (V.42:13) *Mushrikun:* Polytheists, pagans, idolaters, and disbelievers in the Oneness of Allāh, those who worship others along with Allāh or set up rivals or partners to Allāh.

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 3/103)

② مشرکین میں ایک سے زیادہ معبودوں کو ماننے والے کفار، بت پرست، اللہ کی وحدانیت کے منکر اور اللہ کے ساتھ غیر اللہ کی بھی عبادت کرنے والے، یا پھر اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے سبھی شامل ہیں۔

wills, and guides to Himself who turns to Him in repentance and in obedience.

وَمَا تَفَرَّقُوٓا إِلَّا مِنۢ بَعْدِ مَا
جَآءَهُمُ ٱلْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ وَلَوْلَا
كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ إِلَىٰٓ أَجَلٍ
مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّ ٱلَّذِينَ
أُورِثُوا۟ ٱلْكِتَـٰبَ مِنۢ بَعْدِهِمْ لَفِى شَكٍّ
مِّنْهُ مُرِيبٍ ⑭

اور وہ لوگ اپنے پاس علم آجانے کے بعد صرف باہمی بغاوت وسرکشی کے باعث فرقہ بندی کا شکار ہوئے، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات مقرر وقت تک پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی تو ان (فرقہ بازوں) کے درمیان ضرور فیصلہ کر دیا جاتا، اور بلاشبہ جو لوگ ان کے بعد اس کتاب کے وارث بنائے گئے، وہ اس کے متعلق گنجلک میں ڈالنے والے شک میں ہیں⑭

14. And they divided not till after knowledge had come to them, through (selfish) transgression between themselves. And had it not been for a Word that went forth before from your Lord for an appointed term, the matter would have been settled between them. And verily, those who were made to inherit the Scripture [i.e. the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] after them (i.e. Jews and Christians), are in grave doubt concerning it (i.e. Allāh's true religion — Islām or the Qur'ān).

فَلِذَٰلِكَ فَٱدْعُ ۖ وَٱسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ ۖ وَلَا
تَتَّبِعْ أَهْوَآءَهُمْ ۖ وَقُلْ ءَامَنتُ بِمَآ أَنزَلَ
ٱللَّهُ مِن كِتَـٰبٍ ۖ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ
بَيْنَكُمُ ۖ ٱللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ لَنَآ أَعْمَـٰلُنَا
وَلَكُمْ أَعْمَـٰلُكُمْ ۖ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ۖ
ٱللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۖ وَإِلَيْهِ ٱلْمَصِيرُ ⑮

لہٰذا آپ اسی (دین) کی طرف (سب کو) بلائیں اور ثابت قدم رہیں جیسے آپ کو حکم دیا گیا ہے، اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں، اور کہہ دیجیے: اللہ نے جو کتاب بھی نازل کی ہے، میں اس پر ایمان لایا ہوں اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمھارے درمیان انصاف کروں، اللہ ہی ہمارا رب ہے اور تمھارا بھی رب ہے، ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمھارے لیے تمھارے اعمال، ہمارے اور تمھارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں، اللہ (روز قیامت) ہم سب کو جمع کرے گا، اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے⑮

15. So to this (religion of Islām alone and this Qur'ān) then invite (people) (O Muhammad ﷺ), and stand firm (on Islāmic Monotheism)[1] as you are commanded, and follow not their desires but say: "I believe in whatsoever Allāh has sent down of the Book [all the holy Books, — this Qur'ān and the Books of the old from the Taurāt (Torah), or the Injīl (Gospel) or the Pages of Ibrāhīm (Abraham)] and I am commanded to do justice among you. Allāh is our Lord and your Lord. For us our deeds and for you your deeds. There is no dispute between us and you. Allāh will assemble us (all), and to Him is the final return."

وَٱلَّذِينَ يُحَآجُّونَ فِى ٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ
مَا ٱسْتُجِيبَ لَهُۥ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ
عِندَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ
عَذَابٌ شَدِيدٌ ⑯

اور جو لوگ اللہ کے بارے میں، اس کو تسلیم کر لیے جانے کے بعد، جھگڑا کرتے ہیں، ان کی دلیل ان کے رب کے نزدیک باطل ہے، اور ان پر (اللہ کا) غضب ہے، اور ان کے لیے بہت سخت عذاب ہے①⑯

16. And those who dispute concerning Allāh (His religion of Islāmic Monotheism with which Muhammad ﷺ has been sent), after it has been accepted (by the people), of no use is their dispute

[1] (V.42:15) Stand firm (on Islamic Monotheism) [by performing all that is ordained by Allāh (good deeds), and by abstaining from all that is forbidden by Allāh (sins and evil deeds)].

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:85)

before their Lord and on them is wrath, and for them will be a severe torment.[1]

17. It is Allāh Who has sent down the Book (the Qur'ān) in truth, and the Balance (i.e. to act justly). And what can make you know that perhaps the Hour is close at hand?

اللہ ہی ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب اور ترازو نازل کی، اور آپ کو کیا معلوم شاید قیامت قریب ہی ہو۞

ٱللَّهُ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ ٱلْكِتَٰبَ بِٱلْحَقِّ وَٱلْمِيزَانَ ۗ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ ٱلسَّاعَةَ قَرِيبٌ ﴿١٧﴾

18. Those who believe not therein seek to hasten it, while those who believe are fearful of it, and know that it is the very truth. Verily, those who dispute concerning the Hour are certainly in error far away.

جو لوگ اس (قیامت) پر ایمان نہیں رکھتے وہ اس کے لیے جلدی مچاتے ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے وہ اس سے ڈرنے والے ہیں، اور وہ جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے۔ آگاہ رہو! بلاشبہ جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں، وہ دور کی گمراہی میں (مبتلا) ہیں۞

يَسْتَعْجِلُ بِهَا ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا ۖ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا ٱلْحَقُّ ۗ أَلَآ إِنَّ ٱلَّذِينَ يُمَارُونَ فِى ٱلسَّاعَةِ لَفِى ضَلَٰلٍۭ بَعِيدٍ ﴿١٨﴾

19. Allāh is very Gracious and Kind to His slaves. He gives provisions to whom He wills. And He is the All-Strong, the All-Mighty.

اللہ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے، اور وہ خوب طاقتور، نہایت غالب ہے۞

ٱللَّهُ لَطِيفٌۢ بِعِبَادِهِۦ يَرْزُقُ مَن يَشَآءُ ۖ وَهُوَ ٱلْقَوِىُّ ٱلْعَزِيزُ ﴿١٩﴾

ع 10 3

20. Whosoever desires (by his deeds) the reward of the Hereafter, We give him increase in his reward, and whosoever desires the reward of this world (by his deeds), We give him thereof (what is decreed for him), and he has no portion in the Hereafter.

جو شخص آخرت کی کھیتی چاہتا ہے، ہم اس کے لیے اس کی کھیتی میں اضافہ کرتے ہیں، اور جو شخص دنیا کی کھیتی چاہتا ہے، ہم اسے اس میں سے کچھ دے دیتے ہیں اور اس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۞

مَن كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ ٱلْءَاخِرَةِ نَزِدْ لَهُۥ فِى حَرْثِهِۦ ۖ وَمَن كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ ٱلدُّنْيَا نُؤْتِهِۦ مِنْهَا وَمَا لَهُۥ فِى ٱلْءَاخِرَةِ مِن نَّصِيبٍ ﴿٢٠﴾

21. Or have they partners (with Allāh — false gods) who have instituted for them a religion which Allāh has not ordained? And had it not been for a decisive Word (gone forth already), the matter would have been judged between them. And verily, for the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) there is a painful torment.

کیا ان کے لیے (اللہ کے سوا) شریک ہیں جنھوں نے ان کے لیے وہ دین مقرر کیا ہے جس کا اللہ نے حکم نہیں دیا؟ اور اگر (وعدے کے دن) فیصلہ کرنے کی بات نہ ہوتی، تو ان کے درمیان یقیناً (فوراً ہی) فیصلہ کر دیا جاتا، اور بلاشبہ ظالم لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے۞

أَمْ لَهُمْ شُرَكَٰٓؤُا۟ شَرَعُوا۟ لَهُم مِّنَ ٱلدِّينِ مَا لَمْ يَأْذَنۢ بِهِ ٱللَّهُ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةُ ٱلْفَصْلِ لَقُضِىَ بَيْنَهُمْ ۗ وَإِنَّ ٱلظَّٰلِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢١﴾

22. You will see (on the Day of Resurrection) the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) fearful of that which they have

آپ ظالموں کو دیکھیں گے وہ ان (عملوں کی سزا) سے ڈر رہے ہوں گے جو انھوں نے کمائے جبکہ وہ (سزا) ان پر آ کر رہے گی، اور جو لوگ ایمان لائے

تَرَى ٱلظَّٰلِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا۟ وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۗ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ فِى رَوْضَاتِ ٱلْجَنَّاتِ ۖ لَهُم مَّا

[1] (V.42:16) See the footnote of (V.3:85).

يَشَآءُوۡنَ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الۡفَضۡلُ الۡكَبِيۡرُ ﴿22﴾

اور انھوں نے نیک عمل کیے وہ جنت کے باغات میں ہوں گے، ان کے لیے ان کے رب کے پاس وہ (سب کچھ) ہوگا جو وہ چاہیں گے، یہی بہت بڑا فضل ہے ﴿22﴾

earned, and it (Allāh's torment) will surely befall them. But those who believe (in the Oneness of Allāh — Islâmic Monotheism) and do righteous deeds (will be) in the flowering meadows of the Gardens (Paradise). They shall have whatsoever they desire with their Lord. That is the supreme Grace (Paradise).

ذٰلِكَ الَّذِىۡ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلۡ لَّاۤ اَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَيۡهِ اَجۡرًا اِلَّا الۡمَوَدَّةَ فِى الۡقُرۡبٰى ؕ وَمَنۡ يَّقۡتَرِفۡ حَسَنَةً نَّزِدۡ لَهٗ فِيۡهَا حُسۡنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ﴿23﴾

یہی (فضل) ہے جس کی اللہ اپنے ان بندوں کو بشارت دیتا ہے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے۔ (اے نبی!) آپ کہہ دیجیے: میں تم سے اس (تبلیغ رسالت) پر کسی صلے کا سوال نہیں کرتا، مگر قرابت داری کی محبت (ضرور چاہتا ہوں)① اور جو شخص کوئی نیکی کماتا ہے تو ہم اس کے لیے اس میں بھلائی بڑھا دیتے ہیں۔ بے شک اللہ بہت بخشنے والا، نہایت قدر دان ہے ﴿23﴾

23. That is (Paradise) whereof Allāh gives glad tidings to His slaves who believe (in the Oneness of Allāh — Islâmic Monotheism) and do righteous good deeds. Say (O Muhammad ﷺ): "No reward do I ask of you for this except to be kind to me for my kinship with you."[1] And whoever earns a good righteous deed, We shall give him an increase of good in respect thereof. Verily, Allāh is Oft-Forgiving, Most Ready to appreciate (the deeds of those who are obedient to Him).

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنۡ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخۡتِمۡ عَلٰى قَلۡبِكَ ؕ وَيَمۡحُ اللّٰهُ الۡبَاطِلَ وَيُحِقُّ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿24﴾

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر جھوٹ گھڑ لیا ہے۔ سو اگر اللہ چاہے تو آپ کے دل پر مہر لگا دے۔ اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور حق کو اپنے کلمات کے ذریعے سے ثابت کرتا ہے۔ بلاشبہ وہ سینوں کے راز خوب جانتا ہے ﴿24﴾

24. Or say they: "He has invented a lie against Allāh?" If Allāh willed, He could have sealed up your heart (so that you forget all that you know of the Qur'ān). And Allāh wipes out falsehood, and establishes the truth (Islām) by His Word (this Qur'ān). Verily, He knows well what (secrets) are in the breasts (of mankind).

وَهُوَ الَّذِىۡ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ

اور وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے② اور

25. And He it is Who accepts

[1] (V.42:23) i.e. I do not ask for any reward from you (in the form of wealth and money) for my preaching of Islamic Monotheism, but I only request you not to harm me for the kinship between you and me, as you are my tribesmen, and you have more right to obey me and follow me in my doctrine of Islamic Monotheism.

① یعنی اس دعوت توحید پر میں تم سے کسی قسم کا کوئی اجر (مال و دولت وغیرہ) نہیں چاہتا، البتہ تم سے اتنی گزارش ہے کہ اپنے اور میرے درمیان رشتہ داری کو مد نظر رکھتے ہوئے مجھے تکلیف نہ پہنچاؤ چونکہ تم میرے ہم قبیلہ ہو اس لیے میری اطاعت اور جس عقیدۂ توحید کی میں دعوت دے رہا ہوں اس کی پیروی کرنا تم پر لازم ہے۔

② کیونکہ اسے توبہ و استغفار بہت پسند ہے۔ اسی لیے نبی ﷺ بھی کثرت سے استغفار فرماتے تھے اور امت کو بھی اس کی تلقین فرمائی ہے، بالخصوص سید الاستغفار کی بڑی فضیلت ہے۔ حضرت شداد بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: "سید الاستغفار یہ دعا ہے: [اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ وَ أَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ]" یا اللہ! تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے، میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے عہد اور وعدے پر جہاں تک مجھ سے ہو سکتا ہے قائم ہوں، میں نے جو (برے) کام کیے ہیں ان سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں تیرے

وَيَعْفُوا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۙ﴿۲۵﴾

(ان کی) برائیوں سے درگزر فرماتا ہے اور جو کچھ تم کر رہے ہو اسے جانتا ہے★ ﴿۲۵﴾

repentance from His slaves, and forgives sins, and He knows what you do.[1]

وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۲۶﴾

اور وہ ان لوگوں کی (دعا) قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے اور وہ انھیں اپنے فضل سے زیادہ دیتا ہے، اور کافروں کے لیے بہت سخت عذاب ہے ﴿۲۶﴾

26. And He answers (the invocation of) those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds, and gives them increase of His bounty. And as for the disbelievers, theirs will be a severe torment.

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۷﴾

اور اگر اللہ اپنے (تمام) بندوں کے لیے رزق فراخ کر دیتا تو وہ زمین میں ضرور سرکشی کرتے، لیکن وہ اس اندازے سے (رزق) نازل کرتا ہے جتنا چاہتا ہے۔ بلاشبہ وہ اپنے بندوں سے خوب باخبر ہے، (انھیں) خوب دیکھنے والا ہے ﴿۲۷﴾

27. And if Allāh were to enlarge the provision for His slaves, they would surely rebel in the earth, but He sends down by measure as He wills. Verily, He is, in respect of His slaves, Well-Acquainted, All-Seer (of things that benefit them).

وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۸﴾

اور وہی ہے جو لوگوں کے ناامید ہو جانے کے بعد بارش نازل کرتا ہے، اور وہ اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے، اور وہی کارساز، تعریف کیا ہوا ہے ﴿۲۸﴾

28. And He it is Who sends down the rain after they have despaired, and spreads His Mercy. And He is the *Walī* (Helper, Supporter, Protector, Lord), the Worthy of all praise.

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ع

اور اسی کی نشانیوں میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور جو بھی چلنے پھرنے والے اس نے ان دونوں میں پھیلا رکھے ہیں، اور وہ جب بھی چاہے ان کے جمع کرنے پر قادر ہے ﴿۲۹﴾

29. And among His *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.) is the creation of the heavens and the earth, and whatever moving (living) creatures He has dispersed in them both. And He is All-Potent over their assembling (i.e. resurrecting them

★ بقیہ حاشیہ: شوریٰ، آیت: 25.

احسان اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں۔ میری خطائیں بخش دے، یقیناً تیرے سوا کوئی گناہ بخشنے والا نہیں" جو شخص اس پر یقین رکھ کر دن کو یہ دعا پڑھے اور اسی دن شام سے پہلے مر جائے تو وہ بہشت والوں میں سے ہوگا اور جو کوئی اس پر یقین رکھ کر رات کو یہ دعا پڑھے اور اسی رات صبح سے پہلے مر جائے تو وہ بہشت والوں میں سے ہوگا۔" (صحیح البخاری، الدعوات، باب: 2 حدیث: 6306)

[1] (V.42:25) Narrated Shaddād bin Aus رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "The most superior way of asking for forgiveness from Allāh is: *Allāhumma Anta Rabbi, lā ilāha illa Anta. Anta khalaqtani wa ana 'abduka, wa ana alā 'ahdika wa wa'dika mastata'tu. A'udhu bika min sharri ma sana'tu, abu'u laka bini'matika 'alaiya, wa abu'u laka bidhanbi faghfirli fa innahu la yaghfiru-adhdhunūba illa Anta.*"* The Prophet ﷺ added: "If somebody recites this during the day with firm faith in it, and dies on the same day before the evening, he will be from the people of Paradise; and if somebody recites it at night with firm faith in it, and dies before the morning, he will be from the people of Paradise." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6306 (O.P.318)]

* O Allāh, You are my Lord! None has the right to be worshipped but You. You created me and I am Your slave, and I am faithful to my covenant and my promise (to You) as much as I can. I seek refuge with You from all the evil I have done. I acknowledge before You all the blessings You have bestowed upon me, and I confess to You all my sins. So I entreat You to forgive my sins, for nobody can forgive sins except You.

on the Day of Resurrection after their death, and dispersion of their bodies) whenever He wills.

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿٣٠﴾

اور تمھیں جو بھی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ تمھارے اپنے ہی کرتوتوں کی وجہ سے (پہنچتی ہے)، اور بہت سی باتوں سے تو وہ درگزر ہی فرماتا ہے ﴿٣٠﴾

30. And whatever of misfortune befalls you, it is because of what your hands have earned. And He pardons much. (See Verse 35:45)

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚۖ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٣١﴾

اور تم (اے) زمین میں عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور تمھارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ کوئی مددگار ﴿٣١﴾

31. And you cannot escape from Allāh (i.e. His punishment) in the earth, and besides Allāh you have neither any *Walī* (guardian or protector) nor any helper.

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٣٢﴾

اور اسی کی نشانیوں میں سے ہیں سمندر میں (چلنے والے) پہاڑوں جیسے جہاز (اور کشتیاں) ﴿٣٢﴾

32. And among His Signs are the ships in the sea like mountains.

اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿٣٣﴾

اگر وہ چاہے تو ہوا کو روک لے، پھر وہ (جہاز) سمندر کی سطح پر کھڑے رہ جائیں۔ بلاشبہ اس میں ہر صابر شاکر کے لیے عظیم نشانیاں ہیں ﴿٣٣﴾

33. If He wills, He causes the wind to cease, then they would become motionless on the back (of the sea). Verily, in this are signs for everyone patient and grateful.

اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ﴿٣٤﴾

یا وہ (چاہے تو) انھیں ان کے کرتوتوں کی وجہ سے تباہ کر دے، اور (چاہے تو) بہت سوں سے درگزر کرے ﴿٣٤﴾

34. Or He may destroy them (by shipwreck) because of that which their (people) have earned. And He pardons much.

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿٣٥﴾

اور (تاکہ) وہ لوگ جان لیں جو ہماری آیات میں جھگڑتے ہیں کہ ان کے لیے بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں ﴿٣٥﴾

35. And those who dispute (polytheists, with Our Messenger Muhammad ﷺ) as regards Our *Ayāt* (proofs, signs, verses of Islāmic Monotheism) may know that there is no place of refuge for them (from Allāh's punishment)[1] (*Tafsir At-Tabari*)

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٣٦﴾

چنانچہ تمھیں جو بھی شے دی گئی ہے تو وہ دنیاوی زندگی کا (حقیر سا) سامان ہے، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ ان لوگوں کے لیے کہیں بہتر اور بہت پائیدار ہے جو ایمان لائے اور وہ اپنے رب ہی پر بھروسا کرتے ہیں ﴿٣٦﴾

36. So whatever you have been given is but (a passing) enjoyment for this worldly life, but that which is with Allāh (Paradise) is better and more lasting for those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and put their trust in their Lord (concerning all of their affairs).

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰۗىِٕرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ

اور وہ لوگ جو کبیرہ گناہوں① اور بے حیائی کے کاموں

37. And those who avoid the

[1] (V.42:35) See the footnote of (V.3:85).

① جیسے اللہ کے ساتھ عبادت میں کسی کو شریک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا، قتل کرنا، جھوٹی گواہی دینا اور چوری کرنا وغیرہ۔ مزید ملاحظہ ہو: (سورۂ انعام 6/151-152 نیز سورۂ آل عمران: 3/130 کا حاشیہ اور آیت وحاشیہ سورۂ نساء 4/135 وحاشیہ سورۂ بقرہ 2/278) بھی ملاحظہ فرمائیں۔

وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ﴿٣٧﴾

سے بچتے ہیں، اور جب غصہ آئے تو وہ معاف کر دیتے ہیں ﴿٣٧﴾

greater sins,[1] and *Al-Fawāhish* (illegal sexual intercourse), and when they are angry, they forgive.[2]

وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَوٰةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَٰهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٨﴾

اور وہ لوگ جنھوں نے اپنے رب (کے حکم) کو مانا اور نماز قائم کی، اور ان کا (ہر) کام باہمی مشورے سے ہوتا ہے، اور ہم نے انھیں جو کچھ دیا ہے وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿٣٨﴾

38. And those who answer the Call of their Lord [i.e. to believe that He is the only One Lord (Allāh), and to worship none but Him Alone], and perform *As-Salāt* (the prayers), and who (conduct) their affairs by mutual consultation, and who spend of what We have bestowed on them.

وَالَّذِينَ إِذَآ أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنتَصِرُونَ ﴿٣٩﴾

اور وہ لوگ کہ جب ان پر بغاوت وعداوت ہو تو وہ بس بدلہ لیتے ہیں ﴿٣٩﴾

39. And those who, when an oppressive wrong is done to them, take revenge.

وَجَزَٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۖ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾

اور برائی کا بدلہ ویسی ہی برائی ہے، پھر جو معاف کر دے اور صلح کر لے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے، بلاشبہ اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا ﴿٤٠﴾

40. The recompense for an evil is an evil like thereof; but whoever forgives and makes reconciliation, his reward is with Allāh. Verily, He likes not the *Zālimūn* (oppressors, polytheists, and wrong doers).

وَلَمَنِ انتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُولَٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ ﴿٤١﴾

اور البتہ جو شخص اپنے مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لے، تو ایسے لوگوں پر کوئی (ملامت کی) راہ نہیں ﴿٤١﴾

41. And indeed whosoever takes revenge after he has suffered wrong, for such there is no way (of blame) against them.

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ أُولَٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤٢﴾

(ملامت کی) راہ تو بس ان لوگوں پر ہے جو دوسروں پر ظلم کرتے اور زمین میں ناحق سرکشی کرتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿٤٢﴾

42. The way (of blame) is only against those who oppress men and rebel in the earth without justification; for such there will be a painful torment.

وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿٤٣﴾ ع 4 14 5

اور البتہ جو صبر کرے اور معاف کر دے تو بلاشبہ یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے ﴿٤٣﴾

43. And verily, whosoever shows patience and forgives, that would truly be from the things recommended by Allāh.

وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ ۗ وَتَرَى الظَّٰلِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ﴿٤٤﴾

اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اللہ کے بعد اس کے لیے کوئی کارساز نہیں، اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذاب دیکھیں گے تو کہیں گے: کیا واپسی کا کوئی راستہ ہے ﴿٤٤﴾

44. And whomsoever Allāh sends astray, for him there is no *Walī* (protector, helper, guardian) after Him. And you will see the *Zālimūn* (polytheists, wrong

[1] (V.42:37) e.g. to join partners in worship with Allāh, to be undutiful to one's parents, to commit murder, to give false statements and witnesses, to steal. (See Verses 6:151 and 6:152)

[2] (V.42:37)

a) See the footnote (B) of (V.3:130) and (V.3:134).

b) See the footnote of (V.2:22).

c) See the footnote of (V.4:135).

d) See the footnote of (V.2:278).

doers, oppressors), when they behold the torment, they will say: "Is there any way of return (to the world)?"

45. And you will see them brought forward to it (Hell) made humble by disgrace,[1] (and) looking with stealthy glance. And those who believe will say: "Verily, the losers are they who lose themselves and their families on the Day of Resurrection. Verily, the *Zālimūn* [i.e. *Al-Kāfirūn* (disbelievers in Allāh, in His Oneness and in His Messenger ﷺ, polytheists, wrong doers)] will be in a lasting torment. (*Tafsir At-Tabari*)

اور آپ انھیں دیکھیں گے کہ وہ جہنم پر پیش کیے جائیں گے تو مارے ذلت کے جھکے جا رہے ہوں گے وہ نظریں چرا کر دیکھتے ہوں گے اور جو لوگ ایمان لائے تھے وہ کہیں گے: بے شک خسارہ پانے والے تو وہی لوگ ہیں جنھوں نے روز قیامت اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو خسارے میں ڈالا، آگاہ رہو! بلاشبہ ظالم لوگ ہی دائمی عذاب میں ہوں گے ﴿45﴾

وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿45﴾

46. And they will have no *Auliyā'* (protectors, helpers, guardians, lords) to help them other than Allāh. And he whom Allāh sends astray, for him there is no way.

اور ان کے لیے اللہ کے سوا، کوئی ایسے دوست نہیں ہوں گے جو ان کی مدد کر سکیں، اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اس کے لیے (ہدایت کا) کوئی راستہ ہی نہیں ﴿46﴾

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿46﴾

47. Answer the Call of your Lord (i.e. accept Islāmic Monotheism, O mankind and jinn) before there comes from Allāh a Day which cannot be averted (i.e. the Day of Resurrection). You will have no refuge on that Day nor there will be for you any denying (of your crimes as they are all recorded in the Book of your deeds).

تم اپنے رب کا فرمان قبول کر لو اس سے پہلے کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آ جائے جو (کسی طرح بھی) ٹالا نہیں جا سکتا، اس دن تمھارے لیے کوئی جائے پناہ نہیں ہوگی اور نہ تم سے (گناہوں کا) انکار ہی بن پڑے گا ﴿47﴾

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿47﴾

48. But if they turn away (O Muhammad ﷺ from Islāmic Monotheism, which you have brought to them). We have not sent you (O Muhammad ﷺ) as a *Hafīz* (watcher, protector) over them (i.e. to take care of their deeds and to recompense them). Your duty is to convey (the Message). And verily, when We cause man to taste of mercy from

پھر اگر وہ اعراض کریں تو (اے نبی!) ہم نے آپ کو ان پر کوئی نگران (بنا کر) نہیں بھیجا، آپ کے ذمے تو پہنچا دینا ہی ہے، اور بلاشبہ جب ہم انسان کو اپنی رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس پر اترانے لگتا ہے۔ اور اگر انھیں ان کے کرتوتوں کی وجہ سے کوئی تکلیف پہنچے تو بلاشبہ انسان بہت ہی ناشکرا ہے ﴿48﴾

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۭ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ۭ وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿48﴾

[1] (V.42:45) Narrated Anas bin Mālik رضي الله عنه: A man said, "O Allāh's Prophet! Will Allāh gather a disbeliever prone on his face on the Day of Resurrection?" He ﷺ said, "Will not the One Who made him walk on his feet in this world, be able to make him walk on his face on the Day of Resurrection?" (Qatādah, a subnarrator, said: "Yes, by the Power of Our Lord!") [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4760 (O.P.283)]

Us, he rejoices thereat; but when some ill befalls them because of the deeds which their hands have sent forth, then verily, man (becomes) ingrate!

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿49﴾

آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے۔ وہ جو چاہے پیدا کرتا ہے۔ جسے چاہے (صرف) بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہے (صرف) بیٹے عطا کرتا ہے ﴿49﴾

49. To Allāh belongs the kingdom of the heavens and the earth. He creates what He wills. He bestows female (offspring) upon whom He wills, and bestows male (offspring) upon whom He wills.

اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ﴿50﴾

یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں ملا کر دیتا ہے، اور جسے چاہے بے اولاد رکھتا ہے۔ بے شک وہ خوب جاننے والا، بہت قدرت والا ہے ﴿50﴾

50. Or He bestows both males and females, and He renders barren whom He wills. Verily, He is All-Knower and is Able to do all things.

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ یُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْیًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ یُرْسِلَ رَسُوْلًا فَیُوْحِیَ بِاِذْنِهٖ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِیٌّ حَكِیْمٌ ﴿51﴾

اور یہ کسی بشر کے لائق نہیں کہ اللہ اس سے کلام کرے مگر الہام (دل میں القاء) کرکے، یا پردے کے پیچھے سے، یا فرشتہ بھیج کر اور وہ (فرشتہ) اللہ کے حکم سے، جو اللہ چاہے، وحی کرتا ہے۔① بلاشبہ وہ بلند مرتبہ، خوب حکمت والا ہے ﴿51﴾

51. It is not given to any human being that Allāh should speak to him unless (it be) by Revelation, or from behind a veil, or (that) He sends a Messenger to reveal what He wills by His Leave. Verily, He is Most High, Most Wise.[1]

وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿52﴾

اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے ایک روح (قرآن) کی وحی کی۔ آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا ہے؟ لیکن ہم نے اسے نور بنادیا، ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہیں اس کے ذریعے سے ہدایت دیتے ہیں، اور بلاشبہ آپ سیدھے راستے ہی کی طرف رہنمائی کرتے ہیں ﴿52﴾

52. And thus We have sent to you (O Muhammad ﷺ) *Rūh* (a revelation, and a mercy) of Our Command. You knew not what is the Book, nor what is Faith. But We have made it (this Qur'ān) a light wherewith We guide whosoever of Our slaves We will. And verily, you (O Muhammad ﷺ) are indeed guiding (mankind) to a Straight Path (i.e. Allāh's religion of Islāmic Monotheism).

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ﴿53﴾ ع 5 10 6

اس اللہ کے راستے کی طرف جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے۔ آگاہ رہو! اللہ ہی کی طرف تمام معاملات لوٹتے ہیں ﴿53﴾

53. The path of Allāh to Whom belongs all that is in the heavens and all that is in the earth. Verily, all matters at the end go to Allāh (for decision).

---

[1] (V.42:51) See the footnote of (V.4:163).

① ملاحظہ کریں حاشیہ: (سورۂ نساء 4/163)

Sūrat Az-Zukhruf (The Gold Adornments) 43

سورۂ زخرف

آياتها ٨٩ (٤٣) سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ (٦٣) رُكُوْعَاتُهَا ٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

حٰمٓ ۚ ①

حٰمٓ ①

1. *Hā-Mīm.*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ ②

قسم ہے (اس) واضح کتاب کی ②

2. By the manifest Book (i.e. this Qur'ān that makes things clear).

اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۚ ③

بے شک ہم نے اسے عربی (زبان کا) قرآن بنایا ہے تاکہ تم سمجھو ③

3. Verily, We have made it a Qur'ān in Arabic that you may be able to understand (its meanings and its admonitions).

وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۭ ④

اور بلاشبہ وہ ہمارے پاس اصل کتاب (لوح محفوظ) میں، بہت بلند مرتبہ، نہایت حکمت والا ہے ④

4. And verily, it (this Qur'ān) is in the Mother of the Book (i.e. *Al-Lauh Al-Mahfūz*) with Us, indeed exalted, full of wisdom.

اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ⑤

کیا پھر ہم تم سے اس بنا پر منہ موڑ کر ذکر (نصیحت) روک لیں گے کہ تم حد سے گزرنے والے لوگ ہو① ⑤

5. Shall We then (warn you not and) take away the Reminder (this Qur'ān) from you, because you are a people *Musrifūn*.[1]

وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ⑥

اور ہم نے پہلے لوگوں میں کتنے ہی نبی بھیجے ⑥

6. And how many a Prophet have We sent amongst the men of old.

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑦

اور ان کے پاس جو بھی نبی آتا، وہ اس سے مذاق ہی کرتے تھے ⑦

7. And never came there a Prophet to them but they used to mock at him.

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ⑧

پھر ہم نے ان سے کہیں زیادہ زور آور لوگ ہلاک کر دیے، اور اگلے لوگوں کی مثال گزر چکی ہے ⑧

8. Then We destroyed men stronger (in power) than these — and the example of the ancients has passed away (before them).

وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ⑨

اور اگر آپ ان سے سوال کریں: کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا؟ تو یقیناً وہ یہی کہیں گے کہ انھیں نہایت غالب، خوب جاننے والے نے پیدا کیا ⑨

9. And indeed if you ask them: "Who has created the heavens and the earth?" They will surely say: "The All-Mighty, the All-Knower created them."

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۚ ⑩

وہ (اللہ) جس نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں تمھارے لیے راستے بنائے، تاکہ تم راہ پاؤ ⑩

10. Who has made for you the earth like a bed, and has made for you roads therein, in order that you may find your way.

---

[1] (V.43:5) *Musrifūn:* Those who transgress the limits, as sinners, polytheists, pagans, idolaters and disbelievers in the Oneness of Allāh and in His Messenger Muhammad ﷺ.

① [مُسْرِفِيْنَ] کا مطلب ہے "اللہ کی حدود سے تجاوز کرنے والے" یعنی کافر، مشرک، بت پرست اور بے دین وغیرہ جو اللہ کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کا انکار کرتے ہیں۔

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍۚ فَأَنشَرْنَا بِهِۦ بَلْدَةً مَّيْتًاۚ كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ⑪

اور وہ (اللہ) جس نے آسمان سے پانی ایک اندازے سے نازل کیا، پھر ہم نے اس کے ذریعے سے مردہ شہر کو زندہ کر دیا، اسی طرح تم دوبارہ (قبروں سے) نکالے جاؤ گے⑪

11. And Who sends down water (rain) from the sky in due measure, then We revive a dead land therewith, and even so you will be brought forth (from the graves).

وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَٰمِ مَا تَرْكَبُونَ ⑫

اور وہ جس نے سب جوڑے پیدا کیے اور تمھارے لیے کشتیاں اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو⑫

12. And Who has created all the pairs and has appointed for you ships and cattle on which you ride,

لِتَسْتَوُۥا عَلَىٰ ظُهُورِهِۦ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَٰنَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُۥ مُقْرِنِينَ ⑬

تاکہ تم ان کی پیٹھ پر جم کر بیٹھو، پھر جب ان پر متوازن ہو کر بیٹھ جاؤ تو تم اپنے رب کی نعمت یاد کرو، اور تم کہو: وہ (اللہ) پاک ہے جس نے اسے ہمارے تابع کر دیا ورنہ ہم اسے قابو میں کر لینے والے نہیں تھے⑬

13. In order that you may mount on their backs, and then may remember the Favour of your Lord when you mount thereon, and say: "Glorified is He Who has subjected this to us, and we could have never had it (by our efforts).

وَإِنَّآ إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ ⑭

اور یقیناً ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں⑭

14. And verily, to Our Lord we indeed are to return!"

وَجَعَلُوا لَهُۥ مِنْ عِبَادِهِۦ جُزْءًاۚ إِنَّ الْإِنسَٰنَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ ⑮ ع 1 15 7

اور انھوں نے اللہ کے بعض بندوں کو اس کا جز (اولاد) ٹھہرا دیا، بلاشبہ انسان تو کھلم کھلا ناشکرا ہے⑮

15. Yet, they assign to some of His slaves a share with Him (by pretending that He has children, and considering them as equals or co-partners in worship with Him). Verily, man is indeed a manifest ingrate!

أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَىٰكُم بِالْبَنِينَ ⑯

کیا اس نے ان میں سے جو وہ پیدا کرتا ہے (اپنے لیے تو) بیٹیاں بنا لیں اور تمھیں بیٹوں سے نواز دیا؟⑯

16. Or has He taken daughters out of what He has created, and He has selected for you sons?

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُۥ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ⑰

اور جب ان میں سے کسی کو اس (بیٹی پیدا ہونے) کی بشارت دی جاتی ہے جس کی اس نے رحمٰن کے لیے مثال بیان کی، تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے، جبکہ وہ غم سے بھرا ہوتا ہے⑰

17. And if one of them is informed of the news of (the birth of a girl) that which he sets forth as a parable to the Most Gracious (Allāh), his face becomes dark, and he is filled with grief!

أَوَمَن يُنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ⑱

کیا (وہ اللہ کی اولاد ہے؟) جس کی زیور میں پرورش کی جاتی ہے اور وہ جھگڑے میں اپنی بات واضح نہیں کر پاتی⑱

18. (Like they then for Allāh) a creature who is brought up in adornments (wearing silk and gold ornaments, i.e. women), and who in dispute cannot make herself clear?

وَجَعَلُوا الْمَلَٰٓئِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَٰدُ الرَّحْمَٰنِ إِنَٰثًاۚ أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْۚ سَتُكْتَبُ شَهَٰدَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُونَ ⑲

اور انھوں نے فرشتوں کو، جو رحمٰن کے بندے ہیں، (رحمٰن کی) بیٹیاں ٹھہرایا ہے۔ کیا وہ ان کی پیدائش کے وقت حاضر تھے؟ ان کی شہادت ضرور لکھی جائے

19. And they make the angels who themselves are slaves of the Most Gracious (Allāh) females. Did they witness their creation?

گی اور ان سے (اس چیز کی) پوچھ گچھ ہوگی⑲

Their testimony will be recorded, and they will be questioned!

وَقَالُوا لَوْ شَاءَ الرَّحْمَٰنُ مَا عَبَدْنَاهُمْ ۗ مَا لَهُمْ بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ⑳

اور انھوں نے کہا: اگر رحمٰن چاہتا تو ہم ان (جھوٹے معبودوں) کی عبادت نہ کرتے۔ انھیں اس کے بارے میں کوئی علم نہیں۔ وہ تو صرف تیر تکے چلاتے ہیں⑳

